حضرت علی بن علی الہلالی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے پاس آیا' آپ کی اس بیماری میں جس میں آپ کا وصال ہوا' آپ کے سر کے پاس حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا تشریف فرما تھیں' آپ رو پڑیں' یہاں تک کہ آپ کی آواز اونچی ہوئی' حضورﷺ نے اپنی نگاہ مبارک اُٹھائی' فرمایا: میری لختِ جگر فاطمہ! آپ کیوں رو رہی ہیں؟ حضرت سیدہ نے عرض کی: میں آپ کے بعد کثرتِ مشاغل کا خوف رکھتی ہوں۔ آپ نے فرمایا: اے میری محبوبہ! کیا آپ کو معلوم نہیں کہ اللہ عزوجل نے زمین پر توجہ فرمائی' ان میں سے آپ کے والد کو پسند کیا اور آپ کے والد کو رسالت دے کر بھیجا' پھر زمین پر توجہ فرمائی' اس سے آپ کے شوہر کو پسند کیا اور میری طرف وحی کی کہ اے فاطمہ! تیرا نکاح ان سے کروں! ہم اہل بیت ہیں ہم کو اللہ عزوجل نے سات فضیلتیں عطا کی ہیں' وہ سات خصلتیں ہم سے پہلے اور بعد کسی کو عطا نہیں کی گئی ہیں' میں تمام نبیوں کے آخر میں آیا ہوں' اللہ عزوجل نے تمام انبیاء پر فضیلت دی ہے' اللہ کو تمام مخلوق سے زیادہ محبوب ہوں اور میں آپ کا والد ہوں' میرا وصی تمام وصیوں سے بہتر ہے اور اللہ کو زیادہ محبوب ہے اور وہ آپ کا شوہر ہے۔ ہمارا شہید تمام شہداء سے بہتر ہیں اور اللہ کو زیادہ محبوب ہیں' وہ حضرت حمزہ بن عبدالمطلب ہیں۔ وہ آپ کے باپ اور آپ کے شوہر کے چچا ہیں' ہم میں سے ہے جس کے دو

**6540**- اسناده فيه: الهيثم بن حبيب متروك . وانظر مجمع الزوائد جلد8صفحه256 .

Marfat.com

بِالْحَقِّ إِنَّ مِنْهُمَا لَمَهْدِيَّ هَذِهِ الْأُمَّةِ إِذَا صَارَتِ الدُّنْيَا هَرَجَ، وَمَرَجَ، وَتَظَاهَرَتِ الْفِتَنُ، وَتَقَطَّعَتِ السُّبُلُ، وَأَغَارَ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ، فَلَا كَبِيرَ يَرْحَمُ الصَّغِيرَ، وَلَا صَغِيرَ يُوَقِّرُ الْكَبِيرَ، فَيَبْعَثُ اللَّهُ عِنْدَ ذَلِكَ مِنْهُمَا مَنْ يَفْتَحُ حُصُونَ الضَّلَالَةِ، وَقُلُوبًا غُلْفًا يَهْدِمُهَا هَدْمًا، يَقُومُ بِالدِّينِ فِي آخِرِ الزَّمَانِ كَمَا قُمْتُ بِهِ فِي أَوَّلِ الزَّمَانِ، يَمْلَأُ الدُّنْيَا عَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ جَوْرًا . يَا فَاطِمَةُ، لَا تَحْزَنِي وَلَا تَبْكِي، فَإِنَّ اللَّهَ أَرْحَمُ بِكِ وَأَرْأَفُ عَلَيْكِ مِنِّي، وَذَلِكَ لِمَكَانِكِ مِنِّي وَمَوْقِعِكِ مِنْ قَلْبِي، وَزَوَّجَكِ اللَّهُ زَوْجَكِ وَهُوَ أَشْرَفُ أَهْلِ بَيْتِي حَسَبًا، وَأَكْرَمُهُمْ مَنْصِبًا، وَأَرْحَمُهُمْ بِالرَّعِيَّةِ، وَأَعْدَلُهُمْ بِالسَّوِيَّةِ، وَأَبْصَرُهُمْ بِالْقَضِيَّةِ، وَقَدْ سَأَلْتُ رَبِّي أَنْ تَكُونِي أَوَّلَ مَنْ يَلْحَقُنِي مِنْ أَهْلِ بَيْتِي قَالَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ: فَلَمَّا قُبِضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ تَبْقَ فَاطِمَةُ بَعْدَهُ إِلَّا خَمْسَةً وَسَبْعِينَ يَوْمًا حَتَّى أَلْحَقَهَا اللَّهُ بِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سبز پَر ہیں، وہ پَر جنت میں فرشتوں کے ساتھ اُڑتا ہے یہاں چاہے، وہ آپ کا چچازاد ہے اور آپ کے شوہر کا بھائی ہے۔ ہم سے اس اُمت میں دو بیٹے ہیں، وہ دونوں آپ کے لخت جگر حسن و حسین ہیں، دونوں جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں، ان دونوں کا باپ ان لوگوں سے بہتر ہے، اے فاطمہ! اس ذات کی قسم جس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا ہے، ان دونوں کی اولاد سے مہدی اس اُمت سے ہو گا، جب دنیا برباد ہوگی، فتنے ہوں گے، راستے ختم ہوں گے، آپس میں قتل و غارت ہوگی، بڑے چھوٹوں پر رحم نہیں کریں گے اور چھوٹے بڑوں کی عزت نہیں کریں گے، اس وقت اللہ عزوجل ان دونوں کی اولاد سے اُس کو بھیجے گا، جو گمراہی کو ختم کرے گا، بند دلوں کو کھول دے گا، آخر زمانہ کے لوگوں میں کھڑا ہوگا، جس طرح میں پہلے لوگوں میں کھڑا ہوا ہوں، دنیا کو حلال سے بھر دے گا جس طرح وہ ظلم سے بھری ہوئی تھی۔ اے فاطمہ! پریشان نہ ہو! اللہ آپ پر رحم کرے گا اور میری وجہ سے نرمی کرے گا، آپ کا مرتبہ میری وجہ سے ہے، آپ کی شادی اللہ عزوجل نے میری اہل بیت میں سے سب سے اچھے حسب والے سے کی ہے، جو منصب میں زیادہ عزت والا ہے، رعیت پر رحم کرنے والا ہے، عدل میں برابری کرنے والا، فیصلہ زیادہ اچھا کرنے والا ہے، میں نے اپنے رب سے مانگا ہے کہ میری اہل بیت سے مجھے سب سے پہلے ملے گی۔ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوا، حضرت فاطمہ ۷۵ دن زندہ رہی ہیں، اس

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَلِيٍّ إِلَّا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ الْهَيْثَمُ بْنُ حَبِيبٍ

کے بعد اللہ عزوجل نے آپ کو آپ کے ساتھ ملا دیا۔

یہ حدیث علی بن علی نے سفیان بن عیینہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے والے ہشیم بن جبیب اکیلے ہیں۔

**6541** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ، نَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْأَشْعَثِ صَاحِبِ الْفُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ، نَا عِيسَى بْنُ مُوسَى الْغُنْجَارُ، ثَنَا عُمَرُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَثُرَ كَلَامُهُ كَثُرَ سَقَطُهُ، وَمَنْ كَثُرَ سَقَطُهُ كَثُرَتْ ذُنُوبُهُ، وَمَنْ كَثُرَتْ ذُنُوبُهُ كَانَتِ النَّارُ أَوْلَى بِهِ، فَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو زیادہ گفتگو کرتا ہے' اس کا غلط زیادہ ہوگا' جس کے غلط زیادہ ہوں گے اس کے گناہ زیادہ ہوں گے' جس کے گناہ زیادہ ہوں گے وہ جہنم میں جلنے کا زیادہ حق دار ہے' جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے' وہ اچھی بات کرے یا خاموش رہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ إِلَّا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ يَحْيَى إِلَّا عُمَرُ بْنُ رَاشِدٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ عُمَرَ إِلَّا الْغُنْجَارُ، وَلَا عَنْ عِيسَى إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْأَشْعَثِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ

یہ حدیث نافع سے یحییٰ بن ابی کثیر اور یحییٰ سے عمر بن راشد اور عمر سے عیسیٰ غنجار اور عیسیٰ سے ابراہیم بن اشعث روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدہ بن عبدالرحیم اکیلے ہیں۔

**6542** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ، نَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ، نَا الْحَارِثُ بْنُ عِمْرَانَ الْجَعْفَرِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: تَوَضَّأَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّةً مَرَّةً

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اعضاءِ وضو کو ایک ایک مرتبہ دھویا کرتے تھے۔

**6541**- اسناده فيه: أ - ابراهيم بن الأشعث ضعيف (الميزان جلد 1صفحه20) . ب- عمر بن راشد ضعيف . وانظر مجمع الزوائد جلد10صفحه305 .

**6542**- أخرجه الترمذي: الطهارة جلد 1صفحه65 رقم الحديث: 45-46' وابن ماجة: الطهارة جلد 1صفحه143 رقم الحديث: 410 .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَعْفَرٍ إِلَّا الْحَارِثُ بْنُ عِمْرَانَ

یہ حدیث حضرت جعفر سے حارث بن عمران روایت کرتے ہیں۔

**6543** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ، نا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ، نا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، انبا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ فِي الْجَنَّةِ قَصْرًا مِنْ دُرٍّ، لَا صَدْعَ فِيهِ، وَلَا وَهَنَ، أَعَدَّهُ اللّٰهُ لِخَلِيلِهِ إِبْرَاهِيمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں موتی کا ایک محل ہے' جس میں سردرد کوئی تکلیف نہیں ہوگی' وہ اللہ عزوجل نے حضرت ابراہیم خلیل اللہ کے لیے تیار کیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سِمَاكٍ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ حَمَّادٍ إِلَّا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، وَيَزِيدُ بْنُ هَارُونَ

یہ حدیث سماک سے حماد بن سلمہ اور حماد سے نضر بن خلیل اور یزید بن ہارون روایت کرتے ہیں۔

**6544** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ إِسْحَاقَ الطَّبَرَانِيُّ، نا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيدِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ أَبَا هِنْدٍ مَوْلَى بَنِي بَيَاضَةَ كَانَ حَجَّامًا يَحْجُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى مَنْ صَوَّرَ اللّٰهُ الْإِيمَانَ فِي قَلْبِهِ فَلْيَنْظُرْ إِلَى أَبِي هِنْدٍ، وَقَالَ: أَنْكِحُوهُ، وَأَنْكِحُوا إِلَيْهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ بنی بیاضہ کے غلام ابوہند حضور ﷺ کو پچھنا لگایا کرتے تھے' حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو یہ دیکھنا پسند ہو کہ جس کے دل میں اللہ عزوجل ایمان کو پختہ کر دیا ہے' وہ ابوہند کو دیکھے اور فرمایا: اس کا نکاح کرو! اس کا نکاح کیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا الزُّبَيْدِيُّ

یہ حدیث زہری سے زبیدی روایت کرتے ہیں۔

---

**6543**- اسناده فيه: محمد بن رزيق بن جامع المصرى لم أجده .

**6544**- اسناده فيه: اسماعيل بن عياش صدوق فى روايته عن أهل بلده مخلط فى غيرهم' وفيه من لم أعرفه . وانظر مجمع الزوائد جلد9صفحه380 .

Marfat.com

**6545** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ، نا عَمْرُو بْنُ سَوَادٍ السَّرْحِيُّ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، اَنَّ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيَّ حَدَّثَهُ، اَنَّ نَافِعًا حَدَّثَهُ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ حَدَّثَهُ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ سَالَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِالْجِعْرَانَةِ، بَعْدَ اَنْ رَجَعَ مِنَ الطَّائِفِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي نَذَرْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ اَنْ اَعْتَكِفَ يَوْمًا فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، فَكَيْفَ تَرَى؟ قَالَ: اذْهَبْ فَاعْتَكِفْ يَوْمًا . وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَعْطَاهُ جَارِيَةً مِنَ الْخُمُسِ، فَلَمَّا اَعْتَقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَايَا النَّاسِ سَمِعَ اَصْوَاتَهُمْ يَقُولُونَ: اَعْتَقَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَالَ: مَا هَذَا؟ فَقَالُوا: اَعْتَقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَايَا النَّاسِ، فَقَالَ عُمَرُ: اذْهَبْ اِلَى تِلْكَ الْجَارِيَةِ فَخَلِّ سَبِيلَهَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ سے پوچھا: آپ اس وقت جعرانہ کے مقام پر تھے' طائف سے واپسی پر' عرض کی: یارسول اللہ! میں نے جاہلیت میں نذر مانی تھی' ایک دن مسجد حرام میں اعتکاف کرنے کی' آپ کی کیا رائے ہے؟ آپ نے فرمایا: جاؤ! ایک دن کا اعتکاف کرو! حضور ﷺ نے آپ کو خمس سے ایک لونڈی دی تھی' جب رسول اللہ ﷺ نے قیدیوں کو آزاد کیا' ان کی آواز سنی کہتے ہوئے کہ ہم کو رسول اللہ ﷺ نے آزاد کیا ہے۔ حضرت عمر نے فرمایا: یہ کیسی آواز ہے؟ لوگوں نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے قیدی لوگوں کو آزاد کیا ہے' حضرت عمر نے کہا: اس لونڈی کی طرف جاؤ! اس کو آزاد کردو!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ اِلَّا ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث حضرت جریر بن حازم سے ابن وہب روایت کرتے ہیں۔

**6546** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ، ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ الضَّيْفِ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِيُّ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ اَبِي عَمَّارٍ، عَنْ اَبِي حَبَّةَ الْبَدْرِيِّ قَالَ: كَانَ

حضرت ابوحبہ البدری سے روایت ہے کہ حضور ﷺ حنین کے دن کسی کونے کی طرف نہیں دیکھتے تھے سوائے حضرت ابوسفیان کی لڑائی کے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ابوسفیان میرے خاندان سے بہتر ہے۔

**6545**- اخرجه البخاري: الاعتكاف جلد4صفحه333 رقم الحديث: 2043 في شطره الأول . ومسلم: الأيمان جلد1صفحه1277 .

**6546**- اسناده فيه: علي بن زيد (هو ابن جدعان) ضعيف (التقريب) . واخرجه أيضًا الطبراني في الكبير . وانظر مجمع الزوائد جلد9صفحه277 .

Marfat.com

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ لَا يَنْظُرُ فِي نَاحِيَةٍ إِلَّا رَأَى أَبَا سُفْيَانَ بْنَ الْحَارِثِ يُقَاتِلُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَبَا سُفْيَانَ خَيْرُ أَهْلِي أَوْ: مِنْ خَيْرِ أَهْلِي

**6547** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ، نا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ، ثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ قَالَ: كُنْتُ أُصَلِّي فِي لَيْلَةٍ قَمِرَةٍ، وَقَدْ أَوْثَقْتُ فَرَسِي، فَجَالَتْ جَوْلَةً، فَفَزِعْتُ، فَدَخَلْتُ الْبَيْتَ، فَلَمَّا أَصْبَحْتُ ذَكَرْتُ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: تِلْكَ الْمَلَائِكَةُ جَاءَتْ تَسْمَعُ قِرَاءَتَكَ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ بِسُورَةِ الْبَقَرَةِ وَكَانَ أُسَيْدٌ حَسَنَ الصَّوْتِ

حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں چاندرات کو نماز پڑھ رہا تھا' میرا گھوڑا باندھا ہوا تھا' وہ ڈرنے لگا' میں گھبرایا' میں گھر داخل ہوا' جب میں نے صبح کی' اس بات کا ذکر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں کیا' آپ نے فرمایا: وہ فرشتہ تھا جو رات کے آخری حصے کو سورۂ بقرہ کی تلاوت سننے کے لیے آیا تھا' حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کی آواز بڑی اچھی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، تَفَرَّدَ بِهِ هَارُونُ الْأَيْلِيُّ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے انس بن عیاض روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ہارون الایلی اکیلے ہیں۔

**6548** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ، نا يُوسُفُ بْنُ خَالِدٍ السَّمْتِيُّ، ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ بِشْرِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي أَوْفَى قَالَ: كَانَ مِنْ دُعَاءِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ بَرِّدْ قَلْبِي بِالْبَرَدِ وَالثَّلْجِ وَالْمَاءِ الْبَارِدِ، وَنَقِّنِي مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ

حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا کرتے تھے: ''اللّٰهم برد قلبی الخ''۔

6547- اخرجه البخاری: فضائل القرآن جلد 8 صفحه 680 رقم الحديث: 5018' ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 548 من حديث طويل ۔

6548- اخرجه الترمذی: الدعوات جلد 5 صفحه 551 رقم الحديث: 3547 ۔ وقال: حسن صحيح غريب ۔

Marfat.com

الثَّوْبَ الْاَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا يُوسُفُ بْنُ خَالِدٍ

یہ حدیث حسن بن عبیداللہ سے یوسف بن خالد روایت کرتے ہیں۔

**6549** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ، ثَنَا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ، نا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ضُمَيْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَلِيٍّ، اَنَّ عَائِشَةَ كَانَتْ تَقُولُ: اِنِّي لَاَغْتَسِلُ اَنَا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اِنَاءٍ وَاحِدٍ، مِنَ الْجَنَابَةِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں اور حضور ﷺ غسل جنابت ایک ہی برتن سے کرتے تھے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ

یہ حدیث حضرت علی بن ابوطالب، حضرت عائشہ سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں انس بن عیاض اکیلے ہیں۔

**6550** - وَبِهِ عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ضُمَيْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَبُّ الدَّابَّةِ اَحَقُّ بِصَدْرِهَا

حضرت قیس بن سعد بن عبادہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سواری کا مالک اس کی پیٹھ پر بیٹھنے کا زیادہ حق دار ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ضُمَيْرَةَ اِلَّا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ

یہ حدیث حسین بن عبداللہ بن مغیرہ سے انس بن عیاض روایت کرتے ہیں۔

**6551** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامِ بْنِ اَبِي خَيْرَةَ السَّدُوسِيُّ، نا الْفَضْلُ بْنُ الْعَلَاءِ، نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ رَافِعٍ، سَمِعْتُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جمعہ کے دن لوگ زیادہ غسل کرتے، حضور ﷺ میرے گھر میں تھے، آپ گرمی کے دن لوگوں کے پاس آئے، وہ کھجوروں

---

**6549**- اخرجه البخاري: الحيض جلد **1** صفحه **481** رقم الحديث: **299**، ومسلم: الحيض جلد **1** صفحه **256** .

**6550**- اسناده فيه: حسين بن عبد الله بن ضمرة متروك الحديث كذاب (راجع اللسان جلد **3** صفحه **57**، والميزان جلد **1** صفحه **538**) .

**6551**- اخرجه البخاري: الجمعة جلد **2** صفحه **449** رقم الحديث: **903**، ومسلم: الجمعة جلد **2** صفحه **581** رقم الحديث: **847** بلفظ: لو اغتسلتم .

Marfat.com

عَمْرَو بْنَ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ بْنِ اَبِى حَسَنٍ الْاَنْصَارِىِّ يُحَدِّثُ، اَنَّهُ سَمِعَ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ يُحَدِّثُ، اَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: اَكْثَرَ النَّاسُ فِى الْغُسْلِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَاِنَّمَا كَانَ ذٰلِكَ فِى بَيْتِى، دَخَلَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَرٌ مِنْ اَهْلِ الْعَالِيَةِ فِى يَوْمٍ حَارٍ، قَدْ عَمِلُوا فِى نَخْلِهِمْ، وَعَلَيْهِمْ ثِيَابُهُمُ الصُّوفُ، فَدَخَلُوا وَلَهُمْ اَرْوَاحٌ مُنْكَرَةٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كَانَ هٰذَا الْيَوْمُ فَاغْتَسِلُوا

کے باغوں میں کام کر رہے تھے انہوں نے اُون کے کپڑے پہنے ہوئے تھے ان کے جسم سے بدبو اُٹھ رہی تھی۔ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ دن ہو تو غسل کیا کرو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ اِلَّا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى، وَلَا عَنْ عَمْرٍو اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ رَافِعٍ، وَلَا عَنْ اِسْمَاعِيلَ اِلَّا الْفَضْلُ بْنُ الْعَلَاءِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِىُّ

یہ حدیث قاسم بن محمد سے عمرو بن یحییٰ اور عمرو بن یحییٰ اور عمرو سے اسماعیل بن رافع اور اسماعیل سے فضل بن علاء روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن ہشام السدوسی اکیلے ہیں۔

**6552** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِىُّ، ثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثَنَا اَشْعَثُ بْنُ سَوَّارٍ، عَنْ اَبِى اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِى بُرْدَةَ، عَنْ اَبِى مُوسَى قَالَ: كَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِى خَطِيئَتِى وَجَهْلِى وَاِسْرَافِى فِى اَمْرِى، وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهِ مِنِّى، اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِى جِدِّى وَهَزْلِى، وَخَطَئِى وَعَمْدِى، وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِى

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ یہ دعا کرتے تھے: ''اللّٰھم اغفرلی..........''۔

**6553** - وَبِهِ عَنْ اَبِى بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ:

حضرت ابوبردہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

---

**6552**- أخرجه البخاري: الدعوات جلد**11**صفحه**200** رقم الحديث: **6399**' ومسلم: الذكر جلد**4**صفحه**2087** .

**6553**- اسناده فيه: أشعث بن سوار ضعيف . تخريجه البزار بنحوه . وانظر مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**359** .

Marfat.com

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْكُمْ مِنْ اَحَدٍ يَدْخُلُهُ عَمَلُهُ الْجَنَّةَ . فَقَالَ بَعْضُهُمْ: وَلَا اَنْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَلَا اَنَا، اِلَّا اَنْ يَتَغَمَّدَنِي اللّٰهُ بِرَحْمَتِهِ

کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی اپنے عمل کے ذریعے جنت میں نہیں جائے گا۔ بعض صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بھی نہیں؟ آپ نے فرمایا: میں بھی نہیں مگر یہ ہے کہ مجھے میرے رب نے اپنی رحمت کے ساتھ ڈھانپ لیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا اَشْعَثُ بْنُ سَوَّارٍ، تَفَرَّدَ بِهِمَا الْفَضْلُ بْنُ الْعَلَاءِ

یہ دونوں حدیثیں ابواسحاق سے اشعث بن سوار روایت کرتے ہیں۔ ان دونوں کو روایت کرنے میں فضل بن عداء اکیلے ہیں۔

**6554** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقٍ، نا اِسْحَاقُ بْنُ الضَّيْفِ، نا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِيُّ، نا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ مَعْمَرِ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: لَمَّا تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَارْتَدَّتِ الْعَرَبُ قَالَ عُمَرُ: يَا اَبَا بَكْرٍ، تُرِيدُ اَنْ تُقَاتِلَ الْعَرَبَ كَافَّةً وَقَدْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ، فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ: اِنَّمَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا شَهِدُوا اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ مَنَعُوا مِنِّي دِمَاءَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ وَاللّٰهِ لَوْ مَنَعُونِي عَنَاقًا كَانُوا يُؤَدُّونَهَا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَاتَلْتُهُمْ عَلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال ہوا تو عرب والے مرتد ہونے لگے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے ابوبکر! آپ سارے عرب والوں کو قتل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں' حالانکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مجھے لوگوں سے لڑنے کا حکم دیا گیا یہاں تک کہ وہ لا الٰہ الا اللہ پڑھیں! حضرت ابوبکر نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب وہ گواہی دیں لا الٰہ الا اللہ اور نماز قائم کرنے' زکوٰۃ ادا کرنے کی (جب وہ ایسا کریں گے) تو انہوں نے مجھ سے اپنا خون اور اپنے اموال بچا لیے' اگر مجھ سے ایک نکیل بھی روکیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں ادا کرتے تھے تو میں ان سے لڑوں گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَعْمَرٍ اِلَّا عِمْرَانُ

یہ حدیث مسلم سے عمران القطان روایت کرتے

---

6554- أخرجه البخاري: الصلاة جلد 1 صفحه 592 رقم الحديث: 392' وأبو داؤد: الجهاد جلد 3 صفحه 45 رقم الحديث: 2641 مختصرًا .

Marfat.com

الْقَطَّانُ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ

ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمرو بن عاصم روایت کرتے ہیں۔

**6555** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی غَسَّانَ اَبُو عُلَاثَةَ الْفَرَائِضِیُّ الْمِصْرِیُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ الْمُرَادِیُّ، نا يُونُسُ بْنُ تَمِيمٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَلْبَسَهُ اللّٰهُ نِعْمَةً فَلْيُكْثِرْ مِنَ الْحَمْدِ لِلّٰهِ، وَمَنْ كَثُرَتْ هُمُومُهُ، فَلْيَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ، وَمَنْ اَبْطَاَ عَنْهُ رِزْقُهُ فَلْيُكْثِرْ مِنْ قَوْلِ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، وَمَنْ نَزَلَ مَعَ قَوْمٍ فَلَا يَصُومَنَّ اِلَّا بِاِذْنِهِمْ، وَمَنْ دَخَلَ دَارَ قَوْمٍ فَلْيَجْلِسْ حَيْثُ اَمَرُوهُ، فَاِنَّ الْقَوْمَ اَعْلَمُ بِعَوْرَةِ دَارِهِمْ، وَاِنَّ مِنَ الذَّنْبِ الْمَسْخُوطِ بِهِ عَلَى صَاحِبِهِ، الْحِقْدُ، وَالْحَسَدُ، وَالْكَسَلُ فِي الْعِبَادَةِ، وَالضَّنْكُ فِي الْمَعِيشَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو اللہ کوئی نعمت دے' وہ کثرت سے اللہ کی تعریف کرے' جس کے زیادہ غم ہوں وہ اللہ سے بخشش طلب کرے' جس پر رزق کی تنگی ہو وہ کثرت سے لاحول ولا قوۃ الا باللہ پڑھے' جو کسی قوم کے ساتھ جائے وہ روزہ ان کی اجازت سے رکھے' جو کسی آدمی کے گھر جائے تو وہ وہاں بیٹھے جہاں اس کو حکم دیا جائے بیٹھنے کا' کیونکہ آدمی اپنے گھر کے پردہ کی جگہ زیادہ جانتا ہے' گناہ جس کی وجہ سے اپنے ساتھی پر ناراض ہونا جائز ہے' حسد کرنا' عبادت میں سستی کرنا' کاروبار میں تنگی ہونا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ اِلَّا الْاَوْزَاعِيُّ، وَلَا عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا يُونُسُ بْنُ تَمِيمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ الْمُرَادِيُّ

یہ حدیث یحییٰ بن ابوکثیر سے اوزاعی اور اوزاعی سے یونس بن تمیم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن سلمہ المراری اکیلے ہیں۔

**6556** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي غَسَّانَ، ثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

---

**6555**- اسناده فيه: يونس بن تميم ترجمه الذهبي في الميزان جلد 4 صفحه 478 وقال: عن الأزاعي بخير باطل' ثم ذكر هذا الحديث . وأخرجه أيضًا الطبراني في الصغير . وانظر مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 204 .

**6556**- اسناده فيه: أ- حجاج بن سليمان الرعيني أبو الأزهر . قال ابن يونس: في حديثه مناكير' وقال أبو زرعة: منكر الحديث' ومشاه ابن عدى حيث قال: اذا روى حجاج هذا من غير ابن لهيعة فهو مستقيم ان شاء الله (الكامل لابن عدى جلد 2 صفحه 651' واللسان جلد 2 صفحه 177) . ب- محمد بن عجلان المدني صدوق الا أنه اختلطت عليه أحاديث أبي هريرة (التقريب) . وانظر مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 212 .

Marfat.com

مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، ثَنَا حَجَّاجُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرُّعَيْنِيُّ، ثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ بَنِي آدَمَ يَلْقَاهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِذَنْبٍ قَدْ اَذْنَبَهُ، يُعَذِّبُهُ عَلَيْهِ اِنْ شَاءَ اَوْ يَرْحَمُهُ، اِلَّا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا، فَاِنَّهُ كَانَ سَيِّدًا وَحَصُورًا، وَنَبِيًّا مِنَ الصَّالِحِينَ وَاَهْوَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى قَذَاةٍ مِنَ الْاَرْضِ، فَاَخَذَهَا، وَقَالَ: ذَكَرُهُ مِثْلُ هَذِهِ الْقَذَاةِ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر انسان قیامت کے دن اللہ سے ملے گا' اپنے گناہ کے ساتھ جو اس نے کیا ہوگا' اللہ چاہے تو عذاب دے' چاہے تو معاف کر دے' سوائے یحیٰ بن زکریا علیہ السلام کے کیونکہ آپ سردار اور عورتوں سے الگ رہنے والے تھے اور صالحین انبیاء سے تھے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک تنکے کی طرف جھکے' زمین پر اس کو پکڑا اور فرمایا: اس تنکے کی مثل ذکر کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ اِلَّا اللَّيْثُ، وَلَا عَنِ اللَّيْثِ اِلَّا حَجَّاجُ بْنُ سُلَيْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ الْمُرَادِيُّ

یہ حدیث محمد بن عجلان سے لیث اور لیث سے حجاج بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن سلمہ المراری اکیلے ہیں۔

**6557** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي غَسَّانَ، ثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ عَبْدُ الْاَوَّلِ الْمُعَلِّمُ، ثَنَا اَبُو اُمَيَّةَ الْاَيْلِيُّ، عَنْ زُفَرِ بْنِ وَاصِلٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَثُرَ ضَحِكُهُ اسْتُخِفَّ بِحَقِّهِ، وَمَنْ كَثُرَتْ دُعَابَتُهُ ذَهَبَتْ جَلَالَتُهُ، وَمَنْ كَثُرَ مِزَاحُهُ ذَهَبَ وَقَارُهُ، وَمَنْ شَرِبَ الْمَاءَ عَلَى الرِّيقِ انْتَقَضَتْ قُوَّتُهُ، وَمَنْ كَثُرَ كَلَامُهُ كَثُرَ سَقَطُهُ، وَمَنْ كَثُرَ سَقَطُهُ كَثُرَتْ خَطَايَاهُ، وَمَنْ كَثُرَتْ خَطَايَاهُ كَانَتِ النَّارُ اَوْلَى بِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو زیادہ ہنسے گا اس کا حق کمزور ہوگا' جو زیادہ مانگے گا اس کا جلال ختم ہوگا' جو زیادہ مزاح کرے گا اس کا وقار چلا جائے گا' جو پانی کے ساتھ تھوک پیئے گا اس کی قوت چلی جائے گی' جو زیادہ گفتگو کرے گا اس کی غلطیاں زیادہ ہوں گی' جس کی غلطیاں کثرت سے ہوں گی اس کی غلطیاں زیادہ ہوں گی جس کی غلطیاں زیادہ ہوں گی وہ جہنم میں جلنے کا زیادہ حق دار ہوگا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ

یہ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں عبدالاول المعلم ہیں۔

**6557**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد**5**صفحه**90** وقال: رواه الطبراني في الأوسط' وفي اسناده من لم أعرفهم .

Marfat.com

الْاَوَّلِ الْمُعَلِّمُ

**6558** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي غَسَّانَ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَعْبَدٍ الْمُرَادِيُّ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ اُمَّتِي الَّذِينَ اِذَا اَسَاءُ وا اسْتَغْفَرُوا، وَاِذَا اَحْسَنُوا اسْتَبْشَرُوا، وَاِذَا سَافَرُوا قَصَرُوا وَاَفْطَرُوا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت کے بہتر وہ لوگ ہیں کہ جب ان سے گناہ ہو جائے تو وہ بخشش طلب کرتے ہیں' جب نیکی کریں تو خوش ہوں' جب سفر کریں تو نماز قصر کریں اور روزہ افطار کریں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَعْبَدٍ الْمُرَادِيُّ

یہ حدیث ابوزبیر سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن یحییٰ بن معبد المراری اکیلے ہیں۔

**6559** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي غَسَّانَ، نا مَكِّيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرُّعَيْنِيُّ، نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: لَمَّا قَدِمَ جَعْفَرُ بْنُ اَبِي طَالِبٍ مِنْ اَرْضِ الْحَبَشَةِ، تَلَقَّاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا نَظَرَ جَعْفَرٌ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَلَ اِعْظَامًا مِنْهُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَبَّلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، وَقَالَ لَهُ: يَا حَبِيبِي، اَنْتَ اَشْبَهُ النَّاسِ بِخَلْقِي وَخُلُقِي، وَخُلِقْتَ مِنَ الطِّينَةِ الَّتِي خُلِقْتُ مِنْهَا، يَا حَبِيبِي، حَدِّثْنِي عَنْ بَعْضِ عَجَائِبِ اَرْضِ الْحَبَشَةِ قَالَ: نَعَمْ، بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بَيْنَا اَنَا قَائِمٌ فِي بَعْضِ طُرُقِهَا، اِذَا اَنَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت جعفر بن ابوطالب رضی اللہ عنہ حبشہ کی سرزمین سے آئے تو رسول اللہ ﷺ سے ملے' جب حضرت جعفر نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا تو اپنے آپ کو عاجزی و انکساری سے رسول اللہ ﷺ کے ہاں پیش کیا' حضور ﷺ نے آپ کی دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ لیا' فرمایا: آپ کو فرمایا: اے میرے محبوب! تم میری شکل اور اخلاق کے سب لوگوں سے زیادہ مشابہ ہو' تم بھی اس مٹی سے بنے ہو' جس سے اللہ تعالیٰ نے مجھے بنایا ہے' مجھے حبشہ کی سرزمین کے بعض عجائبات بتاؤ! حضرت جعفر نے عرض کی: جی ہاں! میرے ماں باپ آپ پر قربان! یا رسول اللہ! میں کسی رستہ پر کھڑا تھا تو ایک بوڑھی عورت

**6558**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد2صفحه160 وقال: رواه الطبراني في الأوسط' وفيه ابن لهيعة وفيه كلام .

**6559**- اسناده فيه: مكي بن عبد الله الرعيني قال العقيلي: حديثه غير محفوظ' وقال ابن يونس: لم يتابع على ما رواه عن ابن وهب (اللسان جلد6صفحه87' والميزان جلد4صفحه179) . وانظر مجمع الزوائد جلد5 صفحه211 .

Marfat.com

بِعَجُوزٍ عَلَى رَأْسِهَا مِكْتَلٌ، وَأَقْبَلَ شَابٌّ يَرْكُضُ عَلَى فَرَسٍ لَهُ، فَزَحَمَهَا، وَأَلْقَى الْمِكْتَلَ عَنْ رَأْسِهَا، فَاسْتَوَتْ قَائِمَةً، وَأَتْبَعَتْهُ الْبَصَرَ، وَهِيَ تَقُولُ: الْوَيْلُ لَكَ غَدًا إِذَا جَلَسَ الْمَلِكُ عَلَى كُرْسِيِّهِ، فَاقْتَصَّ لِلْمَظْلُومِ مِنَ الظَّالِمِ . قَالَ جَابِرٌ: فَنَظَرْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِنَّ دُمُوعَهُ لَتَنْحَدِرُ عَلَى عَيْنَيْهِ مِثْلَ الْجِمَارِ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا قَدَّسَ اللّٰهُ أُمَّةً لَا يَأْخُذُ الْمَظْلُومُ حَقَّهُ مِنَ الظَّالِمِ، غَيْرَ مُتَعْتَعٍ

اپنے سر پر ٹوکری رکھی ہوئی تھی' ایک نوجوان آیا وہ گھوڑے پر سوار تھا' اس نے اس ٹوکری کو ٹھوکر ماری' وہ ٹوکری اس کے سر سے گری' وہ عورت سیدھی کھڑی ہوئی اس کی طرف دیکھنے لگی اور کہہ رہی تھی: کل تیرے لیے ہلاکت! جب بادشاہ کرسی پر بیٹھے گا' مظلوم کو ظالم سے بدلہ دلوائے گا۔ حضرت جابر فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے' کنکریوں کی مثل۔ پھر حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل اس اُمت کو پاک نہیں کرتا ہے جس میں مظلوم کو ظالم سے بدلہ نہ دلوایا جائے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ إِلَّا مَكِّيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرُّعَيْنِيُّ

یہ حدیث سفیان بن عیینہ سے مکی بن عبداللہ العینی روایت کرتے ہیں۔

**6560** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي غَسَّانَ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ يُوسُفَ بْنِ يَزِيدَ الْبَصْرِيُّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: بَيْنَا أَنَا سَائِرٌ، بِجَنَبَاتِ بَدْرٍ، إِذْ خَرَجَ رَجُلٌ مِنْ حُفَيْرٍ، فِي عُنُقِهِ سِلْسِلَةٌ، فَنَادَانِي: يَا عَبْدَ اللّٰهِ اسْقِنِي . يَا عَبْدَ اللّٰهِ اسْقِنِي، فَلَا أَدْرِي، أَعَرَفَ اسْمِي أَوْ دَعَانِي بِدِعَايَةِ الْعَرَبِ، وَخَرَجَ أَسْوَدُ مِنْ ذٰلِكَ الْحُفَيْرِ، فِي يَدِهِ سَوْطٌ، فَنَادَانِي: يَا عَبْدَ اللّٰهِ، لَا تَسْقِهِ، فَإِنَّهُ كَافِرٌ، ثُمَّ ضَرَبَهُ بِالسَّوْطِ حَتَّى عَادَ إِلَى حُفْرَتِهِ، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْرِعًا، فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ لِي: أَوَ قَدْ رَأَيْتَهُ؟

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں بدر کے کسی کونے پر تھا' اچانک چھوٹے سے گڑھے سے ایک آدمی نکلا' اس کی گردن میں زنجیر تھی' اس نے مجھے ندا دی: اے عبداللہ! مجھے پانی پلاؤ! اے عبداللہ! مجھے پانی پلاؤ! میں اس کو نہیں جانتا تھا' میرا نام پہچانتا ہو اور مجھے عرب کی طرز پر بلانے والا ہو (دیکھا) کنواں سے ایک سیاہ آدمی نکلا' اس کے ہاتھ میں کوڑا تھا' اس نے مجھے آواز دی: اے عبداللہ! اس کو نہ پلانا کیونکہ یہ کافر ہے' پھر اس نے اپنا کوڑا مارا' دوبار کنواں میں چلا گیا' میں حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ کو بتایا' مجھے آپ نے فرمایا: کیا تم نے اس کو دیکھا ہے؟ میں نے عرض کی: جی

**6560**- اسناده فيه: عبد الله بن محمد بن المغيرة الكوفي ضعيف . وانظر مجمع الزوائد جلد3صفحه60 .

Marfat.com

قُلْتُ: نَعَمْ قَالَ: ذَاكَ عَدُوُّ اللّٰهِ اَبُو جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ، وَذَاكَ عَذَابُهُ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ الْكُوفِيُّ

ہاں! آپ نے فرمایا: وہ اللہ کا دشمن ابوجہل بن ہشام تھا' یہ عذاب اس کو قیامت کے دن تک رہے گا۔

یہ حدیث مالک بن مغول سے عبداللہ بن محمد بن مغیرہ الکوفی روایت کرتے ہیں۔

**6561** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي غَسَّانَ الْفَرَائِضِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي اَبُو غَسَّانَ اَحْمَدُ بْنُ عِيَاضِ بْنِ اَبِي طَيْبَةَ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كُنْتُ اَخْدُمُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَدَّمَ فَرْخًا مَشْوِيًّا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ ائْتِنِي بِاَحَبِّ الْخَلْقِ اِلَيْكَ وَاِلَيَّ يَاْكُلُ مَعِي مِنْ هَذَا الْفَرْخِ، فَجَاءَ عَلِيٌّ، فَدَقَّ الْبَابَ، فَقَالَ اَنَسٌ: مَنْ هَذَا؟ قَالَ: عَلِيٌّ، فَقُلْتُ: النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى حَاجَةٍ، فَانْصَرَفَ، ثُمَّ تَنَحَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَكَلَ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ ائْتِنِي بِاَحَبِّ الْخَلْقِ اِلَيْكَ وَاِلَيَّ يَاْكُلُ مَعِي مِنْ هَذَا الْفَرْخِ فَجَاءَ عَلِيٌّ. فَدَقَّ الْبَابَ دَقًّا شَدِيدًا، فَسَمِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا اَنَسُ، مَنْ هَذَا؟ قُلْتُ: عَلِيٌّ . قَالَ: اَدْخِلْهُ ، فَدَخَلَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ سَاَلْتُ اللّٰهَ ثَلَاثًا بِاَنْ يَاْتِيَنِي بِاَحَبِّ الْخَلْقِ اِلَيْهِ وَاِلَيَّ يَاْكُلُ مَعِي مِنْ هَذَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت کرتا تھا' آپ کے پاس بھونا ہوا پرندہ لایا گیا' حضور ﷺ نے عرض کی: اے اللہ! میرے پاس اس کو لانا جو تجھے مخلوق میں سب سے زیادہ پسند ہو! وہ میرے ساتھ یہ بھونا پرندہ کھائے۔ حضرت علی آئے' آپ نے دروازہ کھٹکھٹایا' آپ نے فرمایا: اے انس! یہ کون ہے؟ میں نے عرض کی: علی ہیں' میں نے کہا: حضور ﷺ کسی کام میں مصروف ہیں۔ حضرت علی چلے گئے' پھر حضور پیچھے ہٹے اور اس میں سے کچھ کھایا' پھر حضور ﷺ نے عرض کی: اے اللہ! تُو اس کو لے آ جو تجھے مخلوق میں سب سے زیادہ پسند ہے کہ وہ میرے ساتھ یہ پرندہ کھائے۔ حضرت علی آئے' زور سے دروازہ کھٹکھٹایا' حضور ﷺ نے آواز سنی' فرمایا: اے انس! یہ کون ہے؟ میں نے عرض کی: علی ہیں! آپ نے فرمایا: اس کو داخل ہونے دو! حضرت علی داخل ہوئے' حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے اللہ سے تین مرتبہ سوال کیا کہ میرے پاس اس کو لائے جو اُسے مخلوق میں سب سے زیادہ پسند ہے کہ وہ میرے ساتھ یہ کھائے۔ حضرت

**6561**- اسناده فيه: ابو غسان احمد بن عياض بن ابى طيبة المصرى . قال ابن حجر: ذكره ابن يونس فى تاريخ مصر' ولم يذكر فيه جرحًا ولا تعديلًا (اللسان جلد 5 صفحه 57' والميزان جلد 3 صفحه 465) . تخريجه الطبرانى فى الكبير' وابو يعلى مختصرًا' وعند الترمذى طرف منه . وانظر مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 128 .

Marfat.com

الْفَرْخِ، فَقَالَ عَلِيٌّ: وَاَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَقَدْ جِئْتُ ثَلاثًا، كُلُّ ذٰلِكَ يَرُدُّنِي اَنَسٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اَنَسُ، مَا حَمَلَكَ عَلَى مَا صَنَعْتَ؟ قُلْتُ: اَحْبَبْتُ اَنْ تُدْرِكَ الدَّعْوَةُ رَجُلًا مِنْ قَوْمِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُلَامُ الرَّجُلُ عَلَى حُبِّ قَوْمِهِ

علی نے عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ کے پاس تین مرتبہ آیا تھا' ہر مرتبہ انس نے واپس بھیج دیا' حضور ﷺ نے فرمایا: اے انس! تمہیں ایسا کرنے پر کس نے اُبھارا تھا؟ میں نے عرض کی: میں نے پسند کیا کہ آپ میری قوم کے کسی آدمی کو بلائیں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: کسی آدمی کو اپنی قوم سے محبت پر ملامت نہیں کیا جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، وَلَا عَنْ سُلَيْمَانَ اِلَّا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي غَسَّانَ، عَنْ اَبِيهِ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے سلیمان بن بلال اور سلیمان سے یحییٰ بن حسان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن ابوغسان اپنے والد سے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

**6562** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْوَرْدِيُّ الْمِصْرِيُّ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ الرُّؤَاسِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْعَرْزَمِيِّ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِي نَهَرًا مَا بَيْنَ صَنْعَاءَ اِلَى اَيْلَةَ، فِيهِ عَدَدُ النُّجُومِ آنِيَةٌ، وَهُوَ اَبْرَدُ مِنَ الثَّلْجِ، وَاَحْلَى مِنَ الْعَسَلِ، وَاَبْيَضُ مِنَ اللَّبَنِ، مَنْ شَرِبَ مِنْهُ شَرْبَةً لَمْ يَظْمَأْ بَعْدَهَا اَبَدًا، وَمَنْ لَمْ يَطْعَمْهُ لَمْ يَرْوِ اَبَدًا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے لیے جنت میں ایک نہر ہے جس کی لمبائی صنعاء سے لے کر ایلہ تک ہے' اس میں ستاروں کی تعداد کے برابر برتن ہیں' وہ برف سے زیادہ ٹھنڈا اور شہد سے زیادہ میٹھا ہے اور دودھ سے زیادہ سفید' جو اس سے ایک گھونٹ پیئے گا وہ اس کے بعد کبھی پیاسا نہ ہوگا' جس نے اس سے نہ کھایا وہ کبھی بھی سیر نہیں ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي بُرْدَةَ اِلَّا الْعَرْزَمِيُّ، وَلَا عَنِ الْعَرْزَمِيِّ اِلَّا دَاوُدُ بْنُ هِلَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ زُهَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ

یہ حدیث ابوبردہ سے عرزمی اور عرزمی سے داؤد بن ہلال روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں زہیر بن عبادا کیلے ہیں۔

---

**6562**- اسنادہ فیہ: محمد بن عبید اللہ متروک . وانظر مجمع الزوائد جلد**10**صفحہ**364** .

Marfat.com

**6563** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْوَرْدِيُّ، نا زُهَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ، نا دَاوُدُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَبْلُغُ عَبْدٌ حَقِيقَةَ الْإِيمَانِ حَتَّى يَحْزُنَ مِنْ لِسَانِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی بندہ اس وقت تک ایمان کی حقیقت نہیں پاسکتا ہے یہاں تک کہ زبان کو کنٹرول نہ کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ إِلَّا دَاوُدُ بْنُ هِلَالٍ، تَفَرَّدَ بِهِ زُهَيْرُ بْنُ عَبَّادٍ

یہ حدیث ہشام بن حسان سے داؤد بن ہلال روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں زہیر بن عبادا کیلے ہیں۔

**6564** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ الصُّوفِيُّ الْمِصْرِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ التَّبَّانُ الْمَدِينِيُّ، ثَنَا أَبِي، نا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ أَبَانَ بْنِ تَغْلِبٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا رِضَاعَ بَعْدَ فِطَامٍ، وَلَا يُتْمَ بَعْدَ حُلُمٍ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ، حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: بچے کے بڑے ہونے کے بعد حرمتِ رضاعت ثابت نہ ہوگی اور بالغ ہونے کے بعد کسی کو یتیم نہیں کہا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلْقَمَةَ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ إِلَّا أَبَانُ بْنُ تَغْلِبٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ أَبَانَ إِلَّا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، وَلَا عَنْ مُوسَى إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ التَّبَّانُ، عَنْ أَبِيهِ، وَلَا كَتَبْنَاهُ إِلَّا عَنْ هَذَا الشَّيْخِ

یہ حدیث علقمہ سے ابراہیم اور ابراہیم سے ابان بن تغلب اور ابان سے موسیٰ بن عقبہ اور موسیٰ سے محمد بن جعفر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبید التبان اپنے والد سے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔ ہم اس حدیث کو اس شیخ کے حوالہ سے روایت کرتے ہیں۔

---

**6563**- اسناده فيه: أ- محمد بن الحارث بن عبد الحميد الوردى لم أجده . ب - داؤد بن هلال النصيبى' ترجمه ابن أبى حاتم ولم يذكر فيه جرحًا ولا تعديلًا . وأخرجه أيضًا فى الصغير . وانظر مجمع الزوائد جلد10صفحه305 .

**6564**- أخرجه الطبرانى فى الصغير جلد2صفحه68 .

Marfat.com

**6565** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ جَعْفَرٍ الْوَكِيعِيُّ الْمِصْرِيُّ، نا عَلِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ الْاَحْمَرُ، نا عَبِيدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَبْرَيْنِ يُعَذَّبَانِ، فَقَالَ: اِنَّهُمَا يُعَذَّبَانِ، وَمَا يُعَذَّبَانِ فِي كَثِيرٍ، كَانَ اَحَدُهُمَا لَا يَسْتَنْزِهُ مِنَ الْبَوْلِ، وَكَانَ الْآخَرُ يَمْشِي بِالنَّمِيمَةِ فَدَعَا بِجَرِيدٍ رَطْبٍ فَكَسَرَهُ، فَوَضَعَ عَلَى هَذَا، وَعَلَى هَذَا، وَقَالَ: لَعَلَّهُ اَنْ يُخَفِّفَ عَنْهُمَا حَتَّى يَيْبَسَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کا گزر دو قبروں کے پاس سے ہوا' آپ نے فرمایا: دونوں کو عذاب ہو رہا ہے' ایک پیشاب کی چھینٹوں سے پرہیز نہیں کرتا تھا' دوسرا غیبت کرتا تھا' آپ نے ایک تر ٹہنی منگوائی' اس کے دو ٹکڑے کیے' ایک اس قبر پر اور دوسرا اس قبر پر رکھ دیا۔ آپ نے فرمایا: یقیناً دونوں کے عذاب میں آسانی ہوگی جب تک خشک نہ ہوا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا عُبَيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَلِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ الْاَحْمَرُ

یہ حدیث منصور سے عبیدہ بن حمید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں علی بن جعفر الاحمر اکیلے ہیں۔

**6566** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ جَعْفَرٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الدُّولَابِيُّ، ثَنَا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، وَسَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عَلَى حِرَاءٍ، فَتَحَرَّكَ بِهِمْ، فَضَرَبَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرِجْلِهِ، وَقَالَ: اثْبُتْ، فَعَلَيْكَ نَبِيٌّ، وَصِدِّيقٌ، وَشَهِيدَانِ، وَعَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ اُحد پہاڑ پر تھے' وہ خوشی سے جھومنے لگا' حضور ﷺ نے اپنا پاؤں اس پر مارا اور فرمایا: ٹھہر! تجھ پر نبی' صدیق اور شہید ہیں' اس وقت اس پر حضور ﷺ اور حضرت ابوبکر و عمر و عثمان تھے۔

**6565**- اسناده صحيح ورجاله موثقون . وقال الهيثمي في المجمع جلد **1** صفحه **210**: ورجاله موثقون' الا شيخ الطبراني فاني لم أعرفه . قلت: وثقه الدارقطني (راجع الأنسان جلد **13** صفحه **356**' وتاريخ بغداد ترجمه أبيه أحمد جلد **4** صفحه **59**) .

**6566**- أصله عند البخاري بلفظ: اثبت احد' فان عليك نبيًا و...... . أخرجه البخاري: فضائل الصحابة جلد **7** صفحه **26** رقم الحديث: **3675** .

Marfat.com

وَعُثْمَانُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَطَرٍ اِلَّا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ

یہ حدیث حضرت مطر سے داؤد بن زبرقان روایت کرتے ہیں۔

**6567** - وَبِهِ ثَنَا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبُّوا اَصْحَابِي، فَلَوْ اَنَّ اَحَدَكُمْ اَنْفَقَ مِثْلَ اُحُدٍ ذَهَبًا مَا بَلَغَ مُدَّ اَحَدِهِمْ، وَلَا نَصِيفَهُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے صحابی کو گالی نہ دو کیونکہ اگر تم میں سے کوئی اُحد پہاڑ کے برابر سونا خرچ کرے تو بھی ان کے ایک مُد اور آدھے مُد خرچ کرنے کے ثواب کو نہیں پا سکتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ اِلَّا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ وَرَوَاهُ الْحَسَنُ بْنُ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ

یہ حدیث محمد بن جحادہ ابوصالح اور محمد بن جحادہ سے داؤد بن زبرقان روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو حسن بن ابوجعفر، محمد بن جحادہ سے وہ عطیہ سے وہ ابوسعید سے روایت کرتے ہیں۔

**6568** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ جَعْفَرٍ، نا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي فُدَيْكٍ، نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ بِلَالِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ، عَنْ اَبِيهِ بِلَالِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَطِيَّةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ، اَنَّهُ سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ؟ فَقَالَ: اِنِّي رَاَيْتُهَا فَاُنْسِيتُهَا، فَتَحَرَّهَا فِي النِّصْفِ الْاٰخِرِ، ثُمَّ عَادَ فَقَالَ: فِي ثَلَاثٍ وَعِشْرِينَ يَمْضِينَ مِنَ الشَّهْرِ

حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لیلۃ القدر کے متعلق پوچھا، آپ نے فرمایا: میں نے دیکھا پھر مجھے وہ بھلا دی گئی، اس کو آخری عشرے میں تلاش کرو، پھر فرمایا: تئیس رمضان کو تلاش کرو۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَطِيَّةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث عطیہ بن عبداللہ سے اسی سند سے روایت

---

6567- أخرجه البخاري: فضائل الصحابة جلد7صفحه25 رقم الحديث: 3673، وأبو داؤد: السنة جلد 4 صفحه 214 رقم الحديث: 4658، والترمذي: المناقب جلد5صفحه695 رقم الحديث: 3861 .

6568- أصله عند مسلم من طريق أبي النضر، عن بسر بن سعيد، عن عبد الله بن أنيس به . أخرجه مسلم: الصيام جلد2 صفحه827 .

Marfat.com

اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تفَرَّدَ بِهِ ابْنُ اَبِى فُدَيْكٍ

ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابن ابی فدیک اکیلے ہیں۔

**6569** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ جَعْفَرٍ، نا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِى مَخْرَمَةُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ حُمَيْدَ بْنَ نَافِعٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ زَيْنَبَ بِنْتَ اَبِى سَلَمَةَ، تَقُولُ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُولُ: جَاءَ تْ سَهْلَةُ بِنْتُ سُهَيْلٍ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّى لَاَرَى فِى وَجْهِ اَبِى حُذَيْفَةَ مِنْ دُخُولِ سَالِمٍ عَلَيَّ؟ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ: اَرْضِعِيهِ . فَقَالَتْ: اِنَّهُ ذُو لِحْيَةٍ؟ فَقَالَ: اَرْضِعِيهِ يَذْهَبُ مَا فِى وَجْهِ اَبِى حُذَيْفَةَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت سہلہ بنت سہیل' حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئی' عرض کی: یارسول اللہ! میں دیکھتی ہوں کہ حضرت ابوحذیفہ' حضرت سالم کو میرے پاس لائے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تُو اس کو دودھ پلا! عرض کی: یارسول اللہ! اس کے چہرے پر داڑھی آئی ہوئی ہے' آپ نے فرمایا: تم دودھ پلاؤ! جو ابوحذیفہ کے ہاں اس کا مقام ہے وہ چلا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ اِلَّا بُكَيْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَلَا عَنْ بُكَيْرٍ اِلَّا ابْنُهُ مَخْرَمَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث حمید بن نافع سے بکیر بن عبداللہ اور بکیر سے ان کے بیٹے مخرمہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

**6570** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ الْبَرْذَعِيُّ بِمِصْرَ، ثَنَا اَبُو سَلَمَةَ عُبَيْدُ بْنُ خَلَصَةَ بِمَعَرَّةِ النُّعْمَانِ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ الْمَدَنِيُّ، عَنِ الْمُنْكَدِرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ اَبِى اَخَذَ مَالِى، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلرَّجُلِ: اذْهَبْ، فَائْتِنِى

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کی: اے اللہ کے رسول! میرے والد نے میرا مال لے لیا ہے۔ آپ نے فرمایا: جا کر اپنے والد کو لے آ! اسی دوران حضرت جبریل امین علیہ السلام' نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور کہا: اللہ آپ پر سلام فرماتا ہے اور فرماتا ہے: جب بوڑھا شخص آئے تو اُس سے ایک شی کے بارے

**6569**- اخرجه مسلم: الرضاع جلد2صفحه1076' والنسائي: النكاح جلد6صفحه86 (باب رضاع الكبير) .

**6570**- اسناده فيه: المنكدر بن محمد بن المنكدر ضعيف . واخرجه أيضًا في الصغير' وانظر مجمع الزوائد جلد 4 صفحه158 .

Marfat.com

بِأَبِيكَ، فَنَزَلَ جِبْرِيلُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ يُقْرِئُكَ السَّلَامَ، وَيَقُولُ: إِذَا جَاءَكَ الشَّيْخُ، فَسَلْهُ عَنْ شَيْءٍ قَالَهُ فِي نَفْسِهِ مَا سَمِعَتْهُ أُذُنَاهُ، فَلَمَّا جَاءَ الشَّيْخُ قَالَ لَهُ النَّبِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا زَالَ ابْنُكَ يَشْكُوكَ أَنَّكَ تَأْخُذُ مَالَهُ؟ قَالَ: سَلْهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلْ أُنْفِقُهُ إِلَّا عَلَى إِحْدَى عَمَّاتِهِ أَوْ خَالَاتِهِ أَوْ عَلَى نَفْسِي؟ فَقَالَ النَّبِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِيهِ، دَعْنَا مِنْ هَذَا، أَخْبِرْنِي عَنْ شَيْءٍ قُلْتَهُ فِي نَفْسِكَ، مَا سَمِعَتْهُ أُذُنَاكَ قَالَ الشَّيْخُ: وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا يَزَالُ اللّٰهُ يُزِيدُنَا بِكَ يَقِينًا، قُلْتُ فِي نَفْسِي شَيْئًا مَا سَمِعَتْهُ أُذُنَايَ قَالَ: قُلْ، وَأَنَا أَسْمَعُ . قَالَ: قُلْتُ:

(البحر الطويل)

غَذَوْتُكَ مَوْلُودًا وَمِنْتُكَ يَافِعًا ... تُعَلُّ بِمَا أَجْنِي عَلَيْكَ وَتَنْهَلُ

إِذَا لَيْلَةٌ ضَافَتْكَ بِالسُّقْمِ لَمْ أَبِتْ ... لِسُقْمِكَ إِلَّا سَاهِرًا أَتَمَلْمَلُ

تَخَافُ الرَّدَى نَفْسِي عَلَيْكَ وَإِنَّهَا ... لَتَعْلَمُ أَنَّ الْمَوْتَ وَقْتٌ مُؤَجَّلُ

كَأَنِّي أَنَا الْمَطْرُوقُ دُونَكَ بِالَّذِي ... طُرِقْتَ بِهِ دُونِي فَعَيْنَايَ تَهْمَلُ

فَلَمَّا بَلَغْتَ السِّنَّ وَالْغَايَةَ الَّتِي ... إِلَيْهَا مَدَى مَا فِيكَ كُنْتُ أُؤَمِّلُ

جَعَلْتَ جَزَائِي غِلْظَةً وَفَظَاظَةً ... كَأَنَّكَ

دریافت فرمائیں اور یہ بات اس نے اتنا آہستہ کہی جس کو کان نہیں سن سکے۔ پس جب بوڑھا آدمی آیا تو آپ نے اُس سے فرمایا: تیرا بیٹا تیری شکایت کر رہا ہے کہ تُو نے اس کا مال لے لیا ہے؟ اُس نے بڑے ادب سے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کیا میں نے اس مال کو اس کی پھوپھیوں میں سے ایک پھوپھی یا اس کی خالاؤں میں سے ایک خالہ پر یا میں نے اپنی ذات پر خرچ نہیں کیا ہے؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ٹھیک ہے! لیکن یہ بات چھوڑ دُو وہ بات بتاؤ جو تُو نے اپنے دل میں کہی ہے' جس کو تیرے کان بھی نہیں سن سکے۔ بوڑھے نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! قسم بخدا! اللہ تعالیٰ آپ کے وسیلے ہمیشہ ہمارے یقین میں اضافہ فرماتا رہے۔ میں نے اپنے دل میں ایک بات کہی ہے جو میرے کان بھی نہیں سن سکے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بتاؤ! میں بھی سنوں! وہ کہتے ہیں: میں نے کہا: میں نے تجھے اُس وقت کھلایا جب آپ چھوٹے بچے تھے۔ تجھ پہ میں نے احسان کیا جبکہ تُو پروان چڑھنے والا تھا' تجھے اس کا بدلہ پلایا جاتا ہے جو میں نے تجھ پر جنایت کی اور تُو پیتا رہا' وہ رات یاد کر جب بیمار تھا اور میں تیرا تیماردار تھا' میں نے تیری بیماری کی وجہ سے تجھ سے منہ نہیں موڑا' لگاتار جاگتا رہا' اُکتایا نہیں' تیری ہلاکت کے خوف سے میری جان گھلتی رہی اور تُو اچھی طرح جانتا ہے کہ موت کا ایک وقت مقرر ہے۔

گویا میں تیرے سامنے گرا ہوا ہوں اُس چیز کے بدلے جو تُو میرے سامنے (ایک دن) گرا ہوا تھا' پس میری دونوں آنکھیں آنسو بہا رہی تھیں۔ جب تو سنِ بلوغت کو

Marfat.com

اَنْتَ الْمُنعِمُ الْمُتَفَضِّلُ
فَلَيْتَكَ اِذْ لَمْ تَرْعَ حَقَّ اُبُوَّتِی ... كَمَا يَفْعَلُ الْجَارُ الْمُجَاوِرُ تَفْعَلُ

پہنچا اور اس انتہا تک تیری رسائی ہوئی جس مدت کی میں تیرے بارے اُمید کیا کرتا تھا۔ میرا بدلہ تُو نے سختی اور درشتی کو بنایا گویا کہ تُو ہی انعام کرنے والا اور مہربانی کرنے والا ہے۔ کاش جب تُو نے میرے پاس ہونے کے حق کی رعایت نہ کی جیسے ایک محافظ پڑوسی کرتا ہے' کم از کم تُو ایسے ہی کر لیا۔

قَالَ: فَعِنْدَ ذٰلِكَ اَخَذَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَلَابِيبِ ابْنِهِ، وَقَالَ: اَنْتَ وَمَالُكَ لِاَبِيكَ

راوی کا بیان ہے: اس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے بیٹے کے گریبان سے پکڑ کر فرمایا: تُو اور تیرا سارا مال' تیرے باپ کا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ بِهٰذَا اللَّفْظِ وَالشِّعْرِ عَنِ الْمُنْكَدِرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عُبَيْدُ بْنُ خَلَصَةَ

اس حدیث کو ان لفظوں کے ساتھ شعر سمیت حضرت منکدر بن محمد بن منکدر سے صرف عبداللہ بن نافع نے روایت کیا ہے۔ عبید بن خلصہ اس حدیث کے ساتھ اکیلے ہیں۔

**6571** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَخْتَوَيْهِ بْنِ الْهَيْثَمِ الْبَرْذَعِیُّ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يَعْقُوبَ الْجَوْزَجَانِیُّ، ثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ لِی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ادْعِی اَبَاكِ وَاَخَاكِ حَتّٰى اَكْتُبَ كِتَابًا، فَاِنِّی اَخَافُ اَنْ يَقُولَ قَائِلٌ، وَيَتَمَنّٰى مُتَمَنٍّ، وَيَاْبَى اللّٰهُ وَالْمُؤْمِنُونَ اِلَّا اَبَا بَكْرٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا: اپنے والد اور بھائی کو بلاؤ' میں ان کے لیے لکھ دوں کیونکہ میں خوف کرتا ہوں کہ کوئی کہنے والا کہے' کوئی خواہش کرنے والا خواہش کرے' اللہ اور ایمان والے انکار کرتے ہیں کہ کوئی ابوبکر کے علاوہ (خلیفہ بنے)۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِیِّ اِلَّا صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ اِلَّا

یہ حدیث زہری سے صالح بن کیسان اور صالح بن کیسان سے ابراہیم بن سعد روایت کرتے ہیں۔ اس کو

**6571**- أخرجه البخاری: المرضى جلد **10** صفحه **128** رقم الحديث: **5666**' ومسلم: فضائل الصحابة جلد **4** صفحه **1857** واللفظ لمسلم .

Marfat.com

اِبْـرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، وَاَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَيُّوبَ

روایت کرنے میں یزید بن ہارون اور احمد بن محمد بن ایوب اکیلے ہیں۔

**6572** - حَـدَّثَـنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ بْنِ ثُمَيْرٍ الْـمِصْرِيُّ، نَـا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، نا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَـنْ عُبَيْـدِ الـلّٰـهِ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَـالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، الْعُمْرَةُ وَاجِبَةٌ، فَرِيضَتُهَا كَفَرِيضَةِ الْحَجِّ؟ قَالَ: لَا، وَاِنْ تَعْتَمِرْ خَيْرٌ لَكَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا عمرہ واجب ہے! اس کی فرضیت حج کے فرض کی طرح ہے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! بلکہ عمرہ کرنا بہتر ہے۔

عُبَيْدُ اللّٰهِ الَّذِي رَوَى عَنْهُ يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ هٰذَا الْـحَدِيثَ، هُوَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي جَعْفَرٍ، لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي جَعْفَرٍ، تَـفَـرَّدَ بِـهِ يَـحْيَى بْنُ اَيُّوبَ وَالْمَشْهُورُ، مِنْ حَدِيثِ الْـحَـجَّـاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ

یحییٰ بن ایوب سے یہ حدیث عبیداللہ روایت کرتے ہیں۔ وہ عبیداللہ بن ابوجعفر ہیں۔ یہ حدیث ابوزبیر سے عبیداللہ بن ابوجعفر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن ایوب اکیلے ہیں۔ مشہور یہ ہے کہ' حجاج بن ارطاۃ' محمد بن منکدر سے' وہ حضرت جابر سے روایت کرتے ہیں۔

**6573** - حَـدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَعْيَنَ، نَـا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَـلَّـى الـلّٰـهُ عَـلَيْـهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْـمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ، وَالْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ مَا نَهَى اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرا مسلمان محفوظ رہے اور مہاجر وہ ہے جو اس سے روکا جائے جس سے اللہ نے روکا ہے۔

لَـمْ يَـرْوِ هٰذَا الْـحَدِيثَ عَنْ مُجَالِدٍ اِلَّا الْمَسْعُودِيُّ

یہ حدیث مجالد سے مسعودی روایت کرتے ہیں۔

---

**6572**- أخرجه الترمذي: الحج جلد 3 صفحه 261 رقم الحديث: 931 وقال: حسن صحيح . وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 388 رقم الحديث: 14410 .

**6573**- أخرجه البخاري: الايمان جلد 1 صفحه 69 رقم الحديث: 10' ومسلم: الايمان جلد 1 صفحه 65 . ولفظه للبخاري' أما عند مسلم فذكر شطره الأول .

Marfat.com

**6574** - بِهِ حَدَّثَنَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ اَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: اَشْهَدُ عَلَى الصَّادِقِ الْمَصْدُوقِ اَبِي الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: اِنَّ بَيْعَ الْمُحَفَّلَاتِ خِلَابَةٌ، وَلَا يَحِلُّ خِلَابَةُ مُسْلِمٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے صادق المصدوق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: محفلات کی بیع دھوکہ ہے مسلمان سے دھوکہ جائز نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَابِرٍ اِلَّا الْمَسْعُودِيُّ

یہ حدیث حضرت جابر سے مسعودی روایت کرتے ہیں۔

**6575** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَعْيَنَ، نا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، نا عَبْدُ الْحَكِيمِ بْنِ مَنْصُورٍ، نا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: اِنِّي اَخَافُ عَلَيْكُمْ ثَلَاثًا، وَهُنَّ كَائِنَاتٌ، زَلَّةُ عَالِمٍ، وَجِدَالُ مُنَافِقٍ بِالْقُرْآنِ، وَدُنْيَا تُفْتَحُ عَلَيْكُمْ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: میں تم پر تین چیزوں کا خوف کرتا ہوں اور وہ ہونے والی ہیں عالم کا پھسلنا منافق کا قرآن کے متعلق جھگڑنا دنیا تم پر کھول دی جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ اِلَّا عَبْدُ الْحَكِيمِ بْنِ مَنْصُورٍ

یہ حدیث عبدالملک بن عمیر سے عبدالحکیم بن منصور روایت کرتے ہیں۔

**6576** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى بْنِ الْحَارِثِ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ، عَنْ قَيْسٍ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابہ کے درمیان بکریاں تقسیم کیں ہر دس کو ایک بکری ملی۔

---

**6574**- اخرجه ابن ماجة: التجارات جلد2صفحه653 رقم الحديث: 2241 . في الزوائد: في اسناده جابر الجعفي وهو متهم . واحمد: المسند جلد1صفحه562 رقم الحديث: 4124 .

**6575**- اسناده فيه: عبد الحكيم بن منصور الخزاعي متروك الحديث . تخريجه الطبراني في الصغير والكبير . وانظر مجمع الزوائد جلد1صفحه189 .

**6576**- اسناده صحيح . تخريجه احمد وعزاه الحافظ الهيثمي ايضًا الى ابي يعلى . انظر مجمع الزوائد جلد 5 صفحه344 .

Marfat.com

بْـنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِی لَيْلَى، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُـولَ الـلّٰـهِ صَـلَّـى الـلّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسَّمَ بَيْنَ اَصْحَابِهِ غَنَمًا، فَجَعَلَ لِكُلِّ عَشْرَةٍ شَاةً

لَـمْ يَـرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ غَيْلَانِ بْنِ جَامِعٍ اِلَّا يَعْلَى بْنُ الْحَارِثِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُهُ يَحْيَى، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ اَبِی لَيْلَى اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث غیلان بن جامع سے یعلیٰ بن حارث روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے یحییٰ اکیلے ہیں۔ حضرت ابن ابی لیلیٰ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**6577** - حَـدَّثَـنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَعْيَنَ الْبَـغْـدَادِیُّ بِـمِصْرَ، نا الْحَسَنُ بْنُ بَشِيرٍ الْبَجَلِیُّ، نا الْـحَـكَـمُ بْـنُ عَبْـدِ الْمَلِكِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: اَمَّنَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ الـنَّـاسَ اِلَّا اَرْبَـعَةً مِـنَ الـنَّاسِ: عَبْدَ الْعُزَّى بْنَ خَـطَـلٍ، وَمَـقِـيسَ بْنَ صُبَابَةَ الْكِنَانِیَّ، وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَعْدِ بْنِ اَبِـی سَـرْحٍ، وَاُمَّ سَـارَـةَ امْـرَاَةً، فَاَمَّا عَبْدُ الْـعُـزَّى، فَاِنَّهُ قُتِلَ، وَهُوَ آخِذٌ بِاَسْتَارِ الْكَعْبَةِ. قَالَ: وَنَـذَرَ رَجُـلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ اَنْ يَقْتُلَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَعْدِ بْـنِ اَبِـی سَـرْحٍ اِذَا رَآهُ، وَكَانَ اَخَا عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ مِـنَ الـرَّضَـاعَةِ، فَاَتَى بِهِ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّـمَ يَسْتَشْـفِـعُ بِـهِ، فَـلَـمَّـا بَصُرَ بِهِ الْاَنْصَارِیُّ، اشْتَمَلَ عَلَى السَّيْفِ، ثُمَّ خَرَجَ فِی طَلَبِهِ، فَوَجَدَهُ فِی حَـلْـقَةِ رَسُـولِ الـلّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَهَابَ قَتْـلَـهُ، فَجَعَلَ يَتَرَدَّدُ، وَيَكْرَهُ اَنْ يُقْدِمَ عَلَيْهِ، لِاَنَّهُ فِی حَـلْـقَةِ رَسُـولِ الـلّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَسَطَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ فتح مکہ کے دن حضور ﷺ نے سب لوگوں کو امن دے دیا سوائے چار افراد کے: عبدالعزیٰ بن خطل، مقیس بن صبابہ کنانی، عبداللہ بن سعد بن ابی سرح، ایک عورت اُم سارہ؛ لیکن عبدالعزیٰ کو قتل کیا گیا حالانکہ وہ کعبہ کے پردوں کو پکڑے ہوئے تھا۔ ایک انصاری آدمی نے نذر مانی کہ عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کو جب دیکھے گا تو اسے قتل کرے گا۔ وہ حضرت عثمان بن عفان کا رضاعی بھائی تھا۔ پس اس آدمی کو رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا، اس حال میں کہ وہ طالبِ سفارش تھا۔ سو جب اس انصاری کی نظر اُس آدمی پر پڑ گئی تو انصاری کے پاس تلوار تھی، پھر وہ اس کو تلاش کرنے کے لیے نکلا تو اُس نے اُسے نبی کریم ﷺ کے حلقہ میں پایا۔ پس انصاری اس حال میں اُسے قتل کرنے سے خوف کھا گیا، وہ اس بارے تردّد کا شکار ہو گیا اور اس پر اقدامِ قتل کو ناپسند کیا کیونکہ وہ نبی کریم ﷺ کے حلقہ میں موجود تھا۔ نبی کریم ﷺ

---

**6577**- اسناده فيه: الحكم بن عبد الملك القرشي ضعيف . وانظر مجمع الزوائد جلد6صفحه171 .

Marfat.com

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ فَبَايَعَهُ، ثُمَّ قَالَ لِلْاَنْصَارِيِّ: قَدِ انْتَظَرْتُكَ اَنْ تُوَفِّيَ بِنَذْرِكَ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هِبْتُكَ، اَفَلَا اَوْمَضْتَ اِلَيَّ؟ قَالَ: اِنَّهُ لَيْسَ لِنَبِيٍّ اَنْ يُومِضَ وَاَمَّا مَقِيسٌ، فَاِنَّهُ كَانَ لَهُ اَخٌ قُتِلَ خَطَاً مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَعَثَ مَعَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنْ بَنِي فِهْرٍ لِيَاْخُذَ لَهُ مِنَ الْاَنْصَارِ الْعَقْلَ، فَلَمَّا جَمَعَ لَهُ الْعَقْلَ، وَرَجَعَ نَامَ الْفِهْرِيُّ، فَوَثَبَ مَقِيسٌ فَاَخَذَ حَجَرًا فَجَلَدَ بِهِ رَاْسَهُ، فَقَتَلَهُ، ثُمَّ اَقْبَلَ، وَهُوَ يَقُولُ:

(البحر الطويل)

شَفَى النَّفْسَ مَنْ قَدْ بَاتَ بِالْقَاعِ مُسْنِدًا ... يُضَرِّجُ ثَوْبَيْهِ دِمَاءُ الْاَخَادِعِ

وَكَانَتْ هُمُومُ النَّفْسِ مِنْ قَبْلِ قَتْلِهِ ... تُهَيِّجُ فَتُنْسِينِي وِطَاءَ الْمَضَاجِعِ

حَلَلْتُ بِهِ ثَارِي وَاَدْرَكْتُ ثُورَتِي ... وَكُنْتُ اِلَى الْاَوْثَانِ اَوَّلَ رَاجِعِ

وَاَمَّا اُمُّ سَارَةَ، فَاِنَّهَا كَانَتْ مَوْلَاةً لِقُرَيْشٍ، فَاَتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَشَكَتْ اِلَيْهِ الْحَاجَةَ، فَاَعْطَاهَا شَيْئًا، ثُمَّ اَتَاهَا رَجُلٌ، فَدَفَعَ اِلَيْهَا كِتَابًا لِاَهْلِ مَكَّةَ، يَتَقَرَّبُ بِهِ اِلَيْهِمْ لِيُحْفَظَ فِي عِيَالِهِ، وَكَانَ لَهُ بِهَا عِيَالٌ، فَاَخْبَرَ جِبْرِيلُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَاكَ، فَبَعَثَ فِي اَثَرِهَا عُمَرَ

نے ہاتھ بڑھا کر اُسے بیعت کیا' پھر انصاری سے فرمایا: میں انتظار کر رہا ہوں کہ تُو اپنی نذر پوری کرے۔ اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں نے آپ کے سپرد کیا' کیا آپ نے مجھے آنکھ سے اشارہ نہیں کیا؟ آپ نے فرمایا: کسی نبی کے لیے آنکھ سے مخفی اشارہ جائز نہیں جہاں تک تعلق ہے مقیس کا تو اس کا ایک بھائی تھا جو خطاءً رسول کریم ﷺ کے ساتھ قتل ہو گیا۔ تو رسول کریم ﷺ نے قبیلہ بنی فہر کا ایک آدمی' اس کی دیت انصار سے لینے کے لیے اس کے ساتھ بھیجا۔ سو جب دیت اکٹھی ہو گئی اور وہ لوٹا' فہری سو گیا۔ تو مقیس نے اچانک حملہ کیا' سو پتھر پکڑ کر اس کے سر کو کچل کر مار دیا' پھر وہ واپس لوٹا یہ کہتے ہوئے:

نفس کو شفا وہ دیتا ہے جو جنگل میں تکیہ لگا کے راست گزار دے' اس کی تل کی وجہ سے جان مغموم ہے' تُو نے مجھے بستروں پر سونا بھلا دیا' اس کے ساتھ میرا بدلہ حلال ہوا اور میں نے حملے کو پایا' وہ بتوں کی طرف لوٹنے والا میں پہلا تھا۔

اور حضرت اُم سارہ تو قریش کی لونڈی تھیں۔ رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئیں' ایک ضرورت کی شکایت کی۔ آپ نے اُن کو کوئی چیز عنایت فرمائی' پھر اُن کے پاس ایک آدمی آیا اس نے اہلِ مکہ کا ایک خط اس کے حوالے کیا' وہ آدمی اس خط کے ذریعے مکیوں کا قرب حاصل کرنا چاہتا تھا تاکہ اس کے عیال کی حفاظت کی

Marfat.com

بْنَ الْخَطَّابِ وَعَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ، فَلَحِقَاهَا، فَفَتَّشَاهَا، فَلَمْ يَقْدِرَا عَلَى شَيْءٍ مِنْهَا، فَاَقْبَلَا رَاجِعِينَ، فَقَالَ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: وَاللّٰهِ مَا كَذَبْنَا وَلَا كُذِبْنَا، ارْجِعْ بِنَا اِلَيْهَا، فَرَجَعَا اِلَيْهَا، فَسَلَّا سَيْفَهُمَا، فَقَالَا: وَاللّٰهِ لَنُذِيقَنَّكِ الْمَوْتَ اَوْ لَتَدْفَعِنَّ اِلَيْنَا الْكِتَابَ، فَاَنْكَرَتْ، ثُمَّ قَالَتْ: اَدْفَعُهُ اِلَيْكُمَا عَلَى اَنْ لَا تَرُدَّانِي اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَبِلَاهُ مِنْهَا، فَحَلَّتْ عِقَالَ رَاْسِهَا، فَاَخْرَجَتْ كِتَابًا مِنْ قُرُونِهَا، فَدَفَعَتْهُ اِلَيْهِمَا، فَرَجَعَا بِهِ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَفَعَاهُ اِلَيْهِ، فَبَعَثَ اِلَى الرَّجُلِ فَقَالَ: مَا هَذَا الْكِتَابُ؟ قَالَ: اُخْبِرُكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَيْسَ مِنْ اَحَدٍ مَعَكَ اِلَّا وَلَهُ بِمَكَّةَ مَنْ يَحْفَظُهُ فِي عِيَالِهِ غَيْرِي، فَكَتَبْتُ هَذَا الْكِتَابَ لِيَكُونُوا لِي فِي عِيَالِي، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ: (يَا اَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا عَدُوِّي وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَاءَ تُلْقُونَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ) (الممتحنة: 1) اِلَى آخِرِ الْآيَاتِ

جائے‘ مکہ میں اس کے اہل وعیال تھے۔ حضرت جبریل نے رسول کریم ﷺ کو اس بات کی خبر دے دی‘ آپ ﷺ نے اس عورت کے پیچھے حضرت عمر اور حضرت علی کو بھیجا‘ یہ دونوں حضرات اسے پیچھے سے جا کر ملے‘ اس کی تلاشی لی تو اس سے کوئی چیز برآمد نہ ہوئی۔ واپس لوٹنے لگے تو ایک نے دوسرے دوست سے کہا: قسم بخدا! نہ ہم نے جھوٹ بولا اور نہ ہمیں جھٹلایا گیا اور دوبارہ اس کی طرف لوٹو۔ دونوں لوٹ کر اس کے پاس آئے۔ دونوں نے تلوار سونت کر اس سے کہا: قسم بخدا! خط ہمارے حوالے کر دے یا موت کا ذائقہ چکھنے کے لیے تیار ہو جا۔ اس نے انکار کے انداز میں کہا: خط میں اس شرط پر تمہیں دوں گی کہ تم مجھے رسول ﷺ کے پاس نہ لے جاؤ۔ دونوں نے اس کی اس بات کو مان لیا۔ اس نے اپنے جوڑے کھولے اور خط نکال کر ان دونوں کے حوالے کر دیا۔ انہوں نے وہ لے کر رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں پیش کر دیا۔ آپ نے اس آدمی کو بلوا کر فرمایا: یہ خط کیسا ہے؟ اس نے جواب دیا: اے اللہ کے رسول! میں آپ کو سچ سچ بتاتا ہوں! کوئی ایک آپ کے ساتھ نہیں ہے مگر مکہ میں اس کے اہل وعیال میں میرے سوا کوئی حفاظت کرنے والا نہیں ہے۔ سو میں نے یہ خط اس لیے لکھ دیا تاکہ میری وجہ سے وہ لوگ میرے اہل وعیال کی حفاظت کریں‘ تو اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی: ”یا ایھا الذین آمنوا لا تتخذوا عدوی وعدوکم اولیاء تلقون الیھم بالمودة“۔

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ اَوَّلَ هٰذَا الْحَدِيثِ قِصَّةَ مَقِيسٍ، وَابْنِ خَطَلٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ اِلَّا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ

حکیم بن عبدالملک نے ہی اس حدیث کا ابتدائی مقیس' ابن خطل اور عبداللہ بن سعید کا قصہ قتادہ سے انس نے روایت کیا۔ حسن بن بشر اس کے ساتھ اکیلے ہیں۔

**6578** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَعْيَنَ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بِشْرٍ، نا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ الْاَزْهَرِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: كَاَنِّي اَنْظُرُ اِلَى شَعْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَجُمَّتُهُ تَضْرِبُ اِلَى هٰذَا الْمَكَانِ وَضَرَبَ بِيَدِهِ عَلَى صَدْرِهِ بَيْنَ ثَدْيَيْهِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اب بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بال مبارک کا وہ منظر دیکھ رہا ہوں جو آپ کے کان کی لَو تک تھے' آپ نے اپنا دست مبارک سینہ پر مارا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سِمَاكٍ اِلَّا عَنْبَسَةُ بْنُ الْاَزْهَرِ، تَفَرَّدَ بِهِ يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ

یہ حدیث سماک سے عنبر بن ازہر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یونس بن بکیر اکیلے ہیں۔

**6579** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَعْيَنَ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، نا يُونُسُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ الرُّبَيِّعَ بِنْتَ مُعَوِّذٍ تَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْجِبُهُ الْقِثَّاءُ

حضرت ربیع بنت معوذ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ککڑی کو پسند کرتے تھے۔

**6580** - وَبِهِ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُجَمِّعٍ، حَدَّثَنِي عُثْمَانُ بْنُ كَعْبٍ الْقُرَظِيُّ، حَدَّثَنِي رَجُلٌ مِنْ بَنِي النَّضِيرِ، كَانَ فِي حِجْرِ صَفِيَّةَ، يُقَالُ لَهُ: الرَّبِيعُ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيٍّ، قَالَتْ: مَا رَاَيْتُ اَحَدًا اَحْسَنَ خُلُقًا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَقَدْ رَاَيْتُهُ

حضرت صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ اچھے اخلاق والا کوئی نہیں دیکھا' میں نے آپ کو دیکھا' مجھے آپ نے خیبر سے اپنی اونٹنی پر سوار کرلیا' مجھے اونگھ آنے لگی' میرا سر پیچھے سے آپ کو لگنے لگا' آپ اپنے دست مبارک سے چھوتے' فرماتے: اے بنت حیی! چھوڑ دو! یہاں تک کہ مقام

6579- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد5 صفحه41 وقال: رواه الطبراني في الأوسط' وفيه ابن اسحاق' وهو ثقة' ولكنه مدلس' وبقية رجاله رجال الصحيح .

6580- أسناده فيه: ابراهيم بن اسماعيل بن مجمع الأنصاري ضعيف (التقريب) . وانظر مجمع الزوائد جلد9 صفحه13 .

Marfat.com

وَقَدْ رَكِبَ بِي مِنْ خَيْبَرَ عَلَى عَجُزِ نَاقَتِهِ لَيْلًا، فَجَعَلْتُ أَنْعَسُ فَيَضْرِبُ رَأْسِي مُؤْخِرَةَ الرَّحْلِ، فَيَمَسُّنِي بِيَدِهِ، وَيَقُولُ: يَا هَذِهِ، مَهْلًا . يَا بِنْتَ حُيَيٍّ، مَهْلًا ، حَتَّى إِذَا جَاءَ الصَّهْبَاءَ قَالَ: أَمَا إِنِّي أَعْتَذِرُ إِلَيْكِ يَا صَفِيَّةُ مِمَّا صَنَعْتُ بِقَوْمِكِ، إِنَّهُمْ قَالُوا لِي كَذَا، وَقَالُوا لِي كَذَا

صہباء پر آئے آپ نے فرمایا: اے صفیہ! میں معذرت کرتا ہوں جو آپ کی قوم سے سلوک کیا ہے انہوں نے مجھے ایسے ایسے کہا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ صَفِيَّةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ

یہ حدیث حضرت صفیہ سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں یونس بن بکیر اکیلے ہیں۔

**6581** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَعْيَنَ، ثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، ثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ الْمِنْهَالِ الْغَنَوِيُّ، حَدَّثَنِي مُهَنَّدٌ الْقَيْسِيُّ، وَكَانَ ثِقَةً، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّكُمْ فِي نُبُوَّةٍ وَرَحْمَةٍ، وَسَتَكُونُ خِلَافَةٌ وَرَحْمَةٌ، ثُمَّ يَكُونُ كَذَا وَكَذَا، ثُمَّ يَكُونُ مُلْكًا عَضُوضًا، يَشْرَبُونَ الْخُمُورَ، وَيَلْبَسُونَ الْحَرِيرَ، وَفِي ذَلِكَ يُنْصَرُونَ إِلَى أَنْ تَقُومَ السَّاعَةُ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم نبوت اور رحمت میں ہے عنقریب خلافت اور رحمت ہوگی پھر اس اس طرح ہوگا پھر بادشاہت ہوگی وہ شراب پئیں گے ریشم پہنیں گے اس کے باوجود قیامت کے دن تک اس کی مدد کی جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمِنْهَالِ إِلَّا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ

یہ حدیث علاء بن منہال سے زید بن جابر روایت کرتے ہیں۔

**6582** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثَنَا شَرِيكٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي ظَبْيَةَ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قبولیت اللہ کی جانب سے اور جنت آسمان سے ہے جب اللہ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو

**6581**- اسناده فيه: العلاء بن المنهال الغنوي' ذكره ابن حبان في الثقات' وقال أبو زرعة: ثقة' وذكره العقيلي في الضعفاء' وذكر له حديثًا غير هذا' وقال: لا يتابع عليه .

**6582**- اسناده فيه: شريك بن عبد الله صدوق يخطئ كثيرًا (التقريب) .

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمِقَةُ مِنَ اللّٰهِ، وَالصِّيتُ فِي السَّمَاءِ، فَإِذَا أَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا قَالَ: يَا جِبْرِيلُ، إِنَّ رَبَّكُمْ يُحِبُّ فُلَانًا، فَأَحِبُّوهُ. قَالَ: فَيُنَادِي جِبْرِيلُ، فَيَنْزِلُ لَهُ الْمِقَةُ عَلَى أَهْلِ الْأَرْضِ

فرماتا ہے: اے جبریل! آپ کا رب فلاں سے محبت کرتا ہے' تُو بھی اس سے محبت کر۔ حضرت جبریل اعلان کرتے ہیں اور اس کی مقبولیت زمین والوں میں رکھی جاتی ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ إِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ شَرِيكٌ

یہ حدیث ابوامامہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں شریک اکیلے ہیں۔

**6583** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَرْوَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ حَنْظَلَةَ قَالَ: قَالَ حُذَيْفَةُ: لَا تَدَعُ مُضَرُ عَبْدًا لِلّٰهِ إِلَّا فَتَنُوهُ أَوْ قَتَلُوهُ، حَتَّى لَا يَمْنَعُوا ذَنْبَ تَلْعَةَ. قَالَ: فَقَالُوا: تَقُولُ هٰذَا، وَأَنْتَ رَجُلٌ مِنْ مُضَرَ قَالَ: أَلَا أَقُولُ مَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟

حضرت عمر بن حذیفہ فرماتے ہیں کہ حضرت حذیفہ نے فرمایا: مضر والے اللہ کے کسی بندے کو نہ چھوڑیں گے' مگر اسے فتنے میں ڈالیں گے' اس کو قتل کریں گے' تاکہ گناہ کوئی نہ رہے۔ راوی کا بیان ہے: انہوں نے کہا: تو یہ بات کہتا ہے اس حالت میں کہ تُو قبیلہ مضر والا آدمی ہے۔ حضرت حذیفہ نے فرمایا: میں وہی کہتا ہوں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے؟

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ

یہ حدیث اعمش سے عبداللہ بن نمیر روایت کرتے ہیں۔

**6584** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ الْمُبَارَكِ الْكُوفِيُّ، نا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی کسی مجلس میں ہو اس سے زیادہ غلطیاں ہو جائیں تو وہ کھڑا ہونے سے پہلے "سبحانك ربنا......" پڑھ لے جو اس مجلس میں لغویات ہوئی ہیں'

**6583**- اسناده فيه: عمرو بن حنظلة ترجمه ابن حجر في تعجيل المنفعة (**309**) وقال: وثقه ابن حبان' وذكره ابن أبي حاتم ولم يذكر فيه جرحًا. تخريجه أحمد' والبزار من طرق بنحوه وأطول منه. وانظر مجمع الزوائد جلد **7** صفحه**316**.

**6584**- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد**4**صفحه**266** رقم الحديث: **4858** بنحوه' والترمذي: الدعوات جلد**5** صفحه**494** رقم الحديث: **3433** وقال: حسن غريب صحيح. وأحمد: المسند جلد**2**صفحه **651** رقم الحديث: **10426**.

Marfat.com

هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ جَلَسَ مَجْلِسًا كَثُرَ فِيهِ لَغَطُهُ، فَقَالَ قَبْلَ أَنْ يَقُومَ: سُبْحَانَكَ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ، كَانَ كَفَّارَةً لِمَا كَانَ فِي ذَلِكَ الْمَجْلِسِ

ان کا کفارہ ہو جائے گا۔

لَمْ يُدْخِلْ فِي إِسْنَادِ هَذَا الْحَدِيثِ بَيْنَ حَجَّاجٍ، وَابْنِ جُرَيْجٍ: سُفْيَانَ، أَحَدٌ مِمَّنْ رَوَاهُ عَنْ حَجَّاجٍ إِلَّا يَحْيَى بْنُ الْمُبَارَكِ

اس حدیث کی سند میں حجاج سے روایت کرنے والوں میں سے حجاج اور ابن جریج کے درمیان سفیان کو یحییٰ بن مبارک نے داخل کیا ہے۔

**6585** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، نا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِي دَاوُدَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ بُرَيْدَةَ الْأَسْلَمِيِّ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا بُرَيْدَةُ، أَلَا أُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ، مَنْ أَرَادَ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا عَلَّمَهُنَّ إِيَّاهُ، ثُمَّ لَمْ يَنْسَهُنَّ أَبَدًا؟ قَالَ: قُلْتُ: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: قُلِ: اللّٰهُمَّ إِنِّي ضَعِيفٌ فَقَوِّ فِي رِضَاكَ ضَعْفِي، وَخُذْ إِلَى الْخَيْرِ بِنَاصِيَتِي، وَاجْعَلِ الْإِسْلَامَ مُنْتَهَى رِضَائِي، اللّٰهُمَّ إِنِّي ضَعِيفٌ فَقَوِّنِي، وَإِنِّي ذَلِيلٌ فَأَعِزَّنِي، وَإِنِّي فَقِيرٌ فَأَغْنِنِي

حضرت بریدہ بن اسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: اے بریدہ! کیا میں آپ کو ایسے کلمات نہ بتاؤں جس کے ساتھ اللہ عزوجل بھلائی کا ارادہ کرتا ہے اس کو وہ کلمات سکھا دیتا ہے پھر ان کو ہمیشہ کے لیے بھلاتا نہیں ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں؟ آپ نے فرمایا: تو پڑھ "اللّٰھم انی ضعیف الی آخرہ"۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ بُرَيْدَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْعَلَاءُ بْنُ الْمُسَيَّبِ

یہ حدیث بریدہ سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں علاء بن مسیب اکیلے ہیں۔

**6586** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَعْيَنَ، ثَنَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اللہ کی رضا کے لیے مسجد بنائی اللہ

---

**6585**- اسناده فيه: أبو داؤد الهمداني (هو نفيع بن الحارث) متروك . وانظر مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**185** .

**6586**- اسناده فيه: كثير بن عبد الرحمٰن المؤذن' ترجمه ابن أبى حاتم' وسكت عنه' وقال الذهبى فى الميزان جلد**3** صفحه**409**: ضعيف . قاله الأزدى والعقيلى . وأخرجه أيضًا البزار . وانظر مجمع الزوائد جلد**2**صفحه**11** .

Marfat.com

عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَنَى لِلّٰهِ مَسْجِدًا بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

عزوجل اس کے لیے جنت میں گھر بنائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ إِلَّا كَثِيرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث عطاء سے کثیر بن عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں۔

**6587** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَعْيَنَ، نا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، نا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، حَدَّثَنِي قَيْسُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ قَيْسِ بْنِ مَخْرَمَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِيَّاكُمْ وَالظُّلْمَ، فَاِنَّ الظُّلْمَ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ظلم سے بچو! کیونکہ ظلم قیامت کے اندھیروں میں سے اندھیرا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ

یہ حدیث مسور بن مخرمہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن بلال اکیلے ہیں۔

**6588** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَعْيَنَ، نا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، نا اَبُو هِلَالٍ، نا عُقْبَةُ بْنُ اَبِي ثُبَيْتٍ الرَّاسِبِيُّ واسْمُ اَبِي ثُبَيْتٍ سُرَيْجٌ، عَنْ اَبِي الْجَوْزَاءِ قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، وَاَمَرَنَا بِالصَّرْفِ، فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ دَخْلَةً، فَقَالَ: اِنَّا كُنَّا نَاْمُرُكُمْ، وَاِنَّا نَنْهَاكُمْ عَنْهُ، فَقُلْتُ: كَيْفَ نَصْنَعُ بِمَا اَمَرْتَنَا بِهِ النَّاسَ؟ فَقَالَ: اِنِّي لَقِيتُ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ هُوَ اَعْلَمُ بِذَلِكَ مِنِّي،

حضرت ابوالجوزاء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' آپ نے ہم کو بیع صرف کا حکم دیا' میں آپ کے پاس آیا' عرض کی: آپ ہمیں حکم دیتے ہیں حالانکہ ہم کو اس سے منع کیا جاتا ہے۔ میں نے عرض کی: ہم کیا کریں! جو ہم لوگوں کو کرنے کا حکم دیا جاتا ہے؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں حضور ﷺ کے اصحاب سے ملا جو مجھ سے زیادہ عالم ہیں' مجھے انہوں نے روک دیا' میں نے تم کو منع

**6587**- اسناده فيه: يحيى الحماني ثقة حافظ لكنه اتهم بسرقة الحديث . وأخرجه أيضًا الطبراني في الكبير . وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه238 .

**6588**- أخرجه ابن ماجة: التجارات جلد2صفحه759 رقم الحديث: 2258 .

Marfat.com

فَنَهَانِي، فَنَهَيْتُكُمْ كَمَا نَهَانِي

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ اَبِي ثُبَيْتٍ إِلَّا اَبُو هِلَالٍ . وَالرَّجُلُ الَّذِي لَقِيَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ اَبُو سَعِيدٍ

کیا جس طرح مجھے منع کیا گیا ہے۔

یہ حدیث عقبہ بن ابی ثبیت سے ابو ہلال روایت کرتے ہیں' وہ آدمی جو ابن عباس کو ملا وہ ابوسعید تھے۔

**6589** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَعْيَنَ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ الْعَبْدِيُّ، عَنْ هَارُونَ بْنِ رِئَابٍ، عَنْ اَبِي نَجِيحٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِسْكِينٌ مِسْكِينٌ مِسْكِينٌ، رَجُلٌ لَيْسَ لَهُ امْرَاَةٌ، وَإِنْ كَانَ كَثِيرُ الْمَالِ . مِسْكِينَةٌ مِسْكِينَةٌ مِسْكِينَةٌ، امْرَاَةٌ لَيْسَ لَهَا زَوْجٌ، وَإِنْ كَانَتْ كَثِيرَةَ الْمَالِ

حضرت ابونجیح رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مسکین وہ ہے جس کی شادی نہ ہو' اگرچہ وہ بہت زیادہ مال دار ہو' مسکینہ ہے وہ عورت جس کا شوہر نہ ہو' اگرچہ وہ مال دار ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هَارُونَ بْنِ رِئَابٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ

یہ حدیث ہارون بن رئاب سے محمد بن ثابت روایت کرتے ہیں۔

**6590** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَعْيَنَ، نا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، ثَنَا اَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِي رَجَاءٍ الْخُرَسَانِيِّ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ كَثِيرٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، وَاَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْغِيبَةُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا . قِيلَ: وَكَيْفَ؟ قَالَ: الرَّجُلُ يَزْنِي ثُمَّ يَتُوبُ، فَيَتُوبُ اللّٰهُ عَلَيْهِ، وَإِنَّ صَاحِبَ الْغِيبَةِ لَا يُغْفَرُ لَهُ حَتَّى يَغْفِرَ لَهُ صَاحِبُهُ

حضرت جابر بن عبداللہ اور حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: غیبت زنا سے زیادہ بُری ہے' عرض کی گئی: کیسے؟ آپ نے فرمایا: زانی زنا کرتا ہے پھر توبہ کرتا ہے تو اللہ توبہ قبول کر لیتا ہے اور غیبت کرنے والے کو اس وقت تک نہیں بخشا جائے گا جب تک وہ نہ بخش دے جس کی غیبت کی گئی ہے۔

---

**6589**- اسناده فيه: محمد بن ثابت العبدی أبو عبد الله البصری صدوق لين الحديث (التقريب) . وقال الهيثمی فی المجمع جلد4صفحه255: ورجاله ثقات' الا أن أبا نجيح لا صحبة له .

**6590**- اسناده فيه: عباد بن كثير متروك . وانظر مجمع الزوائد جلد8صفحه94 .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ إِلَّا عَبَّادُ بْنُ كَثِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ أَبُو رَجَاءٍ الْخُرَاسَانِيُّ، وَلَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث جریری سے عباد بن کثیر سے روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابورجاء الخراسانی اکیلے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**6591** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ أَعْيَنَ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، ثَنَا شُعَيْبُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا يُونُسُ بْنُ أَبِي إِسْحَاقَ، ثَنَا مُجَاهِدٌ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ لِآلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحْشٌ، فَكَانَ يُقْبِلُ وَيُدْبِرُ، فَإِذَا دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبَضَ، فَلَمْ يَتَزَمْزَمْ كَرَاهِيَةَ أَنْ يُؤْذِيَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کی آل کے پاس ایک وحشی جانور تھا' وہ اِدھر اُدھر ہوتا تھا' جب حضور ﷺ داخل ہوتے تو وہ کھڑا ہو جاتا' وہ حرکت نہ کرتا' یہ ناپسند کرتے ہوئے کہ رسول اللہ کو تکلیف نہ ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُجَاهِدٍ إِلَّا يُونُسُ بْنُ أَبِي إِسْحَاقَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَائِشَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث مجاہد سے یونس بن ابواسحاق روایت کرتے ہیں۔ حضرت عائشہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**6592** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ غُرَابٍ، ثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مَرْزُوقٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا الشَّيْءُ الَّذِي لَا يَحِلُّ مَنْعُهُ؟ قَالَ: الْمَاءُ وَالْمِلْحُ وَالنَّارُ قَالَتْ: هَذَا الْمَاءُ قَدْ عَرَفْنَاهُ، فَمَا بَالُ الْمِلْحِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ عرض کی گئی: یارسول اللہ! کون سی شی ہے جس سے روکنا جائز نہیں ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: پانی' نمک اور آگ۔ عرض کی گئی: پانی کو ہم نے جان لیا' نمک اور آگ کیسے؟ آپ نے فرمایا: جس نے کسی کو نمک دیا' گویا اس نے صدقہ کیا جو بھی نمک سے تیار کیا جائے گا' جس سے آگ دی گویا

**6591**- اسناده صحيح . ورجاله ثقات . تخريجه أحمد' وأبو يعلىٰ' والبزار . وانظر مجمع الزوائد جلد**9**صفحه**7** . قلت: رجال اسناده ثقات الا ان فى سماع مجاهد من عائشة اختلاف . وقال ابن حجر: وقع التصريح بسماعة منها عند أبى عبد الله البخارى فى صحيحه .

**6592**- اسناده فيه: زهير بن مرزوق قال البخارى: منكر الحديث مجهول (التهذيب' والميزان جلد**2**صفحه**85**) . وانظر مجمع الزوائد جلد**3**صفحه**136** .

Marfat.com

وَالنَّارِ؟ فَقَالَ: مَنْ اَعْطَى مِلْحًا فَكَاَنَّمَا تَصَدَّقَ بِجَمِيعِ مَا طَيَّبَ ذَلِكَ الْمِلْحُ، وَمَنْ اَعْطَى نَارًا فَكَاَنَّمَا تَصَدَّقَ بِجَمِيعِ مَا اَنْضَجَتْ تِلْكَ النَّارُ، وَمَنْ سَقَى مُسْلِمًا شَرْبَةً مِنْ مَاءٍ حَيْثُ يُوجَدُ الْمَاءُ فَكَاَنَّمَا اَعْتَقَ رَقَبَةً، وَمَنْ سَقَى مُسْلِمًا شَرْبَةً مِنْ مَاءٍ حَيْثُ لَا يُوجَدُ الْمَاءُ فَكَاَنَّمَا اَحْيَاهُ

اس نے تمام چیزیں دیں جو آگ جلائے گی' جس نے کسی مسلمان کو پانی پلایا حالانکہ پانی موجود تھا تو گویا اُس نے چار غلام آزاد کرنے کا ثواب پایا' جس نے کسی مسلمان کو پانی پلایا جبکہ پانی موجود نہیں تھا' گویا اس نے مردے کو زندہ کیا۔

لَمْ يُسْنِدْ زُهَيْرُ بْنُ مَرْزُوقٍ غَيْرَ هَذَا، تَفَرَّدَ بِهِ عَلِيُّ بْنُ غُرَابٍ

زہیر بن مرزوق کے علاوہ کوئی مسنداً روایت نہیں کرتا ہے۔ اس کو روایت کرنے میں علی بن غراب اکیلے ہیں۔

**6593** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نا خَالِدُ بْنُ خِدَاشٍ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ، عَنْ زِيَادٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَعَدَ عَلَى قَبْرِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، فَقَالَ: لَوْ نَجَا اَحَدٌ مِنْ ضَغْطَةِ الْقَبْرِ لَنَجَا سَعْدٌ، وَلَقَدْ ضُمَّ ضَمَّةً، ثُمَّ رُخِيَ عَنْهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ' حضرت سعد بن معاذ کی قبر کے پاس کھڑے ہوئے' فرمایا: اگر کوئی قبر کی سختی سے نجات پاتا تو سعد ضرور نجات پاتا' اس کو قبر نے تنگ کیا پھر چھوڑ دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي النَّضْرِ اِلَّا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث ابونضر سے عمرو بن حارث روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

**6594** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا عَبَّادُ بْنُ مُوسَى الْخُتُلِّيُّ، ثَنَا يُوسُفُ بْنُ زِيَادٍ الْوَاسِطِيُّ، نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زِيَادِ بْنِ اَنْعَمَ الْاِفْرِيقِيُّ الْقَاضِي،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ میں ایک دن رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بازار میں داخل ہوا' آپ کپڑا فروخت کرنے والے کے

---

6593- اسناده حسن' فيه: خالد بن خداش البصرى صدوق يخطئ (التقريب). وأخرجه أيضًا الطبراني في الكبير. وانظر مجمع الزوائد جلد3صفحه49.

6594- اسناده فيه: يوسف بن زياد البصري' قال البخاري: وأبو حاتم: منكر الحديث' وقال الدارقطني: هو مشهور بالأباطيل (اللسان جلد6صفحه321' والميزان جلد4صفحه465). وأخرجه أيضًا أبو يعلى. وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه124.

Marfat.com

عَنِ الْاَغَرِّ اَبِی مُسْلِمٍ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: دَخَلْتُ یَوْمًا السُّوقَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَجَلَسَ اِلَی الْبَزَّازِینَ، فَاشْتَرَی سَرَاوِیلَ بِاَرْبَعَةِ دَرَاهِمَ، وَكَانَ لِاَهْلِ السُّوقِ وَزَّانٌ قَالَ: فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اتَّزِنْ وَاَرْجِحْ، فَقَالَ الْوَزَّانُ: اِنَّ هٰذِهِ الْكَلِمَةُ مَا سَمِعْتُهَا مِنْ اَحَدٍ. قَالَ اَبُو هُرَیْرَةَ: فَقُلْتُ لَهُ: كَفَی بِكَ مِنَ الْجَفَاءِ فِی دِینِكَ اَنْ لَا تَعْرِفَ نَبِیَّكَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَطَرَحَ الْمِیزَانَ، وَوَثَبَ اِلَی یَدِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُقَبِّلُهَا، فَجَذَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَدَهُ مِنْهُ، وَقَالَ: هٰذَا اِنَّمَا یَفْعَلُهُ الْاَعَاجِمُ بِمُلُوكِهَا، اِنَّمَا اَنَا رَجُلٌ مِنْكُمْ، فَزِنْ وَاَرْجِحْ، وَاَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ السَّرَاوِیلَ. قَالَ اَبُو هُرَیْرَةَ: فَذَهَبْتُ لِاَحْمِلَهُ عَنْهُ، فَقَالَ: صَاحِبُ الشَّیْءِ اَحَقُّ بِشَیْئِهِ اَنْ یَحْمِلَهُ، اِلَّا اَنْ یَكُونَ ضَعِیفًا یَعْجِزُ عَنْهُ فَیُعِینُهُ اَخُوهُ الْمُسْلِمُ. قَالَ: قُلْتُ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَاِنَّكَ لَتَلْبَسُ السَّرَاوِیلَ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَبِاللَّیْلِ وَالنَّهَارِ، وَفِی السَّفَرِ وَالْحَضَرِ، فَاِنِّی اُمِرْتُ بِالتَّسَتُّرِ، فَلَمْ اَجِدْ شَیْئًا اَسْتَرَ مِنْهُ

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ اِلَّا الْاَغَرُّ، وَلَا عَنِ الْاَغَرِّ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زِیَادٍ

**6595** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا یَحْیَی

پاس بیٹھے' آپ نے شلوار خریدی چار درہم کی' بازار والے سے فرمایا: اس کا وزن کرو! حضور ﷺ نے فرمایا: تو لو اور جھکا کر دو! وزن کرنے والے نے کہا: میں نے یہ کلمہ آج تک نہیں سنا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اس کو کہا: تیرے لیے دین سے دوری اتنی ہی کافی ہے کہ تو نے حضور ﷺ کو پہچانا نہیں۔ اس نے ترازو چھوڑا' حضور ﷺ کا دست مبارک پکڑا' اس کا بوسہ لیا۔ حضور ﷺ نے اپنا دست مبارک اس سے چھڑا لیا اور فرمایا: یہ عجمی لوگ اپنے بادشاہوں سے ایسے کرتے ہیں' میں تم میں سے آدمی ہوں' تو اس کو تول اور جھکا کر دے۔ حضور ﷺ نے اس سے شلوار لی۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں گیا تا کہ اس کو اُٹھا لوں تو آپ ﷺ نے فرمایا: شی کا مالک شی کو اُٹھانے کا زیادہ حق دار ہوتا ہے' ہاں! اگر وہ کمزور ہے کہ وہ اس کو اُٹھا نہیں سکتا ہے تو مسلمان بھائی اس کی مدد کرے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے شلوار پہنی ہے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! دن و رات، سفر اور حضر میں مجھے پردہ کا حکم دیا گیا' میں شلوار سے زیادہ ستر والی کوئی شی نہیں پاتا ہوں۔

یہ حدیث ابوہریرہ سے الاغر اور اغر سے عبدالرحمٰن بن زیاد روایت کرتے ہیں۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

**6595**- أخرجه الترمذي: الأطعمة جلد4صفحه287 رقم الحديث: 1856 بلفظ: تعشوا ولو...... . وقال: حديث منكر . وأبو نعيم في الحلية جلد8صفحه214 وقال: غريب من حديث عنبسة وابن السماك .

Marfat.com

بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، ثَنَا ابْنُ السَّمَّاكِ، نا عَنْبَسَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَدَعُوا عَشَاءَ اللَّيْلِ وَلَوْ بِكَفٍّ مِنْ حَشَفٍ، فَاِنَّ تَرْكَهُ مَهْرَمَةٌ

حضور ﷺ نے فرمایا: رات کا کھانا نہ چھوڑو اگرچہ تھوڑا ہی کھاؤ' کھاؤ ضرور! کیونکہ رات کا کھانا چھوڑنے سے بڑھاپا جلدی آتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا عَنْ اَنَسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ السَّمَّاكِ

یہ حدیث حضرت انس سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کو روایت کرنے میں ابن سماک اکیلے ہیں۔

**6596** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَجَّاجِ اللَّخْمِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ جِبْرِيلَ اَطْعَمَنِي الْهَرِيسَةَ، يَشُدُّ بِهَا ظَهْرِي لِقِيَامِ اللَّيْلِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حضرت جبریل علیہ السلام نے مجھے ہریسہ کھلایا' اس سے پشت مضبوط ہوگئی رات کے قیام کے لیے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَجَّاجِ

یہ حدیث عبدالملک بن عمیر سے محمد بن حجاج روایت کرتے ہیں۔

**6597** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْمِصْرِيُّ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ حَدَّثَهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَاتَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ مَبْدَاَهُ، وَصَلَّى فِي مَسْجِدِهَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے ذی الحلیفہ کے مقام پر اس کی ابتداء میں رات گزاری اور اس جگہ نماز پڑھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا يُونُسُ

یہ حدیث زہری سے یونس روایت کرتے ہیں۔

---

**6597**- اسناده فيه: محمد بن الحجاج اللخمي متهم بالكذب' والوضع . وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه**41** .

**6597**- أخرجه البخاري: الحج جلد3صفحه**509** رقم الحديث: **1574**' ومسلم: الحج جلد **2**صفحه**846** ولفظه لمسلم .

Marfat.com

**6598** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ، ثَنَا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَرِدُ عَلَيَّ قَوْمٌ مِمَّنْ كَانُوا مَعِي، فَإِذَا رُفِعُوا إِلَيَّ وَرَأَيْتُهُمُ اخْتُلِجُوا دُونِي، فَأَقُولُ: يَا رَبِّ أُصَيْحَابِي أُصَيْحَابِي، فَيُقَالُ: إِنَّكَ لَا تَدْرِي مَا أَحْدَثُوا بَعْدَكَ

وَلَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھ پر ایسی قوم پیش کی گئی جو میرے ساتھ تھی، جب وہ میری طرف پیش کیے گئے تو میں نے ان کو دکھا کہ انہوں نے مجھ سے پردہ کرلیا۔ میں نے عرض کی: اے رب! میرے صحابی ہیں، میرے صحابی ہیں۔ کہا جائے گا: آپ کو معلوم نہیں ہے کہ انہوں نے آپ کے بعد کیا کیا۔

یہ حدیث قتادہ سے حکم بن عبدالملک روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حسن بن بشر اکیلے ہیں۔

**6599** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، نا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ بَنِي إِسْرَائِيلَ اسْتَخْلَفُوا عَلَيْهِمْ خَلِيفَةً، فَقَامَ يُصَلِّي فِي الْقَمَرِ عَلَى ظَهْرِ بَيْتِ الْمَقْدِسِ، فَذَكَرَ أُمُورًا صَنَعَهَا، فَتَدَلَّى بِسَبَبٍ، فَأَصْبَحَ السَّبَبُ مُعَلَّقًا بِالْمَسْجِدِ، وَقَدْ ذَهَبَ، فَانْطَلَقَ حَتَّى أَتَى قَوْمًا عَلَى شَطِّ الْبَحْرِ، فَوَجَدَهُمْ يَصْنَعُونَ لَبِنًا، فَسَأَلَهُمْ: كَيْفَ يَأْخُذُونَ عَلَى هَذَا اللَّبِنِ؟ فَأَخْبَرُوهُ، فَلَبِسَ مَعَهُمْ، فَكَانَ يَأْكُلُ مِنْ عَمَلِ يَدَيْهِ، حَتَّى إِذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ تَطَهَّرَ فَصَلَّى، فَرَفَعَ ذَلِكَ الْعَامِلُ إِلَى دِهْقَانِهِمْ، أَنَّ فِينَا رَجُلًا يَصْنَعُ كَذَا وَكَذَا، فَأَرْسَلَ

حضرت عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما اپنے والد سے، وہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: بنی اسرائیل نے اپنے اوپر ایک نائب بنایا، وہ بیت المقدس کی چھت پر چاندنی میں نماز پڑھانے کھڑا ہوا۔ آپ نے ان چیزوں کا ذکر کیا جو اس نے کیں۔ وہ ایک سبب سے لٹک گیا اور وہ سبب مسجد سے معلق ہوگیا اور وہ چلا گیا، یہاں تک کہ سمندر کے کنارے ایک قوم کے پاس آیا۔ سو اُس نے دیکھا وہ کچی دیوار بنا رہے تھے۔ اس نے اُن سے دریافت کیا: اس دیوار پر کیا لیتے ہو؟ سو اُن لوگوں نے اُسے مکمل خبر دی، وہ اُن کے ساتھ مل کر اپنے ہاتھوں کی کمائی کھانے لگا یہاں تک کہ جب نماز کا وقت ہوا تو اس نے پاکی حاصل کر کے نماز پڑھی۔ سو وہ مزدور اپنے دہقانوں کے پاس یہ بات لے

**6598**- اسناده فيه: الحكم بن عبد الملك ضعيف (التقريب' والتهذيب) واخرجه ايضًا الطبراني في الكبير .

**6599**- اسناده فيه: قيس بن الربيع صدوق تغير لما كبر (التقريب) . تخريجه الطبراني في الكبير والبزار . وانظر مجمع الزوائد جلد10صفحه222 .

Marfat.com

اِلَيْهِ، فَاَبَى اَنْ يَاْتِيَهُ قَالَ: ثُمَّ اِنَّهُ جَاءَ هُوَ يَسِيرُ عَلَى دَابَّتِهِ، فَلَمَّا رَآهُ الْآخَرُ، فَرَّ، فَتَبِعَهُ، فَسَبَقَهُ، فَقَالَ: اَنْظِرْنِي، اُكَلِّمْكَ كَلِمَةً، فَقَامَ حَتَّى كَلَّمَهُ، فَاَخْبَرَهُ اَنَّهُ كَانَ مَلِكًا، وَاَنَّهُ فَرَّ مِنْ رَهْبَةِ ذَنْبِهِ، فَقَالَ: اِنِّي لَاحِقٌ بِكَ، فَعَبَدَ اللّٰهَ بِرُمَيْلَةِ مِصْرَ . قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ: لَوْ كُنْتُ بِمِصْرَ لَاَرَيْتُكُمُ الْمَوْضِعَ، بِصِفَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِي وَصَفَ لَنَا

کر پہنچا کہ ہم میں ایک آدمی ایسے ایسے کرتا ہے۔ اس نے بلا بھیجا لیکن اس نے آنے سے صاف انکار کر دیا۔ راوی کا بیان ہے: پھر وہ خود آیا اس حال میں کہ وہ وہ اپنی سواری پر سوار ہو کر چل رہا تھا۔ سو جب دوسرے نے اُس کو دیکھا تو وہ بھاگ کھڑا ہوا۔ وہ پیچھے سے دوڑ کر اس تک پہنچ گیا' اس نے کہا: ذرا میری طرف دیکھ' میں تجھ سے ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔ اس نے کھڑے ہو کر اس سے بات کی۔ اس نے بتایا کہ میں بادشاہ تھا۔ وہ اپنے گناہ کے ڈر سے بھاگ نکلا' تو اس نے کہا: میں تجھے پیچھے سے ملنے والا ہوں' پس اس نے مصر کے ٹیلے پر اللہ کی عبادت کی۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اگر میں مصر میں ہوتا تو تم کو وہ جگہ ضرور دکھاتا' اس وجہ سے کہ رسول کریم ﷺ نے ہمارے سامنے اس کی تعریف فرمائی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سِمَاكٍ اِلَّا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ

سماک سے اس حدیث کو صرف قیس بن ربیع نے روایت کیا۔

**6600** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ نَبِيًّا مِنَ الْاَنْبِيَاءِ حَاصَرَ اَهْلَ مَدِينَةٍ حَتَّى خَافَ اَنْ يَفْتَحَهَا، وَخَشِيَ اَنْ تَغْرُبَ الشَّمْسُ، فَقَالَ: اَيَّتُهَا الشَّمْسُ، اِنَّكِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: انبیاء میں سے کسی نبی نے کسی شہر والوں کا محاصرہ کیا' خوف ہوا فتح کرنے کا اور سورج کے غروب ہونے کا خوف ہوا' اس نبی نے کہا: اے سورج! تُو بھی مامور ہے' میں بھی مامور ہوں' تجھے قسم دیتا ہوں کہ تُو دن کی ایک گھڑی مجھ پر رُک کا رہ۔ تو اللہ عزوجل نے اس کو روک لیا یہاں تک کہ شہر فتح ہوا۔ اس وقت یہ تھا کہ جب

**6600**- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد2صفحه139 وقال: هذا حديث غريب صحيح ولم يخرجاه . ووافقه الذهبي . وعزاه السيوطي أيضًا الى عبد الرزاق في المصنف . انظر الدر المنثور جلد2صفحه272-273 .

Marfat.com

مَامُورَةٌ، وَاَنَا عَبْدٌ مَامُورٌ، عَزَمْتُ عَلَيْكَ اِلَّا رَكَدْتِ عَلَيَّ سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ قَالَ: فَحَبَسَهَا اللّٰهُ عَلَيْهِ حَتّٰى فَتَحَ الْمَدِينَةَ، وَكَانُوا اِذَا اَصَابُوا غَنَائِمَهُمْ قَرَّبُوهَا لِلْقُرْبَانِ، فَجَاءَ تِ النَّارُ فَاَكَلَتْهَا، فَلَمَّا اَصَابُوا مَا اَصَابُوا وَضَعُوهُ، فَلَمْ تَجِيءُ النَّارُ تَاْكُلُهُ، فَقَالُوا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ مَا لَنَا لَا تُقْبَلُ قُرُبَاتَنَا؟ قَالَ: فِيكُمْ غُلُولٌ، قَالُوا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، كَيْفَ لَنَا اَنْ نَعْلَمَ عِنْدَ مَنِ الْغُلُولُ؟ قَالَ: اَنْتُمُ اثْنَا عَشَرَ سِبْطًا، فَيُبَايِعُنِي رَاْسُ كُلِّ سِبْطٍ . قَالَ: فَبَايَعَهُ رَاْسُ كُلِّ سِبْطٍ، فَلَصِقَتْ كَفُّ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَفِّ اَحَدِهِمْ، فَقَالَ: عِنْدَكُمُ الْغُلُولُ قَالَ: كَيْفَ اَنْ اَعْلَمَ عِنْدَ مَنْ هُوَ؟ قَالَ: فَبَايَعَهُمْ رَجُلًا رَجُلًا، فَفَعَلَ ذٰلِكَ، فَلَصِقَتْ كَفُّهُ بِكَفِّ رَجُلٍ مِنْهُمْ، فَقَالَ لَهُ، عِنْدَكَ الْغُلُولُ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: ذٰلِكَ مَا هُوَ؟ قَالَ: رَاْسُ ثَوْرٍ مِنْ ذَهَبٍ، اَعْجَبَنِي فَغَلَلْتُهُ، فَجَاءَ بِهِ فَوَضَعَهُ مَعَ الْغَنَائِمِ، فَجَاءَ تِ النَّارُ فَاَكَلَتْهُ فَقَالَ كَعْبٌ، وَهُوَ عِنْدَ اَبِي هُرَيْرَةَ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، هٰكَذَا فِي كِتَابِ اللّٰهِ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ، هَلْ حَدَّثَكُمْ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ نَبِيٍّ كَانَ؟ قَالَ: لَا، قَالَ كَعْبٌ: يُوشَعُ بْنُ نُونٍ، صَاحِبُ مُوسَى، فَاُخْبِرُكُمْ اَيُّ مَدِينَةٍ هِيَ؟ قَالَ: لَا . قَالَ: هِيَ مَدِينَةُ اَرِيحَا

ان کو مالِ غنیمت ملتا تو وہ قربان گاہ میں رکھتے' آگ آتی اوراس کو کھا جاتی' جب ان کو مالِ غنیمت ملی تو انہوں نے رکھی' آگ کھانے کے لیے نہیں آئی۔ انہوں نے کہا: اے اللہ کے نبی! ہم کو کیا ہوا کہ ہماری قربت قبول نہیں ہوتی۔ اس نبی نے کہا: تم میں سے کسی نے خیانت کی ہے۔انہوں نے کہا: اے اللہ کے نبی! ہم کو کیسے معلوم ہو گا کہ خیانت کس نے کی ہے؟ فرمایا: تم میں بارہ بارہ افراد میرے پاس آؤ' ہر ایک بیعت کرے' ان میں سے ہر ایک نے بیعت کی' ان میں سے ایک کا ہاتھ نبی کے ہاتھ سے چمٹ گیا' فرمایا: تم میں سے کسی نے خیانت کی ہے۔ انہوں نے کہا: ہم کو کیسے معلوم ہو کہ وہ کون ہے؟ اس نبی نے کہا: ایک ایک آدمی بیعت کرے۔ انہوں نے ایسے ہی کیا' ان میں سے ایک آدمی کا ہاتھ چمٹ گیا۔ نبی نے کہا: تم نے خیانت کی ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں! اس نے کہا: کی ہے؟ نبی نے کہا: کیا کی ہے؟ اس نے کہا: ایک سونے کے بیل کا سر۔ مجھے پسند آیا کہ میں نے اس کی خیانت کی' اس کو لایا گیا' اس کو مالِ غنیمت کے ساتھ رکھا۔ آگ آئی اور اس کو کھالیا۔ حضرت کعب جو حضرت ابوہریرہ کے پاس تھے' اس نے کہا: اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا ہے۔ اے ابوہریرہ! اللہ کی کتاب میں ایسے ہی ہے' کیا تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بتایا کہ وہ نبی کون تھے؟ حضرت ابوہریرہ نے فرمایا: نہیں! حضرت کعب نے فرمایا: یوشع بن نون حضرت موسیٰ کے ساتھی' کیا تم کو بتایا کہ وہ شہر کون سا تھا؟ حضرت ابوہریرہ نے فرمایا: نہیں! فرمایا: وہ

Marfat.com

اریحا شہر تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے مبارک بن فضالہ روایت کرتے ہیں۔

**6601** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْمِصْرِيُّ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ، اَنَّ اَبَا النَّضْرِ حَدَّثَهُ، اَنَّهُ سَمِعَ قَبِيصَةَ بْنَ ذُؤَيْبٍ، وَسُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ يُحَدِّثَانِ، عَنْ اُمِّ الْفَضْلِ بِنْتِ الْحَارِثِ، قَالَتْ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى، فَمَرَّ بِنَا رَجُلٌ يُنَادِي: اِنَّهَا اَيَّامُ اَكْلٍ وَشُرْبٍ، وَذِكْرِ اللّٰهِ، فَقُمْتُ اَنْظُرُ مَنْ هُوَ، فَاِذَا هُوَ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ ابْنُ حُذَافَةَ، فَقَالَ: رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَنِي بِهَذَا

حضرت اُم فضل بنت حارث رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم منیٰ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے، ہمارے پاس سے ایک آدمی اعلان کرتے ہوئے گزرا کہ یہ دن کھانے اور پینے کے ہیں اور اللہ کے ذکر کے۔ میں کھڑا ہوا کہ دیکھوں وہ کون ہے؟ وہ آدمی جو اعلان کر رہا تھا وہ حضرت ابن حذافہ تھے۔ فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے اس کا حکم دیا تھا۔

لَمْ يُجَوِّدْ هَذَا الْحَدِيثَ اَحَدٌ مِمَّنْ رَوَاهُ عَنْ اَبِي النَّضْرِ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، وَرَوَاهُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُذَافَةَ، وَلَمْ يُدْخِلِ الثَّوْرِيُّ بَيْنَ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُذَافَةَ: اُمَّ الْفَضْلِ، وَلَا ذَكَرَ قَبِيصَةَ بْنَ ذُؤَيْبٍ

یہ حدیث عمدہ طور پر ابونضر سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو ثوری، ابونضر سے، وہ سلیمان بن یسار سے، وہ عبداللہ بن حذیفہ سے۔ ثوری نے سلیمان بن یسار اور عبداللہ بن حذیفہ کے درمیان اُم فضل کو داخل کیا، قبیصہ بن ذویب کا ذکر نہیں کیا۔

**6602** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ بَحِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُعَاوِيَةَ بْنِ بَحِيرِ بْنِ رَيْسَانَ الْحِمْيَرِيُّ الْمِصْرِيُّ، نا عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ،

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نکلے، میں نے کسی کو نہیں پایا جو آپ کے پیچھے چل رہا ہو، میں گھبرایا، آپ کے پاس وضو کا پانی لے کر آیا،

---

6602- اسناده فيه: محمد بن عبد الرحيم، وترجمه في الميزان جلد 3صفحه621 وسماه محمد ابن عبد الرحمن بن بحير بن عبد الرحمن بن معاوية بن بحير، قال: اتهمه أبو أحمد بن عدي، وقال ابن يونس: ليس بثقة، وقال أبو بكر الخطيب: كذاب (راجع اللسان جلد5صفحه246) . وأخرجه أيضًا الطبراني في الصغير . وانظر مجمع الزوائد جلد2صفحه290 .

Marfat.com

ثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ أَجِدْ أَحَدًا يَتْبَعُهُ، فَفَزِعَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَأَتَاهُ بِمِطْهَرَةٍ، فَوَجَدَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاجِدًا فِي مَشْرُبَةٍ، فَتَنَحَّى عَنْهُ مِنْ خَلْفِهِ، حَتَّى رَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأْسَهُ، فَقَالَ: أَحْسَنْتَ يَا عُمَرُ حِينَ وَجَدْتَنِي سَاجِدًا، فَتَنَحَّيْتَ عَنِّي، إِنَّ جِبْرِيلَ أَتَانِي، فَقَالَ: مَنْ صَلَّى عَلَيْكَ مِنْ أُمَّتِكَ وَاحِدَةً صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ عَشْرًا، وَرَفَعَهُ بِهَا عَشْرَ دَرَجَاتٍ

حضورﷺ کو سجدہ کی حالت میں پایا تو میں آپ کے پیچھے سے ہٹ گیا' یہاں تک کہ حضورﷺ نے اپنا سر اُٹھایا' فرمایا. اے عمر! تُو نے اچھا کیا' جس وقت آپ نے مجھے سجدہ کی حالت میں پایا' مجھ سے پیچھے ہٹ گئے۔ بے شک حضرت جبریل علیہ السلام میرے پاس آئے تھے' عرض کی: جو آپ کی اُمت سے آپ پر ایک مرتبہ درود پڑھے گا' اللہ عزوجل دس رحمتیں اس پر بھیجے گا اور دس درجات بلند کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ طَارِقٍ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے یحییٰ بن ایوب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عمرو بن ربیع الطارق اکیلے ہیں۔

**6603** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَحِيرٍ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ، ثَنَا شُعَيْبُ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِيهِ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا حَرُّ جَهَنَّمَ عَلَى أُمَّتِي كَحَرِّ الْحَمَّامِ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جہنم کی گرمی میری اُمت پر ایسے ہے جس طرح حمام کی گرمی ہوتی ہے۔

**6604** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ابْنُ الْإِمَامِ الدِّمْيَاطِيُّ ثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ،

حضرت عائشہ زوجہ نبیﷺ فرماتی ہیں کہ حضورﷺ اپنا سر میرے پاس داخل کرتے حالت

**6603**- اسناده فيه: محمد بن عمر الواقدى متروك . وانظر مجمع الزوائد جلد10صفحه363 .

**6604**- أخرجه البخارى: الاعتكاف جلد4صفحه320-321 رقم الحديث: 2029' ومسلم: الحيض جلد 1 صفحه244 .

Marfat.com

حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّ عَمْرَةَ بِنْتَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اَخْبَرَتْهُ: اَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: لَقَدْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُدْخِلُ عَلَيَّ رَاْسَهُ وَهُوَ مُعْتَكِفٌ، فَاُرَجِّلُهُ، وَكَانَ لَا يَدْخُلُ بَيْتَهُ اِلَّا لِحَاجَةِ الْاِنْسَانِ

اعتکاف میں' میں اس میں کنگھی کرتی' آپ اپنے گھر حالت (اعتکاف) میں انسانی حاجت کے لیے آتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے انس بن عیاض روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں علی بن المدینی اکیلے ہیں۔

**6605** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْاِمَامُ ابْنُ الْاِمَامِ، نا الْفَضْلُ بْنُ غَانِمٍ، ثَنَا سَوَّارُ بْنُ مُصْعَبٍ، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَتْ لَيْلَتِي، وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدِي، فَاَتَتْهُ فَاطِمَةُ، فَسَبَقَهَا عَلِيٌّ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَلِيُّ اَنْتَ وَاَصْحَابُكَ فِي الْجَنَّةِ، اَنْتَ وَشِيعَتُكَ فِي الْجَنَّةِ، اِلَّا اَنَّهُ مِمَّنْ يَزْعُمُ اَنَّهُ يُحِبُّكَ اَقْوَامٌ يُضْفَزُونَ الْاِسْلَامَ، ثُمَّ يَلْفِظُونَهُ، يَقْرَاُونَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، لَهُمْ نَبَزٌ يُقَالُ لَهُمُ الرَّافِضَةُ، فَاِنْ اَدْرَكْتَهُمْ فَجَاهِدْهُمْ، فَاِنَّهُمْ مُشْرِكُونَ . فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا الْعَلَامَةُ فِيهِمْ؟ قَالَ: لَا يَشْهَدُونَ جُمُعَةً وَلَا جَمَاعَةً، وَيَطْعَنُونَ عَلَى السَّلَفِ الْاَوَّلِ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے اسامہ! کیا آپ ہمارے ساتھ نہیں نکلیں گے' آپ تو اہل بیت میں سے ایک آدمی ہیں؟ میں نے عرض کی: آپ نے سچ کہا' آپ کے ساتھ نکلنے کے لیے مجھ سے زیادہ کوئی حق دار نہیں ہے لیکن میں حضور ﷺ کے ارشاد کے بعد

**6641**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 52 وقال: رواه الطبراني في الأوسط وفيه بقية بن الوليد' وهو مدلس' وقد عنعنه .

Marfat.com

الْمُصَلِّينَ بَعْدَ قَوْلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا تَرَكْتَهُ، أَوْ شَقَقْتَ عَنْ قَلْبِهِ، فَنَظَرْتَ إِلَيْهِ؟

نمازیوں سے نہیں لڑوں گا' کیا آپ چھوڑ دیں گے یا آپ ان کے دل چیریں گے کہ میں ان کو دیکھوں؟

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ، وَلَا عَنْ سَعِيدٍ إِلَّا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ

یہ حدیث عبدالملک بن عمیر سے سعید بن زید اور سعید سے عطاء بن مسلم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبید بن جنادہ اکیلے ہیں۔

**6643** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ، ثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُلْثُومٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُسْتَحَاضَةُ تَغْتَسِلُ مِنْ قُرْءٍ إِلَى قُرْءٍ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: استحاضہ والی عورت ایک حیض سے دوسرے حیض کے وقت غسل کرے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ إِلَّا سَلَمَةُ بْنُ كُلْثُومٍ، وَلَا عَنْ سَلَمَةَ إِلَّا بَقِيَّةُ، تَفَرَّدَ بِهِ عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ

یہ حدیث اوزاعی سے سلمہ بن کلثوم اور سلمہ سے بقیہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبید بن جنادہ اکیلے ہیں۔

**6644** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ قِسْطٍ، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنْ جُنَادَةَ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ مَشَى فِي ظُلْمَةِ اللَّيْلِ إِلَى الْمَسَاجِدِ آتَاهُ اللّٰهُ نُورًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو اندھیروں میں چل کر مسجدوں کی طرف آتے ہیں' اللہ عزوجل قیامت کے دن ان کو نور دے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَكْحُولٍ إِلَّا جُنَادَةُ،

یہ حدیث مکحول سے جنادہ روایت کرتے ہیں۔ اس

**6643**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **1** صفحه **284** وقال: رواه الطبراني في الصغير والأوسط وفيه بقية بن الوليد، وهو مدلس .

**6644**- ذكره الهيثمي في المجمع جلد **2** صفحه **33** وقال: رواه الطبراني في الكبير وفيه جنادة بن أبي خالد ولم أجد من ترجمه، وبقية رجاله ثقات .

Marfat.com

تَفَرَّدَ بِهِ زَيْدُ بْنُ اَبِي اُنَيْسَةَ

کو روایت کرنے میں زید بن ابی انیسہ اکیلے ہیں۔

**6645** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نا عَمْرُو بْنُ قِسْطٍ، نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكَلَ مِنْ كَتِفِ شَاةٍ، ثُمَّ صَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بکری کی دستی کھائی' پھر نماز پڑھائی اور وضو نہیں کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا اِسْحَاقُ بْنُ رَاشِدٍ، وَلَا عَنْ اِسْحَاقَ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو

یہ حدیث زہری سے اسحاق بن راشد اور اسحاق سے عبیداللہ بن عمرو روایت کرتے ہیں۔

**6646** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ، ثَنَا اَبُو يُوسُفَ الصَّيْدَلَانِيُّ، نا مَعْمَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ حِبَّانَ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمٌ مِنْ ذَهَبٍ، فَوَحَّشَ بِهِ بَيْنَ ظَهْرَانَيْ اَصْحَابِهِ، ثُمَّ قَالَ: لَا اَلْبَسُ اَبَدًا ، فَوَحَّشَ النَّاسُ بِخَوَاتِيمِهِمْ، ثُمَّ اتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ وَرِقٍ، كَانَ يَخْتِمُ بِهِ الصُّحُفَ، حَتّٰى وَقَعَ فِي بِئْرِ اَرِيسٍ، فَهَلَكَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی انگوٹھی مبارک سونے کی تھی' صحابہ کرام بھی اس کو بنانے لگے' پھر آپ نے فرمایا: میں اس کو نہیں پہنوں گا۔ صحابہ کرام نے چھوڑ دیا' پھر آپ نے چاندی کی انگوٹھی بنائی' اس کے ذریعے خط پر مہر لگاتے' جب آپ بیرِ اریس میں داخل ہوئے تو وہ وہاں گر گئی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى اِلَّا زَيْدُ بْنُ حِبَّانَ، تَفَرَّدَ بِهِ مَعْمَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث ابن ابی لیلیٰ سے زید بن حیان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں معمر بن سلیمان اکیلے ہیں۔

**6647** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا اَبُو يُوسُفَ الصَّيْدَلَانِيُّ، ثَنَا مَعْمَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ زَيْدِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: چار حصہ عشر لاؤ! جب دو سو

**6645**- أخرجه البخاري: الوضوء جلد**1**صفحه**371** رقم الحديث: **207**' ومسلم: الطهارة جلد**1**صفحه**273** .

**6646**- أخرجه البخاري: اللباس جلد**10**صفحه**330** رقم الحديث: **5866**' ومسلم: اللباس جلد**3**صفحه**1656** .

**6647**- أخرجه أبو داؤد: الزكاة جلد **2**صفحه**101-102** رقم الحديث: **1572**' والدارقطني: سننه جلد **2**صفحه**92** رقم الحديث: **3** .

Marfat.com

بْنِ حِبَّانَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: هَاتُوا رُبْعَ الْعُشُورِ، إِذَا بَلَغَتْ مِائَتَيْ دِرْهَمٍ فَفِيهَا خَمْسَةُ دَرَاهِمَ

درہم ہوں تو پانچ درہم ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ إِلَّا زَيْدُ بْنُ حِبَّانَ، تَفَرَّدَ بِهِ مَعْمَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث عاصم بن ابی نجود سے زید بن حبان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں معمر بن سلیمان اکیلے ہیں۔

6648 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا أَبُو يُوسُفَ الصَّيْدَلَانِيُّ، ثنا مَعْمَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ حِبَّانَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ أَوْسَاقٍ صَدَقَةٌ، وَلَيْسَ عَلَى مَا دُونَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ، وَلَيْسَ عَلَى مَا دُونَ خَمْسِ أَوَاقٍ صَدَقَةٌ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پانچ وسق سے کم میں زکوٰۃ نہیں ہے' پانچ سے کم وسق میں زکوٰۃ نہیں ہے' پانچ سے کم اوقیہ میں زکوٰۃ نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ حَبَّانَ إِلَّا مَعْمَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث زید بن حبان سے معمر بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔

6649 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا أَبُو يُوسُفَ الصَّيْدَلَانِيُّ، نا فُهَيْرُ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ قَوْمٌ يَكُونُ عِنْدَهُمْ كَلْبٌ، إِلَّا كَلْبُ صَيْدٍ، وَزَعَمَ أَبُو هُرَيْرَةَ: أَوْ كَلْبُ حَرْثٍ، إِلَّا وَهُوَ يَنْقُصُ مِنْ أُجُورِهِمْ كُلَّ لَيْلَةٍ قِيرَاطَانِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ قوم شوقیہ کتا نہ رکھے سوائے شکار کے لیے کتا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کھیتی کی حفاظت کے لیے' اس کے علاوہ رکھنے والے کے لیے اس کے ثواب میں ہر روز دو قیراط کمی کی جائے گی۔

6648- اخرجه البخاري: الزكاة جلد3صفحه318 رقم الحديث:1405' ومسلم: الزكاة جلد2صفحه673 .

6649- اصله عند البخاري ومسلم . اخرجه البخاري: الذبائح جلد 9صفحه523 رقم الحديث: 5481' ومسلم: المساقاة جلد3صفحه1202 .

Marfat.com

6650 - وَبِهِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُجْزِى وَلَدٌ وَالِدَهُ، اِلَّا اَنْ يَجِدَهُ مَمْلُوكًا، فَيَشْتَرِيَهُ، فَيُعْتِقَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اولاد اپنے والدین کا حق ادا نہیں کر سکتی' ہاں ایک صورت ہے کہ وہ اپنے والدین کو غلام پائیں تو اس کو وہ خرید یں' اس کے بعد اس کو آزاد کر دیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا فُهَيْرٌ

یہ دونوں حدیثیں ابن جریج سے فہیر روایت کرتے ہیں۔

6651 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا عَمْرُو بْنُ قِسْطٍ، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: رُبَّمَا رُحْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَوْمِ الْفِطْرِ وَالْاَضْحَى، فَلَمْ يَكُنْ يُصَلِّي قَبْلَهَا وَلَا بَعْدَهَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں بسا اوقات حضور ﷺ کے ساتھ ہوتا تھا' عید الفطر والضحیٰ کے دن آپ نماز سے پہلے اور بعد میں کوئی نماز نہیں پڑھتے تھے۔

6652 - وَبِهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: لَقَدْ لَقِيتُ عَمِّي ومَعَهُ الرَّايَةُ، فَقُلْتُ: اَيْنَ تُرِيدُ؟ فَقَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى رَجُلٍ اَعْرَسَ بِامْرَاَةِ اَبِيهِ، فَاَمَرَنِي اَنْ اَقْتُلَهُ، وَآخُذَ مَالَهُ

حضرت براء بن عازب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے چچا سے ملا' ان کے پاس جھنڈا تھا' میں نے کہا: آپ کا ارادہ کہاں کا ہے؟ انہوں نے کہا: مجھے رسول اللہ ﷺ نے ایسے آدمی کی طرف بھیجا ہے جس نے اپنے بھائی کی بیوی سے شادی کی ہے' مجھے اس کے قتل کرنے اور اس کا مال لینے کا حکم دیا ہے۔

---

6650- أخرجه مسلم: العتق جلد2صفحه1148' وأبو داؤد: الأدب جلد4صفحه337 رقم الحديث: 5137' والترمذى: البر جلد4صفحه315 رقم الحديث: 1906 .

6651- أخرجه الترمذى: الصلاة جلد 2صفحه418 رقم الحديث: 538 وقال: حسن صحيح . وأحمد: المسند جلد2 صفحه79 رقم الحديث: 5211 بنحوه .

6652- أخرجه أبو داؤد: الحدود جلد 4صفحه155 رقم الحديث: 4457' والنسائى: النكاح جلد6صفحه90 (باب نكاح ما نكح الآباء)' وابن ماجة: الحدود جلد2صفحه869 رقم الحديث: 2607 .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ زَيْدٍ إِلَّا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو

یہ دونوں حدیثیں زید سے عبیداللہ بن عمرو روایت کرتے ہیں۔

**6653** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نا عَمْرُو بْنُ قِسْطٍ، ثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَذِنَ اللَّهُ إِذْنَهُ لِنَبِيٍّ أَنْ يَتَغَنَّى بِالْقُرْآنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے اپنے نبی کو اچھی آواز میں قرآن پڑھنے کا حکم دیا ہے۔

**6654** - وَبِهِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَنَّ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ أَخْبَرَهُ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: سَمِعَ اللَّهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ، ثُمَّ يَقُولُ قَبْلَ أَنْ يَسْجُدَ: اللَّهُمَّ الْعَنْ فُلَانًا، وَفُلَانًا، ثُمَّ يُكَبِّرُ، فَيَسْجُدُ، حَتَّى أَنْزَلَ اللَّهُ: (لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ) (آل عمران: 128) الْآيَةَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ سمع اللہ لمن حمدہ ربنا لک الحمد پڑھتے تھے پھر سجدہ سے پہلے پڑھتے: اے اللہ! فلاں اور فلاں پر لعنت کر! پھر اللہ اکبر کہتے اور سجدہ کرتے یہاں تک کہ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''لیس لک من الامر شیء''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، إِلَّا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو

یہ دونوں حدیثیں اسحاق بن راشد سے عبیداللہ بن عمرو روایت کرتے ہیں۔

**6655** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ سُفْيَانَ الرَّقِّيُّ، ثَنَا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ الْحَلَبِيُّ، ثَنَا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ ابْنِ السُّدِّيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ رِفَاعَةَ الْبَجَلِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَمِقِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ

حضرت عمرو بن حمق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے کسی آدمی کو اس کے خون کا امن دیا' اس کے بعد اس کو قتل کیا' میں قاتل سے بَری ہوں' اگرچہ مقتول کافر ہی

---

**6653**- اخرجه البخاری: فضائل الصحابة جلد 8 صفحه 686 رقم الحديث: 5024' ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 545 .

**6654**- اخرجه البخاری: التفسير جلد 8 صفحه 73 رقم الحديث: 4559' والنسائی: التطبيق جلد 2 صفحه 160 (باب لعن المنافقين فی القنوت) .

**6655**- تقدم تخريجه .

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اٰمَنَهُ رَجُلٌ عَلَى دَمِهِ، فَقَتَلَهُ، فَاَنَا بَرِیءٌ مِنَ الْقَاتِلِ، وَاِنْ كَانَ الْمَقْتُولُ كَافِرًا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ السُّدِّيِّ اِلَّا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ

کیوں نہ ہو۔

یہ حدیث ابن سدی سے عطاء بن مسلم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبید بن جناد روایت کرتے ہیں۔

**6656** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا عُبَيْدُ بْنُ جَنَّادٍ، نا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ عَمَّارٍ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ مُوسَى بْنِ اَبِی عَائِشَةَ، عَنْ اَبِی سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، وابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولَانِ: اِنَّهُمَا سَمِعَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی آخِرِ خُطْبَتِهِ يَقُولُ: اِنَّ مَنْ حَافَظَ عَلَى هٰؤُلَاءِ الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوبَاتِ فِی جَمَاعَةٍ، كَانَ اَوَّلَ مَنْ يَجُوزُ عَلَى الصِّرَاطِ كَالْبَرْقِ اللَّامِعِ، وَحَشَرَهُ اللّٰهُ فِی اَوَّلِ زُمْرَةٍ مِنَ التَّابِعِينَ، وَكَانَ لَهُ فِی كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ حَافَظَ عَلَيْهِنَّ كَاَجْرِ اَلْفِ شَهِيدٍ قُتِلُوا فِی سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت ابو ہریرہ' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم دونوں فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے پانچ فرض نمازیں باجماعت پڑھیں وہ سب سے پہلے پل صراط سے ایسے گزرے گا جس طرح چمکتی ہوئی بجلی گزرتی ہے اللہ عزوجل اس کو تابعین کے گروہ میں اُٹھائے گا' ہر دن اس کے لیے ان ایک ہزار شہداء کا ثواب لکھا جائے گا جو اللہ کی راہ میں شہید ہوتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ اَبِی عَائِشَةَ اِلَّا عَمَّارٌ اَبُو اِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ بَقِيَّةُ

اس حدیث کو موسیٰ بن ابی عائشہ سے عمار ابواسحاق نے روایت کیا۔ اس کے ساتھ بقیہ اکیلے ہیں۔

**6657** - حَدَّثَنَا اَبُو حُصَيْنٍ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الدِّمَشْقِيُّ: نا اَبِی، نا هُشَيْمٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، وعَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، وحُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهُمْ سَمِعُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلَبِّی بِهِمَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا حج وعمرہ کا اکٹھا تلبیہ پڑھتے ہوئے: ''لبيك عمرًا و حجًا''۔

---

**6656**- تقدم برقم (**6641**).

**6657**- اخرجه البخاری: الحج جلد**3**صفحه**477** رقم الحديث: **1548** . وأيضًا فی المغازی جلد **7**صفحه**669** رقم الحديث: **4353-4354**' ومسلم: الحج جلد**2**صفحه**915** .

Marfat.com

جَمِيعًا: لَبَّيْكَ عُمْرَةً وَحَجًّا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيِّ إِلَّا هُشَيْمٌ وَأَبُو يُوسُفَ الْقَاضِي، تَفَرَّدَ بِهِ عَنْ هُشَيْمٍ إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدِّمَشْقِيُّ، وَعَنْ أَبِي يُوسُفَ: بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْكِنْدِيُّ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید الانصاری سے ہشیم اور ابو یوسف القاضی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ہشیم اکیلے ہیں۔ اسماعیل بن محمد الدمشقی' ابو یونس سے اور بشر بن ولید الکندی سے روایت کرتے ہیں۔

**6658** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرِ بْنِ يُوسُفَ الْأُمَوِيُّ الدِّمَشْقِيُّ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْقَسْرِيُّ، عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: إِنْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَجِدُ مَنْكِبَ الرَّجُلِ نَابِيَةً عَنْ مَنْكِبِ صَاحِبِهِ، فَيُثَقِّفُهَا، وَيَقُولُ: لَا تَخْتَلِفُوا، فَتَخْتَلِفَ قُلُوبُكُمْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک آدمی کے کندھے کو دوسرے آدمی کے کندھے سے ملاتے تھے اور فرماتے: اختلاف نہ کیا کرو' ورنہ تمہارے دل مختلف ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ إِلَّا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ وَخَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْقَسْرِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ عَنْ حَفْصٍ: ابْنُهُ عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ، وَتَفَرَّدَ بِهِ عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ: هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ

یہ حدیث مسعر سے حفص بن غیاث اور خالد بن یزید القسری روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حفص اکیلے ہیں۔ ان سے روایت کرنے میں خالد بن یزید ہشام بن خالد اکیلے ہیں۔

**6659** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرِ بْنِ يُوسُفَ الْأُمَوِيُّ الدِّمَشْقِيُّ، ثَنَا دُحَيْمٌ، نا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ،

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ صبح کی نماز میں جمعہ کے دن الم تنزیل اور ھل

**6658**- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه **177** رقم الحديث: **675**' والترمذي: الصلاة جلد **1** صفحه **440** رقم الحديث: **228** . وقال: حسن صحيح غريب . والطبراني في الكبير جلد **10** صفحه **145** رقم الحديث: **10261** واللفظ للطبراني .

**6659**- اسناده فيه: محمد بن بشر بن يوسف الأموي الدمشقي لم أجده' وأبي اسحاق الهمداني السبيعي مدلس' ذكره ابن حبان في الطبقة الثالثة من طبقات المدلسين . وأخرجه أيضًا الطبراني في الصغير . وانظر مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **171** .

Marfat.com

عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ الْمُلَائِيِّ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَاُ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ: الم تَنْزِيلَ، السَّجْدَةَ، هَلْ اَتَى عَلَى الْاِنْسَانِ

اتی علی الانسان پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ، اِلَّا ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ، وَلَا عَنْ ثَوْرٍ اِلَّا الْوَلِيدُ، تَفَرَّدَ بِهِ دُحَيْمٌ

یہ حدیث عمرو بن قیس سے ثور بن یزید اور ثور سے ولید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں دحیم اکیلے ہیں۔

**6660** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الصَّمَدِ الدِّمَشْقِيُّ، نا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ: كَانَ الْمُطْعِمُ بْنُ الْمِقْدَامِ الصَّنْعَانِيُّ يُحَدِّثُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ خِلَاسِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّى مِنْ صَلَاةِ الْفَجْرِ رَكْعَةً، ثُمَّ طَلَعَتِ الشَّمْسُ، فَلْيُصَلِّ اِلَيْهَا اُخْرَى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے فجر کی نماز شروع کی ایک رکعت پڑھی پھر سورج طلوع ہوگیا تو وہ دوسری رکعت پڑھ لے۔

**6661** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الصَّمَدِ الدِّمَشْقِيُّ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، عَنِ الْمُطْعِمِ بْنِ الْمِقْدَامِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يُسَلِّمُ فِي رَكْعَتَيِ الْوِتْرِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ وتروں کی دو رکعت میں سلام نہیں پھیرتے تھے۔

---

**6660**- أخرجه أحمد: المسند جلد**2**صفحه**643** رقم الحديث:**10349** .

**6661**- أخرجه النسائي: قيام الليل جلد **3**صفحه**192-193** (باب كيف الوتر بثلاث؟) والدارقطني: سننه جلد **2** صفحه**32** رقم الحديث:**7** .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ الْمُطْعِمِ بْنِ الْمِقْدَامِ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِمَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ دونوں حدیثیں مطعم بن مقدام سے محمد بن شعیب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ہشام بن عمار اکیلے ہیں۔

**6662** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَارِيَةَ الْعَكَّاوِيُّ الْمُقْرِءُ، نَا مُوسَى بْنُ أَيُّوبَ النَّصِيبِيُّ، ثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْفَأْرَةُ مَسْخٌ، وَعَلَامَةُ ذَلِكَ أَنَّهَا تَشْرَبُ لَبَنَ الشَّاءِ، وَلَا تَشْرَبُ لَبَنَ الْإِبِلِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: چوہا مسخ کی ہوئی اُمت ہے اس کی نشانی یہ ہے کہ بکری کا دودھ پیتا ہے اونٹ کا دودھ نہیں پیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، مَرْفُوعًا، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، وَلَا عَنْ إِسْمَاعِيلَ إِلَّا بَقِيَّةُ، تَفَرَّدَ بِهِ مُوسَى بْنُ أَيُّوبَ

یہ حدیث مرفوعاً ابن عون سے اسماعیل بن عیاش اور اسماعیل سے بقیہ روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن ایوب اکیلے ہیں۔

**6663** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ . . . . . ، الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ صَفِيَّةَ، عَنْ أُمِّهِ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَأَى مَا يُحِبُّ قَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي بِنِعْمَتِهِ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ، وَإِذَا رَأَى مَا يَكْرَهُ قَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ جب پسندیدہ شی دیکھتے تو پڑھتے: "الحمد لله الذي بنعمته تتم الصالحات" جب آپ ناپسندیدہ شی دیکھتے تو پڑھتے: "الحمد لله على كل حالٍ"۔

**6664** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثَنَا مُوسَى بْنُ أَيُّوبَ، ثَنَا مُبَشِّرُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ جَعْفَرِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ ہم میں سے کسی کے بستر پر منی دیکھتے تو اس کو کھرچتے

---

6662- اخرجه مسلم: الزهد جلد4صفحه2294' واحمد: المسند جلد2صفحه543 رقم الحديث: 9346 .

6663- اخرجه ابن ماجة: الأدب جلد2صفحه1250 رقم الحديث: 3803 في الزوائد: اسناد صحيح' ورجاله ثقات . والحاكم في المستدرك جلد1صفحه499 وقال: صحيح الاسناد ولم يخرجاه .

Marfat.com

بْنِ بُرْقَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرَى فِي مِرْطِ إِحْدَانَا الْمَنِيَّ، ثُمَّ يَفْرُكُهُ

تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ

یہ حدیث زہری سے جعفر بن برقان روایت کرتے ہیں۔

**6665** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَارِيَةَ، نا مُوسَى بْنُ أَيُّوبَ، نا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ بْنِ هَانِءٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي عَاصِمُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَرَفْتُ فِي وَجْهِهِ أَنْ قَدْ حَضَرَ شَيْءٌ، فَمَا تَكَلَّمَ حَتَّى تَوَضَّأَ، ثُمَّ خَرَجَ، فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ، فَلَصِقْتُ بِالْحُجْرَةِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ اللّٰهَ يَقُولُ: مُرُوا بِالْمَعْرُوفِ، وَانْهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ قَبْلَ أَنْ تَدْعُونِي فَلَا أُجِيبُكُمْ، وَتَسْأَلُونِي فَلَا أُعْطِيكُمْ، وَتَسْتَنْصِرُونِي فَلَا أَنْصُرُكُمْ فَمَا زَادَ عَلَيْهِنَّ حَتَّى رَجَعَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس آئے' میں نے آپ کے چہرے سے معلوم کر لیا کہ آپ کے پاس کوئی شی آئی ہے' آپ نے کوئی گفتگو نہیں کی' یہاں تک کہ وضو کیا' پھر آپ نکلے' منبر پر جلوہ افروز ہوئے' پتھر سے ملے' اللہ کی حمد و ثناء کی' پھر فرمایا: اے لوگو! اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ نیکی کا حکم دو' بُرائی سے منع کرو' اس سے پہلے کہ تم دعا کرو اور تمہاری دعا قبول نہ ہو' تم مانگو تم کو عطا نہ کی جائے' تم مدد طلب کرو تو تمہاری مدد نہ کی جائے۔ اس سے زیادہ گفتگو نہ کی پھر واپس آئے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عَمْرٍو إِلَّا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ

یہ حدیث عاصم بن عمرو سے عمرو بن عثمان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن ابی فدیک اکیلے ہیں۔

**6666** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثَنَا مُوسَى بْنُ سَهْلٍ الرَّمْلِيُّ، نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الرَّمْلِيُّ، ثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ غُصْنٍ، عَنِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جمرہ عقبہ کو کنکری مارتے وقت تلبیہ پڑھتے ہوئے دیکھا۔

**6665**- أخرجه ابن ماجة: الفتن جلد2صفحه1327 رقم الحديث: 4004 مختصرًا . وأحمد: المسند جلد6 صفحه177 رقم الحديث: 25309 .

Marfat.com

الْاَعْمَشِ، وَحُصَيْنٍ، عَنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبَّى حَتّٰى رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُصَيْنٍ اِلَّا الْقَاسِمُ بْنُ غُصْنٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ

یہ حدیث حصین سے قاسم بن غصن روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبدالعزیز اکیلے ہیں۔

**6667** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثَنَا عِيسَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاُمَوِيُّ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثَنَا مُعَاذُ بْنُ خَالِدٍ، ثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنِي صَالِحُ بْنُ اَبِي صَالِحٍ، اَنَّهُ سَمِعَ نَافِعَ بْنَ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: بَيْنَا اَنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحِجْرِ، اِذْ مَرَّ الْحَكَمُ بْنُ اَبِي الْعَاصِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَيْلٌ لِاُمَّتِي مِمَّا فِي صُلْبِ هٰذَا

حضرت جبیر بن مطعم اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ حجرے میں تھا' اچانک آپ کے پاس سے حکم بن ابوالعاص گزرا' حضور ﷺ نے فرمایا: ہلاکت میری اُمت کے لیے اس سے جو اس کی پشت میں ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث جبیر بن مطعم سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کو روایت کرنے میں زہیر بن محمد اکیلے ہیں۔

**6668** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ الْعَسْقَلَانِيُّ، نَا حَبِيبٌ، كَاتِبُ مَالِكٍ، ثَنَا شِبْلُ بْنُ عَبَّادٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَفْضَى اَحَدُكُمْ بِيَدِهِ اِلَى ذَكَرِهِ فَلْيَتَوَضَّاْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے ہاتھ کے ساتھ اپنے ذکر کو ہاتھ لگائے تو وہ اپنے ہاتھ دھوئے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شِبْلٍ اِلَّا حَبِيبٌ

یہ حدیث شبل سے حبیب مالک کے کاتب روایت

6667- اسناده فيه: معاذ بن خالد العسقلاني لين الحديث (التقريب' والتهذيب) .

6668- اسناده فيه: حبيب كاتب مالك هو ابن أبي حبيب المصري' متروك كذبه أبو داؤد وجماعة (التقريب والتهذيب) .

Marfat.com

كَاتِبُ مَالِكٍ

کرتے ہیں۔

**6669** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، نا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ، نا حَبِيبٌ، ثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ مُؤْمِنًا بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَدْخُلِ الْحَمَّامَ اِلَّا بِمِئْزَرٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ حمام میں تہبند پہن کر داخل ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكٍ اِلَّا حَبِيبٌ

یہ حدیث مالک سے حبیب روایت کرتے ہیں۔

**6670** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ، نا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَتَى كَاهِنًا فَصَدَّقَهُ بِمَا يَقُولُ، فَقَدْ بَرِءَ مِمَّا اُنْزِلَ عَلَى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَنْ اَتَاهُ غَيْرَ مُصَدِّقٍ لَهُ، لَمْ يُقْبَلْ لَهُ صَلَاةَ اَرْبَعِينَ يَوْمًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کسی کاہن کے پاس آئے جو وہ کہے اس کی تصدیق کرے وہ اس سے بَری ہے جو محمد ﷺ پر نازل ہوا ہے جو اس کے پاس آیا اس کی تصدیق نہ کی اس کی چالیس دن تک نماز قبول نہ ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، وَلَا عَنْ جَرِيرٍ اِلَّا رِشْدِينُ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ

یہ حدیث قتادہ سے جریر بن حازم اور جریر سے رشدین روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن ابوالسری اکیلے ہیں۔

**6671** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَقْدِسِيُّ، ثَنَا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَتَلْعَنُ اَحَدَكُمْ اِذَا اَشَارَ اِلَى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی کی طرف لوہے سے اشارہ کرنا چاہے اور وہ اس کا باپ اور والدہ ہو تو فرشتے اس پر لعنت کرتے ہیں۔

---

6669- اسناده والكلام فيه كسابقه . وانظر مجمع الزوائد جلد1صفحه282 .

6670- اسناده فيه: رشدين بن سعد ضعيف . وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه121 .

6671- أخرجه مسلم: البر جلد4صفحه2020' وأحمد: المسند جلد2صفحه343 رقم الحديث: 7495 .

Marfat.com

اَخِيهِ بِحَدِيدَةٍ، وَاِنْ كَانَ اَخَاهُ لِاَبِيهِ وَاُمِّهِ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ، اِلَّا ضَمْرَةُ

یہ حدیث ابن شوذب سے ضمرہ روایت کرتے ہیں۔

**6672** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، ثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ الرَّمْلِيُّ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، ثَنَا اِبْرَهِيمُ بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلَكَ الْمُقَذِّرُونَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کنجوسی کرنے والے ہلاک ہوں گے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ

اسی سند کے ساتھ ہی یہ حدیث حضرت عائشہ صدیقہ سے روایت ہے۔ ابن وہب اس کے ساتھ اکیلے ہیں۔

**6673** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، ثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي يَزِيدُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ اَبِي عَدِيٍّ الْفَدَكِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ ثَوْبَانَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثٌ لَا يُفْطِرْنَ الصَّائِمَ: الْحِجَامَةُ، وَالْقَيْءُ، وَالِاحْتِلَامُ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین آدمی روزہ نہ افطار کریں: (۱) پچھنا لگوانے والا (۲) قے کرنے والا (۳) احتلام ہوا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ ثَوْبَانَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث حضرت عائشہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

**6674** - وَبِهِ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ بُكَيْرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ حَدَّثَهُ، اَنَّ يَزِيدَ بْنَ اَبِي عُبَيْدٍ مَوْلَى سَلَمَةَ بْنِ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب ہم کسی آدمی کو دیکھتے ہیں کہ اپنے بھائی پر لعنت کرتا ہے تو ہم دیکھتے ہیں کہ اس نے کبیرہ گناہوں کا ایک

---

**6672**- اسناده فيه: عبد الله بن سعد بن ابی سعيد المقبری متروك (التقريب) . وانظر مجمع الزوائد جلد**1**صفحه**109** .

**6673**- اسناده فيه: يزيد بن عياض متهم بالوضع' والكذب (التقريب) . واخرجه أيضًا الطبرانی فی الكبير بنحوه . وانظر مجمع الزوائد جلد**3**صفحه**173** .

**6674**- اسناده صحيح ورجاله ثقات . وأخرجه أيضًا الطبرانی فی الكبير . وانظر مجمع الزوائد جلد**8**صفحه**76** .

Marfat.com

الْاَكْوَعِ حَدَّثَهُ، اَنَّهُ سَمِعَ سَلَمَةَ بْنَ الْاَكْوَعِ، يَقُولُ: كُنَّا اِذَا رَاَيْنَا الرَّجُلَ يَلْعَنُ اَخَاهُ، رَاَيْنَا اَنَّهُ قَدْ اَتَى بَابًا مِنَ الْكَبَائِرِ

دروازہ کھول لیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَلَمَةَ اِلَّا يَزِيدُ، وَلَا عَنْ يَزِيدَ اِلَّا بُكَيْرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ

یہ حدیث سلمہ سے یزید اور یزید سے بکیر روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمرو بن حارث اکیلے ہیں۔

**6675** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ خَلَفٍ الرَّمْلِيُّ، ثنا اَيُّوبُ بْنُ سُوَيْدٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ لَحْمٌ نَبَتَ مِنْ سُحْتٍ، النَّارُ اَوْلَى بِهِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حرام شی سے بڑا ہونے والا گوشت جنت میں داخل نہیں ہوگا' جہنم میں جلنے کا زیادہ حق دار ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا اَيُّوبُ بْنُ سُوَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اِبْرَاهِيمُ بْنُ خَلِيفَةَ

یہ حدیث سفیان سے ایوب بن سوید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن خلیفہ اکیلے ہیں۔

**6676** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، ثنا عَمْرُو بْنُ اَبِي عَاصِمٍ النَّبِيلُ، نا اَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ الطَّائِفِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ نُوقِشَ بِعِلْمِهِ هَلَكَ

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے عمل دکھاوے کے لیے کیا' وہ ہلاک ہوگیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ الزُّبَيْرِ اِلَّا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، وَلَا عَنْ عَمْرٍو اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو عَامِرٍ

یہ حدیث ابن زبیر سے عمرو بن دینار اور عمرو' محمد بن مسلم سے روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوعامر اکیلے ہیں۔

---

**6675**- اسناده فيه: أيوب بن سويد ضعيف (التهذيب) . وانظر مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**296** .

**6676**- اسناده صحيح . واخرجه أيضًا البزار' وعزاه الحافظ الهيثمي الى الطبراني في الكبير أيضًا . انظر مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**353** .

Marfat.com

**6677** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی السَّرِیِّ، ثَنَا الْوَلِیدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا عِیسَی بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِیُّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ یَوْمَ الْجُمُعَةِ سَلَّمَ عَلَی مَنْ عِنْدَ مِنْبَرِهِ مِنَ الْجُلُوسِ، فَاِذَا صَعَدَ الْمِنْبَرَ تَوَجَّهَ اِلَی النَّاسِ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب مسجد میں داخل ہوتے تو منبر کے پاس بیٹھنے والوں کو سلام کرتے' جب منبر پر تشریف فرما ہوتے تو لوگوں کی طرف متوجہ ہوتے' ان کو سلام کرتے۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا عِیسَی بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْوَلِیدُ، وَلَا یُرْوَی عَنِ ابْنِ عُمَرَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث نافع سے عیسیٰ بن عبداللہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ولید اکیلے ہیں۔ حضرت ابن عمر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**6678** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی السَّرِیِّ، ثَنَا الْوَلِیدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا عِیسَی بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِیُّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِی رَبَاحٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قُلْتُ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، الرَّجُلُ یَذْهَبُ فُوهُ یَسْتَاكُ؟ قَالَ: نَعَمْ قُلْتُ: كَیْفَ یَصْنَعُ؟ قَالَ: یُدْخِلُ اِصْبَعَهُ فِی فِیهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! جس کے دانت ختم ہو جائیں' وہ مسواک کرے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! میں نے عرض کی: کیسے کرے؟ آپ نے فرمایا: اپنی انگلی منہ میں داخل کرے۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا عِیسَی بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْوَلِیدُ، وَلَا یُرْوَی عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث عطاء سے عیسیٰ بن عبداللہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ولید اکیلے ہیں۔ حضرت عائشہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**6679** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، ثَنَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے' وہ

---

**6677**- اسناده فيه: عيسى بن عبد الله الأنصاری قال ابن حبان: لا ينبغی أن يحتج بما انفرد به' وقال ابن عدی: عامة ما يرويه لا يتابع عليه' (اللسان جلد 4صفحه400' والمجروحين جلد 2صفحه118) . وانظر مجمع الزوائد جلد2صفحه187 .

**6678**- اسناده والكلام فيه كسابقه . وانظر مجمع الزوائد جلد2صفحه103 .

**6679**- اسناده فيه: يحيى بن سليمان أبو سليمان المدنی' قال العقيلی: لا يتابع على حديثه: (الضعفاء للعقيلی

Marfat.com

مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی السَّرِیِّ، ثَنَا حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ الصَّنْعَانِیُّ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ اَبُو سُلَيْمَانَ الْمَدَنِیُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّی اُرِيدُ الْغَزْوَ فِی سَبِيلِ اللّٰهِ، فَقَالَ: عَلَيْكَ بِالشَّامِ، ثُمَّ الْزَمْ مِنَ الشَّامِ عَسْقَلَانَ؛ فَاِنَّهَا اِذَا دَارَتِ الرَّحَى فِی اُمَّتِی كَانَ اَهْلُهَا فِی رَخَاءٍ وَعَافِيَةٍ

فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضورﷺ کی بارگاہ میں آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اللہ کی راہ میں جہاد کرنا چاہتا ہوں' آپ نے فرمایا: آپ پر ملک شام لازم ہے' پھر ملک شام سے عسقلان کو اختیار کرو' کیونکہ جب چکی میری اُمت کے اردگرد گھومے گی' اہل شام میں کشادگی اور عافیت ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِی نَجِيحٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَلَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، اِلَّا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ

یہ حدیث ابن ابی نجیح سے محمد بن اسحاق اور محمد بن اسحاق سے یحییٰ بن سلیمان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حفص بن میسرہ اکیلے ہیں۔

**6680** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، ثَنَا اَبِی، ثَنَا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِی كَثِيرٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِاَنَّهُمْ عَظَّمُوا مُلُوكَهُمْ بِاَنْ قَامُوا وَقَعَدُوا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے فرمایا: تم سے پہلے لوگ اس لیے ہلاک ہوئے کہ وہ اپنے بادشاہوں کی تعظیم کرتے' ان کے لیے کھڑے ہوتے اور بیٹھتے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِی كَثِيرٍ اِلَّا الْاَوْزَاعِیُّ، وَلَا رَوَاهُ عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ اِلَّا سُوَيْدٌ

یہ حدیث یحییٰ بن ابوکثیر سے اوزاعی سے روایت کرتے ہیں اور اوزاعی سے سوید روایت کرتے ہیں۔

---

جلد4 صفحه407) . وأخرجه أيضًا الطبرانی فی الكبير . وانظر مجمع الزوائد جلد10صفحه65 .

**6680**- اسناده فيه: سويد بن عبد العزيز ضعيف . وقال الهيثمی فی المجمع جلد8صفحه43: وفيه الحسن بن قتيبة وهو متروك . قلت: الحسن بن قتيبة هذا ليس والد محمد بن الحسن بن قتيبة شيخ ابن حبان وابن عدی' قال الحافظ ابن حجر' ذاك شيخ آخر قليل الرواية . فالذی قصده الحافظ الهيثمی' غير هذا الذی روی الحديث . انظر لسان الميزان (24612) .

Marfat.com

**6681** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَعْيَنَ، نا مَعْقِلُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِی عُلْبَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْمُتْعَةِ

حضرت ربیع بن سبرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے متعہ سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَعْقِلِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَعْيَنَ

یہ حدیث معقل بن عبیداللہ سے حسن بن محمد بن اعین روایت کرتے ہیں۔

**6682** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْغَزِّيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ عِيسَى الرَّمْلِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِی ظَبْيَانَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ عَلَى مُسْلِمٍ جِزْيَةٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے فرمایا: مسلمان پر ٹیکس نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا يَحْيَى بْنُ عِيسَى، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْغَزِّيُّ

یہ حدیث اعمش سے یحییٰ بن عیسیٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن عمرو الغزی اکیلے ہیں۔

**6683** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، ثنا عَمْرُو بْنُ خُلَيْفٍ اَبُو صَالِحٍ، ثنا رَوَّادُ بْنُ الْجَرَّاحِ، ثنا حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ ثَلَاثَةَ نَفَرٍ مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ خَرَجُوا يَتَمَارُونَ لِاَهَالِيهِمْ،

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: تم سے پہلے تین آدمی اپنے گھروں سے نکلے اپنے گھر والوں کے لیے رزق تلاش کرنے کے لیے آسمان سے بارش آئی غار میں آئے اس کے بعد غار والی حدیث ذکر کی۔

---

**6681**- أخرجه مسلم: الحج جلد2صفحه1026؛ وأحمد: المسند جلد3صفحه495 رقم الحديث:15343 .

**6682**- أخرجه أبو داؤد: الخراج جلد3صفحه168 رقم الحديث:3053؛ والترمذي: الزكاة جلد3صفحه18 .

**6683**- أخرجه البخاري: الأدب جلد10صفحه418 رقم الحديث:5974؛ ومسلم: الذكر جلد4صفحه2099 .

Marfat.com

فَاَصَابَتْهُمُ السَّمَاءُ، فَلَجَأُوا اِلَى غَارٍ فَذَكَرَ حَدِيثَ الْغَارِ

**6684** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثَنَا آدَمُ بْنُ اَبِي اِيَاسٍ، ثَنَا اَبُو شَيْبَةَ شُعَيْبُ بْنُ رُزَيْقٍ، عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: حَرَصْتُ اَنْ اَجِدَ اَحَدًا يُخْبِرُنِي اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، صَلَّى صَلَاةَ الضُّحَى، فَلَمْ اَجِدْ اَحَدًا يُخْبِرُنِي غَيْرَ اُمِّ هَانِءٍ بِنْتِ اَبِي طَالِبٍ، فَاِنَّهَا اَخْبَرَتْنِي، قَالَتْ: اَتَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَمَا ارْتَفَعَ النَّهَارُ يَوْمَ الْفَتْحِ، فَتْحِ مَكَّةَ، فَاَمَرَ بِثَوْبٍ، فَسُتِرَ عَلَيْهِ، فَاغْتَسَلَ، ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى ثَمَانَ رَكَعَاتٍ، لَا اَدْرِي اَقِيَامُهُ فِيهَا اَطْوَلُ اَمْ رُكُوعُهُ اَمْ سُجُودُهُ، كُلُّ ذٰلِكَ فِيهِنَّ مُتَقَارِبٌ، فَلَمْ اَرَهُ صَلَّى قَبْلَهَا وَلَا بَعْدَهَا

حضرت عبداللہ بن عبداللہ بن حارث بن نوفل اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں اس بات کا خواہش مند تھا کہ مجھے کوئی بتائے کہ حضور ﷺ نمازِ چاشت پڑھتے تھے' میں نے کسی کو نہیں پایا جو مجھے بتائے سوائے اُم ہانی بنت ابوطالب کے۔ آپ نے مجھے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ فتح مکہ کے دن سورج بلند ہونے کے بعد میرے پاس آئے' آپ نے کپڑا لانے کا حکم دیا' آپ کے لیے پردہ کیا' آپ نے غسل کیا پھر کھڑے ہوئے' آٹھ رکعت نماز پڑھی' مجھے نہیں معلوم ہے کہ ان میں قیام یا رکوع یا سجدہ لمبا تھا' سب برابر تھے' یہ نماز اس سے پہلے اور بعد میں پڑھتے نہیں دیکھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ اِلَّا شُعَيْبُ بْنُ رُزَيْقٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: آدَمُ

یہ حدیث عطاء خراسانی سے شعیب بن رزیق روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں آدم اکیلے ہیں۔

**6685** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ، نَا رَوَّادُ بْنُ الْجَرَّاحِ، ثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ اَبُو عُتْبَةَ الْخَوَّاصُ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو دنیا میں دو چہرے والا ہوگا' اس کے لیے قیامت کے دن آگ کی دو زبانیں ہوں گی۔

---

**6684**- أخرجه مسلم: المسافرين جلد **1** صفحه **498** رقم الحديث: **81**' وأحمد: المسند جلد **6** صفحه **375** رقم الحديث: **26960** .

**6685**- أخرجه أبو نعيم في الحلية جلد **8** صفحه **282** . والحديث في الصحيح بغير هذا السياق .

Marfat.com

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ ذَا وَجْهَيْنِ فِي الدُّنْيَا كَانَ لَهُ لِسَانَانِ مِنْ نَارٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ إِلَّا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: رَوَّادُ بْنُ الْجَرَّاحِ

یہ حدیث اوزاعی سے عباد بن عباد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں رواد بن جراح اکیلے ہیں۔

**6686** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ، ثَنَا رَوَّادٌ، نَا أَبُو غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ اللَّجْلَاجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَرَمُ الْمَرْءِ تَقْوَاهُ، وَمُرُوءَتُهُ عَقْلُهُ، وَحَسَبُهُ خُلُقُهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی کی عزت تقدس ہے اس کی مروّت عقل ہے اور اس کا حسب عقل ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ إِلَّا أَبُو غَسَّانَ

یہ حدیث ابن عجلان سے ابوغسان روایت کرتے ہیں۔

**6687** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، ثَنَا مُوسَى بْنُ سَهْلٍ الرَّمْلِيُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الرَّمْلِيُّ، ثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ غُصْنٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُوقَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: رَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأْسَهُ إِلَى السَّمَاءِ، فَقَالَ: النُّجُومُ أَمَانٌ لِأَهْلِ السَّمَاءِ، وَأَنَا أَمَانٌ لِأَصْحَابِي، وَأَصْحَابِي أَمَانٌ لِأُمَّتِي

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے آسمان کی طرف سر اُٹھایا، فرمایا: ستارے آسمان والوں کے لیے امان ہیں اور میں اپنے صحابی کے لیے اور میرے صحابی میری اُمت کے لیے۔

---

**6686**- اسناده فيه: رواد: صدوق اختلط . والحديث أخرجه الامام أحمد في مسنده جلد 2 صفحه 365' وابن حبان (475/ موارد الظمآن)' والحاكم جلد 1 صفحه 123' والبيهقي في الكبرى جلد 10 صفحه 195' والبزار جلد 4 صفحه 234' كشف الأستار . انظر: مجمع الزوائد للحافظ الهيثمي جلد 10 صفحه 254 .

**6687**- اسناده فيه: الانقطاع فعلى بن أبي طلحة لم يسمع من ابن عباس . وانظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 20 . وله شاهد في حديث أبي موسى الأشعري أخرجه: مسلم في فضائل الصحابة جلد 40 صفحه 1961 .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ إِلَّا الْقَاسِمُ بْنُ غُصْنٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ

یہ حدیث محمد بن سوقہ سے قاسم بن غصن روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبدالعزیز اکیلے ہیں۔

**6688** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، ثَنَا مُوسَى بْنُ سَهْلٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الرَّمْلِيُّ، ثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ غُصْنٍ، ثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَى ذِرْوَةِ سَنَامِ كُلِّ بَعِيرٍ شَيْطَانٌ، فَامْتَهِنُوهَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر اونٹ کے کجاوے پر شیطان ہوتا ہے اس لیے اس کو جھاڑ لیا کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ إِلَّا الْقَاسِمُ بْنُ غُصْنٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ

یہ حدیث جعفر بن محمد سے قاسم بن غصن سے روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبدالعزیز اکیلے ہیں۔

**6689** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِي سَلَمَةَ، ثَنَا صَدَقَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتَانِي مَلَكٌ لَمْ يَنْزِلْ إِلَى الْأَرْضِ قَبْلَهَا قَطُّ بِرِسَالَةٍ مِنْ رَبِّي، فَوَضَعَ رِجْلَهُ فَوْقَ السَّمَاءِ الدُّنْيَا، وَرِجْلَهُ فِي الْأَرْضِ، تُقِلُّهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے پاس ایک فرشتہ آیا وہ اس سے پہلے میرے پاس میرے رب کا پیغام لے کر کبھی نہیں آیا اس نے ایک پاؤں آسمان میں دوسرا زمین میں رکھا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ إِلَّا صَدَقَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرُو بْنُ أَبِي سَلَمَةَ

یہ حدیث موسیٰ بن عقبہ سے صدقہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عمرو بن ابوسلمہ اکیلے ہیں۔

---

**6688**- اسناده فيه: قاسم بن غصن: ضعيف . انظر: مختصر الكامل للمقريزي ( **1581**) . وانظر: مجمع الزوائد جلد**10** صفحه**134** .

**6689**- اسناده فيه: صدقة بن عبد الله السمين: ضعيف . وانظر: مجمع الزوائد جلد **6**صفحه**83** . قال الهيثمي: صدقة بن عبد الله التنيسي والأكثر على تضعيفه وقد وثقه يحيى بن معين ودحيم .

Marfat.com

**6690** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، نَا أَحْمَدُ بْنُ زَيْدٍ الْخَزَّازُ الرَّمْلِيُّ، نَا أَيُّوبُ بْنُ سُوَيْدٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْتَقَ صَفِيَّةَ، وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو آزاد کیا' ان کا آزاد کرنا ان کا مہر بنایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ إِلَّا عَاصِمُ بْنُ حَكِيمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَيُّوبُ بْنُ سُوَيْدٍ

یہ حدیث سعید بن ابوعروبہ سے عاصم بن حکیم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ایوب بن سوید اکیلے ہیں۔

**6691** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَيُّوبَ بْنِ سُوَيْدٍ، نَا أَبِي، ثَنَا نَوْفَلُ بْنُ أَبِي الْفُرَاتِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: أَتَى بَعْضُ بَنِي جَعْفَرِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَرْسِلْ مَعِي مَنْ يَشْتَرِي لِي نَعْلًا وَخَاتَمًا، فَدَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَالَ بْنَ رَبَاحٍ، فَقَالَ: انْطَلِقْ إِلَى السُّوقِ، فَاشْتَرِ لَهُ نَعْلًا، وَاسْتَجِدْهُ، وَلَا تَكُنْ سَوْدَاءَ، وَاشْتَرِ لَهُ خَاتَمًا، وَلْيَكُنْ فَصُّهُ عَقِيقًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت جعفر بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے بعض بیٹے حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' عرض کرنے لگے: میرے ماں باپ آپ پر قربان! یا رسول اللہ! آپ میرے ساتھ کسی کو بھیجیں! آپ ﷺ نے حضرت بلال کو بلوایا' فرمایا: ان کو بازار لے چلو! ان کے لیے نیا جوتا خریدو' کالا نہ خریدنا اور ان کے لیے انگوٹھی اور اس میں نگ عقیق کا ہونا چاہیے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْقَاسِمِ إِلَّا نَوْفَلٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ نَوْفَلٍ إِلَّا أَيُّوبُ بْنُ سُوَيْدٍ تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ

یہ حدیث قاسم سے نوفل اور نوفل سے ایوب بن سوید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے اکیلے ہیں۔

**6690**- أخرجه البخاري: النكاح جلد 9 صفحه 32 رقم الحديث: 5086' ومسلم: النكاح جلد 2 صفحه 1045 رقم الحديث: 85 .

**6691**- اسناده فيه: محمد بن أيوب بن سويد متهم بالوضع . وانظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 158 .

Marfat.com

**6692** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الْمُقْرِءُ الْعُكَّاوِيُّ، ثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ الطَّنَافِسِيُّ، ثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ وَبَرَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ غُضَيْفِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ اللّٰهَ وَضَعَ الْحَقَّ عَلَى لِسَانِ عُمَرَ وَقَلْبِهِ، يَقُولُ بِهِ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے حق عمر کی زبان اور دل پر رکھ دیا' وہ حق ہی کہتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ إِلَّا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ

یہ حدیث معمر سے یعلیٰ بن عبید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں علی بن سعید اکیلے ہیں۔

**6693** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثَنَا يُوسُفُ الْعَبْدِيُّ، ثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ أَبِي فَرْوَةَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ الم تَنْزِيلُ وَهَلْ أَتَى عَلَى الْإِنْسَانِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فجر کی نماز میں جمعہ کے دن الم تنزیل اور ھل اتی علی الانسان پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ إِلَّا أَبُو إِسْحَاقَ

یہ حدیث مسعر سے ابواسحاق روایت کرتے ہیں۔

**6694** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ، ثَنَا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، ثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: امیدیں تیری طرف کی جاتی ہیں' اے

6692- قال الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 69: وفيه علي بن سعيد المقرئ العكاوي' ولم أعرفه' وبقية رجاله رجال الصحيح .

6693- أخرجه ابن ماجة: الاقامة جلد 1 صفحه 270 رقم الحديث: 824 . في الزوائد: اسناده صحيح ورجاله ثقات .

6694- اسناده فيه رشدين بن سعد وهو ضعيف . وحسنه الحافظ الهيثمي وليس كذلك . انظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 292 .

Marfat.com

مُوسَى بْنُ جُبَيْرٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِلَيْكَ انْتَهَتِ الْاَمَانِيُّ، يَا صَاحِبَ الْعَافِيَةِ

صاحب العافیۃ!

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُهَيْلٍ اِلَّا مُوسَى بْنُ جُبَيْرٍ، وَلَا عَنْ مُوسَى اِلَّا رِشْدِينُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ

یہ حدیث سہیل سے موسیٰ بن جبیر اور موسیٰ سے رشدین روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن ابوالسری اکیلے ہیں۔

**6695** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ، نَا رَوَّادُ بْنُ الْجَرَّاحِ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي عَمْرٍو السَّيْبَانِيِّ، عَنْ اَبِي وَعْلَةَ، عَنْ كُرَيْبٍ السَّحُولِيِّ، عَنْ مُرَّةَ الْبَهْزِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الرَّمْلَةُ: الرَّبْوَةُ

حضرت مرہ بہزی فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: رملہ کا معنی ٹیلہ ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ مُرَّةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ

یہ حدیث مرہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عباد بن عباد اکیلے ہیں۔

**6696** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانَ الشَّيْزَرِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ اَيَّامٍ الْعَمَلُ فِيهِنَّ اَفْضَلُ مِنْ عَشْرِ ذِي الْحِجَّةِ قَالُوا: وَلَا الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَلَا الْجِهَادُ فِي

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جوکوئی ذی الحجہ کے دس دنوں میں عمل کرتا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! جہاد بھی نہیں؟ آپ نے فرمایا: اللہ کی راہ میں جہاد کرنا بھی نہیں، ہاں! ایک صورت ہے کہ جوکوئی اپنے گھوڑے کی کونچیں کاٹے اور اس کا خون بہادے۔

**6695**- اسناده فيه محمد بن أبي السرى: صدوق له أوهام . ورواد بن الجراح: صدوق اختلط . وعباد بن عباد الرملي: ضعفه ابن حبان . وقال ابن حجر: صدوق يهم وأبو وعلة لم أجده . وكريب السحولي لم أجده . وانظر: مجمع الزوائد للهيثمي جلد7صفحه75 .

**6696**- اخرجه البخاري: العيدين جلد 2صفحه530 رقم الحديث: 969' وابو داؤد: الصوم جلد2صفحه337 رقم الحديث: 2438' والترمذي: الصوم جلد3صفحه121 رقم الحديث: 757 .

Marfat.com

سَبِيلِ اللّٰهِ، اِلَّا مَنْ عُقِرَ جَوَادُهُ، وَاُهْرِيقَ دَمُهُ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا الْوَلِيدُ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَوْطِيُّ

یہ حدیث اوزاعی سے ولید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں الحواطی اکیلے ہیں۔

**6697** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانَ، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ، ثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحْجُبُهُ عَنْ قِرَاءَةِ الْقُرْآنِ اِلَّا الْجَنَابَةُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو قرآن کے پڑھنے سے رکاوٹ صرف جنابت تھی۔

**6698** - وَبِهِ: عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ طَرِيفٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْخَطْمِيِّ، حَدَّثَنَا الْبَرَاءُ قَالَ: كُنَّا اِذَا صَلَّيْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، لَمْ يَحْنِ اَحَدٌ مِنَّا ظَهْرَهُ حَتّٰى يَسْتَوِيَ سَاجِدًا

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ نماز پڑھتے' آپ پڑھتے: سمع اللہ لمن حمدہ! ہم میں کوئی اپنی پشت نہیں جھکاتا تھا یہاں تک کہ آپ سجدہ کے لیے سیدھے ہو جاتے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الْحَارِثِ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: الْحَوْطِيُّ

یہ دونوں حدیثیں جعفر بن حارث سے اسماعیل روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں الحواطی اکیلے ہیں۔

**6699** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانَ، نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، ثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ اَبِي بَكْرٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم میں کوئی ایک

---

**6697**- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 57 رقم الحديث: 229' والترمذي: الطهارة جلد 1 صفحه 273 رقم الحديث: 146 . وقال: حسن صحيح . والنسائي: الطهارة جلد 1 صفحه 118 (باب حجب الجنب عن قراءة القرآن) . وابن ماجة: الطهارة جلد 1 صفحه 195 رقم الحديث: 594 .

**6698**- أخرجه البخاري: الأذان جلد 2 صفحه 345 رقم الحديث: 811' ومسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 345 .

**6699**- أخرجه البخاري: الصلاة جلد 1 صفحه 566 رقم الحديث: 365' ومسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 368 .

Marfat.com

الْهُذَلِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَيُصَلِّي اَحَدُنَا فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ؟ قَالَ: اَوَ كُلُّكُمْ يَجِدُ ثَوْبَيْنِ؟

کپڑے میں نماز پڑھ سکتا ہے؟ آپ نے فرمایا: کیا تم میں سے کوئی دو کپڑے پاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي بَكْرٍ الْهُذَلِيِّ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث ابوبکر الہذلی سے اسماعیل بن عیاش روایت کرتے ہیں۔

**6700** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ صَدَقَةَ الْمِصِّيصِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْكَبِيرِ بْنُ الْمُعَافَى بْنِ عِمْرَانَ، ثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُرَادِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ:(وَالَّذِينَ يَكْنِزُونَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ) (التوبة: **34**) قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَاَيُّ الْمَالِ نَكْنِزُ؟ قَالَ: قَلْبًا شَاكِرًا، وَلِسَانًا ذَاكِرًا، وَزَوْجَةً صَالِحَةً

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت ''والذین یکنزون الذھب والفضۃ'' نازل ہوئی' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سا مال ہم زیادہ جمع کریں؟ آپ نے فرمایا: شکر کرنے والا دل' ذکر کرنے والی زبان' نیک بیوی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُرَادِيِّ اِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْكَبِيرِ بْنُ الْمُعَافَى

یہ حدیث محمد بن عبداللہ المراری سے شریک روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالکبیر بن معافی اکیلے ہیں۔

**6701** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ صَدَقَةَ، نَا عَبْدُ الْكَبِيرِ بْنُ الْمُعَافَى بْنِ عِمْرَانَ، نَا شَرِيكٌ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے اپنے غلام کو مدبر بنایا جبکہ وہ ضرورت مند تھا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو بیچ دیا۔

---

**6700**- اخرجه الترمذی: التفسير جلد **5** صفحه **277** رقم الحديث: **3094** وقال: حسن . وابن ماجة: النكاح جلد **1** صفحه **596** رقم الحديث: **1856** فی الزوائد: عبد الله بن عمرو بن مرة . ضعفه النسائی' ووثقه الحاكم وابن حبان' وقال ابن معين: لا بأس به . وروى الترمذی' المرفوع منه دون قول عمر . وأحمد: المسند جلد **5** صفحه **327-328** رقم الحديث: **22455** .

**6701**- اخرجه البخاری: البيوع جلد **4** صفحه **415** رقم الحديث: **2141**' ومسلم: الأيمان جلد **3** صفحه **1289** رقم الحديث: **59** .

Marfat.com

رَجُلًا دَبَّرَ غُلَامًا، وَكَانَ مُحْتَاجًا، فَبَاعَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَابِرٍ إِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْكَبِيرِ بْنُ الْمُعَافَى

یہ حدیث جابر سے شریک روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالکبیر بن معافی اکیلے ہیں۔

**6702** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ كَيْسَانَ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حُمَيْدٍ الطَّوِيلُ، ثنا صَالِحُ بْنُ أَبِي الْأَخْضَرِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ هَذِهِ الْحُشُوشَ مُحْتَضَرَةٌ، فَإِذَا دَخَلَهَا أَحَدُكُمْ فَلْيَقُلْ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ شیاطین بیت الخلاء میں موجود ہوتے ہیں' جب تم میں سے کوئی داخل ہو تو پڑھے: ''اللّٰهم ان اعوذ بك من الخبث والخبائث''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا صَالِحُ بْنُ أَبِي الْأَخْضَرِ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِبْرَاهِيمُ بْنُ حُمَيْدٍ

یہ حدیث زہری سے صالح بن ابواخضر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن حمید اکیلے ہیں۔

**6703** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ كَيْسَانَ، نا حِبَّانُ بْنُ هِلَالٍ، ثنا سَلِيمُ بْنُ حَيَّانَ، ثنا أَبُو التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْخَيْلُ مَعْقُودٌ بِنَوَاصِيهَا الْخَيْرُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: گھوڑے کی پیشانی میں قیامت کے دن تک بھلائی رکھ دی گئی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَلِيمِ بْنِ حَيَّانَ إِلَّا

یہ حدیث سلیم بن حیان سے حبان بن ہلال روایت

---

**6702**- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد **1** صفحه **2** رقم الحديث: **4-5**' وابن ماجة: الطهارة جلد **1** صفحه **109** رقم الحديث: **298** . بلفظ: اذا دخل الخلاء' قال: اللهم انى أعوذ بك...... . والحديث بلفظ المصنف عن زيد بن أرقم' وقال البيهقى فى الكبرى: قال الامام أحمد: وقيل: عن معمر عن قتادة عن النضر بن أنس عن أنس' وهو وهم . انظر: البيهقى فى الكبرى جلد **1** صفحه **155** .

**6703**- أخرجه البخارى: المناقب جلد **6** صفحه **732** رقم الحديث: **3645**' ومسلم: الامارة جلد **3** صفحه **1494** . ولفظ مسلم: البركة فى نواصى الخيل . ولم يذكرا: الى يوم القيامة .

Marfat.com

حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ

**6704** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، نَا حِبَّانُ، عَنْ سَلِيمِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اَنَّ عُمَرَ قَالَ: اِنَّ اَبَا بَكْرٍ قَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فِينَا عَامَ الْاَوَّلِ، فَقَالَ: اِنَّهُ لَمْ يُقْسَمْ بَيْنَ النَّاسِ شَيْءٌ اَفْضَلُ مِنَ الْمُعَافَاةِ بَعْدَ الْيَقِينِ، اَلَا وَاِنَّ الْبِرَّ وَالصِّدْقَ فِي الْجَنَّةِ، اَلَا وَاِنَّ الْكَذِبَ وَالْفُجُورَ فِي النَّارِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَلِيمٍ اِلَّا حِبَّانُ بْنُ هِلَالٍ

**6705** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، ثَنَا حِبَّانُ بْنُ هِلَالٍ، ثَنَا مُطِيعُ بْنُ مَيْمُونٍ الْعَنْبَرِيُّ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ عِصْمَةَ، وَهِيَ اُمُّهُ عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ خُرُوجِ الْعَوَاتِقِ فِي الْعِيدَيْنِ؟ فَقَالَ: يَخْرُجْنَ . قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنْ لَمْ يَكُنْ لَهَا ثَوْبٌ؟ قَالَ: تَلْبَسُ ثَوْبَ صَاحِبَتِهَا، اَلَمْ تَسْمَعِي اَنَّ اللّٰهَ يَقُولُ: (وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلَى مَا هَدَاكُمْ) (البقرة:185)

**6706** - وَبِهِ، عَنْ صَفِيَّةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ

کرتے ہیں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر نے فرمایا کہ حضور ﷺ ہم میں کھڑے ہوئے' آپ نے فرمایا: لوگوں کے درمیان ایمان کے بعد عافیت سے بڑھ کر کوئی شی تقسیم نہیں کی گئی' خبردار! نیکی اور سچ جنت میں لے جانے والے اعمال ہیں اور جھوٹ اور گناہ جہنم والے عمل ہیں۔

یہ حدیث سلیم سے حبان بن ہلال روایت کرتے ہیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ سے پوچھا گیا عورتوں کا عیدین کی نماز کے لیے نکلنے کے متعلق تو آپ نے فرمایا: نکلیں! عرض کی گئی: یارسول اللہ! اگر کسی کے پاس کپڑا نہ ہو؟ آپ نے فرمایا: وہ اپنی سہیلی کا پہن لے' کیا تو نے اللہ عزوجل کا یہ ارشاد نہیں دیکھا: ''ولتکملوا العدة ولتکبروا اللّٰه علی ما هداکم''۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک

---

6704- أخرجه أحمد: المسند جلد1صفحه12 رقم الحديث:50 .

6705- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 2صفحه203 . وقال: رواه الطبراني في الأوسط وفيه مطيع بن ميمون . قال ابن عدي: له حديثان غير محفوظين' وقال ابن المديني: ثقة .

6706- أخرجه أبو داؤد: الترجل جلد 4صفحه75 رقم الحديث: 4166' والنسائي: الزينة جلد 8صفحه122

Marfat.com

امْـرَاَةٌ مُدَّتْ يَدَهَا بِكِتَابٍ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَـلَيْـهِ وَسَـلَّمَ، فَقَبَضَ يَدَهُ عَنْهَا، فَقَالَتْ: لِمَ قَبَضْتَ يَدَكَ عَنِّي؟ فَقَالَ: رَجُلٌ اَوِ امْرَاَةٌ؟ قَالَتْ: امْرَاَةٌ قَالَ: لَوْ كُنْتِ امْرَاَةً غَيَّرْتِ اَظْفَارَكِ بِالْحِنَّاءِ

عورت نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خط لینے کے لیے ہاتھ لمبا کیا تو آپ نے اپنا ہاتھ سمیٹ لیا' اس نے عرض کی: آپ نے مجھ سے اپنا ہاتھ کیوں سمیٹ لیا؟ آپ نے فرمایا: عورت یا مرد ہے؟ اس نے عرض کی: عورت ہوں' آپ نے فرمایا: اگر تُو عورت ہے تو اپنے ناخنوں پر مہندی لگاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ عِصْمَةَ اِلَّا مُطِيعُ بْنُ مَيْمُونٍ

یہ دونوں حدیثیں صفیہ بنت طلحہ سے مطیع بن میمون روایت کرتے ہیں۔

**6707** - حَـدَّثَـنَـا مُـحَـمَّـدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ كَيْسَانَ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ الْغُدَانِيُّ، ثَنَا هَمَّامٌ، ثَنَا مُـحَـمَّـدُ بْـنُ اَبِي اِسْرَائِيلَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي بَشِيرٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ قَالَ لِلنَّبِيِّ صَـلَّـى الـلّٰـهُ عَـلَيْـهِ وَسَلَّمَ: اِنْ كَانَ عَلَيْنَا اِمَامٌ يَعْمَلُ بِـغَيْـرِ طَـاعَةِ الـلّٰهِ اَنَسْمَعُ وَنُطِيعُ؟ فَاَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ عَـاوَدَهُ، فَـاَعْـرَضَ عَـنْـهُ، ثُمَّ قَالَ: عَلَيْهِمْ مَا حُمِّلُوا، وَعَلَيْكُمْ مَا حُمِّلْتُمْ

حضرت علقمہ بن وائل اپنے والد سے روایت کرتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی گئی: اگر ہم پر کوئی ایسا حکمران مسلط کیا جائے اللہ کی اطاعت کے بغیر' کیا ہم اس کی بات سنیں اور اطاعت کریں؟ آپ نے اس سے اعراض کیا' اس نے دوبارہ عرض کی' آپ نے دوبارہ اعراض کیا' پھر آپ نے فرمایا: تمہارے لیے وہ ہے جو تم نے کیا اور ان پر وہ ہے جو انہوں نے کیا۔

لَـمْ يَـرْوِ هَـذَا الْـحَـدِيثَ عَـنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي اِسْـرَائِيلَ اِلَّا هَـمَّامٌ، وَلَا رَوَاهُ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، وَاَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُقْرِءُ

یہ حدیث محمد بن ابی اسرائیل سے ہمام روایت کرتے ہیں اور عبداللہ بن رجاء سے اور ابوعبدالرحمٰن المقری روایت کرتے ہیں محمد بن ابی اسماعیل سے۔

**6708** - حَـدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ الْبَغْدَادِيُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثَنَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت امام حسن و حسین کا عقیقہ کیا اور ساتویں د

(باب الخضاب للنساء)' وأحمد: المسند جلد6صفحه293 رقم الحديث: 26312 .

6707- أخرجه مسلم: الامارة جلد3صفحه1474' والترمذي: الفتن جلد4صفحه488 رقم الحديث: 2199 .

6708- اسناده حسن: فيه محمد بن أبي السرى العسقلاني: صدوق له أوهام . انظر: مجمع الزوائد للهيثمي جلد صفحه62 .

Marfat.com

الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، نَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَقَّ عَنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ، وَخَتَنَهُمَا لِسَبْعَةِ اَيَّامٍ

ختنے کروائے۔

لَمْ يَقُلْ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ اَحَدٌ مِنَ الرُّوَاةِ: وَخَتَنَهُمَا لِسَبْعَةِ اَيَّامٍ، اِلَّا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ

اس حدیث میں ''وختنهما لسبعة ايام'' کے الفاظ صرف زہیر بن محمد نے کہے ہیں۔

**6709** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ، نَا اِسْحَاقُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْاَرْكُونِ الدِّمَشْقِيُّ، ثَنَا خُلَيْدُ بْنُ دَعْلَجٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَانُ الْاَرْضِ مِنَ الْغَرَقِ الْقَوْسُ، وَاَمَانُ اُمَّتِي مِنَ الْاِخْتِلَافِ الْمُوَالَاةُ لِقُرَيْشٍ، قُرَيْشٌ اَهْلُ اللّٰهِ، ثَلَاثًا، فَاِذَا خَالَفَتْهَا قَبِيلَةٌ مِنَ الْعَرَبِ صَارُوا حِزْبَ اِبْلِيسَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: زمین پر غرق ہونے سے امان ایمان ہے اور میری اُمت کے لیے موالات سے اختلاف قریش امان ہے' قریش اللہ والے ہیں' جب عرب کے قبیلے والے اختلاف کریں' ان کا سپہ سالار شیطان ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا خُلَيْدُ بْنُ دَعْلَجٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ بْنُ سَعِيدٍ

یہ حدیث عطاء سے خلیفہ بن دعلج روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن سعید اکیلے ہیں۔

**6710** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُسَامَةَ الْحَلَبِيُّ، نَا اَبِي، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى عَلَى مَيِّتٍ بَعْدَمَا دُفِنَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک میت کی نماز جنازہ پڑھائی اس کو دفن کرنے کے بعد۔

---

**6709**- اسناده فيه: أ- اسحاق بن سعيد بن الأركون القرشي الدمشقي: ضعيف جدًا' قال أبو حاتم: ليس بثقة وقال الدارقطني: منكر الحديث . ب - وخليد بن دعلج السلومي ضعيف أخرجه الحاكم: كتاب معرفة الصحابة جلد4 صفحه 75 . وقال: حديث ضعيف الاسناد ولم يخرجاه . وتعقبه الذهبي: قال: قلت واهٍ في اسناده ضعيفان .

**6710**- أخرجه النسائي: الجنائز جلد4صفحه70-71 (باب الصلاة على القبر) .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ إِلَّا جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو أُسَامَةَ زَيْدُ بْنُ عَلِيٍّ

یہ حدیث ابن جریج سے جعفر بن برقان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابواسامہ زید بن علی اکیلے ہیں۔

**6711** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ، نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، ثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي فَرْوَةَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى أُمَّتِي لَجَعَلْتُ وَقْتَ الْعِشَاءِ إِلَى نِصْفِ اللَّيْلِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر مجھے اپنی اُمت پر مشقت کا خوف نہ ہوتا تو میں عشاء کا وقت آدھی رات تک کرتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ إِلَّا إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ

یہ حدیث صفوان بن سلیم سے اسحاق بن عبداللہ روایت کرتے ہیں۔

**6712** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي زُرْعَةَ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، نَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، نَا النُّعْمَانُ بْنُ الْمُنْذِرِ، عَنْ مَكْحُولٍ، أَنَّ قَيْصَرًا حَدَّثَهُ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ كَانَ يُصَلِّي عَلَى رَاحِلَتِهِ حَيْثُ تَوَجَّهَتْ بِهِ، فَسُئِلَ أَسُنَّةٌ هِيَ؟ قَالَ: سُنَّةٌ . قَالُوا: سَمِعْتَهَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَتَبَسَّمَ، وَقَالَ: سَمِعْتُهَا

حضرت قیصر فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سواری پر جس طرف بھی منہ ہوتا نماز پڑھتے' آپ سے پوچھا گیا: کیا یہ سنت ہے؟ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: سنت ہے! انہوں نے کہا: آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے؟ حضرت ابن عمر نے تبسم کیا اور فرمایا: میں نے سنا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَكْحُولٍ إِلَّا النُّعْمَانُ بْنُ الْمُنْذِرِ

یہ حدیث مکحول سے نعمان بن المنذر روایت کرتے ہیں۔

---

**6711**- أخرجه الترمذي: الصلاة جلد **1** صفحه **310** رقم الحديث: **167** . وقال: حسن صحيح . وابن ماجة: الصلاة جلد **1** صفحه **226** رقم الحديث: **691**' وأحمد: المسند جلد **2** صفحه **570** رقم الحديث: **9604** .

**6712**- أصله عند البخاري ومسلم . أخرجه البخاري: التقصير جلد **2** صفحه **669** رقم الحديث: **1098**' ومسلم: المسافرين جلد **1** صفحه **487** .

Marfat.com

6713 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی زُرْعَةَ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ الْمُنْذِرِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّهُ اَهَلَّ بِالْحَجِّ حِينَ انْبَعَثَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ، وَقَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُهِلُّ اِذَا انْبَعَثَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ

حضرت نافع سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما احرام باندھتے' جب سواری پرسوار ہوتے اور فرماتے: میں نے رسول اللہ ﷺ کو احرام باندھتے دیکھا جب آپ سواری پر سواری ہو جاتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ الْمُنْذِرِ اِلَّا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ

یہ حدیث نعمان بن منذر سے یحییٰ بن حمزہ روایت کرتے ہیں۔

6714 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی زُرْعَةَ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، نَا مَرْزُوقُ بْنُ اَبِی الْهُذَيْلِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَرِضَ فِيهِ: صُبُّوا عَلَيَّ مِنْ سَبْعِ قِرَبٍ، لَمْ تُحْلَلْ اَوْكِيَتُهُنَّ، لَعَلِّي اَعْهَدُ اِلَى النَّاسِ قَالَتْ عَائِشَةُ: فَاَجْلَسْنَاهُ فِي مِخْضَبَةٍ لِحَفْصَةَ، وَسَكَبْنَا عَلَيْهِ مِنَ الْمَاءِ مِنْ تِلْكَ الْقِرَبِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنی بیماری میں فرمایا: مجھ پر سات مشکوں سے لے کر پانی ڈالو جن کی ڈوریاں نہیں کھولی گئیں' شاید میں لوگوں سے کوئی وعدہ کروں۔ حضرت عائشہ فرماتی ہیں: ہم نے آپ کو حضرت حفصہ کے ٹب میں بٹھایا اور ان مشکوں سے آپ پر پانی انڈیلا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَرْزُوقِ بْنِ اَبِي الْهُذَيْلِ اِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

اس حدیث کو مرزوق بن ابی ہذیل سے ولید بن مسلم نے روایت کیا۔

6715 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي زُرْعَةَ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّنْعَانِيُّ، ثَنَا اَبُو سَلَمَةَ الْعَامِلِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے ہے کہ رسول کریم ﷺ نے اکثم بن ابی جون خزاعی سے فرمایا: غیر قوم سے لڑائی کر' تیرے اخلاق اچھے ہوں گے اور اپنے دوستوں کے سامنے عزت دار ہو گا' اے اکثم!

6713- أخرجه البخاري: الوضوء جلد1صفحه321 رقم الحديث:166' ومسلم: الحج جلد2صفحه844 .

6714- أخرجه البخاري: الوضوء جلد1صفحه362 رقم الحديث: 198' والدارمي: المقدمة جلد1صفحه51 رقم الحديث: 81' وأحمد: المسند جلد6صفحه169 رقم الحديث: 25233 .

6715- أخرجه ابن ماجة: الجهاد جلد2صفحه944 رقم الحديث: 2827 .

Marfat.com

قَالَ لِأَكْثَمَ بْنِ اَبِی الْجَوْنِ الْخُزَاعِیِّ: اغْزُ مَعَ غَيْرِ قَوْمِكَ يَحْسُنْ خُلُقُكَ، وَتَكْرُمْ عَلَى رُفَقَائِكَ، يَا اَكْثَمُ، خَيْرُ الرُّفَقَاءِ اَرْبَعَةٌ، وَخَيْرُ الطَّلَائِعِ اَرْبَعُونَ، وَخَيْرُ السَّرَايَا اَرْبَعُمِائَةٍ، وَخَيْرُ الْجُيُوشِ اَرْبَعَةُ آلَافٍ، وَلَنْ يُوَلِّی اثْنَا عَشَرَ اَلْفًا مِنْ قِلَّةٍ

بہترین رفیق چار ہیں' بہتر ہراول دستے چالیس' بہترین سے چار سو' بہترین لشکر چار ہزار ہیں' کم از کم بارہ ہزار والی نہیں بنیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا اَبُو سَلَمَةَ الْعَامِلِیُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

اس حدیث کو امام زہری نے حضرت انس سے روایت کیا مگر ابوسلمہ عاملی نے۔ اس حدیث کو ہشام بن عمار اکیلے ہیں۔

**6716** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی زُرْعَةَ الدِّمَشْقِیُّ، نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ اَبِی غَنِيَّةَ، اَخْبَرَنِی الْحَكَمُ بْنُ عُتَيْبَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُخَيْمِرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُكَيْمٍ الْجُهَنِیِّ قَالَ: كَتَبَ اِلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ بِجُهَيْنَةَ، اَنْ: لَا تَسْتَمْتِعُوا مِنَ الْمَيْتَةِ بِاِهَابٍ وَلَا عَصَبٍ

حضرت عبداللہ بن عکیم الجہنی فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہم کو خط لکھا' ہم جہینہ کے مقام پر تھے کہ تم مردار کے پٹھوں سے اور کھال سے فائدہ نہ اُٹھاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُخَيْمِرَةَ اِلَّا ابْنُ اَبِی غَنِيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث حکم' قاسم بن مخیمرہ سے اور حکم سے ابن ابی غنیہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ولید بن مسلم اکیلے ہیں۔

**6717** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی زُرْعَةَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

**6716**- أخرجه أبو داؤد: اللباس جلد **4** صفحه **66** رقم الحديث: **4127**' والترمذی: اللباس جلد **4** صفحه **222** رقم الحديث: **1729** . وقال: حسن . والنسائی: الفرع جلد **7** صفحه **154** (باب ما يدبغ به جلود الميتة)' وابن ماجة: اللباس جلد **2** صفحه **1194** رقم الحديث: **3613**' وأحمد: المسند جلد **4** صفحه **381** رقم الحديث: **18805** .

**6717**- ذكره الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد **10** صفحه **424** وقال: رواه البزار' والطبرانی فی الأوسط بنحوه' وأبو يعلى باختصار' ورجال ابی يعلى رجال الصحيح' وأحد اسنادی الطبرانی رجاله رجال الصحيح غير عبد الرحمٰن بن ثابت بن ثوبان وقد وثقه غير واحد واسناد البزار فيه خلاف .

Marfat.com

الدِّمَشْقِيُّ، نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتَانِي جِبْرِيلُ وَفِي يَدِهِ كَهَيْئَةِ الْمِرْآةِ الْبَيْضَاءِ، فِيهَا نُكْتَةٌ سَوْدَاءُ، فَقُلْتُ: مَا هَذِهِ يَا جِبْرِيلُ؟ قَالَ: هَذِهِ الْجُمُعَةُ، بَعَثَ بِهَا رَبُّكَ إِلَيْكَ تَكُونُ عِيدًا لَكَ وَلِأُمَّتِكَ بَعْدَكَ، فَقُلْتُ: مَا لَنَا فِيهَا؟ فَقَالَ: لَكُمْ خَيْرٌ كَثِيرٌ، أَنْتُمُ الْآخِرُونَ السَّابِقُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَفِيهَا سَاعَةٌ لَا يُوَافِقُهَا عَبْدٌ مُسْلِمٌ يُصَلِّي يَسْأَلُ اللَّهَ فِيهَا شَيْئًا إِلَّا أَعْطَاهُ إِيَّاهُ، فَقُلْتُ: مَا هَذِهِ النُّكْتَةُ السَّوْدَاءُ؟ قَالَ: هَذِهِ السَّاعَةُ، تَقُومُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَهُوَ سَيِّدُ الْأَيَّامِ، وَنَحْنُ نُسَمِّيهِ يَوْمَ الْمَزِيدِ، قُلْتُ: يَا جِبْرِيلُ، مَا الْمَزِيدُ؟ قَالَ: ذَلِكَ أَنَّ رَبَّكَ اتَّخَذَ فِي الْجَنَّةِ وَادِيًا أَفْيَحَ مِنْ مِسْكٍ أَبْيَضَ، فَإِذَا كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ مِنْ أَيَّامِ الْآخِرَةِ يَهْبِطُ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالَى عَنْ عَرْشِهِ إِلَى كُرْسِيِّهِ، وَحُفَّ الْكُرْسِيُّ بِمَنَابِرَ مِنْ نُورٍ فَجَلَسَ عَلَيْهَا النَّبِيُّونَ، وَحُفَّتِ الْمَنَابِرُ بِكَرَاسِيَّ مِنْ ذَهَبٍ فَجَلَسَ عَلَيْهَا الشُّهَدَاءُ، وَيَهْبِطُ أَهْلُ الْغُرَفِ مِنْ غُرَفِهِمْ، فَيَجْلِسُونَ عَلَى كُثْبَانِ الْمِسْكِ، لَا يَرَوْنَ لِأَهْلِ الْكَرَاسِيِّ وَالْمَنَابِرِ عَلَيْهِمْ فَضْلًا فِي الْمَجْلِسِ، وَيَبْدُو لَهُمْ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ، فَيَقُولُ: سَلُونِي، فَيَقُولُونَ: نَسْأَلُكَ الرِّضَا يَا رَبُّ، فَيَقُولُ: رِضَائِي أَحَلَّكُمْ دَارِي، وَأَنَالَكُمْ كَرَامَتِي، ثُمَّ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حضرت جبریل علیہ السلام میرے پاس تشریف لائے' آپ کے پاس سفید شیشہ کی طرح کوئی شی تھی' اس میں سیاہ نکتہ تھا' میں نے کہا: اے جبریل! یہ کیا ہے؟ عرض کی: یہ جمعہ ہے' یہ آپ کے رب نے آپ اور آپ کی اُمت جو آپ کے بعد کی طرف عید بنا کر بھیجا ہے۔ میں نے کہا: ہمارے لیے اس میں کیا ہے؟ عرض کی: تمہارے لیے بہت زیادہ بھلائی ہے' تم آخر میں ہو اور قیامت کے دن پہلے ہو گے' اس دن ایک ایسا وقت ہوتا ہے جس کو کوئی مسلمان پالیتا ہے' اللہ عزوجل سے کوئی شی مانگتا ہے' اللہ عزوجل اس کو عطا کرتا ہے' میں نے کہا: یہ سیاہ نکتہ کیا ہے؟ آپ نے عرض کی: یہ وقت ہے جب دن جمعہ کا دن ہو' یہ دن تمام دنوں کا سردار ہے' ہم اس کا نام یومِ مزید رکھتے ہیں۔ میں نے کہا: اے جبریل! یوم المزید کیا ہے؟ عرض کی: حضرت جبریل نے آپ کے رب نے جنت میں ایک وادی بنائی' اس میں مشک سے زیادہ سفید خوشبو رکھی ہے؟ جب جمعہ کا دن ہوتا ہے تو اللہ عزوجل اپنے عرش کی کرسی پر تشریف فرما ہوتا ہے اور (جس طرح اس کی شان کے لائق ہے) اس کرسی کے اردگرد نور کے منبر رکھے ہیں' اس پر انبیاء ہوں گے اور سونے کے منبر کی کرسیاں رکھی' کہا: اس پر شہداء بیٹھیں گے' کمروں والے کمروں سے اُتریں گے' مشک خوشبو کی چوٹی پر بیٹھیں گے' کرسیوں اور منبروں والوں کے لیے وہ اپنے اوپر کوئی فضیلت نہ دیکھیں گے۔ اللہ عزوجل ان کے لیے اپنا جلال اور عزت ظاہر کرے گا۔ فرمائے گا: مجھ

Marfat.com

يَقُولُ: سَلُونِي، فَيَقُولُونَ بِاَجْمَعِهِمْ: نَسْاَلُكَ الرِّضَا، فَيُشْهِدُهُمْ عَلَى الرِّضَا، ثُمَّ يَقُولُ: سَلُونِي، فَيَسْاَلُونَهُ حَتَّى يَنْتَهِيَ كُلُّ عَبْدٍ مِنْهُمْ، ثُمَّ يَفْتَحُ عَلَيْهِمْ مَا لَا عَيْنٌ رَاَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ

سے مانگو! وہ عرض کریں گے: اے رب! ہم تجھ سے تیری رضا مانگتے ہیں۔ اللہ عزوجل فرمائے گا: میری رضا تمہارے لیے میرے گھر جنت کی صورت میں حلال ہوگئی' میری عزت تم کو ملی۔ پھر فرمائے گا: مجھ سے مانگو! وہ سارے اکٹھے ہوکر عرض کریں گے: ہم تجھ سے تیری رضا مانگتے ہیں' وہ رضا پر گواہی دیں گے' پھر اللہ عزوجل فرمائے گا: مجھ سے مانگو! وہ مانگیں گے یہاں تک کہ ہر بندہ مانگے' پھر ان کو ایسی شی دی جائے گی جو کسی آنکھ نے دیکھی اور نہ کسی کان نے سنی' نہ کسی انسان کے دل میں اس کا خیال آیا ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ اِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث ابن ثوبان سے ولید بن مسلم روایت کرتے ہیں۔

**6718** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ حَكِيمَ بْنَ حِزَامٍ اشْتَرَى طَعَامَ الرِّزْقِ، فَبَاعَهُ قَبْلَ اَنْ يَقْبِضَهُ، فَنَهَاهُ عُمَرُ، وَقَالَ: اَمَا اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ الطَّعَامِ حَتَّى يُقْبَضَ فَرَدَّ اِلَيْهِ رَاْسَ مَالِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت حکیم بن حزام نے گندم خریدی' اس پر قبضہ کرنے سے پہلے فروخت کردیا' حضرت عمر نے ان کو منع کیا اور فرمایا: کیا آپ کو معلوم نہیں ہے کہ حضور ﷺ نے گندم کی بیع قبضہ کرنے سے پہلے فروخت کرنے سے منع کیا ہے' اس کو مال کا اصل واپس کردو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَلَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا مُؤَمَّلٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ حدیث نافع سے عبداللہ بن عمر اور حضرت عبداللہ بن عمر سے مؤمل روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ہشام بن عمار اکیلے ہیں۔

---

**6718**- أصله عند البخاری ومسلم بدون ذكر القصة' عن ابن عمر رضی الله عنهما ـ أخرجه البخاری: البيوع جلد **4** صفحه **407** رقم الحديث: **2133**' ومسلم: البيوع جلد **3** صفحه **1161** ـ

Marfat.com

**6719** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی زُرْعَةَ، نَا هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ الْاَزْرَقُ، نَا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ اَبِی مَالِكٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَاَيْتُ لَيْلَةَ اُسْرِیَ بِی مَكْتُوبٌ عَلَى بَابِ الْجَنَّةِ: الصَّدَقَةُ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا، وَالْقَرْضُ بِثَمَانِيَةَ عَشَرَ، قُلْتُ: يَا جِبْرِيلُ، مَا بَالُ الْقَرْضِ اَفْضَلُ مِنَ الصَّدَقَةِ؟ فَقَالَ: اِنَّ السَّائِلَ يَسْاَلُ وَعِنْدَهُ، وَالْمُسْتَقْرِضُ لَا يَسْتَقْرِضُ اِلَّا مِنْ حَاجَةٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس رات مجھے معراج کروائی گئی میں نے جنت کے دروازے پر لکھا ہوا دیکھا: صدقہ کا ثواب دس گنا ہے قرض دینے کا ثواب اٹھارہ گنا ہے۔ میں نے کہا: اے جبریل! قرض کو صدقہ پر فضیلت کیوں دی گئی؟ حضرت جبریل نے عرض کی: مانگنے والا مانگتا ہے حالانکہ اس کے پاس مال ہوتا ہے اور قرض مانگنے والا قرض مانگتا ہے اس کو ضرورت ہوتی ہے۔

**6720** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی زُرْعَةَ، نَا هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ الْاَزْرَقُ، نَا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ اَبِی مَالِكٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كَانَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، يَضَعُ يَدَيْهِ عَلَى اُذُنَيْهِ، وَيَقُولُ: صُمَّتَا اِنْ لَمْ تَكُنْ سَمِعَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: تَوَضَّئُوا مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ

حضرت خالد بن یزید بن ابی مالک اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اپنے ہاتھ دونوں کانوں پر رکھے۔ فرمایا: خاموش ہو جاؤ! کیا تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے نہیں سنا: آگ سے پکی ہوئی شی کھانے کے بعد وضو کر لیا کرو (یعنی ہاتھ اور کلی کرلو)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِی مَالِكٍ اِلَّا ابْنُهُ خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ

یہ دونوں حدیثیں یزید بن ابو مالک سے ان کے بیٹے خالد بن یزید روایت کرتے ہیں۔

**6721** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی زُرْعَةَ، نَا

حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ اپنے والد سے روایت

---

**6719**- أخرجه ابن ماجة: الصدقات جلد 2 صفحه 812 رقم الحديث: 2431، في الزوائد: في اسناده خالد بن يزيد، ضعفه أحمد، وابن معين، وأبو داؤد، والنسائي، وأبو زرعة، والدارقطني، وغيرهم .

**6720**- اسناده فيه: أ- هشام بن خالد بن يزيد بن مروان الأزرق أبو مروان الدمشقي قال الحافظ ابن حجر: صدوق . انظر: التقريب جلد 2 صفحه 244 . ب- خالد بن يزيد بن عبد الرحمٰن: ضعيف . اتهمه ابن معين . انظر: التقريب جلد 1 صفحه 171 . ج- يزيد بن عبد الرحمٰن بن أبي مالك قال ابن حجر جلد 2 صفحه 282: صدوق ربما وهم . وانظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 252 .

**6721**- اسناده فيه: أ- حلبس بن محمد الكلابي: متروك . لسان الميزان جلد 2 صفحه 344 . ب- محمد بن عبد الرحمٰن بن أبي ليلى: صدوق سيئ الحفظ . وانظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 38 .

Marfat.com

هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، نَا حَلْبَسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا ابْنُ اَبِی لَيْلَى، عَنْ اَخِيهِ عِيسَى، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْجَنِينِ؟ فَقَالَ: ذَكَاتُهُ ذَكَاةُ اُمِّهِ

کرتے ہیں کہ حضور ﷺ سے ایسے بچہ کے متعلق پوچھا گیا جو جانور کے پیٹ میں ہوتا ہے' آپ نے فرمایا: اس کی ماں کا ذبح کرنا اس کا ذبح کرنا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ حدیث ابن ابولیلیٰ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ہشام بن عمار اکیلے ہیں۔

**6722** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي زُرْعَةَ، نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: النَّوَائِحُ عَلَيْهِنَّ سَرَابِيلُ مِنْ قَطِرَانٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نوحہ کرنے والیوں پر قطران ڈالا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث نافع سے عبدالعزیز بن عبیداللہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عیاش اکیلے ہیں۔

**6723** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي زُرْعَةَ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، نَا الْحَسَنُ بْنُ يَحْيَى الْخُشَنِيُّ، حَدَّثَنِي طَلْحَةُ بْنُ مُوسَى، عَنْ عَمِّهِ اِسْحَاقَ بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْحَجُّ جِهَادٌ، وَالْعُمْرَةُ تَطَوُّعٌ

حضرت طلحہ بن عبیداللہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: حج جہاد ہے' عمرہ کا ثواب نفل کے برابر ہے۔

لَا يُرْوَى عَنْ طَلْحَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ:

یہ حدیث طلحہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو

---

**6722**- اسناده فيه: اسماعيل بن عياش قال الحافظ ابن حجر تقريب التهذيب جلد 1 صفحه 70: صدوق في روايته عن أهل بلده مخلط في غيرهم . وهو هنا قد روى عن غيرهم . وانظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 71 .

**6723**- أخرجه ابن ماجة: المناسك جلد 2 صفحه 995 رقم الحديث: 2989 . في الزوائد: في اسناده ابن قيس المعروف بمندل' ضعفه أحمد' وابن معين' وغيرهم' والحسن أيضًا ضعيف .

Marfat.com

هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

روایت کرنے میں ہشام بن عمار اکیلے ہیں۔

**6724** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي زُرْعَةَ، نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، نَا الْخَلِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ يُحَدِّثُ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ اَبِي اُمَيَّةَ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَاْكُلُ، فَقَالَ: هَلُمَّ، قُلْتُ: اِنِّي صَائِمٌ قَالَ: هَلُمَّ اُحَدِّثْكَ، اِنَّ اللّٰهَ وَضَعَ عَنِ الْمُسَافِرِ الصِّيَامَ وَشَطْرَ الصَّلَاةِ

حضرت ابوامیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' آپ کوئی شی تناول کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: آؤ کھاؤ! میں نے عرض کی: میں روزہ کی حالت میں ہوں؟ آپ نے فرمایا: آؤ میں تم کو بتاؤں! بے شک اللہ عزوجل نے مسافر سے روزہ معاف رکھا ہے (بعد میں اس کی قضاء ہے) اور آدھی نماز رکھی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ اِلَّا الْخَلِيلُ تَفَرَّدَ بِهِ هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ حدیث علی بن زید سے خلیل روایت کرتے ہیں۔ اس کو رویت کرنے میں ہشام بن عمار اکیلے ہیں۔

**6725** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي زُرْعَةَ، نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ سُمَيْعٍ، نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَمَةَ النَّصْرِيُّ الْكُوفِيُّ، عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ: شَيَّعَنِي وَصَاحِبًا لِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَاَنَا مُنْطَلِقٌ مِنَ الْمَدِينَةِ اِلَى الْعِرَاقِ، فَلَمَّا اَرَادَ اَنْ يَنْصَرِفَ قَالَ: اِنَّهُ لَيْسَ عِنْدِي شَيْءٌ اُعْطِيكُمَا، وَلٰكِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اللّٰهَ اِذَا اسْتُودِعَ شَيْئًا حَفِظَهُ وَاِنِّي اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِينَكُمَا، وامانتكما، وَخَوَاتِيمَ

حضرت مجاہد فرماتے ہیں: میں اور میرے ساتھی سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا اس حالت میں کہ میں مدینہ سے عراق کی طرف جا رہا تھا' جب واپسی کا ارادہ کیا تو حضرت عبداللہ بن عمر نے فرمایا: میرے پاس کوئی شی نہیں ہے جو میں تم دونوں کو دوں' لیکن میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ عزوجل کو جب کوئی شی سونپ دی جائے تو وہ حفاظت کرتا ہے' میں تمہارے دین اور امانت اور تمہارے اعمال کے خواتم کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔

---

**6724**- أخرجه النسائي: الصيام جلد4صفحه149 (باب ذكر وضع الصيام عن المسافر) . وانظر: تلخيص الحبير جلد2صفحه215 رقم الحديث:40 .

**6725**- أخرجه أبو داؤد: الجهاد جلد 3صفحه34 رقم الحديث: 2600 من طريق قزعة' قال: قال لي ابن عمر' بنحوه . والترمذي: الدعوات جلد 5صفحه499 رقم الحديث: 3443' وأحمد: المسند جلد 2صفحه 11 رقم الحديث: 4523 بنحوه من طريق سعيد بن خثيم عن حنظلة' عن سالم أن ابن عمر فذكره وقال الترمذي: حسن صحيح غريب .

Marfat.com

عَمَلِكُمَا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ سَلَمَةَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ سُمَيْعٍ، تَفَرَّدَ بِهِ هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ حدیث معاویہ بن سلمہ سے محمد بن عیسیٰ بن سمیع روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ہشام بن عمار اکیلے ہیں۔

**6726** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي زُرْعَةَ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ، عَنْ أَبِي سَعْدٍ، خَادِمِ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَبْغَضَ عُمَرَ فَقَدْ أَبْغَضَنِي، وَمَنْ أَحَبَّ عُمَرَ فَقَدْ أَحَبَّنِي، وَإِنَّ اللّٰهَ بَاهَى بِالنَّاسِ عَشِيَّةَ عَرَفَةَ عَامَّةً، وَبَاهَى بِعُمَرَ خَاصَّةً، وَإِنَّهُ لَمْ يَبْعَثْ نَبِيًّا إِلَّا كَانَ فِي أُمَّتِهِ مُحَدَّثٌ، وَإِنْ يَكُنْ فِي أُمَّتِي مِنْهُمْ أَحَدٌ فَهُوَ عُمَرُ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَيْفَ مُحَدَّثٌ؟ قَالَ: تَتَكَلَّمُ الْمَلَائِكَةُ عَلَى لِسَانِهِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے عمر سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا' جس نے عمر سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی' بے شک اللہ عزوجل عرفہ کی رات سب پر فخر کرتا ہے اور حضرت عمر پر خاص فخر کیا' ہر نبی کی اُمت میں محدث تھا' میری اُمت میں سے عمر ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! محدث کیسے ہیں؟ فرمایا: ان کی زبان پر فرشتہ بولتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ إِلَّا الْحَسَنُ، وَلَا رَوَاهُ عَنِ الْحَسَنِ إِلَّا أَبُو سَعْدٍ خَادِمُهُ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ أَبِي سَعْدٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث ابوسعید سے حسن اور حسن سے ابوسعید اور ابوسعید سے محمد بن مہاجر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عیاش اکیلے ہیں۔

**6727** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي زُرْعَةَ، نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ الْهُذَلِيِّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما سورۂ ص میں سجدہ کرتے تھے۔

**6726**- اسناده فيه: ابو سعد خادم الحسن البصري: مجهول . قال ابن حجر في لسان الميزان جلد7صفحه51: لا يدرى من ذا' خبره باطل ثم ساق له هذا الحديث وعزاه للطبراني في الأوسط . وانظر: مجمع الزوائد للهيثمي جلد4صفحه532 .

Marfat.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ سَجَدُوا فِي ص

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا اَبُو بَكْرٍ الْهُذَلِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث حضرت قتادہ سے ابوبکر الہذلی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عیاش اکیلے ہیں۔

**6728** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي زُرْعَةَ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، نَا يُوسُفُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ لِي مَالًا وولدًا، وَاِنَّ اَبِي يُرِيدُ اَنْ يَجْتَاحَ مَالِي؟ فَقَالَ: اَنْتَ وَمَالُكَ لِاَبِيكَ.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے پاس مال اور اولاد بھی ہے اور میرے والد مجھ سے میرا مال لینا چاہتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: تُو اور تیرا مال تیرے باپ کا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُوسُفَ اِلَّا عِيسَى بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث یوسف سے عیسیٰ بن یونس روایت کرتے ہیں۔

**6729** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي زُرْعَةَ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثَنَا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ الْاَسْوَدِ قَالَ: سَمِعْتُ سُلَيْمَانَ بْنَ اَبِي مُسْلِمٍ الْاَحْوَلَ، يَقُولُ: سَاَلْتُ الْمِنْهَالَ، عَنِ الصَّرْفِ، فَقَالَ: اشْتَرَيْتُ اَنَا وَشَرِيكٌ لِي يَدًا بِيَدٍ، وَنَسِيئَةً بِنَسِيئَةٍ، فَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لِلْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، فَقَالَ: فَعَلْتُهُ، اَنَا وَشَرِيكِي زَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ، فَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا كَانَ يَدًا بِيَدٍ فَخُذُوهُ، وَمَا كَانَ نَسِيئَةً فَدَعُوهُ

حضرت سلیمان بن ابومسلم الاحول فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت منہال سے بیع صرف کے متعلق پوچھا' حضرت منہال نے فرمایا: میں نے اور میرے شریک نے نقد نقد اور اُدھار اُدھار خریدا' ہم نے اس کا ذکر حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے کیا' حضرت براء نے فرمایا: میں اور میرے شریک زید بن ارقم نے ایسا کیا' ہم نے اس کا ذکر حضور ﷺ کی بارگاہ میں کیا تو آپ نے فرمایا: جو نقد نقد ہو وہ جائز ہے' جو اُدھار ہے اس کو چھوڑ دو۔

---

6728- اخرجه ابن ماجة: التجارات جلد2صفحه769 رقم الحديث: 2291 ـ في الزوائد: اسناده صحيح' ورجاله ثقات على شرط البخاري ـ

6729- اخرجه البخاري: البيوع جلد 4صفحه348 رقم الحديث: 2060-2061' ومسلم: المساقاة جلد 3 صفحه1212 ـ

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْاَسْوَدِ اِلَّا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، تفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ حدیث عثمان بن اسود سے صدقہ بن خالد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ہشام بن عمار اکیلے ہیں۔

**6730** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي زُرْعَةَ، نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْحُصَيْنِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَلَا صَلَاةَ اِلَّا الْمَكْتُوبَةُ

حضرت عطاء بن یسار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب نماز کے لیے اقامت پڑھی جائے تو صرف فرض نماز جائز ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ حُصَيْنٍ اِلَّا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ حدیث عبدالعزیز بن حصین سے ہشام بن عمار نے روایت کی ہے۔

**6731** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي زُرْعَةَ، نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى اللَّخْمِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى اَبِي طَيْبَةَ فَحَجَمَهُ عِنْدَ غَيْبُوبَةِ الشَّمْسِ عِنْدَ فِطْرِ الصَّائِمِ، ثُمَّ سَاَلَهُ، فَقَالَ: كَمْ خَرَاجُكَ؟ قَالَ: صَاعَيْنِ، فَوَضَعَ عَنْهُ صَاعًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت ابوطیبہ کی طرف بھیجا' آپ کو روزہ افطار کرنے کے وقت سورج غروب ہونے کے وقت پچھنا لگایا' پھر آپ نے پوچھا: تمہاری کتنی مزدوری ہے؟ اس نے عرض کی: دوصاع! آپ نے ایک صاع اس کو دیا۔

---

**6730**- أصله عند مسلم من طريق عطاء بن يسار' عن أبي هريرة به . أخرجه مسلم: المسافرين جلد1صفحه493' وأبو داؤد: الصلاة جلد2صفحه22 رقم الحديث: 1266' والترمذي: الصلاة جلد2صفحه282 رقم الحديث: 421' والنسائي: الامامة جلد 2صفحه90 (باب ما يكره من الصلاة عند الاقامة)' وابن ماجة: الاقامة جلد1صفحه364 رقم الحديث: 1151 .

**6731**- اسناده فيه: أ- هشام بن عمار: صدوق كبر فصار يلقن فيتلقن . التقريب جلد 2صفحه245 . ب- سعيد بن يحيى اللخمي: صدوق وسط . انظر: التقريب جلد1صفحه134 . ج- جعفر بن برقان: صدوق . انظر: التقريب جلد1صفحه109 . د- محمد بن مسلم بن تدرس أبو الزبير: صدوق يدلس وقد عنعن . انظر: التقريب جلد 2 صفحه161 . وانظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه172 .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى اللَّخْمِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ حدیث جعفر بن برقان سے سعید بن یحییٰ لخمی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ہشام بن عمار اکیلے ہیں۔

**6732** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي زُرْعَةَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، نا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ أَبِي الْأَسْبَاطِ الْحَارِثِيِّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ شَرُوسٍ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ الْجَنَازَةَ الَّتِي قَامَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ جَنَازَةَ يَهُودِيٍّ، وَأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: آذَانِي رِيحُهَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک جنازہ گزرا' حضور ﷺ اس کے لیے کھڑے ہوئے' وہ ایک یہودی کا جنازہ تھا' حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے اس کی بدبو نے تکلیف دی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ شَرُوسٍ إِلَّا أَبُو الْأَسْبَاطِ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ

یہ حدیث اسماعیل بن شروس سے ابواسباط روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حاتم بن اسماعیل اکیلے ہیں۔

**6733** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي زُرْعَةَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنِي أَبِي عَمَّارُ بْنُ نُصَيْرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ سَلَامَةَ حَاضِنَةَ إِبْرَاهِيمَ ابْنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، تُبَشِّرُ الرِّجَالَ بِكُلِّ خَيْرٍ وَلَا تُبَشِّرُ النِّسَاءَ؟ قَالَ: أَصُحَابُكِ دَسَّسْنَكِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کے بیٹے ابراہیم کی دایہ سلامہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ مردوں کو ہر خیر کی خوشخبری دیتے ہیں' عورتوں کے لیے بھی کوئی بشارت ہے؟ فرمایا: تیری سہیلیوں نے تجھے اس سوال کیلئے مجبور کیا ہے؟ عرض کی: ہاں! انہوں نے ہی مجھے کہا ہے۔ کیا تم

---

**6732**- ضعيف فيه: اسماعيل بن شروس . روى عبد الرزاق عن معمر قال كان يضع الحديث . ويروى عن عكرمة' وقال ابن عدى' قال البخارى' قال معمر: كان يضع الحديث . انظر: لسان الميزان جلد 1صفحه411 . وأخرجه أحمد جلد 1صفحه201 رقم الحديث: 1738 وباسناد ضعيف . وانظر: مجمع الزوائد جلد 3صفحه31 . فرواية محمد بن على عن الحسين مرسلة وهو لم يجزم ان كان الحسين أم ابن عباس .

**6733**- اسناده فيه: أ- عمار بن نصر السلمي لينه الحافظ أبو القاسم الدمشقي (لسان الميزان جلد4صفحه276) . ب-عمرو بن سعيد الخولاني: ضعيف . انظر: التقريب جلد2صفحه56 . وانظر: مجمع الزوائد جلد4 صفحه307 .

Marfat.com

لِهَذَا؟ قَالَتْ: اَجَلْ، هُنَّ اَمَرْنَنِي قَالَ: اَفَمَا تَرْضَى اِحْدَاكُنَّ اَنَّهَا اِذَا كَانَتْ حَامِلًا مِنْ زَوْجِهَا، وَهُوَ عَنْهَا رَاضٍ اَنَّ لَهَا مِثْلَ اَجْرِ الصَّائِمِ الْقَائِمِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَإِذَا اَصَابَهَا الطَّلْقُ لَمْ يَعْلَمْ اَهْلُ السَّمَاءِ وَاَهْلُ الْاَرْضِ مَا اُخْفِيَ لَهَا مِنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ، فَإِذَا وَضَعَتْ لَمْ يَخْرُجْ مِنْهَا جُرْعَةٌ مِنْ لَبَنِهَا، وَلَمْ يَمُصَّ مَصَّةً اِلَّا كَانَ لَهَا بِكُلِّ جُرْعَةٍ وَبِكُلِّ مَصَّةٍ حَسَنَةٌ، فَإِنْ اَسْهَرَهَا لَيْلَةً كَانَ لَهَا مِثْلُ اَجْرِ سَبْعِينَ رَقَبَةً تُعْتِقُهُنَّ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ـ سَلَامَةُ، تَدْرِي لِمَنْ اَعْنِي بِهَذَا؟ لِلْمُتَمَتِّعَاتِ، الصَّالِحَاتِ، الْمُطِيعَاتِ لِاَزْوَاجِهِنَّ، اللَّوَاتِي لَا يَكْفُرْنَ الْعَشِيرَ

میں سے کوئی ایک اس پہ راضی نہیں ہے کہ جب وہ اپنے شوہر سے حاملہ ہو اور شوہر اس سے راضی ہو تو اس کے لیے روزہ رکھنے والے اللہ کی راہ میں کھڑا ہونے والے کے برابر اجر ہو پس جب اُسے طلاق پہنچے تو آسمان و زمین والوں کو معلوم نہ ہو جو اس کے لیے آنکھوں کی ٹھنڈک پوشیدہ ہے جب وہ بچہ جنے اس کے دودھ کے ہر گھونٹ اور ہر بار چوسنے کے بدلے اس کے لیے نیکی ہو اگر وہ رات کو جاگے تو اسے ستر غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے اے سلامہ! تُو جانتی ہے کہ میں یہ باتیں کس صفت کی مالک عورتوں کے لیے کہہ رہا ہوں؟ اپنے خاوند کو دیکھ کر لطف اندوز ہونے والی نیک اپنے شوہروں کی بات ماننے والی اور وہ جو اپنے خاوندوں کی نافرمانی نہیں کرتیں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

نبی کریم ﷺ سے یہ حدیث صرف اسی سند کے ساتھ مروی ہے۔ اس حدیث کو روایت کرنے میں ہشام بن عمار اکیلے ہیں۔

**6734** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي زُرْعَةَ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثَنَا الْحَكَمُ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ، حَدَّثَنِي قَتَادَةُ بْنُ دِعَامَةَ السَّدُوسِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ النَّاسُ اِذَا نُودِيَ لِصَلَاةِ الْمَغْرِبِ ابْتَدَرُوا الْاَسَاطِينَ، يُصَلُّونَ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ ظَهْرَانَيْهِمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب نمازِ مغرب کے لیے اذان ہوتی تو صحابہ کرام جلدی جلدی ستونوں کے پیچھے ہوتے دو دو رکعتیں پڑھتے رسول اللہ ﷺ ان کے درمیان ہوتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا

یہ حدیث حضرت قتادہ حضرت انس سے اور قتادہ

6734- أخرجه البخاري: الأذان جلد2 صفحه126 رقم الحديث: 625، ومسلم: المسافرين جلد1 صفحه573 .

Marfat.com

الْحَكَمُ بْنُ هِشَامٍ

**6735** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي زُرْعَةَ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ نِسْطَاسٍ الْمَدَنِيُّ، حَدَّثَنِي مِرْبَعٌ، عَنْ اُمِّ سُلَيْمٍ، اُمِّ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهَا قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَوْصِنِي . قَالَ: اهْجُرِي الْمَعَاصِي، فَاِنَّهَا اَفْضَلُ الْهِجْرَةِ، وحافِظِي عَلَى الْفَرَائِضِ، فَاِنَّهَا اَفْضَلُ الْجِهَادِ، وَاَكْثِرِي ذِكْرَ اللّٰهِ، فَاِنَّكِ لَا تَاْتِينَ اللّٰهَ بِشَيْءٍ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ كَثْرَةِ ذِكْرِهِ

سے حکم بن ہشام روایت کرتے ہیں۔

حضرت اُم سلیم رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے وصیت کریں! آپ نے فرمایا: گناہ چھوڑ دے! یہ افضل ہجرت ہے' فرض چیزوں کی حفاظت کر' یہ افضل جہاد ہے۔ زیادہ ذکر کر' کیونکہ اللہ کے ہاں ذکر سے زیادہ کوئی شی پسند نہیں ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اُمِّ سُلَيْمٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ حدیث اُم سلیم سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ہشام بن عمار اکیلے ہیں۔

**6736** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ، نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي الْجَوْنِ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ الْمَدَنِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِنْ اِكْرَامِ جَلَالِ اللّٰهِ اِكْرَامَ ذِي الشَّيْبَةِ الْمُسْلِمِ، وَالْاِمَامِ الْعَادِلِ، وَحَامِلِ الْقُرْآنِ، لَا يَغْلُو فِيهِ وَلَا يَجْفُو عَنْهُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مسلمان بزرگ' عدل کرنے والے بادشاہ اور حافظ قرآن کی جو غلطی نہ کرتا ہو' ان کی عزت کرنا دراصل اللہ کی عزت کرنا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحٍ الْمَدَنِيُّ وَهُوَ التَّمَّارُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي الْجَوْنِ

یہ حدیث محمد بن منکدر سے محمد بن صالح المدنی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن سلیمان بن ابوالجون اکیلے ہیں۔

---

**6735**- اسناده فيه: اسحاق بن نسطاس' ضعفه النسائي' وأبو حاتم' وغيرهما .

**6736**- اسناده فيه: أ- عبد الرحمن بن سليمان بن أبي الجون: صدوق يخطئ التقريب جلد **1** صفحه **361** . ب- محمد بن صالح المدني: مقبول . التقريب جلد **2** صفحه **133** . وانظر: مجمع الزوائد للهيثمي جلد **5** صفحه **218** .

Marfat.com

6737 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی زُرْعَةَ، نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، نَا اَبُو عَبْدِ الْعَزِيزِ يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْاُرْدُنِیُّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ السِّمْطِ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَصَبْنَا غَنَمًا، فَقَسَمَ فِينَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَائِفَةً مِنْهَا، وَجَعَلَ بَقِيَّتَهَا فِي الْمَغْنَمِ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ جہاد کیا' ہم کو بکریاں ملیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو ایک گروہ میں تقسیم کیا اور باقی غنیمت میں رکھیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ السِّمْطِ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ غَنْمٍ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اِلَّا عُبَادَةُ بْنُ نُسَيٍّ، وَلَا عَنْ عُبَادَةَ اِلَّا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ

یہ حدیث شرحبیل بن سمط سے عبدالرحمٰن بن غنم اور عبدالرحمٰن سے عبادہ بن نسی اور عبادہ سے یحییٰ بن عبدالعزیز روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن حمزہ اکیلے ہیں۔

6738 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی زُرْعَةَ، نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، نَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْاُرْدُنِیُّ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ نُعَيْمٍ الْاَزْدِیَّ حَدَّثَهُ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَشْعَرِيِّ، عَنْ اَبِي مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ: لَمَّا هَزَمَ اللّٰهُ الْمُشْرِكِينَ يَوْمَ هَوَازِنَ يَوْمَ حُنَيْنٍ عَقَدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِي عَامِرٍ الْاَشْعَرِيِّ عَلَى خَيْلِ الطَّلَبِ، فَطَلَبَهُمْ، فَاَتَاهُ فِيمَنْ طَلَبَهُمْ، فَاِذَا ابْنُ دُرَيْدِ بْنِ الصِّمَّةِ، فَعَدَلَ اِلَيْهِ ابْنُ دُرَيْدٍ، فَقَتَلَ اَبَا عَامِرٍ وَاَخَذَ اللِّوَاءَ، وَشَدَدْتُ عَلَى ابْنِ دُرَيْدٍ،

**6817** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ أَبِي الْأَبْيَضِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ عصر کی نماز پڑھاتے تھے اس حالت میں کہ سورج چمک رہا ہوتا تھا۔

**6816**- اسناده فيه: سعيد بن بشير: ضعيف ـ وحسن الحافظ الهيثمي اسناده ـ انظر: مجمع الزوائد جلد **9** صفحه **16** ـ قلت: اسناده ضعيف لما تقدم والله أعلم ـ

**6817**- أخرجه البخاري: المواقيت جلد **2** صفحه **35** رقم الحديث: **550**‘ ومسلم: المساجد جلد **1** صفحه **433**‘ وأبو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه **109** رقم الحديث: **404**‘ والنسائي: المواقيت جلد **1** صفحه **202** (باب تعجيل العصر) ولفظه عند النسائي ـ

Marfat.com

مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ بَيْضَاءُ مُحَلِّقَةٌ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

یہ حدیث اعمش سے عبدالعزیز بن عبیداللہ اور اسحاق سے اسماعیل بن عیاش روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

**6818** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى، نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ الزُّرَقِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ، يَقُولُ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَتّٰى اِذَا كُنَّا عِنْدَ السِّقَايَةِ الَّتِي كَانَتْ لِسَعْدٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ اِنَّ اِبْرَاهِيمَ عَبْدَكَ وَخَلِيلَكَ دَعَاكَ لِاَهْلِ مَكَّةَ بِالْبَرَكَةِ، وَاِنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ، وَاِنِّي اَدْعُوكَ لِاَهْلِ الْمَدِينَةِ اَنْ تُبَارِكَ لَهُمْ فِي صَاعِهِمْ، وَمُدِّهِمْ مِثْلَ مَا بَارَكْتَ لِاَهْلِ مَكَّةَ، وَمَعَ الْبَرَكَةِ بَرَكَتَيْنِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ نکلے جب ہم مقامِ سقایہ جو جو بنوسعد قبیلے کا تھا' وہاں پہنچے تو حضور ﷺ نے دعا کی: اے اللہ! تیرے ابراہیم بندے اور دوست نے مکہ والوں کے لیے برکت کی دعا کی تھی اور تیرا بندہ اور تیرا رسول محمد ﷺ اہل مدینہ والوں کے لیے دعا کرتا ہے کہ ان کے صاع اور مُد میں ویسے ہی برکت رکھ جو تُو نے اہل مکہ والوں کو برکت دی ہے ایک برکت کے ساتھ اور برکتیں دے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ اِلَّا سَعْدَانُ بْنُ يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ: سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عُمَرَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث عبدالحمید بن جعفر سے سعدان بن یحییٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔ حضرت ابن عمر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**6819** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، ثَنَا

حضرت مالک بن احمر سے روایت ہے کہ جب

6818- قال الحافظ الهيثمي: رجاله رجال الصحيح . انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه308 .

6819- اسناده فيه: صفوان بن صالح بن صفوان الثقفي: ثقة ولكنه كان يدلس تدليس التسوية . وقال الحافظ الهيثمي:

Marfat.com

صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، نَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ الْجُذَامِيُّ، عَنْ جَدِّهِ مَالِكِ بْنِ اَحْمَرَ، اَنَّهُ لَمَّا بَلَغَهُ قُدُومُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفَدَ اِلَيْهِ، فَقَبِلَ اِسْلَامَهُ، وَسَاَلَهُ اَنْ يَكْتُبَ لَهُ كِتَابًا يَدْعُو بِهِ اِلَى الْاِسْلَامِ، فَكَتَبَ لَهُ فِي رُقْعَةٍ مِنْ اَدَمٍ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ، هَذَا كِتَابٌ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ لِمَالِكِ بْنِ اَحْمَرَ، وَلِمَنِ اتَّبَعَهُ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، اَمَانًا لَهُمْ مَا اَقَامُوا الصَّلَاةَ، وَآتَوُا الزَّكَاةَ، وَاتَّبَعُوا الْمُسْلِمِينَ، وجانَبُوا الْمُشْرِكِينَ، وَاَدَّوُا الْخُمُسَ مِنَ الْمَغْنَمِ، وَسَهْمَ الْغَارِمِينَ، وَسَهْمَ كَذَا، وَسَهْمَ كَذَا، فَهُمْ آمِنُونَ بِاَمَانِ اللّٰهِ وَاَمَانِ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رسول اللہ ﷺ کے پاس وفد آیا تو انہوں نے اسلام قبول کیا' انہوں نے آپ سے سوال کیا کہ ان کے لیے خط لکھتے رہیں' جس کے ذریعے اسلام کی دعوت دی جائے' آپ نے چمڑے کے ایک ٹکڑے پر لکھ کر دیا: اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان رحم کرنے والا! یہ خط محمد رسول اللہ کی طرف سے مالک بن احمر کے لیے اور جو مسلمانوں کی اتباع کریں گے ان کے لیے امان ہے' ان کے لیے امان ہے جو نماز قائم کریں' زکوٰۃ ادا کریں' مسلمانوں کی اتباع کریں' مشرکوں کی مخالفت کریں' مالِ غنیمت سے خمس اور قرض خواہوں کا حصہ اور اتنا اتنا حصہ نکالیں' وہ اللہ پر اور محمد رسول اللہ ﷺ پر ایمان لائیں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مَالِكِ بْنِ اَحْمَرَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث مالک بن احمر سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ولید بن مسلم اکیلے ہیں۔

**6820** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، نَا هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ الْاَزْرَقُ، نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي بَكْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْبَلَ مِنْ بَعْضِ نَوَاحِيَ الْمَدِينَةِ يُرِيدُ الصَّلَاةَ، فَوَجَدَ النَّاسَ قَدْ صَلَّوْا، فَذَهَبَ اِلَى مَنْزِلِهِ، فَجَمَعَ اَهْلَهُ، ثُمَّ صَلَّى بِهِمْ

حضرت عبدالرحمٰن بن بکر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ مدینہ کے کسی حصے سے تشریف لائے' آپ کا ارادہ نماز کا تھا' آپ نے دیکھا کہ لوگ نماز پڑھ چکے ہیں' آپ نے اپنے گھر والوں کو جمع کیا' پھر ان کو نماز پڑھائی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ اِلَّا مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيَى، وَلَا رَوَاهُ عَنْ مُعَاوِيَةَ اِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ

یہ حدیث خالد الحذاء سے معاویہ بن یحییٰ اور معاویہ سے ولید بن مسلم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت

سعيد بن منصور الجذامی لم أقف علی ترجمته . انظر: مجمع الزوائد جلد1 صفحه 31 .

Marfat.com

مُسْلِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ

کرنے میں ہشام بن خالد اکیلے ہیں۔

**6821** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، نَا هِشَامٌ، نَا حَاتِمٌ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِقِيَامِ اللَّيْلِ، وَلَوْ رَكْعَةً وَاحِدَةً، فَخَرَجَ يَوْمًا اِلَى الصُّبْحِ، فَاِذَا رَجُلٌ يَرْكَعُ فَقَالَ: هَلْ اَنْتُمْ مُنْتَهُونَ؟ اَصَلَاتَانِ مَعًا؟

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رات کا قیام تم پر لازم ہے اگرچہ ایک ہی رکعت ہو سکے ایک دن آپ صبح کی نماز کے لیے نکلے ایک آدمی رکوع کر رہا تھا' آپ نے فرمایا: کیا تم باز نہیں آؤ گے! کیا دو نمازیں ایک ساتھ پڑھتے ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ اِلَّا حَاتِمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ حدیث محمد بن عجلان سے حاتم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ہشام بن عمار اکیلے ہیں۔

**6822** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، نَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ نِسْطَاسٍ، حَدَّثَنِي مِرْبَعٍ، عَنْ اُمِّ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهَا قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَوْصِنِي قَالَ: اهْجُرِي الْمَعَاصِي فَاِنَّهَا اَفْضَلُ الْهِجْرَةِ، وحافِظِي عَلَى الْفَرَائِضِ فَاِنَّهَا اَفْضَلُ الْجِهَادِ، وَاَكْثِرِي ذِكْرَ اللّٰهِ فَاِنَّكَ لَا تَاْتِينَ اللّٰهَ بِشَيْءٍ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ كَثْرَةِ ذِكْرِهِ

حضرت اُم سلیم رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے وصیت کریں! آپ نے فرمایا: گناہ چھوڑ دے! یہ افضل ہجرت ہے' فرض چیزوں کی حفاظت کر' یہ افضل جہاد ہے۔ زیادہ ذکر کر' کیونکہ اللہ کے ہاں ذکر سے زیادہ کوئی شی پسند نہیں ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اُمِّ اَنَسٍ الْاَنْصَارِيَّةِ، وَلَيْسَتْ بِاُمِّ سُلَيْمٍ اُمِّ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، هَذِهِ امْرَاَةٌ اُخْرَى مِنَ الْاَنْصَارِ لَمْ يُرْوَ هَذَا الْحَدِيثُ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

اُم انس انصاریہ سے یہ حدیث روایت نہیں کی گئی اور اُم انس سے مراد اُم سلیم' حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی والدہ نہیں ہیں۔ یہ ایک دوسری انصاری عورت ہیں۔ یہ حدیث صرف اسی حدیث سے روایت ہے' اس حدیث کے ساتھ ہشام بن عمار اکیلے ہیں۔

**6823** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ لَبِيدٍ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے' وہ ان کے

**6821**- اسناده فيه: حسين بن عبد الله بن عبيد الله بن عباس الهاشمي المدني: ضعيف . وانظر: مجمع الزوائد جلد2 صفحه255 .

**6823**- اسناده حسن لو لا شيخ الطبراني فلم أجده' فيه: أ - عبد الحميد بن بكار الدمشقي أبو عبد الله السلمي: مقبول .

Marfat.com

الْبَيْرُوتِيُّ، نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَكَّارٍ الدِّمَشْقِيُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُورَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، أَنَّ أَبَاهُ يَزِيدَ بْنَ جَابِرٍ حَدَّثَهُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ نَهَى عَنْ أَكْلِ لُحُومِ الْأَضَاحِي بَعْدَ ثَلَاثٍ، وَعَنِ النَّبِيذِ فِي الْجَرِّ، وَعَنْ زِيَارَةِ الْقُبُورِ، فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ذَلِكَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ لُحُومِ الْأَضَاحِي بَعْدَ ثَلَاثٍ، فَكُلُوا مَا شِئْتُمْ، وَنَهَيْتُكُمْ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ، فَاشْرَبُوا وَكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ، وَنَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُورِ، فَزُورُوهَا وَلَا تَقُولُوا مَا يُسْخِطُ اللّٰهَ

دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ کھانے اور مٹکے کی نبیذ اور قبروں کی زیارت کرنے سے منع کرتے تھے۔ اس کے بعد حضور ﷺ نے فرمایا: میں تم کو قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ کھانے سے منع کرتا تھا' اب جتنی دیر چاہو کھاؤ' میں تم کو مٹکے کی نبیذ سے منع کرتا تھا اب پیو اور نشہ آور سے بچو! میں تم کو قبروں کی زیارت کرنے سے منع کرتا تھا' اب کیا کرو! وہاں ایسے الفاظ نہ کہو جو اللہ کی ناراضگی کا سبب بنیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ إِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْحَمِيدِ

یہ حدیث یزید بن جابر سے عبدالرحمٰن بن یزید اور حضرت عبدالرحمٰن سے محمد بن شعیب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالحمید اکیلے ہیں۔

**6824** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ لَبِيدٍ الْبَيْرُوتِيُّ، نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَكَّارٍ، نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي غَالِبٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، أَنَّ رَجُلًا عَرَضَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سا جہاد افضل ہے؟ آپ نے فرمایا: ظالم بادشاہ کے سامنے کلمۂ حق کہنا۔

---

ب- محمد بن شعيب بن شابور: صدوق ـ ج- يزيد بن جابر الأزدى: ذكره ابن حبان فى الثقات' وسكت عنه البخارى وابن أبى حاتم ـ انظر: التاريخ الكبير ( **3318**)' الجرح (**25519**)' لسان الميزان جلد **6** صفحه **285** والحديث أخرجه الطبرانى فى الصغير (**4212**) ـ وانظر: مجمع الزوائد جلد**4**صفحه**30** ـ

**6824**- أخرجه ابن ماجة: الفتن جلد**2**صفحه**1330** رقم الحديث: **4012** ـ فى الزوائد: فى اسناده أبو غالب' وهو مختلف فيه ـ ضعفه ابن سعد' وأبو حاتم' والنسائى ـ ووثقه الدارقطنى' وقال ابن عدى: لا بأس به: وراشد بن سعيد' قال فيه أبو حاتم: صدوق وباقى رجال الاسناد ثقات ـ وأحمد: المسند جلد**5**صفحه**296** رقم الحديث: **22220** ـ

Marfat.com

وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَىُّ الْجِهَادِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: كَلِمَةُ حَقٍّ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ اِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث حماد بن سلمہ سے ولید بن مسلم روایت کرتے ہیں۔

**6825** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ لَبِيدٍ، نَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيدَ الرَّحَبِيِّ، عَنْ اَبِى اِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ اَبِى مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ: سَاَلْتُ عَائِشَةَ، مَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ بِهِ فِى الْوِتْرِ؟ قَالَتْ: كَانَ يَقْرَاُ فِى الرَّكْعَةِ الْاُولَى بِاُمِّ الْقُرْآنِ وقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، وَفِى الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ بِاُمِّ الْقُرْآنِ وقُلْ اَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، وَفِى الرَّكْعَةِ الثَّالِثَةِ بِاُمِّ الْقُرْآنِ وقُلْ اَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ حضور ﷺ وتر میں کیا پڑھتے تھے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: پہلی رکعت میں الحمدللہ اور قل ھواللہ احد' دوسری میں الحمدللہ اور قل اعوذ برب الفلق' تیسری میں سورۂ فاتحہ اور قل اعوذ برب الناس پڑھتے تھے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِى مُوسَى، عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث ابوموسیٰ' حضرت عائشہ سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عیاش اکیلے ہیں۔

**6826** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ لَبِيدٍ، نَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، اَخْبَرَنِى اَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: اُهْدِىَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكُرَاعِ الْغَمِيمِ رِجْلُ حِمَارٍ وَحْشٍ، فَرَدَّهُ اِلَى صَاحِبِهِ، وَاعْتَذَرَ اِلَيْهِ، وَقَالَ: اِنَّا مُحْرِمُونَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کو وحشی گدھے کی دستی پیش کی گئی' آپ نے اس کو واپس کر دیا اور اس سے عذر کیا' فرمایا: ہم حالت احرام میں ہیں۔

**6826**- أخرجه البخاري: الهبة جلد5صفحه260 رقم الحديث: 2596' ومسلم: الحج جلد 2صفحه 581' وأحمد: المسند جلد1صفحه283 رقم الحديث: 1861 ولفظه عند أحمد .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، وَحَمَّادُ بْنُ شُعَيْبٍ

یہ حدیث ابوزبیر سے سعید بن بشیر اور حماد بن شعیب روایت کرتے ہیں۔

**6827** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ لَبِيدٍ، ثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا الْمُثَنَّى بْنُ الصَّبَّاحِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَسِيرٍ لَهُ، إِذْ وَقَعَ رَجُلٌ وَهُوَ مُحْرِمٌ فَمَاتَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اغْسِلُوهُ، وَكَفِّنُوهُ فِي ثَوْبِهِ، وَلَا تُخَمِّرُوا رَأْسَهُ، فَإِنَّهُ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَهُوَ يُلَبِّي

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ چل رہے تھے کہ اچانک ایک آدمی حالت احرام میں گرا اور فوت ہوگیا' حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو غسل دو اور اس کو اسی کپڑے میں کفن دو اور اس کا سر نہ ڈھانپو کیونکہ یہ قیامت کے دن تلبیہ پڑھتا ہوا اُٹھے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُثَنَّى بْنِ الصَّبَّاحِ إِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث مثنیٰ بن صباح سے ولید بن مسلم روایت کرتے ہیں۔

**6828** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ لَبِيدٍ، نَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا خُلَيْدُ بْنُ دَعْلَجٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ قَالَ: قُلْتُ لِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ: إِنَّ النَّاسَ يَزْعُمُونَ فِي قَوْلِ اللَّهِ جَلَّ ذِكْرُهُ: (وَيَتْلُوهُ شَاهِدٌ مِنْهُ) (هود: **17**) أَنَّكَ أَنْتَ التَّالِي؟ فَقَالَ: وَدِدْتُ أَنِّي أَنَا هُوَ، وَلَكِنَّهُ لِسَانُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت محمد بن علی بن ابوطالب فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ سے عرض کی کہ لوگ گمان کرتے ہیں کہ اللہ عزوجل نے جو ذکر کیا: ''ویتلوہ شاهد منه'' وہ تلاوت کرنے والے آپ ہیں؟ آپ نے فرمایا: میں پسند کرتا ہوں وہ میں ہوں لیکن زبان محمد ﷺ کی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عُرْوَةَ إِلَّا خُلَيْدُ بْنُ دَعْلَجٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث قتادہ' عروہ سے اور قتادہ سے خلید بن دعلج روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ولید بن مسلم اکیلے ہیں۔

**6827**- أخرجه البخاري: الجنائز جلد**3**صفحه**164** رقم الحديث: **1268**' ومسلم: الحج جلد**2**صفحه**865** .

**6828**- اسناده فيه: خليد بن دعلج: ضعيف . انظر: مجمع الزوائد جلد**7**صفحه**40** .

Marfat.com

**6829** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ لَبِيدٍ، ثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، نَا صَدَقَةُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فِي قَوْلِهِ تَعَالَى:(حَتَّى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهُ) (الاحقاف:**15**) قَالَ: ثَلَاثٌ وَثَلَاثُونَ، وَهُوَ الَّذِى رُفِعَ عَلَيْهِ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' اللہ عزوجل کے اس ارشاد ''حتٰی اذا بلغ اشدۃ '' کی تفسیر بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اس سے مراد تینتیس سال کی عمر' اس سال کی عمر کو حضرت عیسٰی بن مریم بھی اُٹھائے گئے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ اِلَّا صَدَقَةُ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث خثیم سے صدقہ بن یزید روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں ولید بن مسلم اکیلے ہیں۔

**6830** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ لَبِيدٍ، ثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ اَبِى غَنِيَّةَ، اَخْبَرَنِى عَاصِمُ بْنُ اَبِى النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: لَا تَنْقَضِى الدُّنْيَا حَتَّى يَمْلِكَ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ بَيْتِى يُوَاطِءُ اسْمُهُ اسْمِى

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ دنیا ختم نہیں ہوگی یہاں تک کہ میری اہل بیت سے ایک آدمی بادشاہ نہ ہو جائے' اس کا نام میرے نام کے موافق ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِى غَنِيَّةَ اِلَّا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث ابن ابوعتبہ سے ولید بن مسلم روایت کرتے ہیں۔

**6831** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ لَبِيدٍ، نَا

حضرت عبداللہ بن عکیم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

**6829**- اسناده فيه: صدقة بن يزيد: ضعيف . وانظر: مجمع الزوائد جلد**7**صفحه**109** .

**6830**- أخرجه أبو داؤد: المهدى جلد**4**صفحه**104** رقم الحديث:**4282**' والترمذى: الفتن جلد **4**صفحه**505** رقم الحديث:**2230-2231** وقال: حسن صحيح . وأحمد: المسند جلد**1**صفحه**490** رقم الحديث:**3572** .

**6831**- أخرجه أبو داؤد: اللباس جلد **4**صفحه**66** رقم الحديث: **4127**' والترمذى: اللباس جلد**4**صفحه**222** رقم الحديث: **1729** وقال: حسن . والنسائى: الفرع جلد**7**صفحه**154** (باب ما يدبغ به جلود الميتة) . وابن ماجة: اللباس جلد**2**صفحه**1194** رقم الحديث:**3613** .

Marfat.com

صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُخَيْمِرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُكَيْمٍ قَالَ: كَتَبَ اِلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ بِاَرْضِ جُهَيْنَةَ اَلَا تَسْتَمْتِعُوا مِنَ الْمَيْتَةِ بِعَصَبٍ، وَلَا اِهَابٍ

ہماری طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خط لکھا' ہم جہینہ کی سرزمین پر تھے کہ تم مردار کے پٹھوں اور کھال سے نفع نہ اُٹھاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُخَيْمِرَةَ اِلَّا ابْنُ اَبِي غَنِيَّةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ وَرَوَاهُ النَّاسُ عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُكَيْمٍ

یہ حدیث حکم' قاسم بن مخیمرہ سے اور حکم سے ابن ابی غنیہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ولید بن مسلم اکیلے ہیں۔ اس حدیث کو لوگوں نے حکم سے' وہ عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ سے' وہ عبداللہ بن عکیم سے روایت کرتے ہیں۔

**6832** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ لَبِيدٍ، نَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، اَنَّهُ حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنِ الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ، اَنَّ اَبَا جَنْدَلِ بْنَ سُهَيْلٍ وَالْحَارِثَ بْنَ مُعَاوِيَةَ مَرَّا عَلَى بِلَالٍ، مُؤَذِّنِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ يَتَوَضَّاُ عَلَى مِيضَاَةِ مَسْجِدِ دِمَشْقَ، فَسَاَلَاهُ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ وَالْخِمَارِ

حضرت ابوجندل بن سہیل اور حارث بن معاویہ' دونوں حضرت بلال مؤذنِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے گزرے' آپ مسجد دمشق کے حوض پر وضو کر رہے تھے' دونوں نے موزوں پر مسح کرنے کے متعلق پوچھا' حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم موزوں اور عمامہ (کے نیچے ہاتھ داخل کر کے) مسح کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ

یہ حدیث مطر الوراق سے سعید بن بشیر روایت کرتے ہیں۔

**6833** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ الْحَلَبِيُّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

---

**6832**- أخرجه مسلم: الطهارة جلد **1** صفحه **231**' والترمذي: الطهارة جلد **1** صفحه **172** رقم الحديث: **101**' والنسائي: الطهارة جلد **1** صفحه **64** (باب المسح على العمامة) . وابن ماجة: الطهارة جلد **1** صفحه **186** رقم الحديث: **561** .

**6833**- اسناده صحيح . وانظر: مجمع الزوائد جلد **5** صفحه **81** .

Marfat.com

دُرَّانُ، نَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ أَبُو سَلَمَةَ التَّبُوذَكِيُّ، نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْأَصَمِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: نُهِيَ أَنْ نَشْرَبَ مِنْ كَسْرِ الْقَدَحِ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ٹوٹے ہوئے پیالہ سے پینے سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ إِلَّا مَعْمَرٌ، وَلَا عَنْ مَعْمَرٍ إِلَّا ابْنُ الْمُبَارَكِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ

یہ حدیث جعفر بن برقان سے معمر اور معمر سے ابن مبارک روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن اسماعیل اکیلے ہیں۔

**6834** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ الْحَلَبِيُّ، نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَجَاءٍ الْغُدَانِيُّ، نَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، حَدَّثَنِي قَيْسُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ هُرْمُزَ قَالَ: كَتَبَ نَجْدَةُ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، يَسْأَلُهُ عَنْ أَشْيَاءَ، فَشَهِدْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ حِينَ قَرَأَ الْكِتَابَ وَحِينَ كَتَبَ جَوَابَهُ، وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لَوْلَا أَنْ أَرُدَّهُ عَنْ ضَلَالَةٍ وَقَعَ فِيهَا مَا كَتَبْتُ إِلَيْهِ وَلَا نُعْمَةَ عَيْنٍ. فَكَتَبَ إِلَيْهِ: إِنَّكَ سَأَلْتَ عَنْ سَهْمِ ذِي الْقُرْبَى الَّذِينَ ذَكَرَ اللَّهُ أَمْرَهُمْ، وَإِنَّا كُنَّا نَرَى أَنَّ قَرَابَةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْنُ هُمْ، فَأَبَى ذَلِكَ عَلَيْنَا قَوْمُنَا، وَسَأَلْتَ عَنِ الْيَتِيمِ مَتَى يَنْقَضِي يُتْمُهُ؟ وَإِنَّهُ إِذَا بَلَغَ النِّكَاحَ وَأُونِسَ مِنْهُ رُشْدٌ دُفِعَ إِلَيْهِ مَالُهُ وَيَنْقَضِي يُتْمُهُ. وَسَأَلْتَ هَلْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْتُلُ مِنْ صِبْيَانِ الْمُشْرِكِينَ أَحَدًا؟ وَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَقْتُلْ مِنْهُمْ أَحَدًا، وَسَأَلْتَ عَنِ الْمَرْأَةِ وَالْعَبْدِ هَلْ لَهُمْ سَهْمٌ

یزید بن ھرمز نے کہا: نجدیوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی طرف لکھ کر چند سوال کیے، میں اس وقت پاس موجود تھا جب حضرت ابن عباس خط پڑھ رہے تھے اور اس وقت بھی جب آپ نے اس خط کا جواب لکھا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: اگر اس کا جواب نہ دینا گمراہی نہ ہوتا تو میں کبھی اس کا جواب نہ لکھتا۔ سو آپ نے اس کی طرف لکھا: تُو نے ذی القربیٰ کے حصے کے بارے پوچھا ہے جن کے حکم کو اللہ نے ذکر فرمایا ہے اور ہم یقین سے دیکھتے آ رہے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریبی رشتہ دار ہم ہی ہیں۔ ہماری قوم نے ہمارے خلاف اس کا انکار کیا ہے' تُو نے سوال کیا ہے کہ یتیمی کب ختم ہوتی ہے؟ تو جب وہ نکاح کی عمر کو پہنچ جائے اور عقل بھی ہو تو اس کا مال اس کے حوالے کر دیا جائے گا اور اس کی یتیمی ختم ہو جائے گی۔ اور تُو نے پوچھا ہے کہ کیا رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مشرکین کے بچوں میں سے کبھی کسی کو قتل کیا کرتے تھے؟ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان

6834- اخرجه مسلم: الجهاد جلد3صفحه1446 .

Marfat.com

مَعْلُومٌ إِذَا حَضَرُوا؟ وَإِنَّهُمْ لَمْ يَكُنْ لَهُمْ سَهْمٌ مَعْلُومٌ إِلَّا أَنْ يُحْذَوْا مِنْ غَنَائِمِ الْقَوْمِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ إِلَّا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ

**6835** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ الْحَلَبِيُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، نَا هَمَّامٌ، نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ الْمَكِّيُّ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ: مَرَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ، فَرَأَى أَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ جَلَدِهِ وَنَشَاطِهِ مَا أَعْجَبَهُمْ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، لَوْ كَانَ هَذَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ كَانَ خَرَجَ يَسْعَى عَلَى وَلَدِهِ صِغَارًا فَهُوَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، وَإِنْ خَرَجَ يَسْعَى عَلَى أَبَوَيْنِ شَيْخَيْنِ كَبِيرَيْنِ فَهُوَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، وَإِنْ كَانَ يَسْعَى عَلَى نَفْسِهِ يَعِفُّهَا فَهُوَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، وَإِنْ كَانَ خَرَجَ رِيَاءً وَتَفَاخُرًا فَهُوَ فِي سَبِيلِ الشَّيْطَانِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ إِلَّا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ إِسْمَاعِيلَ إِلَّا هَمَّامٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ

میں سے کسی ایک کو بھی قتل نہ کیا۔ آپ نے سوال کیا ہے کہ عورت اور غلام کے مالِ غنیمت سے حصے کے بارے میں؛ تو ان کا حصہ نہیں ہے جب وہ موجود ہوں لیکن غنیمتوں میں سے کچھ نہ کچھ انہیں مل جاتا ہے۔

یہ حدیث قیس بن سعد سے جریر بن حازم ہی روایت کرتے ہیں۔

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس سے گزرا، حضور ﷺ کے صحابہ نے دیکھا کہ اس کا جسم اچھا ہے یعنی تندرست ہے۔ صحابہ کرام کو پسند آیا، انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر یہ آدمی اللہ کی راہ میں لڑے تو بہتر ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اپنے چھوٹے بچوں کے رزق کے لیے نکلا، وہ بھی اللہ کی راہ میں ہے، اگر والدین کی خدمت کے لیے نکلے اور دونوں بزرگ ہوں تو وہ بھی اللہ کی راہ میں ہے، اگر اپنی ذات کے لیے نکلا کہ لوگوں سے مانگنے سے بچے تو وہ بھی اللہ کی راہ میں ہے، اگر ریاکاری اور تکبر کے لیے نکلے تو وہ شیطان کے راستے میں ہے۔

یہ حدیث حکم سے اسماعیل بن مسلم اور اسماعیل سے ہمام روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن کثیر اکیلے ہیں۔ حضرت کعب بن عجرہ سے اسی سند سے

**6835**- اسناده فيه: اسماعيل بن مسلم المكي: ضعيف . والحديث: أخرجه الطبراني في الكبير جلد **19** صفحه **129**، والصغير جلد **2** صفحه **60**، وصحح الحافظ الهيثمي اسناد الكبير . انظر: مجمع الزوائد جلد **4** صفحه **328** . قلت: في اسناد الكبير اسماعيل المكي وهو ضعيف، والله أعلم .

Marfat.com

اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

روایت ہے۔

6836 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ الْحَلَبِيُّ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، ثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، نَا قَيْسُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي عَطَاءُ بْنُ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ اُمِّ عُثْمَانَ بِنْتِ خُثَيْمٍ، عَنْ اُمِّ كُرْزٍ، اَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْاَلُ عَنِ الْعَقِيقَةِ، فَقَالَ: فِي الْغُلَامِ شَاتَانِ، وَفِي الْجَارِيَةِ شَاةٌ

حضرت اُم کرز رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا' آپ سے عقیقہ کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: بچے کے لیے دو بکریاں اور بچی کے لیے ایک بکری۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ

یہ حدیث قیس بن سعد سے جریر بن حازم روایت کرتے ہیں۔

6837 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ الْحَلَبِيُّ، نَا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، نَا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَمَّا النَّارُ فَيُلْقَى فِيهَا، فَتَقُولُ: هَلْ مِنْ مَزِيدٍ؟ حَتَّى يَاْتِيَهَا رَبُّهَا تَبَارَكَ وَتَعَالَى، فَيَضَعُ قَدَمَهُ عَلَيْهَا فَتُزْوَى، وَتَقُولُ: قَطٍ قَطٍ، وَاَمَّا الْجَنَّةُ فَيُنْشِءُ اللّٰهُ لَهَا خَلْقًا كَمَا يَشَاءُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جہنم میں لوگوں کو ڈالا جائے گا' اس کو کہا جائے گا: کیا اور ڈالا جائے؟ یہاں تک کہ اللہ عزوجل اپنی رحمت کا قدم اس پر ڈالے گا تو وہ پُر ہو جائے گی اور کہے گی: بس بس! جنت کے لیے اللہ عزوجل جتنی چاہے گا مخلوق پیدا کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث یونس بن عبید سے حماد بن سلمہ روایت کرتے ہیں۔

6838 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، نَا مُوسَى

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

6836- اخرجه ابو داؤد: الضحايا جلد 3 صفحه 104 رقم الحديث: 2834-2836' والترمذي: الأضاحي جلد 4 صفحه 98 رقم الحديث: 1516 وقال: حسن صحيح . والنسائي: العقيقة جلد 7 صفحه 145 (باب العقيقة عن الغلام) .

6837- اخرجه البخاري: التفسير جلد 8 صفحه 460 رقم الحديث: 4750' ومسلم: الجنة وصفة نعيمها جلد 4 صفحه 2186 .

6838- اخرجه البخاري: التفسير جلد 8 صفحه 392 رقم الحديث: 4797' ومسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 305 .

Marfat.com

بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، اَنَّ اَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَذَا السَّلَامُ عَلَيْكَ قَدْ عَرَفْنَاهُ، فَكَيْفَ الصَّلَاةُ عَلَيْكَ؟ قَالَ: قُولُوا: اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ، وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى اِبْرَاهِيمَ اِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ، وَبَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ، وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلَى اِبْرَاهِيمَ اِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ

حضور ﷺ کے صحابہ نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ پر سلام بھیجنا تو ہم نے پہچان لیا' ہم درود آپ پر کیسے پڑھیں؟ آپ نے فرمایا: پڑھو ''اللّٰھم صل علٰی محمدٍ الٰی آخرہٖ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث قیس بن سعد سے حماد بن سلمہ روایت کرتے ہیں۔

**6839** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي رَزِينٍ، عَنْ اَخِيهِ، عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَابِطٍ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ الْقَيْنَةَ، وَبَيْعَهَا، وَثَمَنَهَا، وتَعْلِيمَهَا، وَالِاسْتِمَاعَ اِلَيْهَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا' حضور ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے شراب اور اس کا کاروبار اور پینے اور اس کی کمائی اور اس سے فائدہ اُٹھانے کو حرام کیا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ سَابِطٍ، عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ

یہ حدیث ابن سابط' حضرت عائشہ سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن کثیر اکیلے ہیں۔

**6840** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، نَا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، نَا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ الطَّائِيُّ، عَنْ يَزِيدَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل قیامت کے دن آدم

---

**6839**- اسناده فيه: ليث بن أبي سليم: صدوق اختلط بآخره .

**6840**- اسناده فيه: يزيد الرقاشي: ضعيف . وانظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه384 .

Marfat.com

الرَّقَاشِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُشَفِّعُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى يَوْمَ الْقِيَامَةِ آدَمَ مِنْ جَمِيعِ ذُرِّيَّتِهِ فِي مِائَةِ أَلْفِ أَلْفٍ وَعَشَرَةِ أَلْفِ أَلْفٍ

علیہ السلام کی تمام اولاد ایک سو کروڑ اور دس کروڑ کے متعلق شفاعت قبول کرے گا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَنَسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ

یہ حدیث حضرت انس سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن اسماعیل اکیلے ہیں۔

**6841** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، نَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، نَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ أُمَيَّةَ، أَنَّهُ قِيلَ لَهُ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلَّا مَنْ هَاجَرَ، فَقُلْتُ: لَا آتِي مَنْزِلِي حَتَّى آتِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَسْأَلَهُ، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: هَذَا سَرَقَ خَمِيصَةً لِي، لِرَجُلٍ مَعَهُ، فَأَمَرَ بِقَطْعِهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ وَهَبْتُهَا لَهُ قَالَ: فَهَلَّا قَبْلَ أَنْ تَأْتِيَنِي بِهِ؟ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّهُمْ يَقُولُونَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلَّا مَنْ هَاجَرَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا هِجْرَةَ بَعْدَ فَتْحِ مَكَّةَ، وَلَكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ، وَإِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوا

حضرت صفوان بن امیہ سے کہا گیا: جنت میں وہی داخل ہوگا جس نے ہجرت کی ہوگی' میں نے کہا: میں اپنے گھر نہیں آؤں گا یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آؤں اور آپ سے پوچھوں۔ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: اس نے میری قمیص اس کے لیے چوری کی ہے' جو اس کے ساتھ ہے۔ آپ نے اس کے کاٹنے کا حکم دیا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اس کو تحفہ دی' آپ نے فرمایا: کیا میرے پاس لانے سے پہلے تحفہ دے دی تھی؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کہتے ہیں کہ جنت میں وہی داخل ہوگا جس نے ہجرت کی ہوگی۔ حضور ﷺ نے فرمایا: فتح مکہ کے بعد ہجرت نہیں ہے بلکہ جہاد اور نیت ہے' جب تمہیں نکلنے کا حکم دیا جائے تو نکلو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ إِلَّا

یہ حدیث ابن طاؤس سے وہیب روایت کرتے

**6841**- أما ذكره سرقة الخميصة . أخرجه أبو داؤد: الحدود جلد**4**صفحه**136** رقم الحديث: **4393**' والنسائي: السارق جلد **8**صفحه**60** (باب الرجل يتجاوز للسارق عند سرقته بعد أن يأتي به الامام)' ومالك في الموطأ: الحدود جلد **2**صفحه**834** رقم الحديث: **28** بنحوه . وأما ذكره: لا هجرة بعد فتح مكة...... . أخرجه النسائي: البيعة جلد**7**صفحه**130** (باب ذكر الاختلاف في انقطاع الهجرة) .

Marfat.com

وُهَيْبٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ

ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن اسماعیل اکیلے ہیں۔

**6842** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ، عَنْ كَهْمَسِ بْنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُرَيْدَةَ الْأَسْلَمِيِّ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ تُرِيدُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ تَجِدْهُ، فَجَلَسَتْ حَتَّى جَاءَ، فَلَمَّا جَاءَ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، هَذِهِ الْمَرْأَةُ لَهَا إِلَيْكَ حَاجَةٌ، فَقَالَ: مَا حَاجَتُكِ؟، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ أَبِي زَوَّجَنِي مِنِ ابْنِ أَخٍ لَهُ لِيَرْفَعَ خَسِيسَتَهُ، وَلَمْ يَسْتَأْمِرْنِي، فَهَلْ لِي فِي نَفْسِي أَمْرٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَتْ: مَا كُنْتُ لِأَرُدَّ عَلَى أَبِي شَيْئًا صَنَعَهُ، وَلَكِنْ أَحْبَبْتُ أَنْ تَعْلَمَ النِّسَاءُ أَلَهُنَّ فِي أَنْفُسِهِنَّ أَمْرٌ أَمْ لَا؟

لَمْ يُجَوِّدْ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ كَهْمَسٍ إِلَّا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَوَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک عورت آئی' اس نے رسول اللہ ﷺ کو ملنا تھا' آپ کو نہ پایا تو وہ بیٹھ گئی' جب آپ ﷺ تشریف لائے تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ عورت آپ کے پاس کسی کام کے لیے آئی ہے' آپ نے فرمایا: کیا کام ہے؟ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے والد میری شادی اپنے بھائی کے بیٹے سے کروانا چاہتے ہیں تاکہ اس کا گھٹیا پن ختم ہو جائے اور مجھ سے اجازت نہیں مانگی' تو کیا میرے لیے اس معاملہ میں کوئی اختیار ہے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے عرض کی: میں نے اپنے والد کی بات کو کیا ردّ نہیں کرنا چاہتی' میں پسند کرتی ہوں کہ آپ دونوں کے متعلق سکھائیں کہ کیا انہیں اپنے متعلق اختیار ہے یا نہیں!

یہ حدیث عمدہ طور پر کہمس سے جعفر بن سلیمان اور وکیع بن جراح روایت کرتے ہیں۔

**6843** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أُمِّ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَرْقُدُ لَيْلًا وَلَا نَهَارًا، فَيَسْتَيْقِظُ إِلَّا اسْتَاكَ قَبْلَ أَنْ يَتَوَضَّأَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ رات اور دن کو جب بھی اپنی نیند سے بیدار ہوتے تو وضو کرنے سے پہلے مسواک کرتے۔

---

**6842**- أخرجه النسائي: النكاح جلد 6 صفحه 71 (باب البكر يزوجها أبوها وهي كارهة) . وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 152 رقم الحديث: 25096 .

**6843**- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 15 رقم الحديث: 57' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 180 رقم الحديث: 25327 .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ إِلَّا هَمَّامٌ

یہ حدیث علی بن زید سے ہمام روایت کرتے ہیں۔

**6844** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيرٍ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِ أُمِّ سُلَيْمٍ عَلَى حَصِيرٍ أَخْضَرَ وَصَلُّوا خَلْفَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت اُم سلیم رضی اللہ عنہا کے گھر سبز چٹائی پر نماز پڑھائی اور ہم نے آپ کے پیچھے نماز پڑھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ إِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيرٍ، وَيَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْأُمَوِيُّ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے سلیمان بن کثیر اور یحییٰ بن سعید الاموی روایت کرتے ہیں۔

**6845** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيرٍ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَتْ لَيْلَةٌ بَارِدَةٌ، أَوْ لَيْلَةٌ مَطِيرَةٌ نَادَى مُنَادِي رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنْ صَلُّوا فِي رِحَالِكُمْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی عادت تھی کہ جب رات ٹھنڈی ہوتی یا رات کو بارش ہو رہی ہوتی تو آپ اعلان کرواتے: اپنے گھروں میں نماز پڑھ لو!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ كَثِيرٍ إِلَّا أَخُوهُ مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ

یہ حدیث سلیمان بن کثیر سے ان کے بھائی محمد بن کثیر روایت کرتے ہیں۔

**6846** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، نَا هَمَّامٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، لَا أَعْلَمُهُ إِلَّا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَالَ أَنَا عَالِمٌ، فَهُوَ جَاهِلٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے کہا کہ میں عالم ہوں وہ جاہل ہے۔

---

**6844**- أصله عند البخاري ومسلم . أخرجه البخاري: الصلاة جلد 1 صفحه 582 رقم الحديث: 380' ومسلم: المساجد جلد 1 صفحه 457 .

**6845**- أخرجه البخاري: الأذان جلد 2 صفحه 133 رقم الحديث: 632' ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 484 .

**6846**- اسناده فيه: ليث بن أبي سليم: صدوق اختلط بآخره . وانظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 189 .

Marfat.com

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ

یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن کثیر اکیلے ہیں۔

**6847** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، نَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ، نَا سَالِمُ بْنُ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْرِضُ نَفْسَهُ عَلَى النَّاسِ بِالْمَوْقِفِ: أَلَا رَجُلٌ يَحْمِلُنِي إِلَى قَوْمِهِ، فَإِنَّ قُرَيْشًا قَدْ مَنَعُونِي أَنْ أُبَلِّغَ كَلَامَ رَبِّي؟، فَأَتَاهُ رَجُلٌ مِنْ هَمْدَانَ، فَقَالَ: مِمَّنْ أَنْتَ؟ قَالَ: مِنْ هَمْدَانَ قَالَ: هَلْ عِنْدَكَ مَنَعَةٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، ثُمَّ إِنَّ الرَّجُلَ الْهَمْدَانِيَّ خَشِيَ أَنْ يَخْفِرَهُ قَوْمُهُ، فَأَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: آتِيهِمْ، ثُمَّ أَلْقَاكَ مِنْ عَامٍ مُقْبِلٍ، فَقَالَ لَهُ: انْطَلِقْ، وَجَاءَتْ وُفُودُ الْأَنْصَارِ فِي رَجَبَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مقامِ موقف پر رسول کریم ﷺ لوگوں پر اپنا آپ پیش فرماتے: ہے کوئی آدمی جو مجھے اپنی قوم کے پاس لے جائے کیونکہ قریش مجھے اس بات سے روکتے ہیں کہ میں ان تک اپنے رب کا کلام پہنچاؤں۔ پس ہمدان سے ایک آدمی آیا تو آپ نے فرمایا: تُو کہاں سے آیا ہے؟ اس نے عرض کی: ہمدان سے۔ آپ نے فرمایا: کیا میرے پاس حفاظت کی طاقت ہے! اس نے عرض کی: ہاں! پھر ہمدانی آدمی اپنی قوم سے ڈرا کہ اس کی قوم جاسوسی کرے گی' نبی کریم ﷺ تشریف لائے' آپ نے فرمایا: ان کو لاؤ! پھر میں آپ سے اگلے سال ملوں گا' سو اس نے آپ سے کہا: آپ چلیں! انصار کے وفد رجب میں آئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ إِلَّا إِسْرَائِيلُ

عثمان بن مغیرہ سے اس حدیث کو صرف اسرائیل نے روایت کیا۔

**6848** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

**6847**- أخرجه أبو داؤد: السنة جلد **4** صفحه **234** رقم الحديث: **4734**' والترمذي: فضائل القرآن جلد **5** صفحه **184** رقم الحديث: **2925**' وابن ماجة: المقدمة جلد **1** صفحه **73** رقم الحديث: **201** مختصرًا' وقال الترمذي: غريب صحيح . وأحمد: المسند جلد **3** صفحه **477** رقم الحديث: **15200** . ولفظه عند أحمد' وذكره الهيثمي في المجمع جلد **6** صفحه **38** . وقال: رواه أحمد ورجاله ثقات .

**6848**- أصله عند البخاري من طريق حصين عن سالم بن أبي الجعد به . أخرجه البخاري: المناقب جلد **6** صفحه **672** رقم الحديث: **3576**' والدارمي: المقدمة جلد **1** صفحه **27-28** رقم الحديث: **28**' وأحمد: المسند جلد **3** صفحه **420** رقم الحديث: **14709** ولفظه عند الدارمي وأحمد .

Marfat.com

بْنُ كَثِيرٍ، نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْجَعْدِ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ أَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَكَوْا إِلَيْهِ الْعَطَشَ، فَدَعَا بِعُسٍّ، وَدَعَا بِمَاءٍ فَصَبَّهُ فِيهِ، وَوَضَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَفَّهُ فِي الْعُسِّ، فَقَالَ: اسْتَقُوا، فَرَأَيْتُ الْمَاءَ يَنْبُعُ عُيُونًا مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَتَّى اسْتَقَى النَّاسُ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ نے پیاس کی شکایت کی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک پیالہ منگوایا' پانی لایا گیا اور اس میں ڈالا گیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی ہتھیلی اس پیالہ میں رکھی' آپ نے فرمایا: پیو! (حضرت انس فرماتے ہیں:) میں نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی انگلیوں سے پانی کے چشمہ جاری ہیں یہاں تک کہ سب لوگوں نے پی لیا۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَنَسٍ، عَنْ جَابِرٍ إِلَّا بِهٰذَا الْاسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث حضرت انس' حضرت جابر سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں جعفر بن سلیمان اکیلے ہیں۔

**6849** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، نَا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ زِيَادٍ أَبُو حَمْزَةَ الْحَبَطِيُّ، حَدَّثَنِي أَبُو شَدَّادٍ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ دَمَا، قَرْيَةٍ مِنْ قُرَى عُمَانَ قَالَ: جَاءَ نَا كِتَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى أَهْلِ عُمَانَ: سَلَامٌ، أَمَّا بَعْدُ، فَأَقِرُّوا بِشَهَادَةِ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ، وَأَدُّوا الزَّكَاةَ، وَخُطُّوا الْمَسَاجِدَ، وَإِلَّا غَزَوْتُكُمْ قَالَ أَبُو شَدَّادٍ: فَلَمْ نَجِدْ أَحَدًا يَقْرَأُ عَلَيْنَا الْكِتَابَ حَتَّى وَجَدْنَا غُلَامًا أَسْوَدَ فَقَرَأَهُ عَلَيْنَا، فَقُلْتُ لِأَبِي شَدَّادٍ: مَنْ كَانَ يَوْمَئِذٍ عَلَى عُمَانَ يَلِي أَمْرَهُمْ قَالَ: أُسْوَارٌ مِنْ أَسَاوِرَةِ كِسْرَى، يُقَالُ لَهُ: سَحَانُ

حضرت ابوشداد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خط آیا' عمان کی طرف (اس میں لکھا تھا:) السلام علیکم! اس کے بعد اس کا اقرار کرو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں اور زکوۃ ادا کرو' جب جہاد کے لیے نہ گئے ہو تو مسجدوں کی طرف چل کر آؤ۔ حضرت ابوشداد فرماتے ہیں کہ ہم کو کوئی ایسا آدمی نہیں مل رہا تھا جو ہم کو خط پڑھ کر سنائے یہاں تک کہ ہم کو ایک سیاہ غلام ملا' اس نے ہمیں پڑھ کر سنایا' میں نے ابوشداد سے کہا: اس وقت عمان میں حکمران کون تھا؟ فرمایا: کسریٰ کے نمائندوں میں سے کوئی تھا جس کا نام سحان تھا۔

**6849**- اسناده فيه: أ- محمد بن معاذ الحلبي: لا باس به . انظر: الشذرات جلد 2 صفحه 216 . ب- عبد العزيز بن زياد أبو حمزة الحبطي: سكت عنه ابن أبي حاتم . انظر الجرح جلد 5 صفحه 382 . وانظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 32 .

Marfat.com

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِى شَدَّادٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ

یہ حدیث ابوشداد سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن اسماعیل اکیلے ہیں۔

**6850** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، نَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، نَا شَدَّادُ بْنُ سَعِيدٍ، نَا سَعِيدٌ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ اَبِى نَضْرَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا مَعْشَرَ شَبَابِ قُرَيْشٍ، احْفَظُوا فُرُوجَكُمْ، اَلَا مَنْ حَفِظَ فَرْجَهُ فَلَهُ الْجَنَّةُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے قریش کے نوجوان گروہ! اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرو! جس نے اپنی شرمگاہ کی حفاظت کی وہ جنت میں داخل ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ اِلَّا شَدَّادٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُسْلِمٌ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث جریری سے شداد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں مسلم اکیلے ہیں۔ حضرت ابن عباس سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**6851** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ الْحَلَبِيُّ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ، نَا خَالِدُ بْنُ اَبِى الصَّلْتِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُؤَذِّنُونَ اَطْوَلُ النَّاسِ اَعْنَاقًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَا مِنْ شَيْءٍ يَسْمَعُهُ اِلَّا شَهِدَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مؤذنوں کی قیامت کے دن گردنیں (یعنی مقام و مرتبہ) سب سے اونچا ہوگا' اذان کی آواز جو بھی سنے گا وہ قیامت کے دن اس کے لیے گواہی دے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدِ بنِ اَبِى الصَّلْتِ اِلَّا الْقَعْنَبِيُّ

یہ حدیث خالد بن ابوصلت سے قعنبی روایت کرتے ہیں۔

**6852** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، نَا مُوسَى

حضرت اُمِ اسحاق فرماتی ہیں کہ میں نے اپنے بھائی

---

6850- اسناده حسن فيه: شداد بن سعيد أبو طلحة الراسبي: صدوق يخطئ . والحديث أخرجه الطبراني في الكبير جلد12صفحه165 رقم الحديث: 12776' والبزار جلد2صفحه149 . كشف الأستار . وانظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه255-256 .

6851- اسناده فيه: أبو الصلت عن أبي هريرة: مجهول . وانظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه329 .

6852- اسناده فيه: بشار بن عبد الملك المزني: ضعيف . انظر: الميزان جلد 1صفحه310 . وانظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه22-23 .

Marfat.com

بْنُ اِسْمَاعِيلَ، نَا بَشَّارُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، حَدَّثَتْنِي أُمُّ حَكِيمٍ، قَالَتْ: سَمِعْتُ أُمَّ إِسْحَاقَ، تَقُولُ: هَاجَرْتُ مَعَ اَخِي اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِينَةِ، فَلَمَّا كُنْتُ فِي بَعْضِ الطَّرِيقِ، قَالَ لِي اَخِي: اقْعُدِي يَا أُمَّ إِسْحَاقَ، فَإِنِّي نَسِيتُ نَفَقَتِي بِمَكَّةَ، فَقُلْتُ: اِنِّي اَخْشَى عَلَيْكَ الْفَاسِقَ زَوْجِي قَالَ: لَا، اِنْ شَاءَ اللّٰهُ قَالَ: فَلَبِثْتُ اَيَّامًا، فَمَرَّ بِي رَجُلٌ قَدْ عَرَفْتُهُ وَلَا اُسَمِّيهِ، فَقَالَ: مَا يُقْعِدُكِ هَاهُنَا يَا أُمَّ إِسْحَاقَ؟ قُلْتُ: اَنْتَظِرُ إِسْحَاقَ، ذَهَبَ لِنَفَقَةٍ لَهُ بِمَكَّةَ، فَقَالَ: لَا إِسْحَاقَ لَكِ، قَدْ لَحِقَهُ زَوْجُكِ الْفَاسِقُ فَقَتَلَهُ، فَقَدِمْتُ، فَدَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَتَوَضَّأُ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قُتِلَ إِسْحَاقُ، وَاَنَا اَبْكِي وَيَنْظُرُ اِلَيَّ، فَاِذَا نَظَرْتُ اِلَيْهِ نَكَسَ فِي الْوُضُوءِ، فَاَخَذَ كَفًّا مِنْ مَاءٍ فَنَضَحَهُ فِي وَجْهِي قَالَ بَشَّارٌ: قَالَتْ جَدَّتِي: فَلَقَدْ كَانَتْ تُصِيبُنَا الْمُصِيبَةُ الْعَظِيمَةُ، فَنَرَى الدُّمُوعَ عَلَى عَيْنَيْهَا وَلَا تُصِيبُ خَدَّهَا

کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی طرف ہجرت کی' مدینہ میں' جب آدھا راستہ طے کیا تو میرے بھائی نے مجھے کہا: اے اُم اسحاق! بیٹھو! میں اپنا خرچ بھول گیا ہوں' میں نے کہا: میں آپ پر خوف کرتی ہوں کہ میرا فاسق شوہر آپ کو نقصان دے گا۔ میرے بھائی نے کہا: نہیں دے گا اگر اللہ نے چاہا! میں چند دن بیٹھی رہی' میرے پاس سے ایک آدمی گزرا' میں اس کو جانتی تھی لیکن مجھے اس کا نام معلوم نہیں تھا' اس نے کہا: اے اُم اسحاق! آپ یہاں کس کے لیے بیٹھی ہیں؟ میں نے کہا: اسحاق کا انتظار کر رہی ہوں جو مکہ میں خرچ لینے کے لیے گئے ہیں؟ اس نے کہا: آپ کا اسحاق نہیں ہے' اُسے پیچھے سے جا ملا' آپ کا فاسق شوہر' اس نے اس کو قتل کر دیا۔ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آئی تو آپ وضو کر رہے تھے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اسحاق کو قتل کیا گیا۔ میں رو رہی تھی' آپ میری طرف دیکھ رہے تھے' جب آپ نے میری طرف دیکھا تو وضو کو چھوڑا' آپ نے ایک چلّو لیا' اس کو میرے چہرے پر ڈالا۔ حضرت بُشّار فرماتے ہیں: میری دادی نے کہا ہے کہ ہم کو بڑی مصیبت پہنچی تو ہم آنسو اس کی آنکھوں میں دیکھتے' اس کے رخسار پر نہیں ہوتے تھے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أُمِّ إِسْحَاقَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ

یہ حدیث اُم اسحاق سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن اسماعیل اکیلے ہیں۔

**6853** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، نَا مُحَمَّدُ

حضرت ضباعہ بنت زبیر رضی اللہ عنہا سے روایت

6853- أصله عند مسلم من طريق سعيد بن جبير وعكرمة' عن ابن عباس رضى الله عنهما' أن ضباعة أرادت الحج فأمرها النبى ﷺ أن تشترط...... . أخرجه مسلم: الحج جلد 2 صفحه 868' والنسائى: المناسك جلد 5 صفحه 130 (باب الاشتراط فى الحج).

Marfat.com

بْنُ كَثِيرٍ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ نُبَيْطٍ، امْرَأَةِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ ضُبَاعَةَ بِنْتِ الزُّبَيْرِ، أَنَّهَا أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَمَرَهَا أَنْ تَشْتَرِطَ

ہے کہ وہ حضور ﷺ کے پاس آئیں' آپ نے شرط لگانے کا حکم دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ إِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ

یہ حدیث حمید سے سلیمان بن کثیر روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں محمد بن کثیر اکیلے ہیں۔

**6854** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، نَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثَنَا أَبُو الْعَطُوفِ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَدِمَ حَاجًّا فَلْيَطُفْ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ قَبْلَ أَنْ يَأْتِيَ مِنًى

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو حج کرنے کے لیے آئے وہ منیٰ میں آنے سے پہلے صفا و مروہ کی سعی کرے۔

**6855** - وَبِهِ: عَنْ أَبِي الْعَطُوفِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى قَبْلَ الظُّهْرِ رَكْعَتَيْنِ، وَبَعْدَهَا رَكْعَتَيْنِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعِشَاءِ، وَرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْفَجْرِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی' آپ نے فرمایا: عصر سے پہلے اور بعد دو مغرب کے بعد اور عشاء کے بعد اور فجر سے پہلے دو رکعتیں پڑھیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ أَبِي الْعَطُوفِ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ

ابو العطوف سے ان دو حدیثوں کو یزید بن ہارون روایت کرتے ہیں۔

**6856** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثَنَا الْجَرَّاحُ بْنُ الْمِنْهَالِ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَمَى الْجِمَارَ عِنْدَ زَوَالِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ زوال الشمس کے وقت کنکری ماری' ٹھیکری کی مثل' اس حالت میں کہ آپ سواری پر تھے۔

**6855**- أخرجه البخاري: التهجد جلد **3** صفحه **70** رقم الحديث: **1180**' ومسلم: المسافرين جلد **1** صفحه **504** . ولم يذكر مسلم الركعتين قبل الفجر' وزاد بعد الجمعة سجدتين .

**6856**- أخرجه مسلم: الحج جلد **2** صفحه **776**' وأيضًا جلد **2** صفحه **944**' وأبو داؤد: المناسك جلد **2** صفحه **189** رقم الحديث: **1905**' الترمذي: الحج جلد **3** صفحه **225** رقم الحديث: **886** .

Marfat.com

الشَّمْسِ، بِمِثْلِ حَصى الْخَذْفِ، وَهُوَ عَلَى رَاحِلَتِهِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْجَرَّاحِ بْنِ الْمِنْهَالِ اِلَّا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ

یہ حدیث جراح بن منہال سے یزید بن ہارون روایت کرتے ہیں۔

**6857** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَاسِرِ الْحَذَّاءُ الدِّمَشْقِيُّ الْجبيليُّ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ اَبِي غَنْمٍ الْكَلَاعِيِّ، عَنْ اَبِي غَسَّانَ الضَّبِّيِّ قَالَ: خَرَجْتُ اَمْشِي مَعَ اَبِي بِظَهْرِ الْحَرَّةِ، فَلَقِيَنِي اَبُو هُرَيْرَةَ، فَقَالَ لِي: مَنْ هَذَا؟ قُلْتُ: اَبِي، فَقَالَ: لَا تَمْشِ بَيْنَ يَدَيْ اَبِيكَ، وَلَكِنِ امْشِ خَلْفَهُ اَوْ اِلَى جَنْبِهِ، وَلَا تَدَعْ اَحَدًا يَحُولُ بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ، وَلَا تَمْشِ فَوْقَ اِجَارٍ اَبُوكَ تَحْتَهُ، وَلَا تَاْكُلْ عِرْقًا قَدْ نَظَرَ اَبُوكَ اِلَيْهِ، لَعَلَّهُ قَدِ اشْتَهَاهُ ثُمَّ قَالَ: اَتَعْرِفُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ خِدَاشٍ؟ قُلْتُ: لَا قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: فَخِذُهُ فِي جَهَنَّمَ مِثْلُ اُحُدٍ، وَضِرْسُهُ مِثْلُ الْبَيْضَاءِ قَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ: فَقُلْتُ: وَلِمَ ذَاكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: كَانَ عَاقًّا لِوَالِدَيْهِ

حضرت ابوغسان الضبی فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ساتھ نکلا دوپہر کے وقت گرمی میں۔ مجھے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ملے مجھے فرمایا: یہ کون ہے؟ میں نے کہا: میرے والد! آپ نے فرمایا: ان کے آگے نہ چل! ان کے پیچھے یا ایک طرف چل۔ اپنے اور ان کے درمیان کسی کو حائل نہ ہونے دو۔ چھت کے اوپر چڑھ اس حالت میں کہ تیرا باپ نیچے ہو؛ ایسی نہ کھاؤ اس حالت میں کہ تیرا باپ اس کی طرف دیکھ رہا ہو اور اس کا دل چاہ رہا ہو۔ پھر فرمایا: عبداللہ بن خداش کو جانتے ہو؟ میں نے کہا: نہیں! فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: اس کی ران جہنم میں اُحد پہاڑ کی طرح ہوگی اور داڑھ بیضاء کی مثل۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں؟ فرمایا: یہ اپنے والدین کا نافرمان تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي غَسَّانَ الضَّبِّيِّ اِلَّا اَبُو غَنْمٍ الْكَلَاعِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ

یہ حدیث ابوغسان ضبی سے ابوغنم الکلاعی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ولید اکیلے ہیں۔

**6858** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَاسِرِ الْحَذَّاءُ، ثَنَا دُحَيْمٌ، نَا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَّامٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: چار آدمی صبح کرتے

---

6857- قال الحافظ الهيثمي: ابو غسان، وابو غنم الراوي عنه لم اعرفهما، وبقية رجاله ثقات . انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه140 .

6858- اسناده فيه: محمد بن سلام الخزاعي: مجهول . انظر: لسان الميزان جلد5صفحه182 . والحديث اخرجه ابن عدي في الكامل جلد6صفحه2233 .

Marfat.com

الْخُزَاعِيّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَرْبَعَةٌ يُصْبِحُونَ فِي غَضِبِ اللّٰهِ وَيُمْسُونَ فِي سَخِطَ اللّٰهِ . قُلْتُ: وَمَنْ هُمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: الْمُتَشَبِّهِينَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَاءِ، وَالْمُتَشَبِّهَاتِ مِنَ النِّسَاءِ بِالرِّجَالِ، وَالَّذِي يَأْتِي الْبَهِيمَةَ، وَالَّذِي يَأْتِي الرِّجَالَ

ہیں اللہ کے غضب میں اور شام کرتے ہیں اللہ کی ناراضگی میں۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کون ہیں؟ فرمایا: جو مرد ہوکر عورتوں کی مشابہت اختیار کرتے ہیں اور وہ عورتیں جو عورتیں ہوکر مردوں کی مشابہت اختیار کرتی ہیں اور وہ جو جانوروں سے بدفعلی اور مردوں سے بدفعلی کرتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَامٍ الْخُزَاعِيِّ اِلَّا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ

یہ حدیث محمد بن سلام الخزاعی سے ابن ابی فدیک روایت کرتے ہیں۔

**6859** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَاسِرٍ الدِّمَشْقِيُّ، نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، نَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا اَبُو شَيْبَةَ يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكِنْدِيُّ، عَنْ حِبَّانَ بْنِ اَبِي جَبَلَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ: مَا عَدَلَ بِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِخَالِدِ بْنِ الْوَلِيدِ اَحَدًا مِنْ اَصْحَابِهِ مُنْذُ اَسْلَمْنَا

حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نے میرے اور حضرت خالد بن ولید کے برابر کسی کو نہیں ٹھہرایا' جب سے ہم مسلمان ہوئے ہیں۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ حدیث عمرو بن عاص سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کو روایت کرنے میں ہشام بن عمار اکیلے ہیں۔

**6860** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَاسِرٍ، نَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثَنَا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ، عَنْ اَبِي اِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْمُتَحَابُّونَ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ کی رضا کے لیے محبت کرنے والے اللہ کی رحمت کے سایہ میں ہوں گے' جس دن اس کی رحمت کا سایہ ہوگا۔

---

6859- اسنادہ حسن' فیہ: یحیٰی بن عبد الرحمٰن: صدوق وعزاہ الحافظ الھیثمی للکبیر' ووثقه . انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحہ353 .

6860- أخرجه احمد: المسند جلد5صفحہ272 رقم الحدیث: 22063' وابن حبان (2510/موارد). وانظر الترغیب للمنذری جلد4صفحہ18 رقم الحدیث: 13 .

Marfat.com

فِي جَلَالِ اللّٰهِ فِي ظِلِّ اللّٰهِ يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهُ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ اِلَّا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن یزید بن جابر سے صدقہ بن خالد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ہشام بن عمار اکیلے ہیں۔

**6861** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْاَزْرَقِ الْاَنْطَاكِيُّ، نَا سَهْلُ بْنُ صَالِحٍ الْاَنْطَاكِيُّ، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ نَافِعٍ، وَعَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي فِي نَعْلَيْهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضورﷺ اپنے نعلین میں نماز پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، تَفَرَّدَ بِهِ: سَهْلُ بْنُ صَالِحٍ

یہ حدیث ابن جریج سے عبیداللہ بن موسیٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سہل بن صالح اکیلے ہیں۔

**6862** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْاَزْرَقِ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِدْرِيسَ الشَّافِعِيُّ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، اَنَّ ابْنَ عُمَرَ، كَانَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَيَاْمُرُ بِالْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَيَقُولُ: اَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذٰلِكَ

حضرت سالم سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما موزوں پر خود بھی مسح کرتے تھے اور مسح کرنے کا حکم دیتے تھے اور فرماتے تھے کہ حضورﷺ ایسا کرنے کا حکم دیتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا مَعْمَرٌ، وَلَا عَنْ مَعْمَرٍ اِلَّا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِدْرِيسَ

یہ حدیث زہری سے معمر اور معمر سے عبدالرزاق روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن محمد بن ادریس اکیلے ہیں۔

---

**6861**- قال الحافظ الهيثمي: رجاله ثقات' خلا شيخ الطبراني محمد بن عبد الرحمٰن الأزرق فاني لم أعرفه . انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه58 .

**6862**- ذكره الحافظ الزيلعي وقال: رواه الطبراني في معجمه الأوسط . وهذا سند صحيح . انظر: نصب الراية جلد 1 صفحه172-173 .

Marfat.com

**6863** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ . . . ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كَانَ النِّصْفُ مِنْ شَعْبَانَ فَلا صِيَامَ، اِلَّا رَمَضَانَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جب پندرہ شعبان ہوجائے تو صرف اس کے بعد رمضان کے روزے ہیں' علاوہ نہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ اِلَّا بَقِيَّةُ

یہ حدیث زبیدی سے بقیہ روایت کرتے ہیں۔

**6864** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثَنَا اَبِي، ثَنَا مُبَشِّرُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ اَبِي حَمْزَةَ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنْ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ انْتِفَاخُ الْاَهِلَّةِ، حَتّٰى يُرَى الْهِلَالُ لِلَيْلَتِهِ، فَيُقَالُ: هُوَ لِلَيْلَتَيْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: قیامت کی نشانی سے ہے کہ چاند کا پھولنا یہاں تک کہ ایک رات کا چاند دیکھنے والا کہے گا: یہ تو دو راتوں کا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ اِلَّا شُعَيْبٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُبَشِّرُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ

یہ حدیث ابوزناد سے شعیب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں مبشر بن اسماعیل اکیلے ہیں۔

**6865** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُسَافِرٍ الْاَنْطَاكِيُّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَصْرٍ الْاَنْطَاكِيُّ، ثَنَا سَلْمُ بْنُ سَالِمٍ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ مُصْعَبٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ يَضْحَكُ مِنْ اِيَاسِ الْعِبَادِ وَقُنُوطِهِمْ، وَقُرْبِ الرَّحْمَةِ مِنْهُمْ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي، وَيَضْحَكُ رَبُّنَا؟ قَالَ: اِي وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، اِنَّهُ لَيَضْحَكُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل خوش ہوتا ہے ان بندوں کو دیکھ کر جو بندے مایوس ہوتے ہیں' ان کے قریب اپنی رحمت کرتا ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان! ہمارا ربّ خوش ہوتا ہے؟ آپ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! وہ خوش ہوتا ہے۔

---

**6863**- أخرجه أبو داؤد: الصوم جلد 2 صفحه 310 رقم الحديث: 2337' والترمذي: الصوم جلد 3 صفحه 106 رقم الحديث: 738 بنحوه' وقال: حسن صحيح . وابن ماجة: الصيام جلد 1 صفحه 528 رقم الحديث: 1651 والدارمي: الصوم جلد 2 صفحه 29 رقم الحديث: 1740-1741 .

**6864**- قال الحافظ الهيثمي: فيه عبد الرحمٰن بن الأزرق الأنطاكي ولم أجده . انظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 149 .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا خَارِجَةُ بْنُ مُصْعَبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَلْمُ بْنُ سَالِمٍ

یہ حدیث زید بن اسلم سے خارجہ بن مصعب روایت کرتے ہیں۔اس کوروایت کرنے میں سلم بن سالم اکیلے ہیں۔

6866 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ الْيَمَانِ الْجَبَلِيُّ، بِجَبَلَةَ، نَا يَزْدَادُ بْنُ جَمِيلٍ، ثَنَا رُقْعَيْنُ بْنُ عِيسَى، ثَنَا اَرْطَاةُ بْنُ الْمُنْذِرِ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: دَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَرَكَةِ فِي ثَلَاثَةٍ: السَّحُورِ، وَالثَّرِيدِ، وَالْكَيْلِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: برکت تین چیزوں میں ہے: (۱) سحری (۲) ثرید (۳) ناپنے میں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ اِلَّا اَرْطَاةُ، وَلَا عَنْ اَرْطَاةَ اِلَّا رُقْعَيْنُ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَزْدَادُ

یہ حدیث داؤد سعید بن مسیب سے اور داؤد سے ارطاۃ اور ارطاۃ سے رقعین روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں یزداد اکیلے ہیں۔

6867 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَارِثِ الْجبيلِيُّ، ثَنَا مُوسَى بْنُ اَيُّوبَ النَّصِيبِيُّ، نَا عُثْمَانُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ حَمْزَةَ النَّصِيبِيِّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ نَسِيَ اَنْ يَذْكُرَ اللّٰهَ فِي اَوَّلِ طَعَامِهِ فَلْيَذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ فِي آخِرِهِ، وَلْيَقْرَاْ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ

حضرت جابر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کھانا شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھنا بھول گیا' وہ آخر میں پڑھ لے اور قل ھو اللہ احد' اللہ الصمد' لم یلد ولم یولد پڑھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ اِلَّا حَمْزَةُ النَّصِيبِيُّ

ابوزبیر سے اس حدیث کو حمزہ نصیبی روایت کرتے ہیں۔

---

6866- قال الحافظ الهيثمي: فيه جماعة لم أجد من ترجمهم . انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه21-22 .

6867- أخرجه أبو نعيم في الحلية جلد 10صفحه114 . وقال: لا أعلم أحدا رواه عن أبي الزبير الا حمزة . وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد5صفحه26 وقال: رواه الطبراني في الأوسط وفيه حمزة بن أبي حمزة النصيبي وهو متروك .

Marfat.com

**6868** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَارِثِ الْجبيلِيُّ، ثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى السَّلَامِيُّ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دِرْهَمٌ اُعْطِيهِ فِی عَقْلٍ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ مِائَةٍ فِی غَيْرِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: رشتے دار کو ایک درہم دینا مجھے زیادہ پسند ہے دوسروں کو سو درہم دینے سے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا عَبْدُ الصَّمَدِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث اسحاق بن عبداللہ سے عبدالصمد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ولید بن مسلم اکیلے ہیں۔

**6869** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَارِثِ الْجبيلِيُّ، ثَنَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا الْمُثَنَّى بْنُ الصَّبَّاحِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِضُبَاعَةَ بِنْتِ الزُّبَيْرِ، فَقَالَ: اَلَا تَحُجِّينَ؟ ، فَقَالَتْ: اِنِّی لَضعيفةٌ مَا اَسْتَطِيعُ قَالَ: حُجِّی، واشْتَرِطی اَنَّ مَحِلِّی حَيْثُ حَبَسْتَنِی

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضورﷺ حضرت ضباعہ بنت زبیر کے پاس سے گزرے آپ نے فرمایا: تم حج کیوں نہیں کرتی ہو؟ انہوں نے عرض کی: میں کمزور ہوں چلنے کی طاقت نہیں رکھتی ہوں آپ نے فرمایا: حج کرلو اور شرط لگاؤ کہ میرے احرام کھولنے کی جگہ ہوگی جہاں تجھے روک لیا جائے۔

**6870** - وَبِهِ: عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كَانَ الْعَبْدُ بَيْنَ شُرَكَاءَ ، فَاَعْتَقَهُ اَحَدُهُمْ، قُوِّمَ عَلَيْهِ بِاَغْلَى الْقِيمَةِ، فَيَغْرَمُ ثَمَنَهُ، وَيُعْتَقُ الْعَبْدُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: میں ایک آدمی کئی شرکاء کے درمیان ہو ان میں ایک آزاد کردے اس کی مہنگی قیمت لگائی جائے اور غلام کو آزاد کیا جائے۔

---

**6868**- اسناده فيه: عبد الصمد بن عبد الأعلى السلامي: مجهول . انظر: لسان الميزان ( **2114**) . انظر: مجمع الزوائد جلد**6**صفحه**295** .

**6869**- أخرجه البخاري: النكاح جلد**9**صفحه**34** رقم الحديث: **5089**، ومسلم: الحج جلد**2**صفحه**867** .

**6870**- اسناده فيه: المثنى بن الصباح: ضعيف . وانظر: مجمع الزوائد جلد**4**صفحه**252** .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ اِلَّا الْمُثَنّٰى بْنُ الصَّبَّاحِ

یہ دونوں حدیثیں عمرو بن شعیب سے مثنیٰ بن صباح روایت کرتے ہیں۔

**6871** - وَبِهِ: عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، وَسَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُعْمِرُوا، وَلَا تُرْقِبُوا، فَاِنْ فَعَلْتُمْ فَهُوَ لِلْمُعْمَرِ وَلِلْمُرْقَبِ . قُلْتُ: وَكَيْفَ يَكُونُ ذٰلِكَ؟ قَالَ: الْعُمْرٰى اَنْ تَقُولَ: هِيَ لَكَ حَيَاتَكَ، وَالرُّقْبٰى اَنْ تَقُولَ: هُوَ لِلْآخِرِ مِنِّي وَمِنْكَ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے آباد زمین آباد نہ کرو گے تلاش نہ کرو گے اگر تم نے ایسا کیا تو وہ آباد کرنے والے اور مرقب کے لیے ہے۔ میں نے عرض کی: کیسے؟ فرمایا: عمریٰ یہ ہے کہ یہ تیرے لیے ہے تیری زندگی میں اور رقبیٰ یہ ہے کہ ایک دوسرے کو کہے کہ وہ میری طرف سے اور تیری طرف سے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اِلَّا عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمُثَنّٰى بْنُ الصَّبَّاحِ

یہ حدیث سعید بن مسیّب سے عمرو بن شعیب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں مثنیٰ بن صباح اکیلے ہیں۔

**6872** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فِي قَوْلِ اللّٰهِ:(وَاذْكُرْ رَبَّكَ اِذَا نَسِيتَ) (الكهف:**24**) قَالَ: اِذَا نَسِيتَ الِاسْتِثْنَاءَ فَاسْتَثْنِ اِذَا ذَكَرْتَ قَالَ: هِيَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاصَّةً، وَلَيْسَ لِاَحَدٍ مِنَّا اَنْ يَسْتَثْنِيَ، اِلَّا بِصِلَةِ الْيَمِينِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' اللہ عزوجل کے اس ارشاد: ''اپنے رب کا ذکر کریں جب آپ بھول جائیں'' فرمایا: جب بھولے تو ان شاء اللہ کہا' فرمایا: یہ رسول اللہ ﷺ کے لیے خاص تھا' ہم میں سے کسی کے لیے جائز نہیں ہے استثناء کرنا' سوائے قسم ساتھ ملانے کے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْحُصَيْنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

یہ حدیث ابن ابونجیح سے عبدالعزیز بن حصین روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ولید بن

---

**6871**- اسناده فيه: المثنى بن الصباح: ضعيف . انظر: مجمع الزوائد جلد**4**صفحه**160** . وباسناد صحيح أخرجه: أبو داؤد جلد**3**صفحه**820**' والنسائي جلد**6**صفحه**273**' وابن حبان صفحه**280** موارد الظمآن .

**6872**- اسناده فيه: عبد العزيز بن حصين بن الترجمان: ضعيف . انظر: لسان الميزان ( **2814**) . وانظر: مجمع الزوائد جلد**4**صفحه**185** .

Marfat.com

مسلم اکیلے ہیں۔

**6873** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَنْبَسَةَ الْبَزَّارُ الْمِصِّيصِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْمِصِّيصِيُّ، ثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: نَظَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى اَبِي بَكْرٍ، وَعُمَرَ، فَقَالَ: هٰذَانِ سَيِّدَا كُهُولِ اَهْلِ الْجَنَّةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت ابوبکر وعمر کی طرف دیکھا' فرمایا: یہ دونوں جنت کے بزرگوں کے سردار ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا الْاَوْزَاعِيُّ

یہ حدیث اوزاعی سے محمد بن کثیر روایت کرتے ہیں اور قتادہ سے اوزاعی روایت کرتے ہیں۔

**6874** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ اَبِي الْجَرَّاحِ الْمِصِّيصِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَزِيرِ الدِّمَشْقِيُّ، ثَنَا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ رَجَاءِ بْنِ اَبِي سَلَمَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ نِكَاحِ السِّرِّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے چھپ کر نکاح کرنے سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا رَجَاءُ بْنُ اَبِي سَلَمَةَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ رَجَاءٍ اِلَّا ضَمْرَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ الْوَزِيرِ

یہ حدیث زہری سے رجاء بن ابی سلمہ اور رجاء سے ضمرہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن وزیر اکیلے ہیں۔

**6875** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الرَّازِيُّ الطُّرْسُوسِيُّ، ثَنَا زُنَيْجٌ اَبُو غَسَّانَ، ثَنَا هَارُونُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي قَيْسٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حالتِ حیض میں اپنے مخصوص حصے کو ڈھانپ لیتی' پھر حضور ﷺ میرے ساتھ لیٹ جاتے۔

---

**6873**- أخرجه الترمذي: المناقب جلد5صفحه610 رقم الحديث:3664 . وقال: حسن غريب .

**6874**- اسناده حسن' فيه: ضمرة بن ربيعة: صدوق يهم قليلًا . انظر: التقريب (2983) . وانظر: مجمع الزوائد جلد4 صفحه288 .

**6875**- أصله عند البخاري ومسلم من طريق عبد الرحمٰن بن الأسود عن أبيه فذكره . أخرجه البخاري: الحيض جلد 1 صفحه481 رقم الحديث: 302' ومسلم: الحيض جلد1صفحه242 .

Marfat.com

اَرْطَاةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ أُغَطِّي سُفْلِي وَاَنَا حَائِضٌ، ثُمَّ يُبَاشِرُنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا الْحَجَّاجُ، وَلَا رَوَاهُ عَنِ الْحَجَّاجِ اِلَّا عَمْرُو بْنُ اَبِي قَيْسٍ الرَّازِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: هَارُونُ بْنُ الْمُغِيرَةِ

یہ حدیث نافع سے حجاج اور حجاج سے عمرو بن ابوقیس الرازی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ہارون بن مغیرہ اکیلے ہیں۔

**6876** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الرَّازِيُّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُعَيْمِ بْنِ مَيْسَرَةَ الرَّازِيُّ، ثَنَا اَبِي، ثَنَا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: اُدْخِلَ قَبْرُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطِيفَةٌ حَمْرَاءُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ کی قبر انور میں سرخ رنگ کی چادر داخل کی گئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ اِلَّا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، وَلَا عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ اِلَّا نُعَيْمُ بْنُ مَيْسَرَةَ الرَّازِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُعَيْمٍ

یہ حدیث یونس سے ابوجعفر الرازی اور ابوجعفر سے نعیم بن میسرہ الرازی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن نعیم اکیلے ہیں۔

**6877** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الرَّازِيُّ، نَا زُنَيْجٌ اَبُو غَسَّانَ، نَا هَارُونُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ سَعِيدٍ الْقَاضِي، عَنْ اَبِي حَمْزَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَاَنِّي اَنْظُرُ اِلَى صُفْرَةِ شَعَرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ، مِنَ الدُّهْنِ الَّذِي ادَّهَنَهُ عِنْدَ اِحْرَامِهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں اب بھی رسول اللہ ﷺ کے مبارک بالوں میں زردی کا منظر دیکھ رہا ہوں جو آپ نے حالتِ احرام میں تیل لگانے کی وجہ سے ہوئی تھی' آپ حالتِ احرام میں تیل لگاتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حَمْزَةَ اِلَّا

یہ حدیث ابوحمزہ سے عنبسہ روایت کرتے ہیں۔

**6876**- اخرجه مسلم: الجنائز جلد2صفحه665' والترمذي: الجنائز جلد3صفحه356 رقم الحديث: 1048' والنسائي: الجنائز جلد4صفحه67 (باب وضع الثوب في اللحد).

Marfat.com

عَنبَسَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: هَارُونُ بْنُ الْمُغِيرَةِ

اس کو روایت کرنے میں ہارون بن مغیرہ اکیلے ہیں۔

**6878** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الرَّازِيُّ، نَا زُنَيجٌ اَبُو غَسَّانَ، نَا هَارُونُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُضَحِّي بِالْكَبْشِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک مینڈھے کی قربانی کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ اِلَّا عَنْبَسَةُ

یہ حدیث زہیر بن عدی سے عنبسہ روایت کرتے ہیں۔

**6879** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي قَيْسٍ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رَضِيتُ لِاُمَّتِي مَا رَضِيَ لَهَا ابْنُ اُمِّ عَبْدٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: میں اپنی اُمت کے لیے اس شی پر راضی ہوں جس کے لیے ابن اُم عبد یعنی عبداللہ بن مسعود راضی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا عَمْرُو بْنُ اَبِي قَيْسٍ

یہ حدیث منصور سے عمرو بن ابوقیس روایت کرتے ہیں۔

**6880** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثَنَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ

---

**6878**- لم أجده عن أنس رضي الله عنه بهذا اللفظ' ولكنه في الصحيح أنه ﷺ ضحى بكبشين . أخرجه البخاري: الحج جلد3صفحه646 رقم الحديث: 1712' ومسلم: الأضاحي جلد3صفحه1556 . وأما حديث: كان رسول الله ﷺ يضحي بكبش: فهو عن أبي سعيد رضي الله عنه أخرجه أبو داؤد: الضحايا جلد 3صفحه95 رقم الحديث: 2796 .

**6879**- اسناده حسن لو لا شيخ الطبراني فلم أجده' فيه: أ - عمر بن أبي قيس: صدوق له أوهام . ب - والحديث أخرجه البزار جلد3صفحه249' كشف الأستار . والطبراني في الكبير جلد 9صفحه77 . والحاكم في مستدركه جلد3صفحه317-318 . وقال: صحيح على شرط الشيخين' ووافقه الذهبي . وانظر: مجمع الزوائد جلد9 صفحه393 .

**6880**- أخرجه البخاري: الجمعة جلد2صفحه441 رقم الحديث: 893' ومسلم: الامارة جلد3صفحه1459 .

Marfat.com

يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، ثَنَا اَبُو حَفْصٍ الْاَبَّارُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے ہر کوئی نگہبان ہے اس سے اس کی نگہبانی کے متعلق پوچھا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ اِلَّا اَبُو حَفْصٍ الْاَبَّارُ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ

یہ حدیث محمد بن جحادہ سے ابوحفص روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن معین اکیلے ہیں۔

**6881** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الرَّازِيُّ، ثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، ثَنَا اَبُو حَفْصٍ الْاَبَّارُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ اَنْ يُمَدَّ لَهُ فِي عُمْرِهِ وَيُنْسَاَ فِي اَجَلِهِ، فَلْيَتَّقِ اللّٰهَ وَلْيَصِلْ رَحِمَهُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ اس کی عمر لمبی ہو رزاق زیادہ ہو تو وہ اللہ سے ڈرے اور صلہ رحمی کرے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا اَبُو حَفْصٍ الْاَبَّارُ

یہ حدیث منصور سے ابوحفص الابار روایت کرتے ہیں۔

**6882** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الرَّازِيُّ، ثَنَا زُنَيْجٌ اَبُو غَسَّانَ، ثَنَا هَارُونُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي قَيْسٍ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ سَعِيدٍ، اَنَّ عَلِيًّا، جَمَعَ النَّاسَ فِي الرَّحَبَةِ وَاَنَا شَاهِدٌ، فَقَالَ: اَنْشُدُ اللّٰهَ رَجُلًا سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ، فَقَامَ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ رَجُلًا، فَشَهِدُوا اَنَّهُمْ سَمِعُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ ذٰلِكَ

حضرت عمیر بن سعید سے روایت ہے کہ حضور علی رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو مقامِ رحبہ میں جمع کیا' میں وہاں موجود تھا' آپ نے اس آدمی کو اللہ کی قسم دلوائی' جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کا میں مددگار اس کا علی مددگار۔ اٹھارہ آدمی کھڑے ہوئے' ان سب نے گواہی دی کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے۔

---

**6881**- اسناده صحيح: لو لا شيخ الطبراني فلم اجده .

**6882**- قال الحافظ الهيثمي: اسناده حسن . انظر: مجمع الزوائد جلد9 صفحه 111 .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ اِلَّا عَمْرُو بْنُ اَبِي قَيْسٍ

یہ حدیث زبیر بن عدی سے عمرو بن ابوقیس روایت کرتے ہیں۔

**6883** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الرَّازِيُّ، نَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، ثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ مُحَمَّدُ بْنُ حَيَّانَ، ثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، نَا هُشَيْمٌ، ثَنَا يَعْلَى بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ حَدِيدٍ، عَنْ صَخْرٍ الْغَامِدِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لِاُمَّتِي فِي بُكُورِهَا

حضرت صخرہ الغامدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ! میری اُمت کے صبح کے کاموں میں برکت دے!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكٍ اِلَّا اَبُو الْاَحْوَصِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ

یہ حدیث مالک سے ابوالاحوص روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں احمد بن منیع اکیلے ہیں۔

**6884** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الرَّازِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِهْرَانَ الْجَمَّالُ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي الدُّنْيَا النَّصِيبِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي بَعَثَنِي بِالْحَقِّ، لَوْ اَنَّ النُّطْفَةَ الَّتِي اَخَذَ اللّٰهُ عَلَيْهَا الْمِيثَاقَ اُلْقِيَتْ عَلَى صَخْرَةٍ لَخَلَقَ اللّٰهُ مِنْهَا اِنْسَانًا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا ہے' اگر پانی کے قطرے سے جس کے متعلق اللہ عزوجل نے جان کا پیدا کرنا لکھا ہے' اگر وہ پتھر پر ڈالا جائے تو اس سے اللہ عزوجل انسان کو ضرور پیدا کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا يَحْيَى بْنُ اَبِي الدُّنْيَا، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ مِهْرَانَ

یہ حدیث ابن جریج سے یحییٰ بن ابی الدنیا روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں محمد بن مہران اکیلے ہیں۔

**6885** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الرَّازِيُّ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حالت

---

**6883**- أخرجه أبو داؤد: الجهاد جلد3صفحه36 رقم الحديث: 2606' والترمذي: البيوع جلد 3صفحه508 رقم الحديث:1212 وقال: حسن . وابن ماجة: التجارات جلد2صفحه752 رقم الحديث:2236 .

**6884**- اسناده فيه: يحيٰى بن أبي الدنيا النصيبي: ضعفه أبو حاتم . انظر: الجرح و التعديل جلد9صفحه142 . وقال الحافظ الهيثمي: فيه من لم أعرفه . انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه299 .

**6885**- تقدم تخريجه .

Marfat.com

ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ بَكْرٍ، ثَنَا هَارُونُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي قَيْسٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ اُغَطِّي سُفْلِي وَاَنَا حَائِضٌ ثُمَّ يُبَاشِرُنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حیض میں اپنے والے حصے کو ڈھانپ لیتی' پھر نیچے حضور ﷺ میرے ساتھ لیٹ جاتے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا الْحَجَّاجُ، وَلَا رَوَاهُ عَنِ الْحَجَّاجِ اِلَّا عَمْرُو بْنُ اَبِي قَيْسٍ، وَحَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ

یہ حدیث نافع بن حجاج اور حجاج سے عمرو بن ابوقیس اور حفص بن غیاث روایت کرتے ہیں۔

**6886** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الرَّازِيُّ، ثَنَا زُنَيْجٌ اَبُو غَسَّانَ، ثَنَا بَهْزُ بْنُ اَسَدٍ، ثَنَا هَارُونُ بْنُ مُوسَى، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ یہ دعا کرتے تھے: اے اللہ! مجھے تو بخل سے اپنی پناہ میں رکھ!

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ اِلَّا هَارُونُ بْنُ مُوسَى، تَفَرَّدَ بِهِ: بَهْزُ بْنُ اَسَدٍ

یہ حدیث شعیب بن حجاب سے ہارون بن موسیٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں بہز بن اسد اکیلے ہیں۔

**6887** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الرَّازِيُّ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى الْفَرَّاءُ، قَالَا، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ خَالِدٍ الصَّنْعَانِيُّ، ثَنَا رَبَاحُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ سَحْرِي وَنَحْرِي، وَكُنْتُ مُسْنِدَتَهُ اِلَى

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کا وصال ہوا میرے سینے اور گردن کے درمیان' آپ میرے سینے سے ٹیک لگائے ہوئے تھے۔ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر آئے' ان کے پاس مسواک تھی' حضور ﷺ نے مسواک مانگی' آپ نے عبدالرحمٰن سے مسواک پکڑی' آپ کا ارادہ مسواک کرنے کا تھا لیکن

**6886**- أخرجه البخاري: الجهاد جلد**6**صفحه**101** رقم الحديث:**2893**' ومسلم: الذكر جلد**4**صفحه**2080** .

**6887**- أخرجه البخاري: المغازي جلد **7**صفحه**750** رقم الحديث: **4449**' وأحمد: المسند جلد **6**صفحه**223** رقم الحديث:**25696** بنحوه .

Marfat.com

صَدْرِی، فَجَاءَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِی بَكْرٍ وَمَعَهُ سِوَاكٌ، فَدَعَاهُ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخَذَ السِّوَاكَ مِنْهُ، فَجَعَلَ يُرِيدُ اَنْ يَسْتَاكَ فَلَا يَقْدِرُ، فَاَخَذْتُ السِّوَاكَ مِنْهُ، فَطَيَّبْتُهُ، ثُمَّ دَفَعْتُهُ اِلَيْهِ، فَجَعَلَ يَسْتَنُّ بِهِ، فَثَقُلَتْ يَدُهُ، فَجَعَلْتُ اَسْمَعُهُ يَقُولُ: فِی الرَّفِيقِ الْاَعْلَى، فَقُبِضَ وَاَنَا لَا اَشْعُرُ

آپ چبانے کی طاقت نہیں رکھتے تھے میں نے مسواک لی میں نے اس کو نرم کیا پھر آپ کو دی تو آپ ﷺ مسواک کرنے لگے آپ کے ہاتھ کانپ رہے تھے آپ پڑھ رہے تھے: رفیق الاعلیٰ! جب آپ کا وصال ہوا مجھے معلوم ہی نہیں ہوا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا مَعْمَرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: رَبَاحُ بْنُ زَيْدٍ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے معمر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں رباح بن یزید اکیلے ہیں۔

**6888** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الرَّازِیُّ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُؤَدِّبُ، ثَنَا اَبِی، عَنْ عِيسَى بْنِ مُوسَى الْغُنْجَارُ، عَنْ اَبِی حَمْزَةَ السُّكَّرِیِّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِیِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُسَمُّوا الْعِنَبَ الْكَرْمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: انگور کو کرم کے نام سے نہ پکارو!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا اَبُو حَمْزَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْغُنْجَارُ

یہ حدیث اعمش سے ابوحمزہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں غنجار اکیلے ہیں۔

**6889** - وَبِهِ: عَنْ اَبِی حَمْزَةَ السُّكَّرِیِّ، عَنْ رَقَبَةَ بْنِ مَصْقَلَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا دُعِیَ اَحَدُكُمْ فَلْيُجِبْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو دعوت دی جائے تو وہ قبول کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَقَبَةَ اِلَّا اَبُو حَمْزَةَ

یہ حدیث رقبہ سے ابوحمزہ روایت کرتے ہیں۔

**6890** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ

---

**6888**- أخرجه البخاری: الأدب جلد10صفحه580 رقم الحديث:6182، ومسلم: الألفاظ جلد4صفحه1763 .

**6889**- أخرجه البخاری: النكاح جلد9صفحه148 رقم الحديث:5173، ومسلم: النكاح جلد2صفحه1053 .

**6890**- اسناده فيه: أ- عبد العزيز بن حصين: ضعيف . ب- عبد الكريم أبو أمية: ضعيف . وضعفه الحافظ الهيثمی بعبد العزيز

Marfat.com

عَوْنٍ النَّسَائِيُّ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْحُصَيْنِ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ اَبِي اُمَيَّةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِحَسْبِ امْرِءٍ مِنَ الشَّرِّ اَنْ يُشَارَ اِلَيْهِ بِالْاَصَابِعِ فِي دِينٍ اَوْ دُنْيَا، اِلَّا مَنْ عَصَمَ اللّٰهُ

فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی کے برا ہونے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ اس کی طرف دین یا دنیا کے معاملہ میں انگلی کے ساتھ شارہ کیا جائے، مگر جس کو اللہ بچائے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْحُصَيْنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ

یہ حدیث عبدالکریم سے اسحاق بن حصین روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں علی بن حجر اکیلے ہیں۔

**6891** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي عَوْنٍ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ الْهِلَالِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اِيَاسٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِي السَّلِيلِ ضُرَيْبِ بْنِ نُقَيْرٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، سَمِعْتُ دُعَاءَكَ اللَّيْلَةَ، وَالَّذِي وَصَلَ اِلَيَّ مِنْهُ اَنَّكَ تَقُولُ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي، وَوَسِّعْ لِي فِي دَارِي، وَبَارِكْ لِي فِيمَا رَزَقْتَنِي، فَقَالَ: هَلْ تَرَاهُنَّ تَرَكْنَ شَيْئًا؟

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ کی رات والی دعا میں نے سن لی۔ جو بات اس میں سے مجھے ملی ہے وہ یہ کہ آپ فرما رہے تھے: اے اللہ! میرے لیے میرے گناہ بخش دے! میرے لیے میرے گھر کو وسیع کر دے! جو رزق تُو نے مجھے دیا ہے اس میں برکت ڈال دے! آپ نے فرمایا: تُو نے اُن میں سے کوئی چیز ترک ہوتی دیکھی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ الْجُرَيْرِيِّ اِلَّا عَبْدُ الْحَمِيدِ الْهِلَالِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

حضرت سعید جریری سے یہ حدیث عبدالحمید ہلالی روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کے ساتھ علی بن حجر اکیلے ہیں۔ حضرت ابوہریرہ سے صرف اس سند کے ساتھ روایت ہے۔

**6892** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

فقط ۔ انظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحہ 299-300 ۔

6891- اخرجه الطبرانی فی الصغیر جلد 2 صفحہ 90-91 وقال: لم یروه عن سعید الجریری الا عبد الحمید بن الحسن ۔ تفرد به: علی بن حجر ۔

6892- اخرجه أبو داؤد: الفرائض جلد 3 صفحہ 120 رقم الحدیث: 2889' والترمذی: التفسیر جلد 5 صفحہ 24

Marfat.com

عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْكَلَالَةِ، فَقَالَ: تَكْفِيكَ آيَةُ الصَّيْفِ

حضور ﷺ سے آیت کلالہ کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: آپ کو گرمی والی آیت ہی کافی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَجَّاجِ اِلَّا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث حجاج سے معتمر بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔

**6893** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْخُزَزِ بْنِ عَمْرٍو الطَّبَرَانِيُّ، ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْوَاسِطِيُّ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ عِيسَى الرَّمْلِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . وَالْاَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَتَكُونُ بَعْدِي اُمُورٌ وَاَثَرَةٌ، فَقَالُوا: فَمَا تَاْمُرُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَنْ اَدْرَكَ ذٰلِكَ؟ قَالَ: تُؤَدُّونَ الْحَقَّ الَّذِي عَلَيْكُمْ وَتَسْاَلُونَ اللّٰهَ الَّذِي لَكُمْ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عنقریب میرے بعد ایسے ناپسندیدہ کام اور ترجیحات دیکھو گے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کو آپ کیا حکم دیتے ہیں جو یہ زمانہ پائے؟ آپ نے فرمایا: تم وہ حق ادا کرتے رہو جو تمہارے ذمہ ہے اور اللہ عزوجل ان سے تمہارے متعلق پوچھ لے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي حَازِمٍ اِلَّا يَحْيَى بْنُ عِيسَى، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ . وَحَدِيثُ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ عِنْدَ الثَّوْرِيِّ وَالنَّاسِ

یہ حدیث اعمش' ابوحازم سے اور اعمش سے یحییٰ بن عیسیٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن عبدالعزیز اکیلے ہیں۔

**6894** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْخُزَزِ الطَّبَرَانِيُّ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

رقم الحديث: **3042**' وأحمد: المسند جلد**4**صفحه**361** رقم الحديث: **18632** .

**6893**- اسناده لعله حسن' فيه: أحمد بن عبد العزيز الواسطي ذكره ابن حبان في الثقات وقال: حدثنا عنه قتيبة بنسخ حسان تشبه أحاديث الأثبات . انظر: الثقات جلد **8**صفحه**25** . والحديث أخرجه الطبراني في الصغير جلد**2** صفحه**80** ولم يعرف الحافظ الهيثمي أحمد بن عبد العزيز الواسطي . انظر: مجمع الزوائد جلد**7** صفحه**286** .

**6894**- اسناده فيه: الوليد بن سلمة الطبراني الأزدي: اتهم بالكذب والوضع . انظر: لسان الميزان جلد **6**صفحه**222** .

Marfat.com

ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ سَلَمَةَ الطَّبَرَانِيُّ، ثَنَا أَبِي الْوَلِيدُ، ثَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِلْقُلُوبِ صَدًا، قَالُوا: فَمَا جَلَاؤُهَا يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: جَلَاؤُهَا الِاسْتِغْفَارُ

حضور ﷺ نے فرمایا: دلوں کو زنگ لگ جاتا ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کو اتارنے کے لیے کیا شی ہے؟ آپ نے فرمایا: اس کو اُتارنے کے لیے استغفار ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ إِلَّا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَلِيدُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث محمد بن منکدر سے نضر بن محمد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ولید بن سلمہ اکیلے ہیں۔

**6895** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْخُزَزِ بْنِ عَمْرٍو، ثَنَا صَالِحُ بْنُ بِشْرٍ الطَّبَرَانِيُّ، ثَنَا عُمَرُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْقُرَشِيُّ، نَا يُوسُفُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللَّهَ بَعَثَنِي بِتَمَامِ مَكَارِمِ الْأَخْلَاقِ، وَكَمَالِ مَحَاسِنِ الْأَفْعَالِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے مجھے اچھے اخلاق اور اچھے افعال مکمل کرنے کے لیے بھیجا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُوسُفَ بْنِ مُحَمَّدٍ إِلَّا عُمَرُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، تَفَرَّدَ بِهِ: صَالِحُ بْنُ بِشْرٍ

یہ حدیث یوسف بن محمد سے عمر بن ابراہیم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں صالح بن بشیر اکیلے ہیں۔

**6896** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْخُزَزِ بْنِ عَمْرٍو، ثَنَا صَالِحُ بْنُ بِشْرٍ، ثَنَا عُمَرُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْقُرَشِيُّ، نَا مِسْوَرُ بْنُ الصَّلْتِ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو آدمی اپنی ذات اور اپنی اولاد اپنے گھر والوں اور رشتہ داروں قریبی اور دور والوں پر خرچ کرتا ہے وہ

---

والحديث أخرجه الطبراني في الصغير جلد **1** صفحه **184** . وانظر: مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **210** .

**6895**- اسناده فيه: أ- عمر بن ابراهيم القرشي: متهم بالكذب . ب- يوسف بن محمد بن المنكدر: ضعف . واكتفى الحافظ الهيثمي بتضعيفه بعمر فقط . انظر: مجمع الزوائد جلد **8** صفحه **191** .

**6896**- اسناده فيه: أ- عمر بن ابراهيم بن خالد القرشي: قال عنه الدارقطني: كذاب خبيث . انظر: لسان الميزان جلد **4** صفحه **280** . ب- مسور بن الصلت: متروك . واكتفى الحافظ الهيثمي بتضعيفه بمسور بن الصلت . انظر مجمع الزوائد جلد **3** صفحه **122** .

Marfat.com

الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَنْفَقَ الْمَرْءُ عَلَى نَفْسِهِ وَوَلَدِهِ وَأَهْلِهِ وَذِي رَحِمِهِ فَهُوَ لَهُ صَدَقَةٌ

صدقہ کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، بِهَذَا التَّمَامِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ إِلَّا مِسْوَرُ بْنُ الصَّلْتِ، وَلَا عَنْ مِسْوَرٍ إِلَّا عُمَرُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، تَفَرَّدَ بِهِ: صَالِحُ بْنُ بِشْرٍ

یہ حدیث مکمل محمد بن منکدر سے مسور بن صلت اور مسور سے عمر بن ابراہیم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں صالح بن بشیر اکیلے ہیں۔

**6897** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ الْبَيْرُوتِيُّ؛ مَكْحُولٌ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْقُرْدُوَانِيُّ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ أَبِي دَاوُدَ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ صَدَقَةً مِنْ غُلُولٍ، وَلَا صَلَاةً بِغَيْرِ طُهُورٍ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل خیانت والے مال دار اور نماز بغیر وضو کے قبول نہیں کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَكْحُولٍ إِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ أَبِي دَاوُدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِيهِ

یہ حدیث مکحول سے سلیمان بن داؤد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبیداللہ بن یزید اپنے والد سے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

**6898** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ الْبَيْرُوتِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَيْشُونٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِي دَاوُدَ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنِ ابْنِ مُحَيْرِيزٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَجْتَمِعُ غُبَارٌ فِي

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ کی راہ میں لگنے والا غبار اور جہنم کا دھواں دونوں اکٹھے مسلمان کے پیٹ میں جمع نہیں ہو سکتے ہیں۔

**6897**- اسناده فيه: أ- عبد الله بن يزيد بن ابراهيم الحراني القردواني: مجهول . ب - سليمان بن أبي داؤد الحراني: ضعيف جدًا . والحديث أخرجه البزار جلد1صفحه132 كشف الأستار . وانظر: مجمع الزوائد جلد1 صفحه230 .

**6898**- اسناده فيه: سليمان بن أبي داؤد: ضعيف جدًا . وانظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه289 .

Marfat.com

سَبِيلِ اللّٰهِ وَدُخَانُ جَهَنَّمَ فِي جَوْفِ امْرِءٍ مُسْلِمٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَكْحُولٍ إِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ أَبِي دَاوُدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ عَنْهُ

یہ حدیث مکحول سے سلیمان بن ابوداؤد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے اکیلے ہیں۔

**6899** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ الْأَنْطَاكِيُّ، ثنا أَبُو الْجَوَّابِ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كُلِّ ذِي نَابٍ مِنَ السَّبُعِ، وَكُلِّ مِخْلَبٍ مِنَ الطَّيْرِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پھاڑنے والے درندے اور اُچکنے والے پرندے کو کھانے سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا أَبُو الْجَوَّابِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ

یہ حدیث سفیان سے ابوالجواب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن غالب اکیلے ہیں۔

**6900** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ الْأَنْطَاكِيُّ، نا غُصْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا شَكَكْتَ فِي صَلَاتِكَ فَلْيَكُنِ الشَّكُّ

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تمہیں نماز میں شک ہو جائے وہ شک چوتھی یا پانچویں رکعت میں ہو۔

---

**6899**- أخرجه مسلم: الصيد جلد 3 صفحه 1534' وأبو داود: الأطعمة جلد 3 صفحه 354 رقم الحديث: 3803' والنسائي: الصيد جلد 7 صفحه 182 (باب اباحة أكل لحوم الدجاج)' والدارمي: الأضاحي جلد 2 صفحه 116 رقم الحديث: 1082 .

**6900**- أخرجه الترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 244-245 رقم الحديث: 398' وابن ماجة: الاقامة جلد 1 صفحه 381 رقم الحديث: 1209' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 242 رقم الحديث: 1661 . ولفظه: ...... فان لم يدر ثلاثًا صلى أو أربعًا فليبن على ثلاثٍ...... . وقال الترمذي: حسن غريب صحيح . وانظر: تلخيص الحبير جلد 2 صفحه 5 رقم الحديث: 8 .

Marfat.com

فِی الْخَامِسَةِ اَوِ الرَّابِعَةِ

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ اِلَّا غُصْنُ بْنُ اِسْمَاعِیلَ تَفَرَّدَ بِهٖ مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ الْاَنْطَاکِیُّ

یہ حدیث ابن ثوبان سے غصن بن اسماعیل روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن غالب انطاکی اکیلے ہیں۔

**6901** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ الْبَیْرُوتِیُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، نَا غُصْنُ بْنُ اِسْمَاعِیلَ، عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ اَبِی الطُّفَیْلِ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی غَزْوَةِ تَبُوكَ، فَجَعَلَ یَجْمَعُ بَیْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ، یُصَلِّی الظُّهْرَ فِی آخِرِ وَقْتِهَا، وَیُصَلِّی الْعَصْرَ فِی اَوَّلِ وَقْتِهَا، ثُمَّ یَسِیرُ وَیُصَلِّی الْمَغْرِبَ فِی آخِرِ وَقْتِهَا مَا لَمْ یَغِبِ الشَّفَقُ، وَیُصَلِّی الْعِشَاءَ فِی اَوَّلِ وَقْتِهَا حِینَ یَغِیبُ الشَّفَقُ، ثُمَّ قَالَ حِینَ دَنَا: اِنَّا نَازِلُونَ غَدًا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَبُوكَ، فَلَا یَسْبِقُنَا اَحَدٌ اِلَی الْمَاءِ قَالَ مُعَاذٌ: فَكُنْتُ اَوَّلَ مَنْ سَبَقَ اِلَی الْمَاءِ، فَاِذَا رَجُلَانِ قَدْ سَبَقَا اِلَی الْمَاءِ فَاسْتَقَیَا فِی قِرْبَتَیْنِ مَعَهُمَا، وكَدَّرَا الْمَاءَ، فَقُلْتُ: اَبَعْدَ نَهْیِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَبَقْتُمَا واسْتَقَیْتُمَا؟ وَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَلَمْ اَنْهَكُمْ اَنْ لَا یَسْبِقَنَا اِلَی الْمَاءِ اَحَدٌ، فَدَعَا بِالْقِرْبَتَیْنِ فَصُبَّتَا فِی الْمَاءِ، فَتَوَضَّاَ، وَتَمَضْمَضَ فِی الْمَاءِ، وَدَعَا اللّٰهَ، ففاضَ الْمَاءُ،

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ غزوۂ تبوک میں نکلے' آپ نے ظہر اور عصر اکٹھی پڑھی' یعنی ظہر کو آخری وقت اور عصر کو اوّل وقت میں' پھر چلے' مغرب کو آخری وقت یعنی شفق غروب ہونے سے پہلے اور عشاء کو اوّل وقت یعنی شفق غروب ہونے کے وقت پڑھا۔ پھر فرمایا: قریب ہے اگر اللہ نے چاہا تو ہم کل تبوک کے مقام پر پہنچیں گے' ہم سے کوئی بھی پانی کی طرف پہلے نہیں جائے گا۔ حضرت معاذ فرماتے ہیں: میں وہ پہلا شخص ہوں جو سب سے پہلے پانی تک پہنچا' میری نظر پڑی تو دو آدمی پانی تک پہلے پہنچ چکے تھے۔ ان دونوں نے اکٹھے اپنی مشکوں میں پانی بھرا اور پانی کو گدلا کر دیا۔ میں نے کہا: کیا رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منع کرنے کے بعد بھی تم پہلے آ گئے اور پانی بھر لیا؟ اتنے میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی تشریف لائے اور فرمایا: کیا میں نے تم کو منع نہ کیا کہ کوئی ہم سے پہلے پانی کی طرف نہ آئے۔ آپ نے دو مشکیں منگوا کر پانی میں ڈالیں' وضو کیا اور پانی میں کُلّی کی' اللہ سے دعا کی تو پانی بہہ نکلا' ارشاد فرمایا: اے معاذ! گویا کہ اگر تیری عمر لمبی ہو تو دیکھے جو کچھ

**6901**- اسناده حسن' فيه: أ- غصن بن اسماعيل الأنطاكي ذكره ابن حبان في الثقات وقال: ربما خالف . انظر: الثقات (419) . لسان الميزان جلد 4 صفحه 240 . ب- ابن ثوبان هو عبد الرحمٰن بن ثابت بن ثوبان: صدوق يخطئ . ولم يعرف الحافظ الهيثمي غصن بن اسماعيل . انظر: مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 163 .

Marfat.com

فَقَالَ: كَأَنَّكَ يَا مُعَاذُ إِنْ طَالَتْ بِكَ حَيَاةٌ تَرَى مَا هَا هُنَا قَدْ مُلِءَ جِنَانًا

یہاں ہو کہ لوگوں سے بھر چکا ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ إِلَّا غُصْنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ

اس حدیث کو ابن ثوبان سے صرف غصن بن اسماعیل نے ہی روایت کیا۔ محمد بن غالب اس کے ساتھ اکیلے ہیں۔

**6902** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْبَيْرُوتِيُّ، ثَنَا الْيَمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الْمِصِّيصِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ حُمَيْدٍ الْمَهْرِيِّ، عَنْ خَيْرِ بْنِ نُعَيْمٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْهَدِيَّةُ إِلَى الْإِمَامِ غُلُولٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: امام کی طرف تحفہ بھیجنا خیانت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَيْرِ بْنِ نُعَيْمٍ إِلَّا خَالِدُ بْنُ حُمَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرَ

یہ حدیث خیر بن نعیم سے خالد بن حمید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن حمیر اکیلے ہیں۔

**6903** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ الْبَيْرُوتِيُّ، ثَنَا الْيَمَانُ بْنُ سَعِيدٍ الْمِصِّيصِيُّ، ثَنَا أَشْعَثُ بْنُ شُعْبَةَ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ خَلِيفَةَ، عَنِ الْأَزْرَقِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ: صَلَّى بِنَا أَبُو رِمْثَةَ قَالَ: شَهِدْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى، ثُمَّ سَلَّمَ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ يَسَارِهِ، حَتَّى رَأَيْنَا وَضَحَ خَدَّيْهِ

حضرت ازرق بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو ابورمثہ نے نماز پڑھائی' فرمایا: میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نماز میں شریک تھا' پھر آپ نے دائیں بائیں جانب سلام پھیرا یہاں تک کہ ہم نے دونوں رخسار کو دیکھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي رِمْثَةَ إِلَّا بِهَذَا

یہ حدیث ابورمثہ سے اسی سند سے روایت ہے۔

---

**6902**- اسناده فيه: يمان بن سعيد المصيصي: ضعيف . انظر: لسان الميزان جلد6صفحه316 . وانظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه154 .

**6903**- اسناده فيه: أ- اليمان بن سعيد المصيصي: ضعيف . انظر: لسان الميزان جلد6صفحه316 . ب- المنهال بن خليفة العجلي: ضعيف . وانظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه149 .

Marfat.com

الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَشْعَثُ بْنُ شُعْبَةَ

اس کو روایت کرنے میں اشعث بن شعبہ اکیلے ہیں۔

**6904** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا الْيَمَانُ بْنُ سَعِيدٍ، ثَنَا اَشْعَثُ بْنُ شُعْبَةَ، ثَنَا وَرْقَاءُ، عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى الثَّعْلَبِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فِي قَوْلِهِ: (لَا اَسْاَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبَى) (الشورى: **23**) قَالَ: مَا كَانَ بَطْنٌ مِنْ بُطُونِ قُرَيْشٍ اِلَّا كَانَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِمْ قَرَابَةٌ قَرِيبَةٌ، فَقَالَ لَهُ: قُلْ لَا اَسْاَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا اَنْ تَوَدُّونِي عَلَى قَرَابَتِي مِنْكُمْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' اللہ عزوجل کے اس ارشاد ''لا اسئلکم علیه اجرًا الا المودة فی القربیٰ'' کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ جو بھی قریش کی پشت میں تھا ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قرابت حاصل ہے۔ آپ کو کہا گیا: ''آپ فرمائیں میں تم سے (اس تبلیغ دین پر) کوئی معاوضہ نہیں مانگتا ہوں مگر یہ کہ میرے رشتے داروں سے محبت کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى اِلَّا وَرْقَاءُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَشْعَثُ بْنُ شُعْبَةَ

یہ حدیث عبدالاعلیٰ سے ورقاء روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اشعث بن شعبہ اکیلے ہیں۔

**6905** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُعَافَى بْنِ اَبِي حَنْظَلَةَ الصَّيْدَاوِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَدَقَةَ الْجُبْلَانِيُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ، عَنْ زِيَادِ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، رَفَعَهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَكُونُ فِي هَذِهِ الْاُمَّةِ خَسْفٌ، وَقَذْفٌ، وَمَسْخٌ، فِي مُتَّخِذِي الْقَيْنَاتِ، وَلَابِسِي الْحَرِيرِ، وَشَارِبِي الْخُمُورِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس اُمت میں شکلوں کا بگڑنا اور دھنسا ہوگا' شکلیں بگڑیں گی' زنا اور ریشم پہننے والے اور شراب پینے والوں کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زِيَادٍ الْجَصَّاصِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الْوَهْبِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ صَدَقَةَ

یہ حدیث زیادہ الجصاص سے محمد بن خالد الوہبی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن

---

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس قبیلہ مزینہ اور قبیلہ بنوہذیل کی جماعت اور قبیلہ جہینہ سے ایک گروہ آئے' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم مکہ سے پیدل چل کر آئے ہیں' ایک قوم سوار ہو کر آئی ہے۔ آپ نے فرمایا: پیدل چلنے والوں کے لیے ستر حج کا ثواب ہے اور سوار ہو کر آنے والوں کے لیے ۳۰ حج کا ثواب ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي عَبْلَةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مِحْصَنٍ

یہ حدیث ابراہیم بن ابوعبلہ سے محمد بن محصن روایت کرتے ہیں۔

**7084** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ السَّرَّاجُ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَنْصُورٍ الْمَشْرِقِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ بِجُبْنَةٍ، فَاَخَذَ السِّكِّينَ، فَقَطَعَ، وَقَالَ: كُلُوا بِسْمِ اللّٰهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کے پاس غزوۂ تبوک میں بھونی ہوئی شی لائی گئی' آپ نے چھری پکڑی' اس کو کاٹا اور فرمایا: اللہ کا نام لے کر کھاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَنْصُورٍ اِلَّا

یہ حدیث عمرو بن منصور سے ابراہیم بن عیینہ اور شعبی

**7083**- اسناده فيه: محمد بن محصن العكاش: متهم بالوضع . وانظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه212 .

**7084**- اخرجه أبو داؤد: الأطعمة جلد3صفحه359 رقم الحديث: 3819 .

Marfat.com

إِبْرَاهِيمُ بْنُ عُيَيْنَةَ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنِ الشَّعْبِيِّ إِلَّا عَمْرُو بْنُ مَنْصُورٍ

سے عمرو بن منصور روایت کرتے ہیں۔

**7085** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ، نَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ خُثَيْمِ بْنِ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْلًا عَنِ اللّٰهِ مَهْلًا، لَوْلَا شَبَابٌ خُشَّعٌ، وَشُيُوخٌ رُكَّعٌ، وَأَطْفَالٌ رُضَّعٌ، وَبَهَائِمُ رُتَّعٌ لَصُبَّ عَلَيْكُمُ الْعَذَابُ صَبًّا، ثُمَّ لَرُضَّ رَضًّا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کی طرف سے مہلت ہے' اگر نوجوان کے خشوع اور بزرگوں کا رکوع اور دودھ پینے والے بچوں اور چرنے والے جانور نہ ہوتے تو تم پر عذاب بھیجا جاتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خُثَيْمٍ إِلَّا ابْنُهُ، تَفَرَّدَ بِهِ: سُرَيْجٌ، وَلَا يُرْوَى عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث خثیم سے ان کے بیٹے روایت کرتے ہیں اور حضرت ابوہریرہ سے اسی سند سے روایت ہے۔

**7086** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ، نَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْكِنْدِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ قَالَ: قُلْتُ لِأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَمَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْضِبُ؟ فَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ بَلَغَ ذَلِكَ وَلَكِنَّ أَبَا بَكْرٍ اخْتَضَبَ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا حضور ﷺ مہندی لگاتے تھے؟ حضرت انس نے فرمایا: آپ کے بال مبارک اس حد تک پہنچے نہیں تھے' ہاں! ابوبکر صدیق حناء اور کتم لگاتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو إِلَّا

یہ حدیث محمد بن عمرو سے بشر بن ولید روایت کرتے

**7085**- اسناده فيه: ابراهيم بن خثيم: متروك . قال أبو زرعة: منكر الحديث' وقال النسائي متروك . (الجرح جلد 2 صفحه 98' واللسان جلد 1 صفحه 53' والميزان جلد 1 صفحه 30) . وأخرجه أيضًا البزار' وانظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 230 .

**7086**- اخرجه البخاري: اللباس جلد 10 صفحه 364 رقم الحديث: 5894' ومسلم: الفضائل جلد 4 صفحه 1821 ولفظه لمسلم .

Marfat.com

بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ

**7087** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ السَّرَّاجُ، ثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، نَا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فِي اَصْحَابِهِ، فَقَالَ: اغْتَسِلُوا يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَمَنِ اغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ كَانَتْ كَفَّارَةً مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجُمُعَةِ وَزِيَادَةَ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحَارِثِ اِلَّا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ

**7088** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سَمِينَةَ، نَا اَبُو مَالِكٍ الْجُودَانِيُّ، ثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ اَبِي اجْتَاحَ مَالِي؟ قَالَ: اَنْتَ وَمَالُكَ لِاَبِيكَ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ اِلَّا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو مَالِكٍ الْجُودَانِيُّ

**7089** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

ہیں۔

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اپنے صحابہ کرام کے سامنے کھڑے ہوئے فرمایا: جمعہ کے دن غسل کرو! جس نے جمعہ کے دن غسل کیا تو یہ کفارہ ہو جائے گا ایک جمعہ سے لے کر دوسرے جمعہ تک اور تین دن زیادہ بھی۔

یہ حدیث یحییٰ بن حارث سے سوید بن عبدالعزیز روایت کرتے ہیں۔

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرا والد میرا سارا مال لے لیتا ہے؟ آپ نے فرمایا: تُو اور تیرا مال تیرے باپ کا ہے۔

یہ حدیث حسن سے جریر بن حازم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابومالک الجودانی اکیلے ہیں۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور

---

7087- اسناده فيه: سويد بن عبد العزيز السلمي: متروك' قال أحمد: متروك الحديث' وقال ابن معين' والنسائي: ليس بثقة' وقال البخاري: وفيه نظر لا يحتمل. (التهذيب' والجرح جلد4صفحه239' والميزان جلد2 صفحه 251). وأخرجه أيضًا في الكبير' وانظر مجمع الزوائد جلد8صفحه212 .

7088- اسناده فيه: أبو مالك الجوداني هو عبد الله بن اسماعيل: ضعيف' لينه أبو حاتم' وقال العقيلي: منكر الحديث لا يتابع على شيء من حديثه . تخريجه: الطبراني في الكبير' والبزار . وانظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه158 .

7089- اسناده حسن' فيه: قُران بن تمام الأسدي الوالبي الكوفي صدوق ربما أخطأ . التقريب' والتهذيب' والميزان

Marfat.com

بَكْرٍ، ثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، ثَنَا قُرَّانُ بْنُ تَمَّامٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ اَنْ يَسْجُدَ فَلْيَسْجُدْ، وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَلَا يَرْفَعْ اِلَى جَبْهَتِهِ شَيْئًا لِيَسْجُدَ عَلَيْهِ، وَلٰكِنْ رُكُوعَهُ وَسُجُودَهُ يُومِءُ بِرَاْسِهِ

ﷺ نے فرمایا: جو تم میں طاقت رکھتا ہے سجدہ کرنے کی تو وہ سجدہ کرے جو طاقت نہیں رکھتا ہے وہ اپنی پیشانی کے لیے کوئی شی نہ اُٹھائے سجدہ کرنے کے لیے ہاں! رکوع و سجود کے لیے اپنے سر سے اشارہ سے کرے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا قُرَّانُ بْنُ تَمَّامٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے قران بن تمام روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سریج بن یونس اکیلے ہیں۔

**7090** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ، ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عُمَرَ بْنِ خَالِدٍ الرَّقِّيُّ، ثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ نُصَيْرِ بْنِ اَبِي نُصَيْرٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ السُّدِّيِّ، عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ شَدَّادٍ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى الْمُخْتَارِ بْنِ اَبِي عُبَيْدٍ وَعِنْدَهُ وِسَادَتَانِ، فَقَالَ: يَا جَارِيَةُ، هَاتِي وِسَادَةً، قُلْتُ: هٰذِهِ وِسَادَةٌ قَالَ: لَا، اِنَّ هٰذِهِ قَامَ عَنْهَا آنِفًا جِبْرِيلُ، وَهٰذِهِ قَامَ عَنْهَا مِيكَائِيلُ، فَوَاللّٰهِ مَا مَنَعَنِي اَنْ اَضْرِبَهُ بِسَيْفِي اِلَّا حَدِيثٌ حَدَّثَنِيهِ عَمْرُو بْنُ الْحَمِقِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ آمَنَ رَجُلًا عَلَى دَمِهِ فَقَتَلَهُ، فَهُوَ فِي النَّارِ، وَاِنْ كَانَ الْمَقْتُولُ كَافِرًا

حضرت رفاعہ بن شداد فرماتے ہیں کہ میں مختار بن ابوعبید کے پاس آیا' اس کے پاس دو تکیے تھے' اس نے لونڈی سے کہا: میرے پاس ایک تکیہ لاؤ! میں نے کہا: یہ تکیہ ہے! اس نے کہا: نہیں! اس سے ابھی جبریل کھڑے ہوئے ہیں اور اس سے بھی میکائیل کھڑے ہوئے ہیں' اللہ کی قسم! مجھے تلوار سے مارنے سے کوئی رکاوٹ نہیں تھی سوائے اس حدیث کے کہ مجھے عمرو بن حمق نے بیان کی حدیث کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو کوئی آدمی اس کے خون کا امان دے' وہ اس کو قتل کرے تو وہ جہنمی ہے اگرچہ مقتول کافر ہی کیوں نہ ہو۔

---

جلد**3**صفحہ**386** . وانظر: مجمع الزوائد جلد**2**صفحہ**152** .

**7090**- أخرجه ابن ماجة: الديات جلد**2**صفحہ**896** رقم الحديث: **2688** بنحوه . وفي الزوائد: اسناده صحيح ورجاله ثقات' لأن رفاعة بن شداد' أخرجه النسائي في سننه ووثقه . وذكره ابن حبان في الثقات . وباقي رجال الاسناد على شرط مسلم' وأحمد: المسند جلد**5**صفحہ**509** رقم الحديث: **23763** .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ نُصَيْرٍ وَهُوَ عِنْدِي نُصَيْرُ بْنُ اَبِي الْاَشْعَثِ، اِلَّا عِيسَى بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث نصیر میرے نزدیک نصیر بن ابواشعث ہیں' سے عیسیٰ بن یونس روایت کرتے ہیں۔

**7091** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ السَّرَّاجُ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، نَا سَعِيدُ بْنُ سَالِمٍ، نَا الصَّلْتُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عَلَى الْبَلَاطِ، وَعَلَيْهِ نَعْلَاهُ، فَبَصَقَ تَحْتَ قَدَمِهِ الْيُسْرَى، ثُمَّ دَلَكَهَا بِالْاَرْضِ

حضرت یزید بن عبداللہ بن شخیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو چمڑے پر نماز پڑھتے ہوئے دیکھا' اس پر آپ کے نعلین تھے' آپ نے اپنے دونوں قدموں کے نیچے لعابِ دہن ڈالا' پھر اس کو زمین پر مل دیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الصَّلْتِ بْنِ دِينَارٍ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ سَالِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ

یہ حدیث صلت بن دینار سے سعید بن سالم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن عمرو بن ابان اکیلے ہیں۔

**7092** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ السَّرَّاجُ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، ثَنَا صَالِحُ بْنُ مُوسَى الطَّلْحِيُّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، وَهِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اَتَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَجْلِسًا مِنْ مَجَالِسِ الْاَنْصَارِ، فِيهِ جَمَاعَةٌ مِنْهُمْ، فَسَلَّمَ، فَرَدُّوا السَّلَامَ، وَكَرِهَ لَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَجْلِسَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَجْلِسٌ كَانَ يَجْلِسُهُ آبَاؤُنَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَاَحْبَبْنَا اَنْ نَعْمُرَهُ، وَنَجْلِسَ فِيهِ قَالَ: فَاِنْ اَبَيْتُمْ اِلَّا اَنْ تَفْعَلُوا، فَرُدُّوا السَّلَامَ، وَغُضُّوا الْاَبْصَارَ، وَاَرْشِدُوا السَّبِيلَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی مجلس میں تشریف لائے' ان میں انصاری جماعت تھی' آپ نے سلام کیا' انہوں نے آپ کے سلام کا جواب دیا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجلس کو ناپسند کیا' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ مجلس ایسی ہے کہ ہمارے آباء واجداد بھی بیٹھتے ہیں' ہم نے اس کو آباد کرنے کو پسند کیا اور ہم اس میں بیٹھتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: اگر تم نے ضروری بیٹھنا ہے تو سلام کرنے والوں کا جواب دو اور اپنی نگاہیں پست رکھو اور راہ گیر کو راستہ بتاؤ (جس کو راستہ کا پتا نہیں ہے)۔

---

**7091**- أصله عند مسلم بلفظ: انه صلى مع النبي صلى الله عليه وسلم، قال: فتنخع فدلكها بنعله اليسرى . أخرجه مسلم: المساجد جلد**1** صفحه**390**، والنسائي: المساجد جلد**2** صفحه**41** (باب بأي الرجلين يدلك بصاقه) .

**7092**- اسناده فيه: صالح بن موسى الطلحي: متروك . وانظر: مجمع الزوائد جلد**8** صفحه**65** .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورٍ إِلَّا صَالِحُ بْنُ مُوسَى الطَّلْحِيُّ

یہ حدیث منصور سے صالح بن موسیٰ الطلحی روایت کرتے ہیں۔

**7093** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ السَّرَّاجُ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عُمَرَ، ثَنَا وَهْبُ بْنُ رَاشِدٍ الرَّقِّيُّ، نَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ فُلَانًا لَمْ يَنَمِ الْبَارِحَةَ قَالَ: وَلِمَ؟، قِيلَ: لَدَغَتْهُ عَقْرَبٌ قَالَ: أَمَا إِنَّهُ لَوْ قَالَ حِينَ أَوَى إِلَى فِرَاشِهِ: أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ، لَمْ يَضُرَّهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عرض کی گئی: یارسول اللہ! آج فلاں رات کو سویا نہیں ہے؟ آپ نے فرمایا: کیوں؟ عرض کی: اس کو بچھو نے ڈسا ہے۔ آپ نے فرمایا: اگر وہ بستر پر سوتے وقت یہ پڑھتا: ''اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر ما خلق'' تو اس کو نقصان نہ دیتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ إِلَّا وَهْبُ بْنُ رَاشِدٍ

یہ حدیث ثابت سے وہب بن راشد روایت کرتے ہیں۔

**7094** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، نَا عَنْبَسَةُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ حَكِيمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي بَعْدَ وِتْرِهِ رَكْعَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وتروں کے بعد دو رکعت بیٹھ کر پڑھتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ إِلَّا زَكَرِيَّا بْنُ حَكِيمٍ، وَمَيْمُونُ بْنُ مُوسَى الْمَرَئِيُّ

یہ حدیث حسن سے زکریا بن حکیم اور میمون بن موسیٰ المرائی روایت کرتے ہیں۔

---

**7093**- اسناده فيه: وهب بن راشد الرقي: متروك . وانظر: مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**123** .

**7094**- أخرجه الترمذي: الصلاة جلد **2**صفحه**335** رقم الحديث: **471** وقال الشيخ أحمد الشاكر: حسن' وميمون ابن موسى المرئي صدوق لا بأس به . وابن ماجة: الاقامة جلد**1**صفحه**377** رقم الحديث: **1195** . وفي الزوائد: في اسناده مقال' لأن ميمون بن موسىٰ قال فيه أحمد: ما أرى به بأسًا . وقال أبو حاتم: صدوق . وقال أبو داؤد: لا بأس به ولينه غير واحد . وذكره ابن حبان في الثقات والضعفاء' وقال: منكر الحديث لا يجوز الاحتجاج به اذا انفرد . وأحمد: المسند جلد**6**صفحه **331** رقم الحديث:**26609** .

Marfat.com

**7095** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، ثَنَا طَلْحَةُ بْنُ سِنَانَ، عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: رُبَّمَا دَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْغَدَاءِ فَلَمْ يَجِدْهُ، فَفَرَضَ عَلَى نَفْسِهِ الصَّوْمَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ بسا اوقات حضورﷺ کھانا منگواتے' کھانا نہ ملتا تو آپ روزہ رکھتے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ اِلَّا لَيْثٌ، وَلَا عَنْ لَيْثٍ اِلَّا طَلْحَةُ بْنُ سِنَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ

یہ حدیث ابن ابونجیح سے لیث اور لیث سے طلحہ بن سنان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن عمران اکیلے ہیں۔

**7096** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ، ثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ التَّرْجُمَانِيُّ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ جُمَيْعٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِيَّاكُمْ وَالزِّنَا، فَاِنَّ فِيهِ اَرْبَعَ خِصَالٍ: يُذْهِبُ الْبَهَاءَ عَنِ الْوَجْهِ، وَيَقْطَعُ الرِّزْقَ، وَيُسْخِطُ الرَّحْمَنَ، وَالْخُلُودُ فِي النَّارِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: زنا سے بچو! کیونکہ زنا سے چار چیزیں ہوتی ہیں: چہرے سے رعب چلا جاتا ہے' رزق میں کمی ہوتی ہے' اللہ عزوجل ناراض ہوتا ہے' جہنم میں ہمیشہ رہے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا عَمْرُو بْنُ جُمَيْعٍ

یہ حدیث ابن جریج سے عمرو بن جمیع روایت کرتے ہیں۔

---

**7095**- أصله عند مسلم من طريق عبد الواحد بن زياد: حدثنا طلحة بن يحيى بن عبيد الله حدثتني عائشة بنت طلحة عن عائشة أم المؤمنين رضى الله عنها به . أخرجه مسلم: الصيام جلد 2 صفحه 808' وأبو داؤد: الصوم جلد 2 صفحه 342 رقم الحديث: 2455' والترمذى: الصوم جلد 3 صفحه 102 رقم الحديث: 733' والنسائى: الصيام جلد 4 صفحه 163 (باب النية فى الصيام) .

**7096**- اسناده فيه: عمرو بن جميع أبو المنذر' متهم بالوضع: كذبه ابن معين وقال الدارقطنى وجماعة: متروك' وقال ابن عدى: كان يتهم بالوضع . (اللسان جلد 4 صفحه 358) . وانظر: مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 257-258 .

Marfat.com

**7097** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ السَّرَّاجُ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِى الْفَرَجِ، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ الْخَفَّافُ، ثَنَا رَاشِدٌ اَبُو مُحَمَّدٍ الْحِمَّانِيُّ، عَنْ اَبِى هَارُونَ، عَنْ اَبِى سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَهُمْ لَيْلَةَ اُسْرِىَ بِهِ قَالَ: تَصَعَّدْتُ اَنَا وَجِبْرِيلُ اِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا، فَاِذَا اَنَا بِمَلَكٍ، يُقَالُ لَهُ: اِسْمَاعِيلُ، وَهُوَ صَاحِبُ سَمَاءِ الدُّنْيَا، وَبَيْنَ يَدَيْهِ سَبْعُونَ اَلْفَ مَلَكٍ، مَعَ كُلِّ مَلَكٍ جُنْدُهُ مِائَةُ اَلْفٍ، وَتَلَا هٰذِهِ الْاٰيَةَ: (وَمَا يَعْلَمُ جُنُودَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ) (المدثر: 31)

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیان کیا کہ جس رات مجھے سیر کروائی گئی میں اور جبریل آسمانِ دنیا کی طرف چڑھے میں نے ایک فرشتہ دیکھا اس کو اسماعیل کہا جاتا تھا' وہ آسمانِ دنیا کا مالک ہے' اس کے آگے ستر ہزار فرشتے ہیں' ہر فرشتے کے ایک ہزار پر ہیں' آپ نے یہ آیت تلاوت کی: ''آپ کے رب کے لشکر کو رب ہی جانتا ہے''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَاشِدٍ الْحِمَّانِيِّ اِلَّا عَبْدُ الْوَهَّابِ الْخَفَّافُ

یہ حدیث راشد الحمانی سے عبدالوہاب الخفاف روایت کرتے ہیں۔

**7098** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ السَّرَّاجُ، نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ التَّرْجُمَانِيُّ، نَا شُعَيْبُ بْنُ صَفْوَانَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كُلُّ نِسَائِكَ قَدْ دَخَلَ الْبَيْتَ غَيْرِى قَالَ: فَاذْهَبِى اِلَى ذِى قَرَابَتِكِ، اِلَى شَيْبَةَ، فَلْيَفْتَحْ لَكِ الْبَابَ، فادْخُلِيهِ، فَاَرْسَلَتْ اِلَيْهِ، اِنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ قَدْ اَذِنَ لِى اَنْ تَفْتَحَ لِى الْبَابَ فَاَدْخَلَهُ قَالَ: نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَكِ بِذَاكَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ. فَاَخَذَ الْمَفَاتِيحَ، فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کی ساری ازواج خانہ کعبہ میں داخل ہوئی ہیں میرے علاوہ! آپ نے فرمایا: تم بھی اپنے قریبی رشتہ کی طرف جاؤ! تیرے لیے دروازہ کھولا جائے گا' تو بھی داخل ہو۔ میں ان کی طرف گئی' سو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے حکم دیا ہے' میرے لیے دروازہ کھولنے کا۔ میں داخل ہوئی' اس نے عرض کی: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسے کرنے کا حکم دیا ہے؟ میں نے کہا: جی ہاں! اس نے چابی پکڑی' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے عائشہ کو دروازہ کھولنے کا حکم دیا ہے؟ آپ نے

---

7097- اسناده فيه: أبو هارون عمارة بن جوين العبدى: متروك ومنهم من كذبه شيعى (التقريب).

7098- اسناده فيه: عطاء بن السائب وهو ثقة' ولكنه اختلط . وأخرجه أيضًا أحمد فى المسند' وانظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه296 . قلت: بعضه فى الصحيح .

Marfat.com

فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَمَرْتَ عَائِشَةَ اَنّ يُفْتَحَ لَهَا الْبَابُ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: لَا وَاللّٰهِ، مَا فَتَحْتُهُ فِي جَاهِلِيَّةٍ وَلَا اِسْلَامٍ بِلَيْلٍ قَطُّ قَالَ: فَانْظُرْ مَا كُنْتَ تَصْنَعُ فَافْعَلْهُ، وَمَا كُنْتَ لَا تَفْعَلُ فَلَا تَفْعَلْهُ، وَاذْهَبِي اَنْتِ يَا عَائِشَةُ فَصَلِّي رَكْعَتَيْنِ فِي الْحِجْرِ، فَاِنَّ طَائِفَةً مِنْهُ مِنَ الْبَيْتِ، وَاِنَّ قَوْمَكِ قَصُرَتْ بِهِمُ النَّفَقَةُ فَتَرَكُوا طَائِفَةً مِنَ الْبَيْتِ

فرمایا: جی ہاں اس نے عرض کی: اللہ کی قسم! میں نے اسلام اور جاہلیت میں بھی رات کو دروازہ نہیں کھولا ہے۔ آپ نے فرمایا: دیکھو اگر تم نے کرنا ہے کرو' اگر نہیں کرنا نہ کرو۔ اے عائشہ! تو جا حطیم کعبہ میں نماز پڑھ لے کیونکہ یہ بھی خانۂ کعبہ کا ایک حصہ ہے' آپ کی قوم نے خرچ کم ہونے کی وجہ سے اس ٹکڑے کو چھوڑ دیا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ اِلَّا شُعَيْبُ بْنُ صَفْوَانَ

یہ حدیث عطاء بن سائب سے شعیب بن صفوان روایت کرتے ہیں۔

**7099** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ، ثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، نَا الْمُشْمَعِلُّ بْنُ مِلْحَانَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْخَزَّازِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَوْلُكَ: كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اشْرَبْ، فَاِذَا نَشَّ فَدَعْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر نشہ آور شی حرام ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے فرمایا: ہر نشہ آور شی حرام ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: پیو اگر نشہ دے تو چھوڑ دو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ النَّضْرِ اَبِي عُمَرَ اِلَّا الْمُشْمَعِلُّ

یہ حدیث نضر ابو عمر سے مشمعل روایت کرتے ہیں۔

**7100** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، ثَنَا عَنْبَسَةُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنِ الدَّخِيلِ بْنِ اِيَاسٍ، عَنْ عَمِّهِ هِلَالِ بْنِ

حضرت مجاعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے بنی سلمہ سے حضرت مجاعہ بن مرارہ بنی سلمہ کو یمامہ میں زمین دی' اس کو عوزہ کہا جاتا تھا' ان کے لیے خط بھی لکھا

**7099**- أصله عند البخاری من طريق أبي الجويرية في شقه الأول . أخرجه البخاري: الأشربة جلد **10** صفحه **65** رقم الحديث: **5598** . ولفظه: ......فما أسكر فهو حرام . وأبو داؤد: الأشربة جلد **3** صفحه **326** رقم الحديث: **3680** . ولفظه: كل مسكر حرام .

**7100**- اسناده حسن' فيه: هلال بن سراج' مقبول (التقريب) . وانظر: مجمع الزوائد جلد **6** صفحه **12** .

Marfat.com

سِرَاجٍ، عَنْ مُجَّاعَةَ قَالَ: اَعْطَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُجَّاعَةَ بْنَ مُرَارَةَ مِنْ بَنِي سَلْمَى اَرْضًا بِالْيَمَامَةِ، يُقَالُ لَهَا: الْعَوْزَةُ ۔ قَالَ: وَكَتَبَ لَهُ بِذَلِكَ كِتَابًا: مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمُجَّاعَةَ بْنِ مُرَارَةَ مِنْ بَنِي سَلْمَى، اِنِّي اَعْطَيْتُكَ الْعَوْزَةَ، فَمَنْ خَالَفَنِي فِيهَا فَالنَّارُ وَكَتَبَ يَزِيدُ

کہ محمد رسول اللہ ﷺ کی طرف سے مجاعہ بن مرارہ کے لیے بنی سلمی سے میں نے اس کو عوزہ دی جو میری مخالفت کرے گا اس کا ٹھکانہ جہنم ہے اور اس خط کو یزید نے لکھا تھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مُجَّاعَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَنْبَسَةُ

یہ حدیث مجاعہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عنبسہ اکیلے ہیں۔

**7101** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ، نَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ سَجَّادَةُ، ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ اِسْرَائِيلَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ، اَنَّ عَلِيًّا، بَلَغَهُ اَنَّ قَوْمًا بِالْبَصْرَةِ ارْتَدُّوا عَنِ الْاِسْلَامِ، فَبَعَثَ اِلَيْهِمْ، فَاُتِيَ بِهِمْ فَامَالَ عَلَيْهِمُ الطَّعَامَ جُمُعَتَيْنِ، ثُمَّ دَعَاهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ، فَاَبَوْا، فَحَفَرَ عَلَيْهِمْ حُفْرَةً، ثُمَّ قَامَ عَلَيْهَا، فَقَالَ: لَاَمْلَاَنَّكِ شَحْمًا وَلَحْمًا، ثُمَّ اَتَى بِهِمْ فَضَرَبَ اَعْنَاقَهُمْ، وَاَلْقَاهُمْ فِي الْحُفْرَةِ، ثُمَّ اَلْقَى عَلَيْهِمُ الْحَطَبَ فَاَحْرَقَهُمْ، ثُمَّ قَالَ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ ۔ قَالَ سُوَيْدُ بْنُ غَفَلَةَ: فَلَمَّا انْصَرَفَ اتَّبَعْتُهُ، فَقُلْتُ: سَمِعْتُكَ تَقُولُ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ ۔ فَقَالَ: وَيْحَكَ، اِنَّ حَوَالَيَّ قَوْمًا جُهَّالًا، وَلَكِنْ اِذَا سَمِعْتَنِي

حضرت سوید بن غفلہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خبر پہنچی کہ بصرہ میں ایک قوم اسلام سے مرتد ہوگئی ہے آپ نے ان کی طرف آدمی بھیجا تو ان کو لایا گیا ان کو دو جمعہ تک کھانا دیا جاتا رہا پھر ان کو اسلام کی دعوت دی انہوں نے انکار کر دیا آپ نے ان کے لیے گڑھا کھودا پھر اس پر کھڑے ہوئے فرمایا: اے گڑھے! میں تجھے چربی اور گوشت سے بھر دوں گا۔ پھر ان کو لایا گیا ان کی گردنیں اُڑا دی گئیں اور ان کو گڑھے میں ڈال دیا پھر ان کے اوپر لکڑیاں ڈالی گئیں اور ان کو جلا دیا۔ پھر فرمایا: اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا۔ حضرت سوید بن غفلہ فرماتے ہیں: جب آپ واپس چلے تو میں آپ کے پیچھے گیا میں نے عرض کی: میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا۔ حضرت علی

---

**7101**- اسناده فيه: الحسن بن زياد اللؤلؤى الكوفي' ضعفه ووهاه غير واحد' وقال أبو داؤد وابن معين: كذاب' وقال أبو حاتم: ليس بثقة . وانظر: مجمع الزوائد جلد6صفحه265 .

Marfat.com

اَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَانْ اَخِرَ مِنَ السَّمَاءِ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اَقُولَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَمْ يَقُلْ

رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تیرے لیے ہلاکت! میرے اردگرد جاہلوں کی قوم ہے' آپ نے مجھے کہتے ہوئے سنا کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آسمان سے گرنا مجھے زیادہ پسند ہے اس سے کہ میں رسول اللہ ﷺ کے متعلق کہو جو آپ نے نہیں فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سِمَاكٍ اِلَّا اسْرَائِيلُ، وَلَا عَنْ اِسْرَائِيلَ اِلَّا الْحَسَنُ بْنُ زِيَادٍ اللُّؤْلُؤِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ

یہ حدیث سماک سے اسرائیل اور اسرائیل سے حسن بن زیاد لؤلؤی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حسن بن حماد اکیلے ہیں۔

**7102** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ الْعَسْكَرِيُّ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، نَا بَشَّارُ بْنُ الْحَكَمِ، نَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْخَصْلَةَ الصَّالِحَةَ لِتَكُونُ فِي الرَّجُلِ، فَيُصْلِحُ اللّٰهُ بِهَا عَمَلَهُ كُلَّهُ، فَطُهُورُ الرَّجُلِ لِصَلَاتِهِ يُكَفِّرُ ذُنُوبَهُ، وَتَكُونُ صَلَاتُهُ نَافِلَةً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی کے اندر ایک نیک خصلت ہونے کی وجہ سے' اللہ عزوجل اس کے ذریعے اس کے ذریعے اس کے سارے اعمال درست کردیتا ہے' نماز کے لیے پاکی کی وجہ سے اس کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں' نماز اس کے لیے نفل ہوجاتی ہے۔

**7103** - وَبِهِ: عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: لَقِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَا ذَرٍّ، فَقَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ، اَلَا اَدُلُّكَ عَلَى خَصْلَتَيْنِ هُمَا اَخَفُّ عَلَى الظَّهْرِ، وَاَثْقَلُ فِي الْمِيزَانِ مِنْ غَيْرِهِمَا؟ قَالَ: بَلَى، يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: عَلَيْكَ بِحُسْنِ الْخُلُقِ، وَطُولِ الصَّمْتِ، فَوَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ مَا عَمِلَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے ملے' فرمایا: اے ابوذر! دو باتیں کرنے کے لحاظ سے آسان ہیں لیکن دونوں میزان میں بھاری ہوں گی' وہ نہ بتاؤں؟ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: آپ پر لازم ہے کہ اچھے اخلاق اور لمبی خاموشی

---

**7102**- اسناده فيه: بشار بن الحكم الضبي البصري' قال أبو زرعة: منكر الحديث' وقال ابن حبان: منكر الحديث جدًا' وقال ابن عدي: أرجو أنه لا بأس به . وانظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 228 .

**7103**- اسناده والكلام في الاسناد كسابقه . تخريجه: أبو يعلى' والبزار . وانظر: مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 25 و جلد 10 صفحه 304 .

Marfat.com

الْخَلَائِقُ عَمَلًا اَحَبَّ اِلَى اللّٰهِ مِنْهُمَا

اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اللہ عزوجل کو ان دو اعمال سے زیادہ کوئی پسند نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا بَشَّارُ بْنُ الْحَكَمِ

یہ دونوں حدیثیں ثابت سے بشار بن حکم روایت کرتے ہیں۔

**7104** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، نَا دَاهِرُ بْنُ نُوحٍ الْاَهْوَازِيُّ، نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، اَنَّ اُمَّ الْمُؤْمِنِينَ عَائِشَةَ، قَالَتْ: خَيَّرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَكُنْ طَلَاقًا

اُم المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے ہم کو اختیار دیا تھا' وہ طلاق نہیں تھی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ اِلَّا شُعَيْبٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ شُعَيْبٍ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: دَاهِرُ بْنُ نُوحٍ

یہ حدیث ابوالعالیہ سے شعیب اور شعیب سے حماد بن زید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں داهر بن نوح اکیلے ہیں۔

**7105** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، نَا الْخَلِيلُ بْنُ سَعِيدٍ الْاُبُلِّيُّ، نَا عُمَرُ بْنُ اَبِي عُثْمَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عُبَيْدٍ، وَوَاصِلِ بْنِ عَطَاءٍ الْغَزَّالِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ، لَا تَسْاَلِ الْاِمَارَةَ، فَاِنَّكَ اِنْ سَاَلْتَهَا وُكِّلْتَ اِلَيْهَا، وَاِنْ لَمْ تَسْاَلْهَا اُعِنْتَ عَلَيْهَا وَاِذَا حَلَفْتَ عَلَى يَمِينٍ فَرَاَيْتَ غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا فَاْتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ، وَكَفِّرْ عَنْ يَمِينِكَ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے عبدالرحمٰن! حکومت نہ مانگنا! اگر تو نے مانگی تو تجھے اس کے سپرد کر دیا جائے گا' اگر تو نے مانگی نہیں اور مل گئی تو اس پر تیری مدد کی جائے گی' جب تو کسی کام پر قسم اُٹھائے پھر اس کے کرنے میں بہتری دیکھے تو قسم کا کفارہ دے اور اس کام کو کرلے جو بہتر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ وَاصِلِ بْنِ عَطَاءٍ اِلَّا

یہ حدیث واصل بن عطاء سے عمران بن ابوعثمان

7104- اخرجه البخاري: الطلاق جلد9صفحه280 رقم الحديث: 5262' ومسلم: الطلاق جلد2صفحه1103 .

7105- اخرجه البخاري: الأحكام جلد13صفحه132 رقم الحديث: 7146' ومسلم: الأيمان جلد3صفحه1273 .

Marfat.com

عِمْرَانُ بْنُ اَبِی عُثْمَانَ، تفَرَّدَ بِهِ: الْخَلِيلُ بْنُ سَعِيدٍ

روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں خلیل بن سعدا کیلے ہیں۔

**7106** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، ثَنَا يَزِيدُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى يَرْفَعُ صَوْتَهُ حَتَّى يُسْمِعَ اَصْحَابَهُ، يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِي دِينِي الَّذِي جَعَلْتَهُ لِي عِصْمَةً، ثَلَاثَ مِرَارٍ، اللّٰهُمَّ اَصْلِحْ دُنْيَايَ الَّذِي جَعَلْتَ فِيهَا مَعَاشِي، ثَلَاثَ مِرَارٍ، اللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِي آخِرَتِي الَّتِي جَعَلْتَ اِلَيْهَا مَرْجِعِي، ثَلَاثَ مِرَارٍ، اللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ، ثَلَاثَ مِرَارٍ، اللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِعَفْوِكَ مِنْ نِقْمَتِكَ، ثَلَاثَ مِرَارٍ، اللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنْكَ، ثَلَاثَ مِرَارٍ، اللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ، وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ.

حضرت ابوبردہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ جب صبح کی نماز پڑھ لیتے تو اپنی آواز بلند کرتے یہاں تک کہ آپ کے صحابہ قریب آپ کی آواز سنتے۔ آپ یہ دعا کرتے: ''اللّٰهم اصلح لی دینی الٰی آخرہٖ''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي بُرْدَةَ اِلَّا اِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ: يَزِيدُ بْنُ عِيَاضٍ

یہ حدیث ابوبردہ سے اسحاق بن یحییٰ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یزید بن عیاض اکیلے ہیں۔

**7107** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، نَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، ثَنَا سُلَيْمَانُ الْقَافِلَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَفْتَخِرُوا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اپنے اُن باپوں پر فخر مت کر جو زمانۂ جاہلیت میں کفر کی موت مر گئے۔ کیا تم ان کی وجہ سے فخر کر سکتے ہو؟ کیا میں تمہیں خبردار نہ کروں! تمہارے ان

---

**7106**- اسناده فيه: يزيد بن عياض: متهم بالكذب-(التقريب). وانظر: مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**114**.

**7107**- اسناده فيه: سليمان القافلاني: متروك. وانظر: مجمع الزوائد جلد**4**صفحه**57**.

Marfat.com

بِآبَائِكُمُ الَّذِينَ مَاتُوا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، تَفْتَخِرُونَ بِهِمْ؟ أَلَا أُنَبِّئُكُمْ؟ مَثَلُ آبَائِكُمُ الَّذِينَ مَاتُوا فِي الْجَاهِلِيَّةِ كَمَثَلِ مَلِكٍ بَنَى قَصْرًا عَلَى قَارِعَةِ الطَّرِيقِ، وَاتَّخَذَ فِيهِ طَعَامًا، وَوَكَّلَ بِهِ رِجَالًا، فَقَالَ: لَا يَمُرَّنَّ أَحَدٌ إِلَّا أَصَابَ مِنْ طَعَامِي هَذَا، فَكَانَ إِذَا مَرَّ الرَّجُلُ فِي شَارَةٍ حَسَنَةٍ، وَثِيَابٍ حَسَنَةٍ ذَهَبُوا إِلَيْهِ، فَتَعَلَّقُوا بِهِ، وَجَاءُوا بِهِ حَتَّى يَأْكُلَ مِنْ ذَلِكَ الطَّعَامِ، وَإِذَا جَاءَ رَجُلٌ فِي شَارَةٍ سَيِّئَةٍ، وَثِيَابٍ رَثَّةٍ، مَنَعُوهُ، فَلَمَّا طَالَ ذَلِكَ، بَعَثَ اللَّهُ مَلَكًا مِنَ الْمَلَائِكَةِ فِي شَارَةٍ سَيِّئَةٍ، وَثِيَابٍ رَثَّةٍ، فَمَرَّ بِجَنَبَاتِهِمْ، فَقَامُوا إِلَيْهِ، فَدَفَعُوهُ، فَقَالَ لَهُمْ: إِنِّي جَائِعٌ، وَإِنَّمَا يُصْنَعُ الطَّعَامُ لِجَائِعٍ، فَقَالُوا: لَا، إِنَّ طَعَامَ الْمَلِكِ لَا يَأْكُلُهُ إِلَّا الْأَبْرَارُ، فَدَفَعُوهُ، فَانْطَلَقَ، فَجَاءَ فِي صُورَةٍ حَسَنَةٍ، وَثِيَابٍ حَسَنَةٍ. فَمَرَّ كَأَنَّهُ لَا يُرِيدُهُمْ بَعِيدًا مِنْهُمْ، فَذَهَبُوا إِلَيْهِ، فَتَعَلَّقُوا بِهِ، فَقَالُوا: تَعَالَ، فَأَصِبْ مِنْ طَعَامِ الْمَلِكِ قَالَ: لَا أُرِيدُهُ. فَقَالُوا: لَا يَدَعُكَ الْمَلِكُ، إِنْ بَلَغَهُ أَنَّ مِثْلَكَ مَرَّ وَلَمْ يُصِبْ مِنْ طَعَامِهِ شَقَّ عَلَيْهِ، وَخَشِينَا أَنْ يُصِيبَنَا مِنْهُ عُقُوبَةٌ، فَأَكْرَهُوهُ، فَأَدْخَلُوهُ، حَتَّى جَاءُوا بِهِ إِلَى الطَّعَامِ فَقَرَّبُوا إِلَيْهِ الطَّعَامَ، فَقَالَ بِثِيَابِهِ هَكَذَا فِي الطَّعَامِ، فَقَالُوا: مَا تَصْنَعُ؟ قَالَ: إِنِّي جِئْتُكُمْ فِي شَارَةٍ سَيِّئَةٍ، وَثِيَابٍ رَثَّةٍ، فَأَخْبَرْتُكُمْ أَنِّي جَائِعٌ، فَمَنَعْتُمُونِي، وَإِنِّي جِئْتُكُمْ فِي شَارَةٍ حَسَنَةٍ، وَثِيَابٍ حَسَنَةٍ، فَأَكْرَهْتُمُونِي، وَغَلَبْتُمُونِي، وَأَبَيْتُمْ أَنْ تَدَعُونِي، فَقَبَّحَكُمُ اللَّهُ، وَقَبَّحَ مَلِكَكُمْ، وَإِنَّمَا

باپوں کی مثال جو زمانۂ جاہلیت میں مرے اس بادشاہ کی ہے جس نے محل تعمیر کیا راستے خالی پڑ اس میں کھانا رکھا' کچھ لوگوں کو اس کا وکیل بنایا' جو کوئی بھی گزرنے والا ہو' میرے اس کھانا سے کھائے۔ ہوا یوں کہ جب کوئی ایسا آدمی گزرا جو اچھی حالت' اچھے کپڑے میں ہوا' وہ لوگ اس کی طرف گئے' اس کو لانے کے لیے اس سے چمٹ گئے' اُسے لے آئے یہاں تک کہ اس نے اس کھانے سے کھایا اور جب کوئی آدمی خستہ حالت میں پرانے کپڑوں میں تھا تو اسے کھانا کھانے کے لیے آنے سے روک دیا۔ پس جب اسی حالت پر لمبا زمانہ گزر گیا تو اللہ تعالیٰ نے خستہ حالت اور پرانے کپڑوں میں ایک فرشتہ بھیجا وہ اُن کے پاس سے گزرا' وہ اس کی طرف اُٹھے اور اُسے روک دیا۔ فرشتہ نے ان سے کہا: میں بھوکا ہوں! کھانا تو بھوکے کے لیے پکایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا: نہیں! بادشاہ کا کھانا صرف اچھے لوگ ہی کھا سکتے ہیں' انہوں نے اسے دھکے دے کر نکال دیا تو وہ چلا گیا۔ پھر وہ اچھی صورت اور اچھے کپڑوں میں آیا' سو وہ ان سے دور ہو کر اس طرح گزرا کہ گویا اسے ان سے غرض نہیں ہے۔ سو وہ اس کی طرف گئے اور اس سے چمٹ گئے۔ اُس سے عرض کی: آؤ! بادشاہ کے کھانے سے کچھ لے لو۔ اس نے کہا: مجھے خواہش نہیں ہے۔ انہوں نے کہا: بادشاہ آپ کے چھوڑنے پر راضی نہیں ہے' اگر آپ اس تک پہنچیں۔ بے شک آپ جیسا آدمی گزر جائے اور کھانا نہ کھائے تو اُس پر گراں ہو اور ہمیں سزا ملنے کا خوف ہے۔ سو انہوں نے اُسے مجبور کر کے داخل کیا' کھانے پر لائے' کھانا اُس کے

Marfat.com

يَصْنَعُ مَلِكُكُمْ هَذَا الطَّعَامَ لِلدُّنْيَا، وَإِنَّهُ لَيْسَ لَهُ عِنْدَ اللّٰهِ خَلَاقٌ قَالَ: فَارْتَفَعَ الْمَلَكُ، وَنَزَلَ عَلَيْهِمُ الْعَذَابُ

قریب گیا تو اس نے کہا: کھانے میں اس طرح کے کپڑوں کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا: آپ کیا کہہ رہے ہیں؟ اس نے کہا: میں خستہ حالت اور پرانے کپڑوں میں آیا اور تمہیں بتایا کہ مجھے بھوک نے ستایا تو تم نے مجھے قریب نہ فرمایا' پھر جب میں اچھی حالت اور اچھے کپڑوں میں آیا تو تم نے مجھے مجبور کیا اور مجھ پر غلبہ ڈال لیا اور مجھے چھوڑنے سے انکار کر دیا۔ سو اللہ نے اسے قبیح قرار دیا ہے اور تمہارا بادشاہ بھی اسے بُرا جانتا ہے۔ تمہارے بادشاہ نے یہ کھانا سب لوگوں کے لیے بنایا ہے' اللہ کے نزدیک اس کا کوئی حصہ نہیں ہے۔ سو فرشتہ چلا گیا اور ان پر عذاب نازل ہوا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ بِهَذَا الْكَلَامِ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا سُلَيْمَانُ الْقَافِلَّانِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: شَيْبَانُ، وَرَوَى الْكَلَامَ الْأَوَّلَ: لَا تَفْتَخِرُوا بِآبَائِكُمْ : هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِيُّ، وَالْحَسَنُ بْنُ أَبِي جَعْفَرٍ الْحَفْرِيُّ

حضرت ایوب سے اس کلام کے ساتھ اس حدیث کو صرف سلیمان قافلانی نے روایت کیا۔ شیبان اس کے ساتھ اکیلے ہیں۔ پہلا کلام "لا تفتخروا بآبائکم" ہشام دستوائی اور حسن بن ابی جعفر حفری نے روایت کیا۔

**7108** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، نَا عَبْدُ الْقُدُّوسِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَطَّارُ، نَا يَزِيدُ بْنُ تَمِيمِ بْنِ زَيْدٍ، حَدَّثَنِي أَبِي تَمِيمُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنِي أَبُو مَرْحُومٍ السَّعْدِيُّ، حَدَّثَنِي الْمُنْتَصِرُ بْنُ عُمَارَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَاعَ دَارًا لَمْ يَسْتَخْلِفْ، لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِي ثَمَنِهَا

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے گھر فروخت کیا' اس کے بعد مکان لیا نہیں' اس کے پیسوں میں برکت نہیں دی جائے گی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي ذَرٍّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الْقُدُّوسِ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث ابوذر سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالقدوس بن محمد اکیلے ہیں۔

---

**7108**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد**4**صفحه**114** وقال: وفيه جماعة لم أعرفهم .

Marfat.com

**7109** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الصَّوَّافُ، نَا بَكْرُ بْنُ بَكَّارٍ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَزِيدَ الْبَجَلِيُّ، ثَنَا عَامِرُ بْنُ شُرَحْبِيلَ الشَّعْبِيُّ، اَنَّهُ دَخَلَ عَلَى فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ، اُخْتِ الضَّحَّاكِ بْنِ قَيْسٍ، وَزَوْجُهَا اَبُو عَمْرِو بْنُ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْمُغِيرَةِ الْمَخْزُومِيُّ، فَقَالَتْ: اِنَّ اَبَا عَمْرِو بْنَ حَفْصٍ اَرْسَلَ اِلَيَّ وَهُوَ مُنْطَلِقٌ اِلَى جَيْشٍ اِلَى الْيَمَنِ بِطَلَاقِي، فَسَاَلْتُ اَوْلِيَاءَهُ النَّفَقَةَ عَلَيَّ وَالسُّكْنَى . فَقَالَ اَوْلِيَاؤُهُ: مَا اَرْسَلَ اِلَيْنَا فِي ذٰلِكَ بِشَيْءٍ، وَلَا اَوْصَانَا بِهِ، فَانْطَلَقْتُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ اَبَا عَمْرِو بْنَ حَفْصٍ اَرْسَلَ اِلَيَّ بِطَلَاقِي، وَطَلَبْتُ السُّكْنَى وَالنَّفَقَةَ، فَقَالَ اَوْلِيَاؤُهُ: لَمْ يُرْسِلْ اِلَيْنَا بِشَيْءٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا النَّفَقَةُ وَالسُّكْنَى لِلْمَرْاَةِ اِذَا كَانَتْ لِزَوْجِهَا عَلَيْهِ رَجْعَةٌ، فَاِذَا كَانَتْ لَا تَحِلُّ لَهُ حَتَّى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ، فَلَا نَفَقَةَ لَهَا وَلَا سُكْنَى

حضرت عامر بن سراحیل الشعبی فرماتے ہیں کہ وہ حضرت فاطمہ بنت قیس' حضرت ضحاک بن قیس کی بہن' ابوعمرو بن حفص بن عمر بن المغیرہ المخزومی کی بیوی فرماتی ہیں کہ ابوعمرو بن حفص نے میری طرف پیغام بھیجا کہ میں نے طلاق دے دی ہے۔ میں نے اس کے اولیاء سے نفقہ اور گھر مانگا۔ ان کے اولیاء نے کہا: ہم کو اس حوالہ سے کوئی شی نہیں پہنچی' نہ ہم کو وصیت کی گئی ہے' میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف گئی' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ابوعمرو بن حفص نے میری طرف طلاق کا پیغام بھیجا ہے' میں نے گھر اور خرچ مانگا ہے' ان کے اولیاء نے کہا ہے: ہم کو کوئی شی نہیں پہنچی۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نفقہ اور گھر عورت کے لیے ہے' جب اس کا شوہر واپس آئے اور یہ پہلے شوہر کے لیے حلال نہیں ہوگی یہاں تک کہ دوسرے شوہر سے وطی نہ کروا لے' اس کے بعد اس کے لیے نفقہ اور گھر نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ اِلَّا بَكْرُ بْنُ بَكَّارٍ

یہ حدیث سعید بن زید سے بکر بن بکار روایت کرتے ہیں۔

**7110** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، ثَنَا سَلَّامُ بْنُ مِسْكِينٍ، ثَنَا

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تم کو نہ بتاؤں کہ جو مجھے حضرت

**7109**- اصله عند مسلم مختصرًا عن الشعبي' ولفظه: ليس لها سكنى ولا نفقة . أخرجه مسلم: الطلاق جلد **2** صفحه **1118** وعند النسائي' وأحمد بنحو لفظ المصنف . والنسائي: الطلاق جلد **6** صفحه **116** (باب الرخصة في ذلك) . وأحمد: المسند جلد **6** صفحه **404** رقم الحديث: **27165** .

**7110**- اسناده فيه: محمد بن نوح بن حرب العسكري: لم أجده . وانظر: مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **175** .

Marfat.com

عِصْمَةُ اَبُو حُكَيْمَةَ، عَنْ اَبِی عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا اُعَلِّمُكَ مَا عَلَّمَنِي جِبْرِيلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، قُلْتُ: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: قُلْ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي خَطَئِي، وَعَمْدِي، وَهَزْلِي، وَجِدِّي، وَلَا تَحْرِمْنِي بَرَكَةَ مَا اَعْطَيْتَنِي، وَلَا تَفْتِنِّي فِيمَا حَرَمْتَنِي

جبریل علیہ السلام نے بتایا ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: تُو پڑھ ”اللّٰھم اغفرلی الٰی آخرہ“۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَلَّامُ بْنُ مِسْكِينٍ

یہ حدیث ابی بن کعب سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں سلام بن مسکین روایت کرتے ہیں۔

**7111** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اِسْرَائِيلَ، نَا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ اَبِي مُجَاهِدٍ، وَاَبِي مُدِلَّةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قُلْنَا: مَا لَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِذَا كُنَّا عِنْدَكَ كَانَتْ قُلُوبُنَا فِي الْآخِرَةِ، فَاِذَا رَجَعْنَا ذَهَبَ ذَلِكَ عَنَّا؟ فَقَالَ: لَوْ كُنْتُمْ تَكُونُونَ اِذَا رَجَعْتُمْ كَهَيْئَتِكُمْ عِنْدِي، لَزَارَتْكُمُ الْمَلَائِكَةُ فِي بُيُوتِكُمْ، ولَصَافَحَتْكُمْ باَكُفِّهَا، وَلَوْ كُنْتُمْ لَا تُذْنِبُونَ لَجَاءَ اللّٰهُ بِخَلْقٍ يُذْنِبُونَ، فَيَغْفِرُ لَهُمْ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَخْبِرْنَا عَنِ الْجَنَّةِ، مَا بِنَاؤُهَا؟ قَالَ: لَبِنَةٌ مِنْ ذَهَبٍ، وَلَبِنَةٌ مِنْ فِضَّةٍ، مِلَاطُهَا الْمِسْكُ، وَحَصْبَاؤُهَا اللُّؤْلُؤُ وَالْيَاقُوتُ، وَتُرْبَتُهَا الْوَرْسُ وَالزَّعْفَرَانُ، مَنْ يَدْخُلُهَا يُخَلَّدُ لَا يَمُوتُ، وَيَنْعَمُ لَا يَبْؤُسُ، لَا تَخْرَقُ ثِيَابُهُمْ، وَلَا يَبْلَى شَبَابُهُمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کو کیا ہے کہ ہم آپ کے پاس ہوتے ہیں تو ہمارے دلوں میں آخرت کا ڈر ہوتا ہے جب ہم واپس آ جاتے ہیں تو یہ ہم سے چلا جاتا ہے؟ آپ نے فرمایا: اگر تم اس حالت پر رہو جس حالت میں تم میرے پاس سے واپس جاتے ہو تو فرشتے تمہارے گھروں کے اندر تمہاری زیارت کریں' تمہارے ساتھ کھاتے ہوئے مصافحہ کریں' اگر تم گناہ نہ کرو گے تو اللہ عزوجل تم کو لے جائے گا' ایسی مخلوق کو لائے گا جو گناہ کریں گے ان کو معاف کرے گا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! جنت کے متعلق ہم کو بتائیں کہ کس سے بنائی ہے؟ آپ نے فرمایا: سونے اور چاندی کی اینٹ سے اس کی خوشبو مشک ہے' اس کے کنکر موتی اور یاقوت ہیں' اس کی مٹی ورس اور زعفران ہے' جو داخل ہوگا وہ ہمیشہ

**7111**- أخرجه أحمد: المسند جلد**2**صفحه**408** رقم الحديث: **8063**' وابن حبان (**2621**/موارد الظمآن).

Marfat.com

ثَلَاثٌ لَا تُرَدُّ دَعْوَتُهُمْ: اَلْإِمَامُ الْعَادِلُ، وَالصَّائِمُ حَتّٰى يُفْطِرَ، وَدَعْوَةُ الْمَظْلُومِ يَرْفَعُهَا اللّٰهُ فَوْقَ السَّحَابِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

رہے گا' اس کی نعمتیں پرانی نہیں ہوں گی' اس کے کپڑے پھٹیں گے نہیں' جوان بوڑھے نہیں ہوں گے۔ تین آدمیوں کی دعا رد نہیں ہوتی ہے: (۱) عادل بادشاہ کی (۲) روزے دار کی یہاں تک کہ افطار کرے (۳) مظلوم کی بددعا' اللہ عزوجل اُٹھائے گا بادلوں کے اوپر قیامت کے دن۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ اِلَّا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، وَلَا عَنِ الْحَسَنِ اِلَّا وَكِيعٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَسَنُ بْنُ اِسْرَائِيلَ

یہ حدیث عبدالعزیز بن رفیع سے حسن بن صالح اور حسن سے وکیع روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حسن بن اسرائیل اکیلے ہیں۔

**7112** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ، ثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَطَّانُ الرَّازِيُّ، ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِيُّ، عَنْ اَخِيهِ طَلْحَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْفُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ، عَنْ زُبَيْدٍ الْيَامِيِّ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: مَرَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ بِمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، وَهُوَ قَاعِدٌ عِنْدَ قَبْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْكِي، فَقَالَ: يَا مُعَاذُ، مَا اَبْكَاكَ؟ لَعَلَّكَ ذَكَرْتَ اَخَاكَ، اِنْ ذَكَرْتَهُ اِنَّهُ لِذٰلِكَ اَهْلٌ قَالَ: لَا، وَلٰكِنْ اَبْكَانِي بِشَيْءٍ سَمِعْتُهُ مِنْهُ فِي مَجْلِسِي هٰذَا، اَوْ فِي مَكَانِي هٰذَا، يَقُولُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَسِيرُ الرِّيَاءِ شِرْكٌ، اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْاَتْقِيَاءَ الْاَخْفِيَاءَ الْاَبْرِيَاءَ، الَّذِينَ اِذَا غَابُوا لَمْ يُفْتَقَدُوا، وَاِذَا حَضَرُوا لَمْ يُعْرَفُوا، قُلُوبُهُمْ مَصَابِيحُ الْهُدٰى، يَخْرُجُونَ مِنْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ' حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے' آپ حضور ﷺ کی قبر شریف کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' رو رہے تھے' آپ نے فرمایا: اے معاذ! آپ کیوں رو رہے ہیں؟ ہوسکتا ہے کہ آپ کو آپ کا بھائی یاد آیا ہو' یا اپنے گھر والوں میں سے کوئی یاد آیا ہے۔ حضرت معاذ نے عرض کی: نہیں! میرے رونے کی وجہ یہ ہے جو میں نے اس جگہ اس صاحبِ قبر سے سنی ہے۔ آپ نے فرمایا: تھوڑی ریاکاری شرک ہے' اللہ عزوجل پسند کرتا ہے جو پرہیزگار نیک ہو' جب وہ موجود نہ ہو تو اس کی پروانہ ہو' جب موجود ہو تو اس کو پہچانا نہ جائے' ان کے دل ہدایت کے چراغ ہیں' ہر فتنے سے کالے اندھیرے کی طرح نکل جائیں گے۔

7112- اخرجه ابن ماجة: الفتن جلد2صفحه1320 رقم الحديث: 3989 من طريق زيد بن أسلم' عن أبيه' عن عمر بن الخطاب رضى الله عنه فذكره . وفى الزوائد: فى اسناده عبد الله بن لهيعة' وهو ضعيف . والطبرانى فى الصغير جلد2صفحه45 .

Marfat.com

كُلِّ فِتْنَةٍ سَوْدَاءَ مُظْلِمَةٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زُبَيْدٍ اِلَّا الْفَيَّاضُ بْنُ غَزْوَانَ، وَلَا عَنِ الْفَيَّاضِ اِلَّا طَلْحَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث زبید سے فیاض بن غزوان روایت کرتے ہیں اور فیاض سے طلحہ بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن سلیمان اکیلے ہیں۔

**7113** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا وَهْبُ بْنُ حَفْصٍ الْحَرَّانِيُّ، ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطَّرَائِفِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا خَطَبَ بَعْضُ بَنَاتِهِ جَلَسَ اِلَى الْخِدْرِ، فَقَالَ: اِنَّ فُلَانًا يَخْطُبُ، فَاِنْ هِيَ سَكَتَتْ، كَانَ سُكُوتُهَا رِضَاهَا، وَاِنْ هِيَ كَرِهَتْ، طَعَنَتْ فِي الْحِجَابِ، فَكَانَ ذَلِكَ مِنْهَا كَرَاهِيَةً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب اپنی کسی صاحبزادی کا نکاح کرنا چاہتے تو پردے میں جاتے' فرماتے: فلاں نے آپ کو نکاح کا پیغام بھیجا ہے' جب وہ خاموش رہتی تو اس کی خاموشی رضامندی ہے' اگر ناپسند کرتی تو پردہ میں چلی جاتی' یہ اس کے ناپسند کرنے کی دلیل ہوتی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْحُصَيْنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث ثابت سے عبدالعزیز بن حصین روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عثمان بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

**7114** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثَنَا وَهْبُ بْنُ حَفْصٍ الْحَرَّانِيُّ، ثَنَا حَبِيبُ بْنُ فَرُّوخٍ، ثَنَا ابْنُ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مُرَّةَ الطَّيِّبِ، عَنْ اَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَنَى مَسْجِدًا بَنَى اللّٰهُ لَهُ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ کے لیے مسجد بنائی' اللہ اس کے لیے جنت میں گھر بنائے گا۔

---

**7113**- اسناده فيه: وهب بن حفص الحرانی: متهم بالوضع' قال الدارقطنی: كان يضع الحديث . (اللسان جلد 6 صفحه229' والميزان جلد4صفحه351) . وانظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه281 .

**7114**- اسناده والكلام فی الاسناد كسابقه . وانظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه11 .

Marfat.com

بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ إِلَّا ابْنُهُ وَهَكَذَا رَوَاهُ حَبِيبُ بْنُ فَرُّوخٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ مُرَّةَ، وَرَوَاهُ الْحَكَمُ بْنُ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ

یہ حدیث طلحہ بن مصرف سے ان کے بیٹے روایت کرتے ہیں۔ اسی طرح اس حدیث کو حبیب بن فروخ، محمد بن ابوطلحہ سے وہ ان کے والد مروہ سے۔ اس حدیث کو حکم بن یعلیٰ بن عطاء محمد بن طلحہ سے وہ ان کے والد سے وہ ابومعمر سے وہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے۔

**7115** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثنا وَهْبُ بْنُ حَفْصٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا الْمُغِيرَةُ بْنُ سَقْلَابٍ، عَنِ الْوَازِعِ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَكَلَ مِنْ هَذَا اللَّحْمِ شَيْئًا، فَلْيَغْسِلْ يَدَيْهِ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے گوشت وغیرہ سے کوئی شی کھائی وہ اپنے دونوں ہاتھ دھوئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَالِمٍ إِلَّا الْوَازِعُ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمُغِيرَةُ بْنُ سَقْلَابٍ

یہ حدیث سالم سے الوازع روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں مغیرہ بن سقلاب روایت کرتے ہیں۔

**7116** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحٍ، ثنا وَهْبُ بْنُ حَفْصٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ: أَنَّهُ صَحِبَ ابْنَ عُمَرَ، فِي السَّفَرِ، فَكَانَ إِذَا طَلَعَ سُهَيْلٌ قَالَ: لَعَنَ اللَّهُ سُهَيْلًا، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: كَانَ عَشَّارًا يَظْلِمُهُمْ، وَيَغْصِبُهُمْ أَمْوَالَهُمْ، فَمَسَخَهُ اللَّهُ شِهَابًا، فَجَعَلَهُ حَيْثُ تَرَوْنَ

حضرت عمرو بن دینار سے روایت ہے کہ وہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے سفر میں ساتھی تھے جب سہیل سامنے ہوا تو آپ نے فرمایا: سہیل پر اللہ کی لعنت ہو! کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: ٹیکس ظلم کرنا اور مال کا غصب کرنا ہے اللہ عزوجل نے شہاب کو مسخ کر دیا اس کو بنا دیا جو تم دیکھ رہے ہو۔

**7115**- اسناده فيه: أ- وهب بن حفص: متهم بالوضع . ب - الوازع بن نافع: متروك . وانظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه33 .

**7116**- اسناده فيه: أ- وهب بن حفص: متهم بالوضع . ب- ابراهيم بن يزيد الخوزى: متروك . تخريجه: الطبرانى فى الكبير، والبزار، وانظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه91 .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَزِيدَ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے ابراہیم بن یزید روایت کرتے ہیں۔

**7117** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سُوَيْدٍ الْجَذُوعِيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمُ أَبُو بِشْرٍ، حَدَّثَنِي، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُرَيْدَةَ الْأَسْلَمِيِّ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ: سَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَلَاةِ الرَّجُلِ وَهُوَ قَاعِدٌ، فَقَالَ: مَنْ صَلَّى قَائِمًا فَهُوَ أَفْضَلُ، وَمَنْ صَلَّى قَاعِدًا فَلَهُ نِصْفُ أَجْرِ الْقَائِمِ، وَمَنْ صَلَّى نَائِمًا فَلَهُ نِصْفُ أَجْرِ الْقَاعِدِ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس آدمی کی نماز کے متعلق پوچھا جو بیٹھ کر پڑھتا ہے آپ نے فرمایا: جس نے کھڑے ہو کر نماز پڑھی وہ زیادہ ثواب والی ہے۔ جس نے بیٹھ کر نماز پڑھی اس کو کھڑے ہو کر پڑھنے والے کے مقابلے میں آدھا ثواب ملے گا' جس نے لیٹ کر نماز پڑھی اس کے لیے بیٹھ کر پڑھنے والے سے آدھا ثواب ملے گا۔

**7118** - وَبِهِ: عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ: صَلَّيْتُ وَرَاءَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى امْرَأَةٍ مَاتَتْ فِي نِفَاسِهَا، فَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلصَّلَاةِ عَلَيْهَا وَسَطَهَا

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیچھے نمازِ جنازہ پڑھی (جب) آپ نے نفاس کی حالت میں مرنے والی کی نمازِ جنازہ پڑھائی' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نمازِ جنازہ پڑھتے وقت اس کے درمیان میں کھڑے ہوئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سُوَيْدٍ

یہ دونوں حدیثیں عبید بن حسین المعلم سے ابراہیم بن سوید روایت کرتے ہیں۔

**7119** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

---

**7117**- أخرجه البخاري: التقصير جلد **2** صفحه **683** رقم الحديث: **1116**' وأبو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه **248** رقم الحديث: **951**' والترمذي: الصلاة جلد **2** صفحه **207** رقم الحديث: **371**' والنسائي: قيام الليل جلد **3** صفحه **183** (باب فضل صلاة القاعد على صلاة النائم)' وابن ماجة: الاقامة جلد **1** صفحه **388** رقم الحديث: **1231** .

**7118**- أخرجه البخاري: الجنائز جلد **3** صفحه **239** رقم الحديث: **1332**' ومسلم: الجنائز جلد **2** صفحه **664** .

**7119**- أصله عند مسلم من طريق أبي موسى عن عائشة رضي الله عنها بلفظ: اذا جلس بين شعبها الأربع' ومس الختان الختان' فقد وجب الغسل . أخرجه مسلم: الحيض جلد **1** صفحه **271**' وابن ماجة: الطهارة جلد **1** صفحه **199**

Marfat.com

ثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ الشَّيْبَانِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، نَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسَى، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا الْتَقَى الْخِتَانَانِ وَجَبَ الْغُسْلُ

نے فرمایا: جب دو شرمگاہیں ملیں تو غسل واجب ہو جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي بُرْدَةَ اِلَّا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ، وَلَا عَنْ حُمَيْدٍ اِلَّا هِشَامٌ، وَلَا عَنْ هِشَامٍ اِلَّا الْاَنْصَارِيُّ

یہ حدیث ابو بردہ سے حمید بن ہلال اور حمید سے ہشام اور ہشام سے انصاری روایت کرتے ہیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نحوست اگر ہو تو گھر اور عورت اور گھوڑے میں ہوتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ الْأَوْدِيِّ إِلَّا الصَّبَّاحُ بْنُ مُحَارِبٍ

یہ حدیث داؤد اودی سے صباح بن محارب روایت کرتے ہیں۔

**7498** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَمَةَ الرَّازِيُّ، نَا أَبُو زُهَيْرٍ قَالَ: قَالَ الْمُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ: تَذَاكَرْنَا الْبِرَّ عِنْدَ أَبِي حَرْبِ بْنِ أَبِي الْأَسْوَدِ الدِّيلِيِّ، فَقَالَ أَبُو حَرْبٍ: تَذَاكَرْنَا الْبِرَّ عِنْدَ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، فَقَالَ: تَذَاكَرْنَا الْبِرَّ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَنْشَأَ يُحَدِّثُنَا قَالَ: إِنَّهُ كَانَ فِيمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ مِنَ الْأُمَمِ رَجُلٌ مُتَعَبِّدٌ صَاحِبُ صَوْمَعَةٍ، يُقَالُ لَهُ: جُرَيْجٌ، فَكَانَتْ لَهُ امْرَأَةٌ أَوْ أُمٌّ، فَكَانَتْ تَأْتِيهِ فَتُنَادِيهِ، فَيُشْرِفُ عَلَيْهَا فَيُكَلِّمُهَا، فَأَتَتْهُ يَوْمًا وَهُوَ فِي صَلَاتِهِ مُقْبِلٌ عَلَيْهَا، فَنَادَتْهُ، فَحَكَاهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى جَبْهَتِهِ، فَجَعَلَتْ تُنَادِيهِ رَافِعَةً رَأْسَهَا إِلَيْهِ، وَاضِعَةً يَدَهَا عَلَى جَبْهَتِهَا: أَيْ جُرَيْجُ،

ابوزہیر کا قول ہے: مفضل بن فضالہ نے کہا کہ ابوحرب بن ابوالاسود دیلی کے پاس، نیکی کے بارے ہم مذاکرہ کر رہے تھے حضرت ابوحرب بولے: نیکی کے بارے مذاکرہ ہم نے عمران بن حصین کے پاس کیا۔ انہوں نے کہا: ہم نے رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں بیٹھ کر نیکی کے بارے مذاکرہ کیا۔ آپ نے ہم سے بیان کرتے ہوئے فرمایا: تم سے پہلی اُمتوں میں ایک نیکوکار آدمی تھا۔ اس نے اپنا الگ عبادت خانہ بنایا ہوا تھا۔ جریج اس کا نام تھا۔ ایک اس کی بیوی تھی، اس کی ماں بھی تھی۔ وہ ان کے پاس آتیں، اسے آواز دیتیں۔ وہ گرجا کے اوپر سے جھانک کر دیکھتا اور ان سے کلام کرتا۔ ایک دن وہ تشریف لائیں جبکہ وہ پوری توجہ کے ساتھ نماز پڑھ رہا تھا، آواز دی۔ رسول کریم ﷺ نے اس کی حکایت

7497- اسناده فيه: داؤد بن يزيد الأودي: ضعيف . والحديث أخرجه البزار جلد 3 صفحه 402 . كشف الأستار . وانظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 107 .

7498- اسناده حسن فيه: محمد بن خالد بن خداش: صدوق يغرب . وانظر: مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 107 .

Marfat.com

اَیْ جُرَیْجُ، ثَلاثَ مَرَّاتٍ، كُلُّ مَرَّةٍ ثَلاثَ مِرَارٍ، كُلُّ ذَلِكَ يَقُولُ جُرَيْجٌ: اَیْ رَبِّ، اُمِّی اَمْ صَلاتِی؟ فَغَضِبَتْ، فَقَالَتْ: اللّٰهُمَّ لا يَمُوتَنَّ جُرَيْجٌ حَتَّى يَنْظُرَ فِي وُجُوهِ الْمُومِسَاتِ . قَالَ: وَبَلَغَتْ بِنْتُ مَلِكِ الْقَرْيَةِ، فَحَمَلَتْ فَوَلَدَتْ غُلامًا، فَقَالُوا لَهَا: مَنْ فَعَلَ هَذَا بِكِ؟ ؟ مَنْ صَاحِبُكِ؟ قَالَتْ: هُوَ صَاحِبُ الصَّوْمَعَةِ جُرَيْجٌ، فَمَا شَعَرَ جُرَيْجٌ حَتَّى سَمِعَ بِالْفُئُوسِ فِي اَصْلِ صَوْمَعَتِهِ، فَجَعَلَ يَسْأَلُهُمْ، وَيْلَكُمْ مَا لَكُمْ؟ فَلَمْ يُجِيبُوهُ، فَلَمَّا رَاَى ذَلِكَ اَخَذَ الْحَبْلَ فَتَدَلَّى، فَجَعَلُوا يَجِئُونَ اَنْفَهُ، وَيَضْرِبُونَهُ، وَيَقُولُونَ: مُرَاءٍ مُخَادِعٌ النَّاسَ بِعَمَلِكَ قَالَ: وَيْلَكُمْ مَا لَكُمْ؟ قَالُوا: اِبْنَتُ صَاحِبِ الْقَرْيَةِ بِنْتُ الْمَلِكِ الَّتِي اَحْبَلْتَهَا؟ قَالَ: فَمَا فَعَلَتْ؟ قَالُوا: وَلَدَتْ غُلامًا قَالَ: الْغُلامُ حَيٌّ هُوَ؟ قَالُوا: نَعَمْ قَالَ: فَتَوَلَّوْا عَنِّي، فَتَوَلَّى فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ مَشَى اِلَى شَجَرَةٍ فَاَخَذَ مِنْهَا غُصْنًا، ثُمَّ اَتَى الْغُلامَ وَهُوَ فِي مَهْدِهِ، فَضَرَبَهُ بِذَلِكَ الْغُصْنِ، وَقَالَ: يَا طَاغِيَةُ، مَنْ اَبُوكَ؟ قَالَ: اَبِي فُلانٌ الرَّاعِي، قَالُوا: اِنْ شِئْتَ بَنَيْنَا لَكَ صَوْمَعَتَكَ بِذَهَبٍ، وَاِنْ شِئْتَ بِفِضَّةٍ قَالَ: اَعِيدُوهَا كَمَا كَانَتْ فَزَعَمَ اَبُو حَرْبٍ، اَنَّهُ لَمْ يَتَكَلَّمْ فِي الْمَهْدِ اِلَّا ثَلاثَةٌ: عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ، وَشَاهِدُ يُوسُفَ، وَصَاحِبُ جُرَيْجٍ

بیان کی اس حال میں کہ آپ اپنی پیشانی پر ہاتھ رکھے ہوئے تھے' پس وہ اس کی طرف سر اُٹھا اُٹھا کر پکارتی رہی' یانی پیشانی ہاتھ رکھتے ہوئے: اے جریج! اے جریج! تین بار آواز دی۔ ہر مرتبہ' تین بار آواز دی۔ ہر بار جناب جریج کہتے رہے: اے خدا! ایک طرف میری ماں ہے' دوسری طرف تیری نماز ہے (کس کو لازم پکڑوں' کس کو چھوڑوں)؟ ماں کو غصہ آ گیا۔ عرض کی: اے اللہ! اس کو موت نہ دینا یہاں تک کہ یہ بدکار عورتوں کے چہروں میں نظر کر لے۔ فرمایا: قریہ کے بادشاہ کی بیٹی بالغ ہوئی' حاملہ ہوئی' بچہ جنا۔ لوگوں نے اس کے لیے کہا: تجھ سے یہ کام کس نے کیا؟ (تیری شادی تو ابھی ہوئی نہیں) تیرا ساتھی کون ہے؟ اس نے کہا: وہ گرجے والا' جریج۔ جریج کو اس وقت تک پتا نہ چلا یہاں تک کہ اس نے آواز سنی کہ بسولوں سے گرجا گرایا جا رہا ہے۔ جریج نے ان سے کہنا شروع کر دیا: برباد ہو جاؤ! تمہیں کیا ہوا؟ لیکن اُنہوں نے کوئی جواب نہ دیا۔ پس جب آپ نے یہ دیکھا تو اس کو پکڑ کر (اُترنے کے لیے) لڑھکنے لگے' وہ ناک چڑھانے لگے اور آپ کو مارنے لگے۔ زبان سے کہتے: ریاکار! اپنے عمل سے لوگوں کو دھوکہ دینے والے۔ آپ نے فرمایا: تم سارے ہلاک ہو جاؤ! تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ (کچھ بتاؤ تو سہی!) اُنہوں نے کہا: گاؤں کے مالک' بادشاہ کی بیٹی تجھ سے حاملہ ہوئی ہے؟ آپ نے فرمایا: اس نے کیا کیا؟ اُنہوں نے جواب دیا: اس نے بچہ جنا ہے۔ آپ نے فرمایا: کیا بچہ زندہ ہے؟ اُنہوں ہاں! آپ نے

Marfat.com

فرمایا: مجھ سے ہٹ کر اُدھر جاؤ۔ آپ نے مڑ کر دو رکعت نماز پڑھی، پھر ایک درخت کی طرف جا کر اس کی شاخ توڑی، اسے ہاتھ میں لے کر چل پڑے، بچے کے پاس آئے جو پنگھوڑے میں تھا، اس شاخ کے ساتھ اس کو مارا اور کہا: اے حرام زادے! تیرا باپ کون ہے بتا؟ اس نے جواب دیا: فلاں چرواہا! انہوں نے کہا: اگر آپ چاہیں تو آپ کا عبادت خانہ سونے یا چاندی کا بنا دیتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: پہلے کی طرح بنا دو! ابوحرب کا گمان ہے کہ پنگھوڑے میں تین بچوں نے کلام کیا ہے: حضرت عیسیٰ بن مریم، حضرت یوسف کا گواہ اور جریج کے ساتھی نے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُفَضَّلِ بْنِ فَضَالَةَ وَهُوَ: اَخُو الْمُبَارَكِ اِلَّا اَبُو زُهَيْرٍ، وَلَا يُرْوٰى عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

اس حدیث کو مفضل بن فضالہ جو کہ مبارک کے بھائی ہیں، سے صرف ابوزہیر نے روایت کیا اور وہ اس کو عمران بن حصین سے صرف اسی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں۔

**7499** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ اُحُدٍ حَاصَ اَهْلُ الْمَدِينَةِ حَيْصَةً، قَالُوا: قُتِلَ مُحَمَّدٌ، حَتّٰى كَثُرَتِ الصَّوَارِخُ فِي نَاحِيَةِ الْمَدِينَةِ، فَخَرَجَتِ امْرَاَةٌ مِنَ الْاَنْصَارِ مُتَحَزِّمَةً، فَاسْتُقْبِلَتْ بِابْنِهَا وَاَبِيهَا وَزَوْجِهَا وَاَخِيهَا، لَا اَدْرِي اَيُّهُمُ اسْتُقْبِلَتْ بِهِ اَوَّلَ، فَلَمَّا مَرَّتْ عَلٰى آخِرِهِمْ قَالَتْ: مَنْ هٰذَا؟ قَالُوا:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: جب اُحد کا دن تھا تو مدینہ والوں میں ایک افواہ پھیل گئی کہ محمد ﷺ شہید کر دیئے گئے یہاں تک کہ مدینہ کے نواح میں چیخ و پکار کی آوازیں سنی گئیں۔ ایک انصاری عورت غم واندوہ کے عالم میں نکلی۔ اس کا بیٹا، باپ، خاوند اور اس کا بھائی آگے آئے لیکن وہ پہلے ان کو نہ پہچان سکی، جب دوسری بار ان کے پاس سے گزری تو پوچھا: یہ کون

**7499**- اسناده فيه: أ- عبد الرحمٰن بن سلمة الرازي: مستور . ب- المفضل بن فضالة: ضعيف ولم يعرف الحافظ الهيثمي محمد بن شعيب شيخ الطبراني . انظر: مجمع الزوائد جلد6صفحه118 .

Marfat.com

أَبُوكِ، أَخُوكِ، زَوْجُكِ، ابْنُكِ، تَقُولُ: مَا فَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ يَقُولُونَ: أَمَامَكِ حَتَّى دُفِعَتْ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخَذَتْ بِنَاحِيَةِ ثَوْبِهِ، ثُمَّ قَالَتْ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَا أُبَالِي إِذْ سَلِمْتَ مَنْ عَطِبَ

ہے یہ کون ہے؟ بتایا گیا: تیرا باپ‘ تیرا بھائی‘ تیرا خاوند اور تیرا بیٹا ہیں۔ وہ کہتی جا رہی تھی: رسول کریم ﷺ کا کیا بنا؟ وہ کہہ رہے تھے: اور آگے ہیں اور آگے نہیں یہاں تک کہ اسے رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں پہنچا دیا گیا‘ اس نے آپ ﷺ کے کپڑے کا پلّو پکڑ کر عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! اے اللہ کے رسول! اگر آپ سلامت ہیں تو کسی مرنے والے کی مجھے پرواہ نہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ إِلَّا الْمُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو زُهَيْرٍ

اس حدیث کو حضرت ثابت سے مفضل بن فضالہ نے روایت کیا۔ ابوزہیر اس کے ساتھ اکیلے ہیں۔

**7500** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَمَةَ، نا أَبُو زُهَيْرٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ، عَنِ الْمُفَضَّلِ بْنِ فَضَالَةَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، نا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهُ كَانَ فِيمَنْ سَلَفَ مِنَ الْأُمَمِ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ: مُوَرِّقٌ، وَكَانَ مُتَعَبِّدًا، فَبَيْنَا هُوَ قَائِمٌ فِي صَلَاتِهِ ذَكَرَ النِّسَاءَ، فَاشْتَهَاهُنَّ، وَانْتَشَرَ حَتَّى قَطَعَ صَلَاتَهُ، فَغَضِبَ، فَأَخَذَ قَوْسَهُ، فَقَطَعَ وَتَرَهُ، فَعَقَدَهُ بِخُصْيَيْهِ، وَشَدَّهُ إِلَى عَقِبَيْهِ، ثُمَّ مَدَّ رِجْلَيْهِ، فَانْتَزَعَهُمَا، ثُمَّ أَخَذَ طِمْرَيْهِ، وَنَعْلَيْهِ حَتَّى أَتَى أَرْضًا لَا أَنِيسَ بِهَا وَلَا وَحْشَ، فَاتَّخَذَ عَرِيشًا، ثُمَّ قَامَ يُصَلِّي، فَجَعَلَ كُلَّمَا أَصْبَحَ انْصَدَعَتْ لَهُ الْأَرْضُ، فَخَرَجَ لَهُ خَارِجٌ مِنْهَا مَعَهُ إِنَاءٌ فِيهِ طَعَامٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ ایک دن بتانے لگے: گزشتہ اُمتوں میں ایک عبادت گزار تھا‘ جس کا نام ''مورّق'' تھا‘ ایک دن نماز کے دوران اس نے عورتوں کو یاد کیا‘ اسے شہوت نے آلیا‘ اسے انتشار ہوگیا یہاں تک کہ اس نے نماز توڑ دی‘ اسے بہت غصہ آیا‘ اس نے کمان کو پکڑ کر اس کے وتر کو توڑا‘ اسے اپنے خصیوں سے باندھ کر‘ پیچھے باندھ دیا۔ پھر اپنی دونوں ٹانگیں پھیلا دیا اور انہیں کھینچ کر باہر نکال دیا (یعنی خود کو خصی کرلیا) پھر اس نے اپنا بستر بوریا اور جوتے اُٹھائے اور چل پڑا یہاں تک کہ ایسی زمین میں آ پہنچا جہاں کوئی انیس‘ کوئی وحشی جانور نہ تھا‘ اس نے ایک چھپر بنالیا پھر نماز پڑھنا شروع کر دی‘ جب بھی صبح ہوتی تھی‘ اس کے لیے زمین پھٹ جاتی‘ اس میں سے ایک نکلنے

**7500**- اسناده فيه: المفضل بن فضالة: ضعيف ـ ولم يعرف الحافظ الهيثمي شيخ الطبراني ـ انظر: مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**308** ـ قلت: شيخ الطبراني معروف ـ وانظر: أخبار أصبهان جلد**2**صفحه**252** ـ

Marfat.com

فَيَأْكُلُ حَتَّى يَشْبَعَ، ثُمَّ يَدْخُلُ فَيَخْرُجُ بِإِنَاءٍ فِيهِ شَرَابٌ فَيَشْرَبُ حَتَّى يَرْوَى ثُمَّ يَدْخُلُ وتَلْتَئِمُ الْأَرْضُ، فَإِذَا أَمْسَى فَعَلَ مِثْلَ ذَلِكَ قَالَ: وَمَرَّ أُنَاسٌ قَرِيبًا مِنْهُ، فَأَتَاهُ رَجُلَانِ مِنَ الْقَوْمِ فَمَرَّا عَلَيْهِ تَحْتَ اللَّيْلِ، فَسَأَلَاهُ عَنْ قَصْدِهِمَا فَسَمَتَ لَهُمَا بِيَدِهِ قَالَ: هَذَا قَصْدُكُمَا، وَقَالَ: هَذَا قَصْدُكُمَا حَيْثُ تُرِيدَانِ، فَسَارَا غَيْرَ بَعِيدٍ، قَالَ أَحَدُهُمَا: مَا يُسْكِنُ هَذَا الرَّجُلَ هَاهُنَا، أَرْضٌ لَا أَنِيسَ بِهَا وَلَا وَحْشَ، لَوْ رَجَعْنَا إِلَيْهِ حَتَّى نَعْلَمَ عِلْمَهُ قَالَ: فَرَجَعَا، فَقَالَا لَهُ: يَا عَبْدَ اللَّهِ، مَا يُقِيمُكَ بِهَذَا الْمَكَانِ بِأَرْضٍ لَا أَنِيسَ بِهَا وَلَا وَحْشَ قَالَ: امْضِيَا لِشَأْنِكُمَا وَدَعَانِي، فَأَبَيَا وَأَلَحَّا عَلَيْهِ قَالَ: فَإِنِّي مُخْبِرُكُمَا عَلَى أَنَّ مَنْ كَتَمَهُ عَلَيَّ مِنْكُمَا أَكْرَمَهُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَمَنْ أَظْهَرَ عَلَيَّ مِنْكُمَا أَهَانَهُ اللَّهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، قَالَا: نَعَمْ ۔ قَالَ: فَنَزَلَا، فَلَمَّا أَصْبَحَا خَرَجَ الْخَارِجُ مِنَ الْأَرْضِ بِالَّذِي كَانَ يُخْرِجُ مِنَ الطَّعَامِ وِمِثْلَيْهِ مَعَهُ، فَأَكَلُوا حَتَّى شَبِعُوا، ثُمَّ دَخَلَ فَخَرَجَ إِلَيْهِمْ بِشَرَابٍ فِي إِنَاءٍ مِثْلِ الَّذِي كَانَ يَخْرُجُ بِهِ كُلَّ يَوْمٍ وِمِثْلَيْهِ مَعَهُ، فَشَرِبُوا حَتَّى رَوُوا، ثُمَّ دَخَلَ وَالْتَأَمَتِ الْأَرْضُ قَالَ: فَنَظَرَ أَحَدُهُمَا إِلَى صَاحِبِهِ، فَقَالَ: مَا يُعَجِّلُنَا هَذَا طَعَامٌ وَشَرَابٌ، وَقَدْ عَلِمْنَا سَمْتَنَا مِنَ الْأَرْضِ، امْكُثْ إِلَى الْعَشَاءِ، فَمَكَثَا فَخَرَجَ إِلَيْهِمْ مِنَ الْعَشَاءِ مِنَ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ مِثْلُ الَّذِي خَرَجَ أَوَّلَ النَّهَارِ، فَقَالَ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ:

والا نکلتا' جس کے پاس ایک برتن ہوتا جس میں کھانا موجود ہوتا تھا۔ وہ کھاتا یہاں تک کہ سیر ہو جاتا' پھر وہ نکلنے والا زمین میں داخل ہو جاتا اور پانی لے کر آتا جسے وہ پی لیتا یہاں تک کہ سیراب ہو جاتا۔ پھر وہ داخل ہو جاتا اور زمین ہموار ہو جاتی۔ پھر جب شام ہوتی تو اسی طرح ہوتا' آپ ﷺ نے فرمایا: ایک بار ایسا ہوا کہ کچھ لوگ اس کے قریب سے گزرے' ان میں سے دو آدمی اس کے پاس آئے' رات کی تاریکی میں وہ اس کے پاس سے گزرے تھے' انہوں نے اپنے مقصود کے بارے اس سے پوچھا۔ اس نے اپنا ہاتھ بلند کر کے کہا: تمہارا مقصد یہ ہے' پھر بولا: یہ تم دونوں کا مقصد ہے جو تم چاہتے ہو۔ پس وہ دونوں کافی دور چلے گئے تو ایک نے دوسرے سے کہا: اس آدمی کو کس چیز نے یہاں ٹھہرنے پر مجبور کیا ہے جہاں نہ کوئی دوست ہے نہ دشمن۔ اگر ہم دونوں ایک بار پھر اس کے پاس جائیں یہاں تک کہ ہمیں اس کا پتہ چلے۔ آپ نے فرمایا: وہ واپس آئے۔ اس نے کہا: اے اللہ کے بندے! اس جگہ کس چیز نے آپ کو مقیم کیا ہے' ایسی زمین جہاں نہ کوئی دوست ہے نہ مسافر۔ اس نے کہا: تم اپنے کام کو جاؤ اور مجھے اپنے حال پر چھوڑ دو۔ انہوں نے اس کی بات ماننے سے انکار کر دیا اور اپنی منوانے پر اصرار کیا۔ اس نے کہا: ایک شرط یہ بتاتا ہوں کہ تم دونوں میں سے جو اس کو چھپائے گا' اللہ تعالیٰ اسے دنیا و آخرت میں عزت عطا فرمائے گا اور جو ظاہر کرے گا' اللہ سے دنیا و آخرت میں ذلیل کرے گا۔ ان دونوں نے کہا: جی ہاں!

Marfat.com

امْكُثْ بِنَا حَتَّى نُصْبِحَ، فَمَكَثَا فَلَمَّا اَصْبَحُوا خَرَجَ اِلَيْهِمَا مِثْلُ ذَلِكَ، ثُمَّ رَكِبَا فَانْطَلَقَا، فَاَمَّا اَحَدُهُمَا فَلَزِمَ بَابَ الْمَلِكِ حَتَّى كَانَ مِنْ خَاصَّتِهِ وَسَمَرِهِ، وَاَمَّا الْآخَرُ فَاَقْبَلَ عَلَى تِجَارَتِهِ وَعَمَلِهِ . وَكَانَ ذَلِكَ الْمَلِكُ لَا يَكْذِبُ اَحَدٌ فِي زَمَانِهِ مِنْ اَهْلِ مَمْلَكَتِهِ كَذِبَةً يُعْرَفُ بِهَا اِلَّا صَلَبَهُ، فَبَيْنَا هُمْ لَيْلَةً فِي السَّمَرِ يُحَدِّثُونَهُ مِمَّا رَاَوْا مِنَ الْعَجَائِبِ، اَنْشَاَ ذَلِكَ الرَّجُلُ يُحَدِّثُ قَالَ: لَاُحَدِّثَنَّكَ اَيُّهَا الْمَلِكُ بِحَدِيثٍ مَا سَمِعْتَ اَعْجَبَ مِنْهُ قَطُّ، فَحَدَّثَ حَدِيثَ ذَلِكَ الرَّجُلِ الَّذِي رَاَى مِنْ اَمْرِهِ . قَالَ الْمَلِكُ: مَا سَمِعْتُ بِكَذِبٍ قَطُّ اَعْظَمَ مِنْ هَذَا، وَاللّٰهِ لَتَاْتِيَنِّي عَلَى مَا قُلْتَ بِبَيِّنَةٍ اَوْ لَاَصْلُبَنَّكَ قَالَ: بَيِّنَتِي فُلَانٌ قَالَ: رِضًى، ائْتُونِي بِهِ، فَلَمَّا اَتَاهُ قَالَ لَهُ الْمَلِكُ: اِنَّ هَذَا قَالَ: اِنَّكُمَا مَرَرْتُمَا بِرَجُلٍ، ثُمَّ كَانَ مِنْ اَمْرِهِ كَذَا وَكَذَا؟ قَالَ الرَّجُلُ: اَيُّهَا الْمَلِكُ اَوَلَسْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هَذَا كَذِبٌ، وَهَذَا مَا لَا يَكُونُ، وَلَوْ اَنِّي حَدَّثْتُكَ بِهَذَا كَانَ عَلَيْكَ فِي الْحَقِّ اَنْ تَصْلُبَنِي عَلَيْهِ؟ قَالَ: صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ . قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاَدْخَلَ الرَّجُلَ الَّذِي كَتَمَ عَلَيْهِ فِي خَاصَّتِهِ وَسَمَرِهِ، وَاَمَرَ بِالْآخَرِ فَصُلِبَ ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاَمَّا الَّذِي كَتَمَ عَلَيْهِ مِنْهُمَا فَقَدْ اَكْرَمَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَاَمَّا الَّذِي اَظْهَرَ عَلَيْهِ مِنْهُمَا فَقَدْ اَهَانَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا، وَهُوَ مُهِينُهُ فِي الْآخِرَةِ ثُمَّ نَظَرَ بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَى ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ

وہ دونوں اس کے پاس ٹھہر گئے۔ جب دونوں نے صبح کی زمین سے نکلنے والا نکلا جو کھانا لاتا تھا اور اس کے ساتھ اس کی مثل دو اور نکلے۔ سب نے کھایا یہاں تک کہ سیر ہو گئے' پھر داخل ہو کر نکلے پانی لے کر ایک برتن میں اسی کی مثل' جو ہر روز نکلتا تھا۔ اس ایک کی مثل دو اور اس کے ساتھ تھے۔ انہوں نے سیراب ہو کر پیا' پھر وہ داخل ہوئے زمین برابر ہو گئی۔ آپ نے فرمایا: ان میں سے ایک دوسرے کی طرف دیکھ کر کہا: ہمیں کا ہے کی جلدی ہے' کھانا پینا موجود ہے' ہمیں زمینی جہتیں معلوم ہیں۔ شام تک ٹھہرتے ہیں۔ وہ دونوں ٹھہر گئے۔ شام کو بھی ان کے لیے کھانا پینا آیا جیسے صبح آیا تھا۔ اب دوسرے نے کہا: چل صبح تک ٹھہرتے ہیں۔ وہ ٹھہر گئے' جب انہوں نے صبح کی تو پھر اس طرح۔ پھر وہ سوار ہوئے اور چل دیئے۔ سو ان میں سے ایک بادشاہ کے دروازے کا ملازم بنا' آہستہ آہستہ اس کے خواص لوگوں میں شامل ہو گیا۔ دوسرا اپنی تجارت اور کام کی طرف متوجہ ہوا۔ اس بادشاہ نے اپنی مملکت میں یہ قانون رائج کر رکھا تھا کہ اس کی رعایا میں جو بھی جھوٹ بولے گا اسے سولی چڑھا دیا جائے گا۔ ایک دن وہ بادشاہ اپنے خواص میں بیٹھا ہوا تھا۔ سب ایسے قصے بیان کر رہے تھے جو ان کو عجیب وغریب لگے' اچانک اس آدمی نے بیان کرنا شروع کیا۔ کہا: اے بادشاہ سلامت! میں آپ کو ایک ایسی بات بتاتا ہوں جس سے زیادہ حیرانی والی بات آپ کبھی نہ سنی ہوگی' اس نے اُسی آدمی کی بات بیان کی اور وہ سارا ماجرا جو اس نے

Marfat.com

اللّٰهِ بْنِ اَنَسٍ، فَقَالَ: يَا اَبَا الْمُثَنَّى، اَسَمِعْتَ جَدَّكَ يُحَدِّثُ هَذَا عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ

دیکھا تھا۔ بادشاہ نے کہا: اس سے بڑا جھوٹ میں نے زندگی بھر نہیں سنا۔ اس نے کہا: قسم ہے! میں اپنی بات پر گواہ لاتا ہوں ورنہ آپ مجھے سولی چڑھا دیں۔ اس نے کہا: میرا گواہ فلان ہے۔ اس نے بڑے خوشی کے انداز میں کہا: اس کو میرے پاس لاؤ۔ جب وہ آیا تو بادشاہ نے اس سے کہا: یہ آدمی کہتا ہے کہ تم دونوں ایک آدمی کے پاس سے گزرے پھر اس کے معاملہ اس طرح اس طرح تھا؟ اس آدمی نے برملا کہا: اے بادشاہ! آپ نہیں جانتے کہ یہ جھوٹ ہے۔ یہ بات ممکن ہی نہیں اور اگر میں آپ کو ایسی بات کہوں تو آپ پر لازم ہے کہ آپ مجھے سولی دے دیں؟ بادشاہ نے کہا: تُو نے سچ بولا اور نیکی کی۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس نے اس آدمی کو اپنے خاص بندوں میں چھپایا اور دوسرے کو پھانسی کا حکم دیا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پس وہ جس نے اس پر پردہ ڈالا' اللہ اسے دنیا و آخرت میں عزت دے گا۔ ان دو میں سے جس نے ظاہر کیا' اللہ اسے دنیا میں ذلیل بنا دے گا اور آخرت میں بھی وہی مہین ہے۔ پھر بکد بن عبداللہ نے ثمامہ بن عبداللہ بن انس کی طرف دیکھ کر کہا: اے ابوالمثنیٰ! کیا تُو نے اپنے دادا کو سن لیا جو وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حدیث بتا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا: ہاں!

**7501** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: آدمی کی اپنے

---

**7501**- أصله عن مسلم بلفظ: ان أبر البر صلة الولد أهل ود أبيه . أخرجه مسلم: البر جلد **4** صفحه **1979**' وأبو داؤد: الأدب جلد **4** صفحه **339** رقم الحديث: **5143**' والترمذي: البر جلد **4** صفحه **313** رقم الحديث: **1903** .

Marfat.com

الْاَصْبَهَانِيُّ، ثَنَا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ اَخِيهِ الْوَلِيدِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مِنْ بِرِّ الرَّجُلِ اَبَاهُ بَعْدَ مَوْتِهِ حَفِظُهُ اَهْلَ وُدِّ اَبِيهِ مِنْ بَعْدِهِ

والد سے مرنے کے بعد نیکی یہ ہے کہ اپنے والد کی وفات کے بعد اس کے دوستوں سے محبت کرے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ زِيَادٍ اِلَّا اَخُوهُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو دَاوُدَ

یہ حدیث ولید بن زیاد سے ان کے بھائی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوداؤد اکیلے ہیں۔

7502 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَهْ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الصَّيْرَفِيُّ، نَا اِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ الْاَزْرَقُ، عَنْ اَبِي جَنَابٍ الْكَلْبِيِّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْسَجَةَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَامَ يَوْمًا لَمْ يَخْرِقْهُ كُتِبَتْ لَهُ عَشْرُ حَسَنَاتٍ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ایک دن روزہ رکھا' اس کے لیے دس نیکیاں لکھی جائیں گی بشرطیکہ لغویات نہ کرے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ اِلَّا اَبُو جَنَابٍ، وَلَا عَنْ اَبِي جَنَابٍ اِلَّا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ

یہ حدیث طلحہ بن مصرف سے ابوجناب اور ابوجناب سے اسحاق الازرق روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن عبدالوہاب اکیلے ہیں۔

7503 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَهْ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ مَالِكٍ الرَّاسِبِيُّ، نَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، نَا يَزِيدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ اَبِي الْيَسَرِ، حَدَّثَنِي

حضرت ابن ابوالیسر فرماتے ہیں کہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے ایسے عمل کے متعلق بتائیں جس کی وجہ سے جنت میں داخل ہو جاؤں!

---

7502- اسناده فيه: أبو جناب الكلبي هو يحيى بن أبي حية: ضعفوه لكثرة تدليسه' ولم يصرح بالسماع . وانظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه174 .

7503- أخرجه البزار جلد4صفحه219 كشف الأستار وقال البزار: اسناده حسن' ومتنه غريب . وانظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه303 .

Marfat.com

اَبِـی، عَـنْ اَبِیهِ قَالَ: قَالَ مُعَاذٌ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، مُرْنِی بِـعَـمَـلٍ یُـدْخِلُنِی الْجَنَّةَ قَالَ: آمِنْ بِاللّٰهِ، وَقُلْ خَیْرًا یُـكْتَبْ لَكَ، وَلَا تَقُلْ شَرًّا فَیُكْتَبُ عَلَیْكَ قَالَ: وَاِنَّا لَـنُـؤَاخَـذُ بِمَا نَتَكَلَّمُ بِهِ؟ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَـلَّـمَ: وَهَـلْ یَكُبُّ النَّاسَ عَلَى مَنَاخِرِهِمْ فِی النَّارِ اِلَّا حَصَائِدُ اَلْسِنَتِهِمْ؟

آپ نے فرمایا: اللہ پر ایمان لاؤ اور اچھی بات کرو' تمہارے لیے جنت واجب ہو جائے گی اور بُری بات نہ کرو تمہارے لیے جنت لکھی جائے گی۔ عرض کی: کیا ہم گفتگو کرنے کی وجہ سے پکڑے جائیں گے؟ آپ نے فرمایا: لوگ جہنم میں زبان کی وجہ سے پھینکیں جائیں گے۔

لَا یُـرْوَى هَـذَا الْـحَـدِیـثُ عَـنْ اَبِی الْیَسَرِ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرُو بْنُ مَالِكٍ

یہ حدیث ابوالیسر بن عمرو سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عمرو بن مالک اکیلے ہیں۔

**7504** - حَـدَّثَـنَـا مُـحَـمَّـدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَـهَ، نَـا عَـمْـرُو بْنُ مَالِكٍ الرَّاسِبِیُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَـیْـمَـانَ بْـنِ مَـسْـمُولٍ، ثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی سَبْرَةَ، اَخْبَرَنِـی الْـقَـاسِمُ بْنُ اَبِی اَشْمَطَ، حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ جَدِّی حِسْـلٍ، اَحَـدِ بَـنِـی عَـامِرِ بْنِ لُؤَیٍّ قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی حَجَّتِهِ وَنَحْنُ مَـعَـهُ عَلَى رَجُلٍ وَقَدْ فَرَغَ مِنْ حَجِّهِ، فَقَالَ لَهُ: اَسَلِمَ لَكَ حَـجُّكَ؟ قَـالَ: نَـعَـمْ یَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: ائْتَنِفِ الْعَمَلَ

حضرت عامر بن لوی فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ حج کے موقع پر ایک آدمی کے پاس سے گزرے' وہ حج کر کے فارغ ہو چکا تھا' آپ نے اس کو فرمایا: السلام علیکم! تم نے حج کر لیا ہے؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا: اب عمل کرو۔

لَا یُـرْوَى هَـذَا الْـحَـدِیـثُ عَنْ حِسْلٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ سُلَیْمَانَ بْنِ مَسْمُولٍ

یہ حدیث حسل سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں محمد بن سلیمان بن مسمول اکیلے ہیں۔

---

**7504**- اسناده فيه: أ- عمرو بن حالك الراسبي: ضعيف . ب- محمد بن سليمان بن مشمول: ضعيف . انظر: لسان الميزان جلد**5**صفحه**185** . ج- أبو بكر بن أبي سبرة هو ابن عبد الله بن محمد بن أبي سبرة: ضعفه ووهاه غير واحد، ورماه الامام أحمد بالوضع: انظر: الميزان جلد**4**صفحه**503** . والحديث أخرجه الطبراني في الكبير جلد**4**صفحه**33** رقم الحديث: **3567** . وضعفه الحافظ الهيثمي بأبي بكر بن أبي سبرة فقط . انظر: مجمع الزوائد جلد**3**صفحه**280** .

Marfat.com

7505 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَهُ، نَا سَعِيدُ بْنُ اَبِى الرَّبِيعِ السَّمَّانُ، نَا زِيَادُ بْنُ مَيْمُونٍ، حَدَّثَنِى هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ دُعِىَ اِلَى وَلِيمَةٍ فَلَمْ يُجِبْ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَرَسُولَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو ولیمہ کی دعوت دی گئی اس نے قبول نہ کی تو اس نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا زِيَادُ بْنُ مَيْمُونٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ اَبِى الرَّبِيعِ

یہ حدیث ہشام سے زیاد بن میمون روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سعید بن ابوالربیع اکیلے ہیں۔

7506 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَهُ، نَا هُرَيْمُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى، نا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ اَبِى، يُحَدِّثُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِى الْحَجَّاجِ، عَنْ اَبِى مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مَرَّةً فَاسْتَاْذَنَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ائْذَنْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ ، فَاِذَا هُوَ اَبُو بَكْرٍ، ثُمَّ جَاءَ رَجُلٌ آخَرُ، فَقَالَ: ائْذَنْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ ، فَاِذَا هُوَ عُمَرُ، ثُمَّ جَاءَ آخَرُ فَاسْتَاْذَنَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ائْذَنْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ فِى بَلْوَى اَوْ كَمَا قَالَ فَقَالَ عُثْمَانُ: اَسْاَلُ اللّٰهَ صَبْرًا

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ایک آدمی آیا اس نے اجازت مانگی، حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو اجازت دو اور جنت کی خوشخبری دو! وہ آدمی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے پھر دوسرا آدمی آیا اس نے اجازت مانگی تو آپ نے فرمایا: اس کو اجازت بھی دو اور جنت کی خوشخبری بھی دو! وہ آدمی حضرت عمر تھے پھر تیسرا آدمی آیا اس نے اجازت مانگی تو حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو اجازت دو اور جنت کی خوشخبری دو آزمائش کے ساتھ یا جس طرح فرمایا۔ وہ حضرت عثمان تھے۔ حضرت عثمان سے عرض کی: میں اللہ سے صبر مانگتا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِى

اس حدیث کو معمر اور معمر، قتادہ سے وہ ابوعثمان

7505- أصله عند البخاري ومسلم من طريق مالك عن ابن شهاب عن الأعرج فذكره . أخرجه البخاري: النكاح جلد9 صفحه152 رقم الحديث:5166 ومسلم: النكاح جلد2صفحه1054 .

7506- أخرجه البخاري: فضائل الصحابة جلد7صفحه25 رقم الحديث: 3674 ومسلم: فضائل الصحابة جلد 4 صفحه1868 .

Marfat.com

الْحَجَّاجِ إِلَّا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ وَرَوَاهُ مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ

النہدی سے روایت کرتے ہیں۔

**7507** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَهَ، نَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي الرَّبِيعِ السَّمَّانُ، نَا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ أَبِي الْحُسَامِ، نَا شَرِيكُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ الْمِيَاهَ كَانَتْ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَلِيلَةً، وَكَانَ إِذَا كَانَ الصَّيْفُ صَلَّى النَّاسُ الظُّهْرَ ثُمَّ خَرَجُوا يَتَرَوَّحُونَ، فَصَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ، ثُمَّ خَرَجَ وَخَرَجُوا مَعَهُ إِلَى فِنَاءِ الْمَسْجِدِ، فَمَكَثَ حَتَّى إِذَا كَانَ مَعَ النِّدَاءِ أَرْسَلَنِي إِلَى بَيْتِ أُمِّ سَلَمَةَ آتِيهِ بِوَضُوءٍ، فَدَخَلْتُ فَجِئْتُهُ بِقَدَحٍ فِيهِ ثُلُثَاهُ أَوْ نِصْفُهُ، فَتَوَضَّأَ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ وُضُوئِهِ فَضَلَ فِي الْقَدَحِ مِنْ وَضُوئِهِ فَضْلٌ، فَرَفَعَ رَأْسَهُ فَرَأَى النَّاسَ قِيَامًا، فَقَالَ: مَا هَؤُلَاءِ؟ قَالَ أَنَسٌ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّهُمْ لَا يَجِدُونَ مَا يَتَوَضَّئُونَ قَالَ: ادْعُهُمْ، فَفَعَلْتُ، فَجَاءَ النَّاسُ، فَأَدْخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ فِي الْقَدَحِ فِي فَضْلِهِ الَّذِي فَضَلَ مِنْ وَضُوئِهِ، فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا بَقِيَ مِنْهُمْ إِنْسَانٌ إِلَّا تَوَضَّأَ مِمَّا فِي كَفِّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَفَضَلَ فِي الْقَدَحِ فَضْلَةٌ، فَرَجَعْتُ بِهِ إِلَى الْبَيْتِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے زمانہ میں پانی کم تھا' آپ کی عادت تھی کہ جب گرمی ہوتی تو لوگوں کو نماز پڑھا کر پھر آرام کرنے کے لیے نکلتے۔ حضور ﷺ نے ظہر کی نماز پڑھائی' پھر نکلے تو آپ کے ساتھ صحابہ کرام بھی مسجد کے صحن کی طرف نکلے' آپ ٹھہرے' جب اذان کا وقت ہوا تو مجھے آپ نے اُم سلمہ کی طرف بھیجا وضو کا پانی لینے کے لیے۔ میں داخل ہوا اور میں آپ کے پاس ایک پیالہ لایا' اس میں تین تہائی یا آدھا پانی تھا' آپ نے وضو کیا' جب آپ وضو سے فارغ ہوئے تو پیالہ میں پانی اسی طرح بچا ہوا تھا' آپ نے اپنا سر اُٹھایا' لوگوں کو کھڑے دیکھا تو آپ نے فرمایا: یہ کیوں کھڑے ہیں؟ حضرت انس فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: ان کے پاس پانی نہیں ہے۔ آپ نے فرمایا: ان کو بلاؤ! میں نے ایسا ہی کیا۔ لوگ آئے تو رسول اللہ ﷺ نے اپنا ہاتھ پیالہ میں ڈالا' جو آپ کے وضو کا پانی بچا ہوا تھا۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! کوئی انسان ایسا نہیں بچا جس نے رسول اللہ ﷺ کی ہتھیلی سے وضو نہ کیا ہو اور پیالہ میں پانی اسی طرح بچا ہوا تھا۔ میں اس کو لے کر گھر آیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شَرِيكِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ

یہ حدیث شریک بن ابو نمر سے سعید بن سلمہ روایت

7507- أخرجه البخاري: المناقب جلد6 صفحه672 رقم الحديث: 3574' ومسلم: الفضائل جلد4 صفحه1783 .

Marfat.com

إِلَّا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ

کرتے ہیں۔

**7508** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ، ثَنَا يَزِيدُ بْنُ خُصَيْفَةَ، عَنِ ابْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، عَنْ سَلَمَةَ قَالَ: كُنْتُ أُسَافِرُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَا رَأَيْتُهُ صَلَّى بَعْدَ الْعَصْرِ وَلَا بَعْدَ الصُّبْحِ قَطُّ

حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ سفر کرتا تھا' میں نے آپ کو نمازِ عصر اور فجر کے بعد نماز پڑھتے نہیں دیکھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ سَلَمَةَ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ خُصَيْفَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث ابن سلمہ سے یزید بن خصیفہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سعید بن سلمہ اکیلے ہیں۔

**7509** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ رُسْتَهْ، نَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي الرَّبِيعِ السَّمَّانُ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ دِينَارٍ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ ذَكْوَانَ، نَا بَشِيرُ بْنُ كَعْبٍ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ، أَنَّهُ سُئِلَ: هَلْ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَافِحُ؟ فَقَالَ: مَا لَقِيَنِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَرَّةٍ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ إِلَّا صَافَحَنِي، غَيْرَ مَرَّةٍ وَاحِدَةٍ وَكَانَتْ أَجْوَدَهَا، دَخَلْتُ عَلَيْهِ وَهُوَ مَرِيضٌ، فَأَكْبَبْتُ عَلَيْهِ، فَالْتَزَمَنِي

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سوال کیا گیا کہ کیا رسول اللہ ﷺ مصافحہ کرتے تھے؟ فرمایا: میں جب بھی حضور ﷺ سے ملا تو آپ نے مجھ سے مصافحہ کیا سوائے ایک مرتبہ کے۔ آپ سب سے زیادہ سخی تھے' میں آپ کے پاس آیا اس حالت میں کہ آپ بیمار تھے' میں آپ پر جھکا' آپ نے مجھے سینے سے لگایا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي ذَرٍّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ أَبِي الرَّبِيعِ

یہ حدیث ابوذر سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں سعید بن ابوالربیع اکیلے ہیں۔

**7510** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ

حضرت سیار بن مخراق فرماتے ہیں کہ میں نے

---

**7508**- اسناده حسن فيه: سعيد بن أبي الربيع أشعث بن سعيد السمان' قال أبو حاتم: صدوق' وقال ابن حبان: يعتبر حديثه من غير روايته عن أبيه (الثقات جلد 8صفحه268' الجرح جلد4صفحه5) وأخرجه أيضًا أحمد. وانظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه229 .

**7509**- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد4صفحه356' وأحمد: المسند جلد5صفحه200 .

**7510**- اسناده فيه: محمد بن دينار الأزدي صدوق سيئ الحفظ (التقريب) . وانظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه163 .

Marfat.com

رُسْتَهَ، نَا سَعِيدُ بْنُ اَبِى الرَّبِيعِ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ دِينَارٍ، نَا سَعْدُ بْنُ اَوْسٍ، نَا سَيَّارُ بْنُ مِخْرَاقٍ قَالَ: سَاَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنْ صِيَامِ الْمُسَافِرِ، فَقَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ لِاَرْبَعَ عَشْرَةَ خَلَتْ مِنْ رَمَضَانَ، فَاَنَاخَ رَاحِلَتَهُ، وَوَضَعَ اِحْدَى رِجْلَيْهِ فِى الْغَرْزِ وَالْاُخْرَى فِى الْاَرْضِ، ثُمَّ دَعَا بِلَبَنٍ مِنْ لَبَنِهَا، فَشَرِبَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے حالت سفر میں روزہ رکھنے کے متعلق پوچھا تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: حضورﷺ پندرہ رمضان کو نکلے' آپ نے سواری بٹھائی' ایک پاؤں رکھا' دوسرا زمین پر تھا' پھر آپ نے دودھ منگوایا اور نوش کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَيَّارِ بْنِ مِخْرَاقٍ اِلَّا سَعْدُ بْنُ اَوْسٍ، وَلَا عَنْ سَعْدٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ دِينَارٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ اَبِى الرَّبِيعِ

یہ حدیث سیار بن مخراق سے سعد بن اوس اور سعد سے محمد بن دینار روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سعید بن ابوالربیع اکیلے ہیں۔

**7511** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَهَ، نَا سَعِيدُ بْنُ اَبِى الرَّبِيعِ، نَا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ اَبِى الْحُسَامِ، حَدَّثَنِى يَزِيدُ بْنُ خُصَيْفَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْاَصَمِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ نَزَعَ يَدًا مِنْ جَمَاعَةٍ جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا حُجَّةَ لَهُ، وَمَنْ مَاتَ فِى غَيْرِ طَاعَةٍ مَاتَ مِيتَةً جَاهِلِيَّةً

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے اپنا ہاتھ بھی جماعت سے کھینچا تو وہ قیامت کے دن اس حالت میں آئے گا کہ اس کے لیے کوئی دلیل نہیں ہوگی' جو بغیر اطاعت کے مر گیا تو وہ جاہلیت کی موت مرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْاَصَمِّ اِلَّا يَزِيدُ بْنُ خُصَيْفَةَ، وَلَا عَنْ يَزِيدَ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ اَبِى الرَّبِيعِ

یہ حدیث یزید بن الاصم سے یزید بن خصیفہ اور یزید بن سعید بن سلمہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سعید بن ابوالربیع اکیلے ہیں۔

**7512** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَهَ، نَا سُلَيْمَانُ الشَّاذَكُونِيُّ، ثَنَا اَبُو اُمَيَّةَ بْنُ يَعْلَى،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے سواری پر تین سواروں کو سوار ہونے سے منع کیا۔

---

**7511**- اخرجه مسلم: الامارة جلد3صفحه1478' واحمد: المسند جلد2صفحه127 رقم الحديث: 5678 واللفظ له .

**7512**- اسناده فيه: سليمان الشاذكونى متروك (اللسان جلد3صفحه84' والمغنى جلد 1صفحه279) . وانظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه112 .

Marfat.com

ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى اَنْ يُرْكَبَ ثَلَاثَةٌ عَلَى دَابَّةٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ اِلَّا اَبُو اُمَيَّةَ بْنُ يَعْلَى، تَفَرَّدَ بِهِ: الشَّاذَكُونِيُّ

یہ حدیث محمد بن منکدر سے ابوامیہ بن یعلی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں شاذکونی اکیلے ہیں۔

**7513** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَهْ، نَا الشَّاذَكُونِيُّ، ثَنَا النَّضْرُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْبَجَلِيُّ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ دَاوُدَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْبُزَاقُ فِي الْمَسْجِدِ خَطِيئَةٌ، وَكَفَّارَتُهُ دَفْنُهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: مسجد میں تھوکنا گناہ ہے اس کا کفارہ اس کو صاف کرنا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ عَلِيٍّ اِلَّا ابْنُ اَبِي لَيْلَى، وَلَا عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى اِلَّا النَّضْرُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الشَّاذَكُونِيُّ

یہ حدیث داؤد بن علی سے ابن ابولیلیٰ اور ابن ابولیلیٰ سے نضر بن اسماعیل روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں شاذکونی اکیلے ہیں۔

**7514** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَهْ، نَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، ثَنَا عِيسَى بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، وَعَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَا: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعْصُوبًا رَاْسُهُ، فَرَقِيَ دَرَجَاتِ الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: مَا هَذِهِ الْكُتُبُ الَّتِي بَلَغَنِي اَنَّكُمْ تَكْتُبُونَهَا؟ اَكِتَابٌ مَعَ كِتَابِ اللّٰهِ؟ يُوشِكُ اَنْ يَغْضَبَ اللّٰهُ لِكِتَابِهِ فَيُسْرَى عَلَيْهِ لَيْلًا، فَلَا يَتْرُكُ فِي وَرَقَةٍ وَلَا قَلْبٍ مِنْهُ حَرْفًا اِلَّا ذَهَبَ بِهِ فَقَالَ مَنْ حَضَرَ الْمَجْلِسَ: فَكَيْفَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ بِالْمُؤْمِنِينَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نکلے آپ نے اپنا سرانور باندھا ہوا تھا' آپ منبر کی سیڑھیوں پر چڑھے' آپ نے فرمایا: یہ کتابیں کیا ہیں جس کی خبر مجھے معلوم ہوئی ہے کہ تم لکھتے ہو؟ کیا قرآن کے ساتھ کوئی کتاب ہے؟ قریب ہے اللہ اس کتاب پر غصہ کرے اس پر ایک رات گزرے کسی کاغذ اور دل پر لکھا ہوا نہ چھوڑے' جو مجلس میں حاضر ہے۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! مؤمن مرد و عورتوں کے ساتھ کیا ہوگا؟ آپ نے فرمایا: جس کے ساتھ اللہ عزوجل بھلائی کا ارادہ کرتا ہے اس کے دل میں لا الٰہ الا اللہ کو باقی

---

**7513**- اسناده والكلام فى الاسناد كسابقه . وانظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه21 .

**7514**- اسناده فيه: عيسى بن ميمون المدنى متروك . انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه153 .

Marfat.com

وَالْمُؤْمِنَاتِ؟ قَالَ: مَنْ اَرَادَ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا اَبْقَى فِي قَلْبِهِ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ

رکھتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا عِيسَى بْنُ مَيْمُونٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: شَيْبَانُ

یہ حدیث زید بن اسلم سے عیسیٰ بن میمون روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں شیبان اکیلے ہیں۔

**7515** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَةَ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الشَّاذَكُونِيُّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيسَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَسٌ، يُقَالُ لَهُ: الْمُرْتَجِزُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک گھوڑا تھا، اس کا نام موتجز تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَدِيٍّ اِلَّا اِدْرِيسُ، وَلَا عَنْ اِدْرِيسَ اِلَّا ابْنُهُ، تَفَرَّدَ بِهِ: الشَّاذَكُونِيُّ

یہ حدیث عدی سے ادریس اور ادریس سے ان کے بیٹے روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں شاذکونی اکیلے ہیں۔

**7516** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَةَ، نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوقِيُّ، ثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، حَدَّثَنِي اِسْحَاقُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْكِنَانِيُّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِي لُبَابَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُنْذِرِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَرَادَ دُخُولَ قَرْيَةٍ، لَمْ يَدْخُلْهَا حَتَّى يَقُولَ: اللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمَوَاتِ السَّبْعِ وَمَا اَظَلَّتْ، وَرَبَّ الْاَرَضِينَ السَّبْعِ وَمَا اَقَلَّتْ، وَرَبَّ الرِّيَاحِ وَمَا اَذْرَتْ، وَرَبَّ

حضرت ابن لبابہ بن عبدالمنذر سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کسی بستی میں داخل ہوتے تو داخل ہونے سے پہلے یہ کلمات پڑھتے: "اللّٰھم رب السموات الیٰ آخرہٖ"۔

---

**7515**- اسناده فيه: سليمان الشاذكوني متروك . وانظر: مجمع الزوائد جلد**5**صفحه**264** .

**7516**- اسناده فيه: محمد بن عبد الله الكناني' قال أبو حاتم: لا أعرفه' وقال البخاري: لا يتابع على حديثه' وذكره ابن حبان في الثقات' والعقيلي في الضعفاء' وانظر: مجمع الزوائدجلد**10**صفحه**137** .

Marfat.com

الشَّيَاطِينِ وَمَا اَضَلَّتْ، اِنِّي اَسْاَلُكَ خَيْرَهَا، وَخَيْرَ مَا فِيهَا، وَاَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا، وَشَرِّ مَا فِيهَا

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي لُبَابَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوقِيُّ

یہ حدیث ابولبابہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن مستمر العروقی اکیلے ہیں۔

**7517** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَهْ، ثَنَا اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثَنَا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُحَرِّمُ مِنَ الرَّضَاعِ اِلَّا مَا فَتَقَ الْاَمْعَاءَ، وَكَانَ فِي الْبَدَنِ مِثْلَ الطَّعَامِ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا' حضور ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ آپ نے فرمایا: رضاع سے اس وقت حرمت ثابت ہوتی ہے جب جسم کو طاقتور کرے اور جسم میں کھانے کی مثل ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا اَبُو عَوَانَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو كَامِلٍ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے ابوعوانہ روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں ابوکامل اکیلے ہیں۔

**7518** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَهْ، نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَلْمِ بْنِ رُشَيْدٍ، نَا عُمَرُ بْنُ حَبِيبٍ الْقَاضِي، ثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كُنَّ لَهُ ابْنَتَانِ اَوْ اُخْتَانِ اَوْ عَمَّتَانِ اَوْ خَالَتَانِ فَعَالَهُنَّ، فُتِحَتْ لَهُ الثَّمَانِيَةُ اَبْوَابُ الْجَنَّةِ، يَا عِبَادَ اللّٰهِ اَغِيثُوهُ، يَا عِبَادَ اللّٰهِ اَعْطُوهُ، يَا عِبَادَ اللّٰهِ اَقْرِضُوهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کی دو بیٹیاں یا دو بہنیں یا دو پھوپھیاں یا دو خالہ ہوں' ان کی پرورش کرے تو اس کے لیے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جاتے ہیں' جن سے آواز آتی ہے: اے اللہ کے بندو! اس کی مدد کرو! اے اللہ کے بندو! اس کو دو! اے اللہ کے بندو! اس کو قرض دو!

**7519** - وَبِهِ: عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ

**7517**- أخرجه الترمذي: الرضاع جلد3صفحه449 رقم الحديث:1152 . وقال: حسن صحيح .

**7518**- اسناده فيه: عمر بن حبيب القاضي ضعيف (التهذيب) . وانظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه122 .

**7519**- اسناده والكلام في اسناده كسابقه . وأخرجه أيضًا في الصغير . وانظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه196 .

Marfat.com

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَدْخَلَ عَلَى اَهْلِ بَيْتٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ سُرُورًا لَمْ يَرْضَ اللّٰهُ لَهُ ثَوَابًا دُونَ الْجَنَّةِ

نے فرمایا: جس نے مسلمانوں کے گھر خوشی داخل کی' اللہ عزوجل اس کے بدلہ اس کو جنت دے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا عُمَرُ بْنُ حَبِيبٍ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَلْمٍ

یہ دونوں حدیثیں ہشام بن عروہ سے عمر بن حبیب روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن سلم اکیلے ہیں۔

**7520** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَةَ، نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَلْمٍ، نَا هَاشِمُ بْنُ مُوسَى الْخَصَّافُ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ اَمْسَى كَالًّا مِنْ عَمَلِ يَدَيْهِ اَمْسَى مَغْفُورًا لَهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے اپنے ہاتھ سے محنت مزدوری کی' دن کو شام کو وہ بخشا ہوا ہوگا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَلْمٍ

یہ حدیث ابن عباس سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن سلم اکیلے ہیں۔

**7521** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَةَ، نَا زُنَيْجٌ اَبُو غَسَّانَ، نَا اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: اَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَسْجُدَ عَلَى سَبْعَةِ اَعْضَاءٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمیں سات اعضاء پر سجدہ کرنے کا حکم دیتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ مُسْلِمٍ اِلَّا اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث مغیرہ بن مسلم سے اسحاق بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔

**7522** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ (ہم

---

7520- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد4صفحه66 وقال: رواه الطبراني في الأوسط' وفيه جماعة لم أعرفهم.

7521- أخرجه البخاري: الأذان جلد2صفحه344 رقم الحديث: 809' ومسلم: الصلاة جلد1صفحه354 .

7522- اسناده فيه: ابراهيم بن يزيد أبو اسماعيل الخوزي: ضعفه غير واحد' وقال أحمد' والنسائي: متروك الحديث.

Marfat.com

رُسْتَهُ، نَا زُنَيْجٌ، ثَنَا اِسْحَاقُ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كُنَّا نَأْكُلُ وَنَشْرَبُ وَنُخْرِجُ صَدَقَةَ الْفِطْرِ، ثُمَّ نَخْرُجُ اِلَى الْمُصَلَّى

عیدؑ کے دن) کھاتے پیتے اور صدقۂ فطر دیتے' پھر ہم عیدگاہ کی طرف جاتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث عمرو بن دینار سے ابراہیم بن یزید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن سلیمان اکیلے ہیں۔

**7523** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، نَا زُنَيْجٌ، ثَنَا اِسْحَاقُ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ يَقُومُ عَلَى الْمِنْبَرِ قَوْمَتَيْنِ، وَيَجْلِسُ جِلْسَتَيْنِ، كَانَ اِذَا خَرَجَ جَلَسَ، فَاِذَا اَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ قَامَ فَخَطَبَ، ثُمَّ جَلَسَ فَاسْتَرَاحَ، ثُمَّ قَامَ فَخَطَبَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کے دن منبر پر کھڑے ہوتے دو دفعہ اور دو دفعہ مختصر طور پر بیٹھتے' آپ جب نکلتے تو بیٹھ جاتے' جب مؤذن اذان دیتا تو آپ کھڑے ہوئے' خطبہ دیتے پھر بیٹھتے' پھر کھڑے ہوتے اور خطبہ دیتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ زِيَادٍ اِلَّا اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث مغیرہ بن زیاد سے اسحاق بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔

**7524** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُسْتَهُ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، حَدَّثَنِي مَعْمَرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ ابْنِ قُسَيْطٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: جَاءَ بِلَالٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤْذِنُهُ بِصَلَاةِ الصُّبْحِ، فَقَالَ: مُرُوا اَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ، فَعَادَ اِلَيْهِ، فَرَاَى مِنْهُ ثِقْلَةً فَقَالَ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو صبح کی نماز کی اطلاع دینے کے لیے آئے' آپ نے فرمایا: ابوبکر کو حکم دو کہ لوگوں کو نماز پڑھائے۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ دوبارہ آئے' آپ کو حالتِ بیماری میں دیکھا' آپ نے فرمایا: ابوبکر کو حکم دو کہ لوگوں کو نماز پڑھائے۔ حضرت بلال رضی

(التهذيب) ۔ وانظر: مجمع الزوائد جلد3 صفحه84 ۔

7523- اصله عند البخاری ومسلم بلفظ: كان النبی صلی اللہ علیہ وسلم يخطب قائمًا ثم يقعد' ثم يقوم ۔ أخرجه البخاری: الجمعة جلد2 صفحه589' وأبو داؤد: الصلاة جلد1 صفحه284 رقم الحديث: 1092 ولفظ أبو داؤد بنحوه ۔

7524- اسناده فيه: عبد الرحمٰن بن قسيط ۔ ولم أجد من ذكره ۔ وانظر: مجمع الزوائد جلد2 صفحه333 ۔

Marfat.com

مُرُوا اَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ، فَذَهَبَ فَاَذَّنَ، فَزَادَ فِي اَذَانِهِ: الصَّلَاةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا هَذَا الَّذِي زِدْتَ فِي اَذَانِكَ؟ قَالَ: رَاَيْتُ مِنْكَ ثِقْلَةً فَاَحْبَبْتُ اَنْ تَنْشُطَ، فَقَالَ: اذْهَبْ فَزِدْهُ فِي اَذَانِكَ، وَمُرْ اَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ

اللہ عنہ نے اذان دی‘ اذان میں اضافہ کیا: ’’الصلوٰۃ خیر من النوم ‘‘۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ آپ نے اذان میں اضافہ کیوں کیا؟ عرض کی: میں نے آپ کو حالت بیماری میں دیکھا تو میں نے آپ کو بہتری میں دیکھنے کو پسند کیا۔ آپ نے فرمایا: جاؤ! اپنی اذان میں اس کا اضافہ کرو اور ابوبکر کو حکم دو کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ قُسَيْطٍ اِلَّا مَعْمَرٌ، وَلَا عَنْ مَعْمَرٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ

یہ حدیث ابن قسط سے معمر اور معمر سے عبداللہ بن نافع روایت کرتے ہیں۔

**7525** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدِ بْنِ يَزِيدَ الْاَصْبَهَانِيُّ، نَا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، نَا شُعْبَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَلَا هَذِهِ الْآيَةَ: (اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهِ وَلَا تَمُوتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُسْلِمُونَ) (آل عمران: **102**) فَقَالَ: لَوْ اَنَّ قَطْرَةً مِنَ الزَّقُّومِ قُطِرَتْ فِي بِحَارِ الدُّنْيَا لَاَفْسَدَتْ عَلَى اَهْلِ الدُّنْيَا مَعَايِشَهُمْ، فَكَيْفَ مَنْ يَكُونُ طَعَامَهُ؟

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ آیت: ’’اللہ سے ڈرو اور جس طرح ڈرنے کا حق ہے‘ تم حالتِ اسلام میں اس دنیا سے جاؤ‘‘ پڑھی تو آپ نے فرمایا: اگر زقوم کا ایک قطرہ دنیا کے سمندروں میں ڈالا جائے تو ساری دنیا کا نظامِ معاشیات ختم ہو جائے‘ تو اس کے کھانے کا عالم کیا ہوگا!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا شُعْبَةُ

یہ حدیث اعمش سے شعبہ روایت کرتے ہیں۔

**7526** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ شَبِيبٍ الْعَسَّالُ الْاَصْبَهَانِيُّ، نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثَنَا اَبُو مَرْيَمَ عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ الْقَاسِمِ، نَا يَزِيدُ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ فرماتے ہیں کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہیں ایک باغی گروہ قتل کرے گا۔

---

**7525**- أخرجه الترمذي: صفة جهنم جلد**4**صفحه**706** رقم الحديث: **2585** . وقال: حسن صحيح . وابن ماجة: الزهد جلد **2**صفحه**1446** رقم الحديث: **4325**‘ وأحمد: المسند جلد **1**صفحه**392** رقم الحديث: **2738** .

**7526**- اسناده فيه: أبو مريم عبد الغفار بن القاسم متروك‘ متهم بالوضع (اللسان جلد**4**صفحه**42**‘ والميزان جلد **2** صفحه**640**) . وانظر: مجمع الزوائد جلد**7**صفحه**245** .

Marfat.com

بْـنُ اَبِـی زِیَـادٍ، عَـنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِی لَیْلَی قَالَ: قَـالَ عَـمَّـارٌ: قَـالَ لِـی رَسُـولُ الـلّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: تَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِیَةُ

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِی لَیْلَی اِلَّا یَزِیدُ بْنُ اَبِی زِیَادٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو مَرْیَمَ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ سے یزید بن ابوزیاد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابومریم اکیلے ہیں۔

**7527** - حَـدَّثَـنَـا مُـحَـمَّـدُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ بْنِ شَبِیبٍ، نَـا اِسْـمَاعِیلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِیُّ، ثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْـصُـورٍ، عَـنْ سَعِیدِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَـالَ: وَقَـصَتْ رَجُلًا مُحْرِمًا نَاقَتُهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَـلَّـی الـلّٰـهُ عَـلَیْـهِ وَسَلَّمَ: اغْسِلُوهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ، وَكَـفِّـنُوهُ فِی ثَوْبَیْهِ، وَلَا تُحَنِّطُوهُ، وَلَا تُغَطُّوا وَجْهَهُ، فَاِنَّهُ یُبْعَثُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ یُلَبِّی

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حالت احرام میں اپنی اونٹنی سے گرا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کو بیری کے پانی سے غسل دو اور اسے دو کپڑوں میں کفن دو' اس کو حنوط خوشبو نہ لگاؤ اور اس کا چہرہ نہ ڈھانپو کیونکہ یہ قیامت کے دن تلبیہ پڑھتے ہوئے اُٹھے گا۔

لَـمْ یَـرْوِ هَـذَا الْحَدِیثَ عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا زَائِدَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِیلُ بْنُ عَمْرٍو

یہ حدیث منصور سے زائدہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عمرو اکیلے ہیں۔

**7528** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ الْعَسَّالُ، ثَنَا اِبْرَاهِیمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّامِیُّ، ثَنَا الْوَلِیدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَـنَـا الْاَوْزَاعِـیُّ، عَـنْ یَـحْیَـی بْنِ اَبِی كَثِیرٍ، عَنْ اَبِی سَلَـمَةَ، عَـنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَعْزِیرَ فَوْقَ عَشَرَةِ اَسْیَاطٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تعزیر دس کوڑوں سے زیادہ نہیں ہے۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ اِلَّا الْوَلِیدُ،

یہ حدیث اوزاعی سے ولید روایت کرتے ہیں۔ اس

---

**7527**- أخرجه البخاری: الصید جلد**4**صفحه**76** رقم الحدیث: **1849**' ومسلم: الحج جلد**2**صفحه**865** .

**7528**- أخرجه ابن ماجة: الحدود جلد **2**صفحه**867** رقم الحدیث: **2602** . وفی الزوائد: فی اسناده عباد بن كثیر الثقفی' قال أحمد بن حنبل: روی أحادیث كذب لم یسمعها . وقال البخاری: تركوه . وكذا قال غیر واحد . وانظر: نصب الرایة جلد**3**صفحه**354** .

Marfat.com

تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّامِيُّ

کوروایت کرنے میں ابراہیم بن محمد الشامی اکیلے ہیں۔

**7529** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ عَبْدٍ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ نِعْمَةً فَاَسْبَغَهَا عَلَيْهِ، ثُمَّ جَعَلَ شَيْئًا مِنْ حَوَائِجِ النَّاسِ اِلَيْهِ فَتَبَرَّمَ، فَقَدْ عَرَّضَ تِلْكَ النِّعْمَةَ لِلزَّوَالِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس بندے پر اللہ کوئی نعمت کرے اور وہ اس میں فضول خرچی کرے پھر لوگوں سے مانگے تو اس نے ناقدری کی اور اپنے اوپر جو نعمت تھی وہ ضائع کی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا الْوَلِيدُ، وَمُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ السُّدِّيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ عَنِ الْوَلِيدِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّامِيُّ

یہ حدیث ابن جریج سے ولید اور محمد بن مروان السدی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ولید ابراہیم بن محمد الشامی اکیلے ہیں۔

**7530** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْعَسَّالُ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِحَسْبِ اَحَدِكُمْ اَنْ يَضَعَ يَدَهُ عَلَى فَخِذِهِ، وَيُسَلِّمَ عَلَى اَخِيهِ عَنْ يَمِينِهِ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، وَعَنْ شِمَالِهِ مِثْلُ ذٰلِكَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے ہر ایک کے لیے کافی ہے کہ اپنا ہاتھ اپنی دائیں ران پر رکھے اور دائیں جانب سے اپنے بھائی کو سلام کرے: السلام علیکم ورحمۃ اللہ! اور بائیں جانب بھی ایسے ہی کرے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سِمَاكٍ اِلَّا اَبُو الْاَحْوَصِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو

یہ حدیث سماک سے ابواحوص روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عمرو اکیلے ہیں۔

---

**7529**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد**8**صفحه**195** وقال: رواه الطبراني في الأوسط واسناده جيد. قلت: رجال اسناده كلهم ثقات الا أن الوليد مدلس، ولم يصرح بالسماع.

**7530**- أصله عند مسلم من طريق ابن أبي زائدة عن مسعر. حدثني عبيد الله بن القبطية به. أخرجه مسلم: الصلاة جلد **1** صفحه**322**، وأبو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه**261** رقم الحديث: **999**، والنسائي: السهو جلد **3** صفحه**52** (باب موضع اليدين عند السلام).

Marfat.com

7531 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْعَسَّالُ، نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِكُلِّ شَيْءٍ حِلْيَةٌ، وحِلْيَةُ الْقُرْآنِ حُسْنُ الصَّوْتِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر شی کا زیور ہے' قرآن کا زیور اچھی آواز ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ

یہ حدیث ابن جریج سے محمد بن مروان روایت کرتے ہیں۔

7532 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثَنَا إِسْمَاعِيلُ، ثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَتَمَ عِلْمًا عِنْدَهُ أَلْجَمَهُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِلِجَامٍ مِنْ نَارٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کے پاس علم ہو اس نے علم چھپایا تو اس کو قیامت کے دن آگ کی لگام پہنائی جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ لَيْثٍ إِلَّا أَبُو الْأَحْوَصِ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو

یہ حدیث لیث سے ابوالاحوص روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عمرو اکیلے ہیں۔

7533 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، نَا إِسْمَاعِيلُ، نَا أَبُو مَرْيَمَ، حَدَّثَنِي إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ جَرْهَدٍ قَالَ: مَرِضَ ابْنُ عُمَرَ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَدْ أَعْشَبَتِ الْقِفَارُ، فَلَوِ ابْتَعْتَ أَعْنُزًا فَتَنَزَّهْتَ تَصِحُّ، فَقَالَ: لَمْ يُؤْذَنْ لِأَحَدٍ مِنَّا فِي الْبَدَاءِ غَيْرَ أَسْلَمَ

حضرت مسلم بن جرہد فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیمار ہوئے' ایک آدمی نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! جنگل میں گھاس خالی ہے' اگر آپ اونٹ خرید کریں تو آپ سیر فرمائیں گے تو تندرست ہو جائیں گے۔ آپ نے فرمایا: سوائے قبیلہ اسلم والوں کے دیہات میں کسی کے لیے اجازت نہیں ہے ہم کو۔

لَمْ يَرْوِ مُسْلِمُ بْنُ جَرْهَدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ حَدِيثًا

یہ حدیث مسلم بن جرہد' ابن عمر سے اس حدیث

7531- اسناده فيه: اسماعيل بن عمرو: ضعيف الحديث . وانظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه174 .

7532- أخرجه أبو داؤد: العلم جلد 3صفحه320 رقم الحديث: 3658' والترمذي: العلم جلد 5صفحه29 رقم الحديث: 2649 . وقال: حسن . وابن ماجة: المقدمة جلد1صفحه96 رقم الحديث: 261 .

7533- اسناده فيه: أبو مريم هو عبد الغفار بن القاسم متروك' متهم بالوضع . وانظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه257 .

Marfat.com

غَيْرَ هَذَا، وَلَا رَوَاهُ عَنْ مُسْلِمٍ إِلَّا إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو مَرْيَمَ

کے علاوہ نہیں روایت کرتے ہیں۔اور مسلم ایاس بن سلمہ سے روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں ابومریم اکیلے ہیں۔

**7534** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، نَا إِسْمَاعِيلُ، نَا حَمَّادُ بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، وَالْأَعْمَشِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا أَتَى أَهْلَهُ قَالَ: اللَّهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا، فَقُدِّرَ بَيْنَهُمَا وَلَدٌ، لَمْ يَضُرَّهُ شَيْطَانٌ أَبَدًا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تم میں کوئی اپنی بیوی کے پاس آئے تو یہ دعا کرے: ''اللّٰهم جنبنا شيطان و جنب شيطان ما رزقنا '' پڑھے تو جو اولاد مقدر میں ہوگی اس کو شیطان ہمیشہ کے لیے نقصان نہیں دے گا۔

لَمْ يَرْفَعْ هَذَا الْحَدِيثَ أَحَدٌ مِمَّنْ رَوَاهُ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ شُعَيْبٍ

یہ حدیث اعمش کے علاوہ حماد بن شعب سے کوئی روایت نہیں کرتا ہے۔

**7535** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، ثَنَا إِسْمَاعِيلُ، نَا شَرِيكٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ صُبَيْحٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: أُهْدِيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَنَمًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بکری تحفہ دی گئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي الضُّحَى إِلَّا شَرِيكٌ وَرَوَاهُ النَّاسُ: عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ

یہ حدیث اعمش' ابوالضحیٰ سے اور اعمش سے شریک روایت کرتے ہیں۔لوگوں نے اس حدیث کو اعمش سے'وہ ابراہیم سے'وہ اسود سے'وہ عائشہ سے روایت کرتے ہیں۔

**7536** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، ثَنَا إِسْمَاعِيلُ، نَا

حضرت ابن مسعود رضی الله عنہ فرماتے ہیں کہ ہم

---

**7534**- أخرجه البخاري: الوضوء جلد**1**صفحه**291** رقم الحديث: **141**' ومسلم: النكاح جلد**2**صفحه**1058** .

**7535**- أخرجه البخاري: الحج جلد**3**صفحه**639** رقم الحديث: **1701**' ومسلم: الحج جلد**2**صفحه**958** .

**7536**- أخرجه أبو داؤد: الجنائز جلد**3**صفحه**202** رقم الحديث: **3184**' والترمذي: الجنائز جلد**3**صفحه**323** رقم الحديث: **1011** . وقال: لا يعرف حديث عبد الله مسعود الا من هذا الوجه سمعت محمد بن اسماعيل يضعف حديث أبي ماجد . وأحمد: المسند جلد**1**صفحه**511-512** رقم الحديث: **3733** .

Marfat.com

شَرِيكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ هَانِءٍ، عَنْ مَاجِدٍ الْحَنَفِيِّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: سَأَلْنَا نَبِيَّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ السَّيْرِ بِالْجَنَازَةِ، فَقَالَ: السَّيْرُ بِهَا دُونَ الْخَبَبِ، فَإِنْ يَكُ خَيْرًا تَعَجَّلَ لَهُ، وَإِنْ يَكُ شَرًّا فَبُعْدًا لِأَصْحَابِ النَّارِ، وَالْجَنَازَةُ مَتْبُوعَةٌ وَلَيْسَتْ بِتَابِعَةٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ هَانِءٍ إِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو، وَالْمَشْهُورُ مِنْ حَدِيثِ يَحْيَى بْنِ الْحَارِثِ التَّيْمِيِّ الْجَابِرِ وَيُقَالُ: الْمُجَبِّرُ، كَانَ يُجَبِّرُ، وَقَالَ فِي هَذَا الْحَدِيثِ، عَنْ مَاجِدٍ، وَإِنَّمَا هُوَ: أَبُو مَاجِدٍ

نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جنازہ لے کر چلنے کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: جلدی لے جاؤ! بچا کے جھٹکے لگنے سے اگر نیک آدمی ہوگا تو وہ کہے گا: جلدی سے چلو! اگر گنہگار ہوگا تو وہ کہے گا: تو وہ جہنمی آدمی ہے جو کندھوں سے اُتارا جا رہا ہے' جنازہ متبوع ہے' تابع نہیں ہے۔

یہ حدیث یحییٰ بن ھانی سے شریک روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عمرو اکیلے ہیں۔ مشہور یہ ہے کہ یہ حدیث یحییٰ بن حارث تیمی الجابر سے ہے' جن کا نام مجبّر اور یہ بھی کہا جاتا ہے۔ اس حدیث میں ماجد سے مراد ابو ماجد ہے۔

**7537** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، ثَنَا إِسْمَاعِيلُ، ثَنَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَلِيطِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ ذُهَيْلِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ نَحْنُ بِإِبِلٍ مُصَرَّاةٍ تَلْجَأُ الشَّجَرَ، لَيْسَ مَعَهَا رَاعٍ، فَقَالَ بَعْضُنَا: لَوْ قُمْنَا فَحَلَبْنَا، وَقَالَ بَعْضُهُمْ، كَيْفَ نَحْلِبُهَا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِينَا لَا نَسْتَأْمِرُهُ؟ فَقَالَ بَعْضُنَا؟ قَدْ سَكَتَ وَسُكُوتُهُ إِذْنٌ، فَقُمْنَا إِلَيْهَا فَدَعَانَا، فَقَالَ: أَرَأَيْتُمْ لَوْ أَنَّ قَوْمًا أَتَوْكُمْ وَقَدْ نِمْتُمْ فَأَخَذُوا مَا فِي مَزَاوِدِكُمْ، أَضَرُّوا بِكُمْ؟ قَالُوا: نَعَمْ قَالَ: فَإِنَّ مَا فِي أَخْلَافِ هَذِهِ الْإِبِلِ كَمَثَلِ مَا فِي مَزَاوِدِكُمْ، قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اسی دوران کہ ہم رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں بیٹھے تھے' اچانک ایک اونٹنی پر ہماری نظر پڑی جس کے تھن دودھ سے بھرے ہوئے تھے۔ وہ ایک درخت کے پاس آ کر کھڑی ہوئی' جس کے ساتھ اس کا چرواہا موجود نہ تھا۔ ہمارے بعض ساتھیوں نے کہا: اگر ہم جا کر اس کا دودھ دوھ لیں' دوسرے بعض نے کہا: ہم کیسے اس کا دودھ نکال سکتے ہیں جبکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے اندر موجود ہیں (وہ اجازت دیں تو......) ہم نے ان سے مشورہ ہی نہیں کیا؟ درمیان سے بعض نے کہا: آپ خاموش ہیں اور آپ کی خاموشی اجازت ہے۔ ہم اُٹھ کر اس کی طرف گئے۔ آپ نے ہمیں بلا کر فرمایا: تمہارا کیا خیال ہے کہ

7537- أخرجه ابن ماجة: التجارات جلد 2 صفحه 772 رقم الحديث: 2303 . وفي الزوائد: في اسناده سليط بن عبد اللّٰه . قال البخاري: اسناده ليس بالقائم . وقال السندي: قلت والحجاج هو ابن أرطأة كان يدلس وقد عرواه بالعنعنة . وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 535 رقم الحديث: 9274 .

Marfat.com

يَحِلُّ لِلرَّجُلِ مِنْ مَالِ اَخِيهِ اِذَا افْتَقَرَ اِلَيْهِ؟ قَالَ: يَاْكُلُ وَلَا يَحْمِلُ وَيَشْرَبُ وَلَا يَحْمِلُ

اگر کوئی قوم تمہارے پاس آئے جبکہ تم نیند میں ہو' تمہارے برتنوں میں جو کچھ ہے وہ لے لیں تو کیا اُنہوں نے تمہیں کوئی نقصان دیا؟ عرض کی: ہاں! آپ نے فرمایا: اس کے پیچھے جو لوگ ہیں وہ آپ کے برتنوں میں ہے اس کی مثل ہیں۔ ہم نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! کسی آدمی کے لیے اپنے بھائی کا مال جائز نہیں جب وہ اس کا محتاج ہو۔ فرمایا: کھائے' اُٹھائے نہیں' پیئے اُٹھائے نہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ

عمیر بن عبداللہ سے اس حدیث کو صرف قیس بن ربیع نے روایت کیا۔

**7538** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، نَا اِسْمَاعِيلُ، نَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ اَبِي حَصِينٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَالَ النَّاسَ لِيُثْرِيَ مَالَهُ، فَاِنَّمَا هُوَ جَمْرٌ مِنْ جَهَنَّمَ، فَمَنْ شَاءَ فَلْيَسْتَكْثِرْ، وَمَنْ شَاءَ فَلْيَسْتَقِلَّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگوں سے مانگتا ہے مال میں اضافہ کرنے کے لیے' وہ جہنم کا انگارہ ہے جو چاہے زیادہ کرے' جو چاہے کم کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حَصِينٍ اِلَّا قَيْسٌ

یہ حدیث ابو حصین سے قیس روایت کرتے ہیں۔

**7539** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثَنَا اِسْمَاعِيلُ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّى يُتْبِعُ كُلَّ صَلَاةٍ مَكْتُوبَةٍ رَكْعَتَيْنِ، اِلَّا صَلَاةَ الصُّبْحِ، فَاِنَّهُ كَانَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب نماز پڑھتے تو اس کے بعد ہر فرض نماز کے بعد دو رکعت پڑھتے تھے' سوائے صبح کی نماز کے کیونکہ فجر سے پہلے دو رکعت سنت پڑھتے تھے۔

---

**7538**- اخرجه مسلم: الزكاة جلد 2 صفحه 720' وابن ماجة: الزكاة جلد 1 صفحه 588 رقم الحديث: 1838 . بلفظ: من سال الناس اموالهم تكثرًا فانما...... .

**7539**- اسناده فيه: حبيب بن حسان بن ابي الأشرس ضعيف . وانظر: مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 236 .

Marfat.com

يَجْعَلُهُمَا قَبْلَهَا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ حَسَّانَ اِلَّا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث حبیب بن حبان سے عبدالرحیم بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔

**7540** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْعَسَّالُ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الشَّاذَكُونِيُّ، نَا عُبَيْسُ بْنُ مَيْمُونٍ، حَدَّثَنِي قَتَادَةُ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحُمَّى حَظُّ الْمُؤْمِنِ مِنَ النَّارِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بخار جہنم سے مؤمن کا حصہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا عُبَيْسُ بْنُ مَيْمُونٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الشَّاذَكُونِيُّ

یہ حدیث قتادہ سے عیسیٰ بن میمون روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں شاذکونی اکیلے ہیں۔

**7541** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ، نَا خَالِدُ بْنُ نَافِعٍ الْاَشْعَرِيُّ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي مُوسَى، اَنَّ مُعَاوِيَةَ بْنَ اَبِي سُفْيَانَ، قَالَ لَهُ: اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اخْتَصَمَ اِلَيْهِ الْخَصْمَانِ، فَاتَّعَدَا الْمَوْعِدَ، فَجَاءَ اَحَدُهُمَا وَلَمْ يَاْتِ الْآخَرُ قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلَّذِي جَاءَ عَلَى الَّذِي لَمْ يَجِءْ فَقَالَ اَبُو مُوسَى: اِنَّمَا كَانَ ذَاكَ فِي الدَّابَّةِ وَالشَّاةِ وَالْبَعِيرِ، وَالَّذِي نَحْنُ فِي اَمْرِ النَّاسِ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت معاویہ بن ابوسفیان نے ان سے فرمایا: کیا آپ کو معلوم ہے کہ حضور ﷺ کے پاس جب دو جھگڑنے والے آئے تو آپ نے ان سے وعدہ لیا ان میں ایک آیا دوسرا نہیں آیا' آپ نے فیصلہ فرمایا اس کے لیے جو آیا اس کے خلاف جو نہیں آیا۔ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یہ فیصلہ جانور' بکری اور اونٹ کے لیے تھا' ہم جس میں ہیں وہ لوگوں کا معاملہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ اِلَّا خَالِدُ بْنُ نَافِعٍ

یہ حدیث سعید بن ابوبردہ سے خالد بن نافع روایت کرتے ہیں۔

---

**7540**- اسناده فيه: سليمان بن داؤد الشاذكوني متروك . وانظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه309 .

**7541**- اسناده والكلام في الاسناد كسابقه . وانظر مجمع الزوائد جلد4صفحه201 .

Marfat.com

**7542** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثَنَا الشَّاذَكُونِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ مَسْمُولٍ الْمَخْزُومِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ الْقَاسِمَ بْنَ مِخْوَلٍ الْبَهْزِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ: أَمْسَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُحَدِّثُنَا، وَقَالَ: إِنَّهُ سَيَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَكُونُ خَيْرَ مَالِ النَّاسِ غَنَمٌ بَيْنَ شَجَرٍ، يَأْكُلُ الشَّجَرَ، وَيَرِدُ الْمِيَاهَ، يَأْكُلُ أَهْلُهَا مِنْ رِسْلِهَا، وَيَشْرَبُونَ مِنْ أَلْبَانِهَا، وَيَلْبَسُونَ مِنْ أَشْعَارِهَا، أَوْ قَالَ: مِنْ أَصْوَافِهَا، وَالْفِتَنُ تَرْتَكِسُ بَيْنَ جَرَاثِيمِ الْعَرَبِ، يُفْتَنُونَ وَاللَّهِ، يُفْتَنُونَ وَاللَّهِ، يُفْتَنُونَ وَاللَّهِ يَقُولُهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثًا

حضرت قاسم بن مخول البہزی فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد کو فرماتے ہوئے سنا: حضور ﷺ نے شام کو بیان کیا کہ لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ اس میں لوگوں کا بہتر مال درختوں کے درمیان بکریاں ہوں گی' جو درختوں کے پتے کھائیں گی اور پانی پئیں گی' لوگ ان کا دودھ پئیں گے اور اس کے بالوں کے کپڑے پہنیں گے' فتنے عرب والوں کے درمیان گریں گے' اللہ کی قسم! فتنے! اللہ کی قسم! فتنے! اللہ کی قسم! فتنے! آپ نے یہ تین مرتبہ فرمایا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مِخْوَلٍ الْبَهْزِيِّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الشَّاذَكُونِيُّ

یہ حدیث مخول البہزی سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں شاذکونی اکیلے ہیں۔

**7543** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، نَا الشَّاذَكُونِيُّ، نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، ثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ بَابِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى صَلَاةَ الْخَوْفِ بِإِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ رَكْعَةً، ثُمَّ أَقْبَلَتِ الطَّائِفَةُ الْأُخْرَى فَصَلَّى بِهِمْ رَكْعَةً، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے نمازِ خوف دو گروہوں کو پڑھائی' ایک گروہ کو ایک رکعت پڑھائی' پھر دوسرا گروہ آیا تو آپ نے ان کو ایک رکعت پڑھائی' پھر دو سجدے کیے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ إِلَّا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الشَّاذَكُونِيُّ

یہ حدیث اوزاعی سے عیسیٰ بن یونس روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں شاذکونی اکیلے ہیں۔

**7544** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثَنَا

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

---

7542- اسناده والكلام فى الاسناد كسابقه ـ وانظر مجمع الزوائد جلد7صفحه309 .

7543- أخرجه البخارى: الخوف جلد2صفحه497 رقم الحديث:942' ومسلم: المسافرين جلد1صفحه574 .

7544- اسناده فيه: سليمان الشاذكونى متروك ـ وانظر مجمع الزوائد جلد4صفحه78 .

Marfat.com

الشَّاذَكُونِيُّ، ثَنَا سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْهَدَادِيُّ، وَكَانَ ثِقَةً، عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ، سَمِعَ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَفْضَلُ الْمُؤْمِنِينَ رَجُلٌ سَمْحُ الْبَيْعِ، سَمْحُ الشِّرَاءِ، سَمْحُ الْقَضَاءِ، سَمْحُ الِاقْتِضَاءِ

کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مؤمنین میں افضل وہ ہے جو خرید وفروخت میں لینے دینے میں آسانی کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ هُوَ يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الشِّخِّيرِ اِلَّا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْهَدَادِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: الشَّاذَكُونِيُّ

یہ حدیث ابوالعلاء سے یزید بن عبداللہ بن الشخیر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں شاذکونی اکیلے ہیں۔ ابوالعلاء کا نام یزید بن عبداللہ بن شخیر ہے۔

**7545** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْعَسَّالُ، نَا سُلَيْمَانُ الشَّاذَكُونِيُّ، نَا رَوْحُ بْنُ عَطَاءِ بْنِ اَبِي مَيْمُونَةَ، نَا حُسَيْنُ بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ جَابِرٍ الْجُعْفِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْجَزَّارِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ غَسَّلَ امْرَاً مَيِّتًا فَاَدَّى فِيهِ الْاَمَانَةَ، يَعْنِي: اَنْ لَا يُفْشِيَ عَلَيْهِ شَيْئًا ظَهَرَ فِي غُسْلِهِ، كَانَ مِنْ ذُنُوبِهِ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ اُمُّهُ قَالَ: وَيُغَسِّلُهُ اَوْلَى النَّاسِ بِهِ، وَاِلَّا فَمَنْ تَعْلَمُونَ اَنَّ عِنْدَهُ حَظًّا مِنْ وَرَعٍ وَاَمَانَةٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے کسی آدمی کو غسل دیا' اس نے اس کی امانت ادا کی۔ اس حدیث کا مطلب ہے کہ دورانِ غسل اس کے راز کو ظاہر نہیں کیا' اس کے گناہ اس طرح معاف ہوتے ہیں جس طرح آج اس کی ماں نے اس کو جنا ہے' اس کو غسل دے وہ جو لوگوں میں سب سے زیادہ بہتر ہے' ورنہ جس کو تم جانتے ہو کہ وہ پرہیزگار اور امانت دار آدمی ہے (اس کو کہو کہ وہ غسل دے دے)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الشَّعْبِيِّ اِلَّا جَابِرٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ جَابِرٍ اِلَّا حُسَيْنُ بْنُ عِمْرَانَ وَسَلَّامُ بْنُ اَبِي مُطِيعٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عِمْرَانَ اِلَّا رَوْحُ بْنُ عَطَاءٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الشَّاذَكُونِيُّ

یہ حدیث شعبی سے جابر اور جابر سے حسین بن عمران اور سلام بن ابو مطیع اور حسین بن عمران سے روح بن عطاء روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں شاذکونی اکیلے ہیں۔

**7546** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثَنَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم

---

**7545**- اسناده والكلام فى الاسناد كسابقه .

**7546**- اخرجه مسلم: الأشربة جلد **3** صفحه **1590**' وأبو داؤد: الأشربة جلد **3** صفحه **333** رقم الحديث: **3711**' والترمذي: الأشربة جلد **4** صفحه **296** رقم الحديث: **1871** .

Marfat.com

عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، ثَنَا اَبِي، ثَنَا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اُمِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنَّا نَنْبِذُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سِقَاءٍ، يُوكَاءُ اَعْلَاهُ، وَلَهُ عَزْلَاءُ، نَنْبِذُ غُدْوَةً فَيَشْرَبُهُ عَشِيَّةً، وَنَنْبِذُهُ عَشِيَّةً فَيَشْرَبُهُ غُدْوَةً

حضورﷺ کے لیے ایک مشکیزہ میں نبیذ بناتی تھیں' اس کو اوپر سے باندھتے تھے'ہم دن کو نبیذ بناتے' رات کو آپ نوش کرتے' رات کو بناتے تو دن کو نوش کرتے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ اِلَّا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ

یہ حدیث یونس بن عبید سے عبدالوہاب الثقفی روایت کرتے ہیں۔

**7547** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثَنَا الشَّاذَكُونِيُّ، نَا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ اُمِّ حَبِيبَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ صَلَّى اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ قَبْلَ الظُّهْرِ حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ

حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے چار رکعت سنتیں ظہر سے پہلے پڑھیں تو اس پر اللہ عزوجل جہنم کی آگ حرام کردے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ لَيْثٍ اِلَّا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

یہ حدیث لیث سے حسان بن ابراہیم روایت کرتے ہیں۔

**7548** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْعَسَّالُ، نَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، نَا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِنْ اُمَّتِي مَنْ لَوْ جَاءَ اَحَدَكُمْ فَسَالَهُ دِينَارًا لَمْ يُعْطِهِ، وَلَوْ سَالَهُ دِرْهَمًا لَمْ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: میری اُمت کے کچھ لوگ ایسے ہیں کہ وہ کسی سے دنیا مانگیں تو وہ نہ دیں' اگر ان سے درہم مانگیں تو وہ نہ دیں' اگر ان سے روپیہ پیسہ مانگا جائے تو وہ نہ دے اگر اللہ سے جنت مانگے تو اللہ دے گا' ان کو کسی کی پروا

---

**7547**- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد2صفحه23 رقم الحديث: 1269' والترمذي: الصلاة جلد 2صفحه292 رقم الحديث: 427 . وقال: حسن غريب . وتعقبه الشيخ أحمد شاكر وقال: صحيح' لصحة اسناده . وابن ماجة: الاقامة جلد 1صفحه367 رقم الحديث: 1160' وأحمد: المسند جلد 6صفحه453 رقم الحديث: 27470 .

**7548**- اسناده صحيح . وانظر مجمع الزوائد جلد10صفحه267 .

Marfat.com

يُعْطِهِ، وَلَوْ سَالَهُ فِلْسًا لَمْ يُعْطِهِ، وَلَوْ سَالَ اللّٰهَ الْجَنَّةَ لَاَعْطَاهُ اِيَّاهَا، ذُو طِمْرَيْنِ، لَا يُؤْبَهُ لَهُ، لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهُ

نہیں ہوگی' اگر وہ اللہ سے قسم اُٹھائیں تو ان کی قسم پوری کی جائے گی۔

**7549** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، نَا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَفْطَرَ قَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ، اللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ، وَعَلَى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب روزہ افطار کر لیتے تو پڑھتے: ''بسم اللّٰه اللّٰهم لك صمت وعلى رزقك افطرت''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو

یہ حدیث شعبہ سے داؤد بن زبرقان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عمرو اکیلے ہیں۔

**7550** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ نَصْرِ بْنِ شَبِيبٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثَنَا مَخْلَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَبِي زُمَيْلٍ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ السَّبِيعِيِّ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صِيَامُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ صِيَامُ الدَّهْرِ، اَيَّامُ الْبِيضِ، ثَلَاثَ عَشْرَةَ، وَاَرْبَعَ عَشْرَةَ، وَخَمْسَ عَشْرَةَ

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر ماہ ایامِ بیض کے تین روزے رکھو' تیرھویں' چودھویں اور پندرھویں چاند (کی تاریخ) کو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا زَيْدُ

یہ حدیث ابواسحاق سے روایت کرنے میں زید بن

---

**7549**- اسناده فيه: داؤد بن الزبرقان متروك' وكذبه الأزدى (التقريب) . وانظر مجمع الزوائد جلد3صفحه159 .

**7550**- أخرجه النسائي: الصوم جلد4صفحه189 (باب كيف يصوم ثلاثة أيام من كل شهر؟) . والبيهقي في شعب الايمان جلد3صفحه390 رقم الحديث: 3853' والطبراني في الكبير جلد3صفحه356 رقم الحديث: 2499-2500' والطبراني في الصغير جلد2صفحه52 وذكره الحافظ المنذرى وقال: رواه النسائي باسناد جيد والبيهقي . انظر الترغيب جلد3صفحه124 رقم الحديث: 18 .

Marfat.com

بْنُ اَبِي اُنَيْسَةَ

ابوانیسہ اکیلے ہیں۔

**7551** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ نَصْرِ بْنِ شَبِيبٍ، ثَنَا مَخْلَدُ بْنُ اَبِي زُمَيْلٍ، ثَنَا اَبُو الْمَلِيحِ الْحَسَنُ بْنُ عَمْرٍو الرَّقِّيُّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْاَصَمِّ قَالَ: قَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي لَاَهُمُّ اَنْ آمُرَ فِتْيَانِي فَيَجْمَعُونَ حُزَمًا مِنْ حَطَبٍ، ثُمَّ آتِي قَوْمًا يُصَلُّونَ فِي بُيُوتِهِمْ، لَيْسَتْ بِهِمْ عِلَّةٌ، فَاُحَرِّقُهَا عَلَيْهِمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے ارادہ کیا کہ کسی آدمی کو حکم دوں کہ نماز پڑھائے میں لکڑیاں اکٹھی کرنے کا حکم دوں پھر ایسی قوم کے پاس آؤں جو لوگ گھروں میں نماز پڑھتے ہیں وجہ بھی کوئی نہیں ہے تو ان کو گھروں کے اندر جلا دوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ يَزِيدَ اِلَّا اَبُو الْمَلِيحِ الرَّقِّيُّ

یہ حدیث یزید بن یزید سے ابوالملیح الرقی روایت کرتے ہیں۔

**7552** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ نَصْرِ بْنِ شَبِيبٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، نَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَمَّالُ، نَا يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعْدٍ، نَا ابْنُ عَجْلَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا كَانَ فِي سَفَرٍ فَزَاغَتِ الشَّمْسُ قَبْلَ اَنْ يَرْتَحِلَ صَلَّى الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ جَمِيعًا، وَاِنِ ارْتَحَلَ قَبْلَ اَنْ تَزِيغَ الشَّمْسُ جَمَعَ بَيْنَهُمَا فِي اَوَّلِ وَقْتِ الْعَصْرِ، وَكَانَ يَفْعَلُ ذَلِكَ فِي الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ جب سفر میں ہوتے تو سورج ڈھلنے سے پہلے سفر کرتے تو ظہر و عصر اکٹھی پڑھتے اگر سورج ڈھلنے سے پہلے سفر کرتے تو عصر اوّل وقت پر ادا کرتے آپ مغرب و عشاء میں ایسے کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ اِلَّا ابْنُ عَجْلَانَ، وَلَا عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ

یہ حدیث عبداللہ بن فضل سے ابن عجلان اور ابن عجلان سے محمد بن سعد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت

---

**7551**- أصله عند البخاری ومسلم: أخرجه البخاری: الأذان جلد **2** صفحه **148** رقم الحديث: **644**، ومسلم: المساجد جلد **1** صفحه **452** .

**7552**- اسناده فيه: يعقوب بن محمد بن عيسٰى بن عبد الملك الزهری، ضعفه غير واحد، ووثقه الحاكم، وقال ابن حجر: صدوق كثير الوهم والرواية عن الضعفاء (التقريب) . وانظر مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **163** .

Marfat.com

سَعْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَعْقُوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ

کرنے میں یعقوب بن محمد الزہری اکیلے ہیں۔

**7553** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ بْنِ شَبِيبٍ الْمُقْرِءُ الْاَصْبَهَانِيُّ، نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، نَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ يَهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں ہے کہ کسی سے تین دن سے زیادہ لاتعلقی رکھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ قَرْمٍ، وَلَا عَنْ سُلَيْمَانَ اِلَّا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ

یہ حدیث اعمش سے سلیمان بن قرم اور سلیمان سے حسین بن محمد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن سعید الجوہری اکیلے ہیں۔

**7554** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَاصِمٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، نَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ، نَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَعْيَنَ، نَا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِي مُرَاوِحٍ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيِّ، اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ بِي قُوَّةً عَلَى الصِّيَامِ فِي السَّفَرِ، فَهَلْ عَلَيَّ جُنَاحٌ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هِيَ رُخْصَةٌ مِنَ اللّٰهِ، مَنْ شَاءَ اَخَذَ بِهَا فَحَسَنٌ، وَمَنْ اَحَبَّ اَنْ يَصُومَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ

حضرت حمزہ بن عمرو الاسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھ کو حالت سفر میں روزہ کی طاقت ہے؟ کیا کوئی حرج تو نہیں ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ اللہ کی طرف سے رخصت ہے' جو چاہے اس پر عمل کرے تو اچھا ہے' جو چاہے روزہ رکھے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

---

**7553**- أخرجه ابن ماجة: المقدمة جلد **1**صفحه**18** رقم الحديث: **46**' والطبراني في الكبير جلد **10**صفحه**184** رقم الحديث: **10399**' والطبراني في الصغير جلد **2**صفحه**52**' وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **8** صفحه**70** وقال رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيح .

**7554**- أخرجه البخاري: الصوم جلد **4**صفحه**211** رقم الحديث: **1943**' ومسلم: الصيام جلد **2**صفحه**790** ولفظه له .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ اِلَّا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ

یہ حدیث ابوسود سے عمرو بن حارث روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن اعین اکیلے ہیں۔

7555 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَاصِمٍ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ لُوَيْنٌ، نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْبَالِسِيُّ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُجْزِءُ فِي الْوُضُوءِ مُدٌّ، وَفِي الْغُسْلِ صَاعٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: وضو کے لیے ایک مُد اور غسل کے لیے ایک صاع پانی کافی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خُصَيْفٍ اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: لُوَيْنٌ

یہ حدیث خصیف سے عبدالعزیز بن عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں لوین اکیلے ہیں۔

7556 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَاصِمٍ، ثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَالِكٍ، نَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي الْحَوَاجِبِ، ثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ يَزِيدَ الْاَوْدِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْاَسْوَدِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ اَنَا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي لِحَافٍ وَاحِدٍ، وَاَنَا طَامِثٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں اور رسول اللہ ﷺ ایک ہی بستر میں سوتے حالانکہ میں حالتِ حیض میں ہوتی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِدْرِيسَ الْاَوْدِيِّ اِلَّا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي الْحَوَاجِبِ

یہ حدیث ادریس اودی سے یحییٰ بن زکریا بن ابوالحواجب روایت کرتے ہیں۔

---

7555- اسناده فيه: عبد العزيز بن عبد الرحمٰن البالسي: اتهمه الامام أحمد بالوضع، وقال النسائي، وغيره: ليس بثقة (الجرح جلد5صفحه388، واللسان جلد4صفحه34) . وانظر مجمع الزوائد جلد1صفحه222 .

7556- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد 1صفحه68 رقم الحديث: 269، والنسائي: الحيض جلد 1صفحه154 (باب نوم الرجل مع حليلته في الشعار الواحد وهي حائض) . بلفظ: كنت أنا ورسول الله ﷺ نبيت في الشعار الواحد، وأنا طامث . وأحمد: المسند جلد 6صفحه195 رقم الحديث: 25470 . بلفظ: كان النبي ﷺ يأمرنا اذا كانت احدانا حائضًا أن تتزر لم تدخل معه في لحافه .

Marfat.com

**7557** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَاصِمٍ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَنْبَسَةَ الْوَرَّاقُ، نَا حِبَّانُ بْنُ هِلَالٍ، ثَنَا مُجَّاعَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَتَرَجَّلُ الرَّجُلُ اِلَّا غِبًّا اَرْبَعًا اَوْ خَمْسًا

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی کنگھی چار یا پانچویں دن کرے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُجَّاعَةِ اِلَّا حِبَّانُ بْنُ هِلَالٍ

یہ حدیث مجاعہ سے حیان بن ہلال روایت کرتے ہیں۔

**7558** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَاصِمٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَبِيبٍ الْمَدَنِيُّ، ثَنَا اَبُو جَابِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ مِنْكُمْ مُصَلِّيًا بَعْدَ الْجُمُعَةِ فَلْيُصَلِّ اَرْبَعًا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو تم میں سے کوئی نمازِ جمعہ کے بعد نماز پڑھنا چاہے تو وہ چار رکعت پڑھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا اَبُو جَابِرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَبِيبٍ

یہ حدیث شعبہ سے ابو جابر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن شبیب اکیلے ہیں۔

**7559** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَاصِمٍ، نَا عَلِيُّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

**7557**- اخرجه أبو داؤد: الترجل جلد **4** صفحه **73** رقم الحديث: **4159**' والترمذي: اللباس جلد **4** صفحه **234** رقم الحديث: **1756** . وقال: حسن صحيح . والنسائي: الزينة جلد **8** صفحه **114** (باب الترجل غبا) . وأحمد: المسند جلد **4** صفحه **107** رقم الحديث: **16798** .

**7558**- أخرجه مسلم: الجمعة جلد **2** صفحه **600**' وأبو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه **293** رقم الحديث: **1131**' والترمذي: الصلاة جلد **2** صفحه **399** رقم الحديث: **523**' والنسائي: الجمعة جلد **3** صفحه **92** (باب عدد الصلاة بعد الجمعة في المسجد)' وابن ماجة: الاقامة جلد **1** صفحه **358** رقم الحديث: **1132**' والدارمي: الصلاة جلد **1** صفحه **446** رقم الحديث: **1575** .

**7559**- ذكره البخاري: الصلاة جلد **1** صفحه **642** (باب بنيان المسجد معلقًا) . وقال ابن حجر: وهذا التعليق رويناه موصولًا في مسند أبي يعلى وصحيح ابن خزيمة من طريق أبي قلابة أن أنسًا قال: فذكره . وأبو داؤد:

Marfat.com

بْنُ حَرْبٍ الْمُوصِلِيُّ، نَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ الضُّبَعِيُّ، عَنْ اَبِي عَامِرٍ الْخَزَّازِ صَالِحِ بْنِ رُسْتُمٍ قَالَ: قَالَ اَبُو قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَتَبَاهَوْنَ بِكَثْرَةِ الْمَسَاجِدِ، لَا يَعْمُرُونَهَا اِلَّا قَلِيلًا

حضور ﷺ نے فرمایا: لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ وہ زیادہ مسجدوں کی وجہ سے فخر کریں گے اوران کو آباد کرنے والے بہت کم لوگ ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي عَامِرٍ الْخَزَّازِ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ

یہ حدیث ابوعامر الخزار سے سعید بن عامر روایت کرتے ہیں۔

**7560** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَاصِمٍ، نَا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ الْمُوصِلِيُّ، نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَحْيَى الْمَدَنِيُّ، ثَنَا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ نَنْتَظِرُ الصَّلَاةَ، فَقَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: اِنِّي اَصَبْتُ ذَنْبًا، فَاَعْرَضَ عَنْهُ، فَلَمَّا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ قَامَ الرَّجُلُ، فَاَعَادَ الْقَوْلَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَيْسَ قَدْ صَلَّيْتَ مَعَنَا هَذِهِ الصَّلَاةَ، وَاَحْسَنْتَ لَهَا الطُّهُورَ؟ قَالَ: بَلَى قَالَ: فَاِنَّهَا كَفَّارَةُ ذَنْبِكَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم مسجد میں حضور ﷺ کے ساتھ تھے' ہم نماز کا انتظار کر رہے تھے' ایک آدمی کھڑا ہوا' اس نے عرض کی: مجھ سے گناہ ہوا ہے' آپ نے اس سے اعراض کیا' جب حضور ﷺ نے نماز پڑھائی تو وہ آدمی کھڑا ہوا' اس نے دوبارہ بات عرض کی تو آپ ﷺ نے فرمایا: تُو نے ہمارے ساتھ نماز نہیں پڑھی اور نماز کے لیے اچھا وضو نہیں کیا؟ اس نے عرض کی: کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: یہ تیرے گناہ کا کفارہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا اِسْرَائِيلُ وَلَا عَنْ اِسْرَائِيلَ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ

یہ حدیث ابواسحاق سے اسرائیل اور اسرائیل سے عبدالرحمٰن بن یحییٰ المدنی روایت کرتے ہیں۔ اس کو

---

الصلاة جلد **1** صفحه **120** رقم الحديث: **449**' والنسائي: المساجد جلد **2** صفحه **26** (باب المباهاة في المساجد) . وابن ماجة: المساجد جلد **1** صفحه **244** رقم الحديث: **739**' والدارمي: الصلاة جلد **1** صفحه **383** رقم الحديث: **1408** . بلفظ: لا تقوم الساعة حتى يتباهى .

**7560**- اسناده فيه: أ- عبد الرحمٰن بن يحيٰى العذرى ضعفه الدارقطني' وقال العقيلي: مجهول لا يقيم الحديث من جهته' وقال الأزدي: متروك لا يحتج بحديثه . ب - الحارث الأعور ضعيف . وأخرجه أيضًا في الصغير . وانظر مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **304** .

Marfat.com

يَحْيَى الْمَدَنِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَلِيٍّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

روایت کرنے میں علی بن حرب اکیلے ہیں۔ حضرت علی سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**7561** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَاصِمٍ، نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ شَبِيبٍ الْمَدَنِيُّ، نَا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْجَعْفَرِيُّ، نَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: جَاءَتْ جَارِيَةٌ تَرْعَى غَنَمًا لِي، فَأَكَلَ الذِّئْبُ شَاةً، فَضَرَبْتُ وَجْهَ الْجَارِيَةِ، فَنَدِمْتُ، فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، لَوْ أَعْلَمُ أَنَّهَا مُؤْمِنَةٌ لَأَعْتَقْتُهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَنَا؟ قَالَتْ: رَسُولُ اللَّهِ قَالَ: فَمَنِ اللَّهُ؟ قَالَتْ: الَّذِي فِي السَّمَاءِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَعْتِقْهَا، فَإِنَّهَا مُؤْمِنَةٌ

حضرت ابن کعب بن مالک اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک لونڈی آئی' وہ میری بکریاں چراتی تھی' ایک بھیڑیا میری بکری کھا گیا' میں نے اس کے چہرے پر مارا' اس کے بعد مجھے ندامت ہوئی تو میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر مجھے علم ہوتا کہ وہ مؤمنہ ہے میں اس کو آزاد کرتا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کو فرمایا: میں کون ہوں؟ اس لونڈی نے عرض کی: آپ اللہ کے رسول ہیں! آپ نے فرمایا: اللہ کہاں ہے؟ اس نے عرض کی: آسمان میں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کو آزاد کرو کیونکہ یہ مؤمنہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ إِلَّا حَاتِمٌ، وَلَا عَنْ حَاتِمٍ إِلَّا دَاوُدُ الْجَعْفَرِيُّ، وَلَا يُرْوَى عَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث ابن عجلان سے حاتم اور حاتم سے داؤد الجعفری روایت کرتے ہیں اور حضرت کعب بن مالک سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**7562** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَاصِمٍ، نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَزِيدَ الْجُعْفِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، نَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَقِيلُوا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اچھی حالت والوں سے اقالہ کرو' تم پھسل جاؤ گے۔

---

7561- اسناده فيه: عبد الله بن شبيب الربعي ذاهب الحديث . وأخرجه أيضًا في الكبير جلد 19 صفحه 98 رقم الحديث: 193 . وانظر مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 242 .

7562- اسناده فيه: محمد بن يزيد بن محمد بن كثير العجلي ليس بالقوى (التقريب) . وانظر مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 285 .

Marfat.com

ذَوِی الْهَیْئَاتِ زَلَّاتِهِمْ

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ عَاصِمٍ اِلَّا اَبُو بَکْرِ بْنُ عَیَّاشٍ، تَفَرَّدَ بِهٖ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یَزِیدَ بْنِ مُحَمَّدٍ، وَلَا یُرْوَی عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث عاصم سے ابوبکر بن عیاش روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن یزید بن محمد اکیلے ہیں۔ حضرت ابن مسعود سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**7563** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَاصِمٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَبِیبٍ، نَا عُمَرُ بْنُ سَهْلٍ الْمَازِنِیُّ، نَا عُمَرُ بْنُ صُهْبَانَ، عَنْ زَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَسَارٍ، عَنْ اَبِی حَدْرَدٍ الْاَسْلَمِیِّ قَالَ: اَتَیْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ تَزَوَّجْتُ، فَقَالَ: کَمْ اَصْدَقْتَ یَا اَبَا حَدْرَدٍ؟ قُلْتُ: خَمْسَةَ اَوَاقٍ، فَقَالَ لِی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ کُنْتُمْ تَغْرِفُونَ مِنْ بُطْحَانَ مَا زِدْتُمْ

حضرت ابوحدرد الاسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا اس حالت میں کہ میں نے شادی کی تھی' آپ نے فرمایا: اے ابوحدرد! تم نے کتنا حق مہر رکھا ہے؟ میں نے عرض کی: پانچ اوقیہ! مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر تم بطحان سے غرق ہوتے تو تم اضافہ نہ کرتے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ زَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا عُمَرُ بْنُ صُهْبَانَ، تَفَرَّدَ بِهٖ: عُمَرُ بْنُ سَهْلٍ وَالْمَشْهُورُ مِنْ حَدِیثِ یَحْیَی بْنِ سَعِیدٍ الْاَنْصَارِیِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِیمَ التَّیْمِیِّ، عَنْ اَبِی حَدْرَدٍ

یہ حدیث زید بن اسلم سے عمر بن صہبان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عمر بن سہل اکیلے ہیں۔ مشہور یہ ہے کہ یہ حدیث یحییٰ بن سعید الانصاری' محمد بن ابراہیم التیمی سے روایت کرتے ہیں' وہ ابوحدرد سے روایت کرتے ہیں۔

**7564** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَاصِمٍ، نَا عَلِیُّ بْنُ حَرْبٍ، نَا الْحَسَنُ بْنُ کَثِیرٍ، حَدَّثَنِی جَدِّی یَحْیَی بْنُ کَثِیرِ بْنِ یَحْیَی، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَجْدَةَ

حضرت مازن بن غضوبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم پر سچائی لازم ہے کیونکہ وہ جنت کی طرف راہنمائی کرتا ہے۔

**7563**- اسناده فيه: أ- عبد الله بن شبيب ذاهب الحديث . ب- عمر بن صهبان ضعيف (التقريب) . تخريجه الطبراني في الكبير، وعبد الرزاق، وأحمد في مسنده . وانظر مجمع الزوائد جلد4صفحه285 .

**7564**- اسناده فيه جماعة لم أعرفهم . وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 1صفحه96 وقال: وفيه يحيىٰ بن كثير، وهو متروك .

Marfat.com

الْحِمْصِيّ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِيهِ صَالِحِ بْنِ الْمُتَوَكِّلِ قَالَ: سَمِعْتُ مَازِنَ بْنَ الْغَضُوبَةِ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ، فَاِنَّهُ يَهْدِي اِلَى الْجَنَّةِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ نَجْدَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ

یہ حدیث اوزاعی سے عبدالرحمٰن بن نجدہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں علی بن حرب اکیلے ہیں۔

**7565** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْعَبْدِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، نَا الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ، نَا عِكْرِمَةُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: افْتَتَحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ، فَاَعْطَاهَا اَهْلَهَا الْيَهُودَ عَلَى النِّصْفِ، فَلَمَّا اَيْنَعَ الثَّمَرُ بَعَثَ اِلَيْهِمْ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ رَوَاحَةَ، فَقَالَ: خُذُوا مِنِّي سِتِّينَ وَسْقًا مِنْ تَمْرٍ، وَلَنَا مَا فِي رُءُوسِ النَّخْلِ، قَالُوا: اِذًا تَظْلِمُنَا قَالَ: فَاَعْطُونِي سِتِّينَ وَسْقًا، وَلَكُمْ مَا فِي رُءُوسِ النَّخْلِ، قَالُوا: بِهٰذَا قَامَتِ السَّمٰوَاتُ وَالْاَرْضُ، وَبِهٰذَا تُنْصَرُونَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے خیبر فتح کیا' آپ نے وہاں کے رہنے والے یہود کو وہ زمین نصف پر دی' جب پھل پک جاتا تو آپ ان کی طرف عبداللہ بن رواحہ کو بھیجتے' حضرت عبداللہ نے فرمایا: مجھ سے ساٹھ وسق کھجور لے لو اور ہمارے لیے رہنے دو جو کھجوروں کے خوشوں پر ہے۔ انہوں نے کہا: جب تو ہم پر ظلم ہوگا۔ حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے ساٹھ وسق کھجور دے دو' تمہارے لیے وہ ہے جو کھجوروں کے خوشوں پر ہے۔ انہوں نے کہا: اس کے ذریعے زمین و آسمان قائم ہیں' اسی کے ذریعے تمہاری مدد کی جاتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا عِكْرِمَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے عکرمہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حسین بن حفص اکیلے ہیں۔

**7566** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

**7566**- اسناده فيه: داؤد بن أبی هند ثقة الا أن روايته عن أنس مرسل' قال ابن حبان: روى عن أنس خمسة أحاديث لم يسمعها منه' وقال الحاكم: لم يصح سماعه من أنس (التهذيب جلد 3صفحه204) . وذكره الهيثمی فی المجمع جلد 3صفحه76 وقال: رواه الطبرانی فی الأوسط عن محمد بن اسماعيل بن عبد الله' عن أبيه' ولم أعرفهما' وبقية رجاله ثقات . قلت: محمد وأبوه اسماعيل ثقتان' لكن الاسناد معلول بالارسال .

Marfat.com

عَبْدِ اللّٰهِ، نَا اَبِی، نَا حَاتِمُ بْنُ عُبَیْدِ اللّٰهِ النَّمرِیُّ، ثَنَا سَلَّامٌ اَبُو الْمُنْذِرِ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِی هِنْدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلَی عُمَّالِهِ فِی سُنَّةِ الصَّدَقَاتِ: فِی اَرْبَعِینَ شَاةً شَاةٌ اِلَی عِشْرِینَ وَمِائَةٍ، فَاِنْ زَادَتْ وَاحِدَةً فَفِیهَا شَاتَانِ اِلَی مِائَتَیْنِ، فَاِذَا زَادَتْ وَاحِدَةً فَفِیهَا ثَلَاثُ شِیَاهٍ اِلَی ثَلَاثِمِائَةٍ، فَاِذَا كَثُرَتِ الْغَنَمُ فَفِی كُلِّ مِائَةِ شَاةٍ شَاةٌ وَكَتَبَ فِی صَدَقَةِ الْبَقَرِ: فِی كُلِّ ثَلَاثِینَ بَقَرَةً جَذَعَةٌ، وَفِی اَرْبَعِینَ بَقَرَةً مُسِنَّةٌ وَكَتَبَ فِی صَدَقَاتِ الْاِبِلِ: فِی خَمْسٍ مِنَ الْاِبِلِ شَاةٌ، وَفِی عَشْرٍ شَاتَانِ، وَفِی خَمْسَ عَشْرَةَ ثَلَاثٌ، وَفِی عِشْرِینَ اَرْبَعٌ، وَفِی خَمْسٍ وَعِشْرِینَ بِنْتُ مَخَاضٍ اِلَی خَمْسٍ وَثَلَاثِینَ، فَاِذَا زَادَتْ وَاحِدَةً فَفِیهَا بِنْتُ لَبُونٍ اِلَی خَمْسٍ وَاَرْبَعِینَ، فَاِذَا زَادَتْ وَاحِدَةً فَفِیهَا حِقَّةٌ طَرُوقَةُ الْفَحْلِ اِلَی سِتِّینَ، فَاِنْ زَادَتْ وَاحِدَةً فَفِیهَا جَذَعَةٌ اِلَی خَمْسٍ وَسَبْعِینَ، فَاِنْ زَادَتْ وَاحِدَةً فَفِیهَا بِنْتَا لَبُونٍ اِلَی تِسْعِینَ، فَاِنْ زَادَتْ وَاحِدَةً فَحُقَّتَانِ اِلَی عِشْرِینَ وَمِائَةٍ، فَاِنْ كَثُرَتِ الْاِبِلُ فَفِی كُلِّ خَمْسِینَ حِقَّةٌ، وَفِی كُلِّ اَرْبَعِینَ بِنْتُ لَبُونٍ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زکوٰۃ والے سال زکوٰۃ والوں کی طرف خط لکھا' فرمایا: چالیس بکریوں میں ایک بکری ہے' ایک سو بیس بکریوں تک' جب اس میں ایک کا اضافہ ہو جائے تو دو بکریاں ہوں گی دو سو تک' جب ایک اور کا اضافہ ہو جائے تو اس میں تین بکریاں ہوں گی تین سو تک' جب بکریاں زیادہ ہوں گی تو ہر سو پر ایک بکری ہو گی۔ گائے کی زکوٰۃ کے متعلق لکھا: ہر تیس گایوں میں ایک جذعہ ہے' چالیس میں ایک مسنہ۔ اونٹوں کی زکوٰۃ کے متعلق لکھا: پانچ اونٹ ہوں تو ایک بکری ہے' دس اونٹ ہوں تو دو بکریاں' پندرہ ہوں تو تین بکریاں' بیس ہوں تو چار بکریاں' پچیس سے لے کر پینتیس تک ہوں تو بنت مخاض' جب اس میں ایک کا اضافہ ہو جائے تو ایک بنت لبون پینتالیس تک' جب اس میں ایک کا اضافہ ہو جائے تو ایک حقہ ساٹھ تک' جب ایک کا اضافہ ہو جائے تو ایک جذعہ پچھتر تک' جب ایک کا اضافہ ہو تو دو بنت لبون اسّی تک' جب ایک کا اضافہ ہو جائے تو دو حقہ ایک سو بیس تک' جب اونٹ زیادہ ہوں تو ہر پچاس میں ایک حقہ' چالیس ہوں تو ایک بنت لبون۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِی هِنْدٍ اِلَّا سَلَّامٌ اَبُو الْمُنْذِرِ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَاتِمُ بْنُ عُبَیْدِ اللّٰهِ

یہ حدیث داؤد بن ابوہند سے سلام ابوالمنذر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حاتم بن عبیداللہ اکیلے ہیں۔

**7567** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ بْنِ عَامِرٍ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے ندامت

**7567**- اسنادہ فیه: نهشل بن سعید بن وردان متروك . وانظر: مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **329** .

Marfat.com

الْاَصْبَهَانِيُّ، نَا اَبِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ جَدِّي عَامِرِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: سَمِعْتُ نَهْشَلَ بْنَ سَعِيدٍ التِّرْمِذِيَّ، يُحَدِّثُ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ، عَنِ الْحَارِثِ الْاَعْوَرِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: نَدِمْتُ اَنْ لَا اَكُونَ طَلَبْتُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَجْعَلُ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ مُؤَذِّنَيْنِ

ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے حسن وحسن کے لیے مؤذن بنانے کا مطالبہ نہیں کیا۔

**7568** - وَقَالَ: سَمِعْتُ نَهْشَلًا، يُحَدِّثُ عَنِ الضَّحَّاكِ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا صَلَاةَ لِمَنْ لَا تَشَهُّدَ لَهُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: التحیات کے بغیر نماز (کامل) نہیں ہوتی۔

لَا يُرْوَى هٰذَانِ الْحَدِيثَانِ عَنِ الضَّحَّاكِ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: عَامِرُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

یہ دونوں حدیثیں ضحاک' حارث سے' وہ حضرت علی سے۔ ضحاک سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔ ان دونوں کو روایت کرنے میں عامر بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

**7569** - وَبِهِ: قَالَ: سَمِعْتُ نَهْشَلَ بْنَ سَعِيدٍ يُحَدِّثُ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ بَاذَامَ، عَنْ قَنْبَرٍ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلَا اِنَّ الْجَنَّةَ اشْتَاقَتْ اِلَى اَرْبَعَةٍ مِنْ اَصْحَابِي، فَاَمَرَنِي رَبِّي اَنْ اُحِبَّهُمْ فَانْتَدَبَ، صُهَيْبٌ الرُّومِيُّ، وَبِلَالُ بْنُ رَبَاحٍ، وَطَلْحَةُ، وَالزُّبَيْرُ، وَسَعْدُ بْنُ اَبِي وَقَّاصٍ، وَحُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ، وَعَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ،

حضرت علی رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جنت میرے چار صحابہ کی مشتاق ہے۔ میرے رب نے مجھے ان سے محبت کرنے کا حکم دیا ہے' وہ چار خوش بخت یہ ہیں: صہیب رومی' بلال بن رباح' طلحہ' زبیر' سعد بن ابووقاص' حذیفہ بن یمان' عمار بن یاسر (رضی اللہ عنہم)۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ چار کون ہیں جن سے ہم بھی محبت کریں؟ حضور نے فرمایا: اے عمار! اللہ تمہیں منافقوں کی پہچان

---

**7568**- اسناده والكلام في اسناده كسابقه . وانظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه143 .

**7569**- اسناده والكلام في الاسناد كسابقه . وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 9صفحه158 وقال: ورجاله ثقات، الا أن ابن اسحاق مدلس . قلت: ابن اسحاق ليس في السند .

Marfat.com

مَنْ هَؤُلَاءِ الْاَرْبَعَةُ حَتّٰى نُحِبَّهُمْ؟ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَمَّارُ، اَنْتَ عَرَّفَكَ اللّٰهُ الْمُنَافِقِينَ، وَاَمَّا هَؤُلَاءِ الْاَرْبَعَةُ فَاَحَدُهُمْ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ، وَالثَّانِي الْمِقْدَادُ بْنُ الْاَسْوَدِ الْكِنْدِيُّ، وَالثَّالِثُ سَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ، وَالرَّابِعُ اَبُو ذَرٍّ الْغِفَارِيُّ

کروائے! وہ چار یہ ہیں: علی بن ابوطالب، مقداد بن اسود الکندی، سلمان فارسی، ابوذر غفاری۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا الضَّحَّاكُ، وَلَا يُرْوَى عَنْ قَنْبَرٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَامِرُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

یہ حدیث اعمش سے ضحاک روایت کرتے ہیں۔ قنبر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عامر بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

**7570** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَامِرٍ، نَا اَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ نَهْشَلٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ بَاذَامَ، عَنْ قُنْبُرٍ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ: لَا يَحْفَظُ مُنَافِقٌ سُورَةَ هُودٍ، وَبَرَاءَةٌ وَيس، وَالدُّخَانَ، وعَمَّ يَتَسَاءَلُونَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: منافق سورۂ ھود، سورۂ توبہ، سورۂ یٰسین، سورۂ دخان، عم یتسالون پر ہمیشگی نہیں کرتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ قَنْبَرٍ، عَنْ عَلِيٍّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَامِرُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، وَسُفْيَانُ الَّذِي رَوَى عَنْهُ الضَّحَّاكُ هُوَ: سُفْيَانُ بْنُ اللَّيْلِ، الَّذِي رَوَى عَنْهُ الشَّعْبِيُّ

یہ حدیث قنبر، حضرت علی سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں۔ ان سے روایت کرنے میں عامر بن ابراہیم اور سلیمان بن ضحاک روایت کرتے ہیں۔ وہ سفیان بن اللیل میں جو امام شعبی سے روایت کرتے ہیں۔

**7571** - وَبِهِ: عَنِ الضَّحَّاكِ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كَانَ دُعَاءُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ التَّشَهُّدِ فِي الْفَرِيضَةِ: اللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْاَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهِ عَاجِلِهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ فرض نماز میں التحیات کے بعد یہ دعا کرتے تھے: "اللّٰهم انا نسالك الى آخره"۔ اس کے بعد آپ دائیں بائیں جانب سلام پھیرتے تھے۔

**7570**- اسناده والكلام فى اسناده كسابقه . وانظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه160 .

**7571**- اسناده والكلام فى اسناده كسابقه . واخرجه ايضًا فى الكبير جلد 10صفحه67 رقم الحديث: 9941 بنحوه . وانظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه146 .

Marfat.com

وَآجِلِهِ، مَا عَلِمْنَا مِنْهُ وَمَا لَمْ نَعْلَمْ، وَنَعُوذُ بِكَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهِ عَاجِلِهِ وَآجِلِهِ، مَا عَلِمْنَا مِنْهُ وَمَا لَمْ نَعْلَمْ، اللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ مَا سَأَلَكَ مِنْهُ عِبَادُكَ الصَّالِحُونَ، وَنَسْتَعِيذُ بِكَ مِمَّا اسْتَعَاذَ مِنْهُ عِبَادُكَ الصَّالِحُونَ، رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ، رَبَّنَا إِنَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّئَاتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْأَبْرَارِ، رَبَّنَا وَآتِنَا مَا وَعَدْتَنَا عَلَى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ وَيُسَلِّمُ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ

**7572** - وَبِهِ: عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كَانَ دُعَاءُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْعِيدَيْنِ اللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ عِيشَةً تَقِيَّةً، وَمِيتَةً سَوِيَّةً، وَمَرَدًّا غَيْرَ مُخْزٍ وَلَا فَاضِحٍ، اللّٰهُمَّ لَا تُهْلِكْنَا فَجْأَةً، وَلَا تَأْخُذْنَا بَغْتَةً، وَلَا تُعْجِلْنَا عَنْ حَقٍّ وَلَا وَصِيَّةٍ، اللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ الْعَفَافَ وَالْغِنَى، وَالتُّقَى وَالْهُدَى، وَحُسْنَ عَاقِبَةِ الْآخِرَةِ وَالدُّنْيَا، وَنَعُوذُ بِكَ مِنَ الشَّكِّ وَالشِّقَاقِ، وَالرِّيَاءِ وَالسُّمْعَةِ فِي دِينِكَ، يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً، إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ عیدین کی نماز میں یہ دعا کرتے تھے: ''اللّٰهم انا نسألك الٰی آخرہ''۔

**7573** - وَبِهِ: عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ نَسِيَ مَسْحَ الرَّأْسِ فَذَكَرَ وَهُوَ يُصَلِّي،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو سر کا مسح کرنا بھول گیا' اس کو نماز کی حالت میں یاد آیا تو وہ اپنی داڑھی میں جو تری پاتا

**7572**- اسناده والكلام فى اسناده كسابقه ـ وانظر مجمع الزوائد جلد**2**صفحه**204** ـ

**7573**- اسناده والكلام فى اسناده كسابقه ـ وانظر مجمع الزوائد جلد**1**صفحه**243** ـ

Marfat.com

فَوَجَدَ فِي لِحْيَتِهِ بَلَلًا فَلْيَأْخُذْ مِنْهُ وَيَمْسَحْ بِهِ رَأْسَهُ، فَإِنَّ ذَلِكَ يُجْزِئُهُ، وَإِنْ لَمْ يَجِدْ بَلَلًا فَلْيُعِدِ الْوُضُوءَ وَالصَّلَاةَ

ہے وہ داڑھی سے تری لے لے اور اس کے ساتھ سر کا مسح کرے یہ اس کے لیے کافی ہوگا' اگر تری نہ پائے تو دوبارہ وضو اور نماز لوٹائے۔

**7574** - وَبِهِ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَعْرِبُوا الْقُرْآنَ، فَإِنَّهُ مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فَأَعْرَبَهُ فَلَهُ بِكُلِّ حَرْفٍ عَشْرُ حَسَنَاتٍ، وَكَفَّارَةُ عَشْرِ سَيِّئَاتٍ، وَرَفْعُ عَشْرِ دَرَجَاتٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قرآن صاف صاف کر کے پڑھو کیونکہ جو قرآن پڑھے صاف صاف کر کے تو اس کے لیے ہر حرف کے بدلے دس نیکیاں ہیں اور دس گناہوں کو کفارہ ہے اور دس درجات بلند ہوتے ہیں۔

**7575** - وَبِهِ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: النَّاسُ رَجُلَانِ، عَالِمٌ وَمُتَعَلِّمٌ، هُمَا فِي الْأَجْرِ سَوَاءٌ، وَلَا خَيْرَ فِيمَا بَيْنَهُمَا مِنَ النَّاسِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: انسان کہلوانے کے حقدار دو قسم کے آدمی ہیں: عالم اور متعلم (طالب علم) یہ دونوں ثواب میں برابر ہیں' ان کے علاوہ لوگوں میں بھلائی نہیں ہے۔

**7576** - وَبِهِ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَا يَزُولُ قَدَمَا عَبْدٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتَّى يُسْأَلَ عَنْ أَرْبَعٍ: عَنْ عُمْرِهِ فِيمَا أَفْنَاهُ، وَجَسَدِهِ فِيمَا أَبْلَاهُ، وَمَالِهِ فِيمَا كَسَبَهُ، وَأَيْنَ وَضَعَهُ، وَأَيْنَ أَنْفَذَهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! قیامت کے دن آدمی کے دونوں پاؤں پھسلتے رہیں گے یہاں تک کہ چار چیزوں کے جواب نہ دے لے: (۱) اپنی عمر کے متعلق کہ کہاں ضائع کی (۲) اپنے جسم کے متعلق کہاں اس کو استعمال کیا (۳) اس کے مال کے متعلق کہ کہاں سے کمایا اور

7574- اسناده والكلام فى اسناده كسابقه . وانظر مجمع الزوائد جلد7صفحه166 .

7575- اسناده والكلام فى اسناده كسابقه . وأخرجه أيضًا الطبرانى فى الكبير . وانظر: مجمع الزوائد جلد1 صفحه125 .

7576- أخرجه الترمذى: القيامة جلد4صفحه612 رقم الحديث: 2416 . وقال: غريب . انظر: الترغيب للمنذرى جلد1صفحه125 رقم الحديث: 6' والطبرانى فى الكبير جلد 10صفحه8 رقم الحديث: 9772' والطبرانى فى الصغير جلد1صفحه269 .

Marfat.com

(۴) اور کہاں خرچ کیا' کہاں استعمال کیا ہے؟

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا نَهْشَلُ بْنُ سَعِيدٍ، تَفَرَّدَ بِهَا: عَامِرُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

یہ تمام احادیث ضحاک بن مزاحم' ابواحوص سے وہ عبداللہ سے اور ضحاک سے نہشل بن سعید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عامر بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

**7577** - وَبِهِ: عَنِ الضَّحَّاكِ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ الْعَشْرُ الْاَوَاخِرُ شَدَّ الْمِئْزَرَ، وَاجْتَنَبَ النِّسَاءَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کی عادتِ مبارکہ تھی کہ جب رمضان کا آخری عشرہ آتا تو آپ اپنا تہبند مضبوطی سے باندھ لیتے اور جماع سے پرہیز کرتے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الضَّحَّاكِ، عَنْ مَسْرُوقٍ اِلَّا نَهْشَلٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَامِرُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

یہ حدیث ضحاک' مسروق سے اور ضحاک سے نہشل روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عامر بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

**7578** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَامِرٍ، ثَنَا اَبِي، عَنْ جَدِّي، نَا اَبُو غَالِبٍ النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَزْدِيُّ، نَا فُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا جَدَّ بِهِ السَّيْرُ جَمَعَ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ، الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کی عادت تھی کہ جب آپ کو سفر میں جلدی ہوتی تو آپ دونمازوں کو جمع کرتے یعنی مغرب وعشاء کو

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ اِلَّا النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَامِرُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

یہ حدیث فضیل بن غزوان سے نضر بن عبداللہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عامر بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

---

**7577**- أخرجه البخاري: ليلة القدر جلد4صفحه316 رقم الحديث: 2024' ومسلم: الاعتكاف جلد2 صفحه832 .

**7578**- أخرجه البخاري: التقصير جلد2صفحه675 رقم الحديث: 1106' ومسلم: المسافرين جلد1صفحه488 .

Marfat.com

**7579** - وَبِهِ: عَنِ النَّضْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ اَبِی هَارُونَ الْعَبْدِیِّ، عَنْ اَبِی سَعِیدٍ الْخُدْرِیِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ لَهُ اِمَامٌ فَقِرَاءَ ةُ الْاِمَامِ لَهُ قِرَاءَ ةٌ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو امام کے پیچھے نماز پڑھے تو امام کی قرأت مقتدی کی قرأت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ اَبِی هَارُونَ اِلَّا النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَامِرُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

یہ حدیث حسن بن صالح' ابوہارون سے اور حسن بن صالح سے نضر بن عبداللہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عامر بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

**7580** - وَبِهِ: عَنِ النَّضْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَزْدِیِّ، عَنْ شَيْبَانَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِی كَثِيرٍ، عَنْ اَبِی سَلَمَةَ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: عَطَسَ رَجُلَانِ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَشَمَّتَ اَحَدَهُمَا وَلَمْ يُشَمِّتِ الْآخَرَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، شَمَّتَّ فُلَانًا وَلَمْ تُشَمِّتْنِی؟ قَالَ: اِنَّهُ حَمِدَ اللّٰهَ، وَاِنَّكَ لَمْ تَحْمِدْهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو آدمیوں کو رسول اللہ ﷺ کے پاس چھینک آئی' آپ نے ان میں سے ایک کی چھینک کا جواب دیا اور دوسرے کا نہیں دیا۔ عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے فلاں کی چھینک کا جواب دیا' میری چھینک کا جواب نہیں دیا؟ آپ نے فرمایا: اس نے اللہ کی حمد کی تھی' تُو نے اللہ کی حمد نہیں کی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِی كَثِيرٍ اِلَّا شَيْبَانُ، وَلَا عَنْ شَيْبَانَ اِلَّا النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَامِرُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

یہ حدیث یحیٰی بن ابوکثیر سے شیبان اور شیبان سے نضر بن عبداللہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عامر بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

**7581** - وَبِهِ: عَنِ النَّضْرِ، عَنْ بَشِيرٍ اَبِی اِسْمَاعِيلَ، ثَنَا مُجَاهِدٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس گھر میں کتا ہو اس گھر میں رحمت کے فرشتے داخل نہیں ہوتے

---

**7579**- اسناده فيه: أبو هارون العبدی هو عمارة بن جوين: متروك' ومنهم من كذبه شيعی (التقريب) . وانظر: مجمع الزوائد جلد**2**صفحه**114** .

**7580**- أخرجه أحمد: المسند جلد **2**صفحه**438** رقم الحديث: **8367** بنحوه . وذكره الحافظ الهيثمی فی المجمع جلد**8**صفحه**61** وقال: ورجاله أحمد رجال الصحيح غير ربعی بن ابراهيم وهو ثقة مأمون .

**7581**- اسناده فيه: أبو غالب النضر بن عبد الله الأزدی مجهول (التقريب) . وانظر: مجمع الزوائد جلد**4**صفحه**47** .

Marfat.com

تَدْخُلِ الْمَلَائِكَةُ دَارًا فِيهَا كَلْبٌ

ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ بَشِيرٍ إِلَّا النَّضْرُ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَامِرُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

یہ حدیث بشیر سے نضر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عامر بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

**7582** - وَبِهِ: عَنِ النَّضْرِ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ دِيَةَ الْمُعَاهِدِ نِصْفُ دِيَةِ الْمُسْلِمِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس سے معاہدہ ہو اس کو قتل کرنے پر آدھی دیت ہے مسلمان کی دیت سے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ إِلَّا أَشْعَثُ، وَلَا عَنْ أَشْعَثَ إِلَّا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، وَلَا عَنِ الْحَسَنِ إِلَّا النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَامِرُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

یہ حدیث نافع سے اشعث اور اشعث سے حسن بن صالح اور حسن سے نضر بن عبداللہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عامر بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

**7583** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَامِرٍ، ثنا أَبِي، عَنْ جَدِّي، ثنا عَمْرُو بْنُ صَالِحٍ الثَّقَفِيُّ، ثنا صَالِحُ بْنُ أَبِي الْأَخْضَرِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: جَاءَ بِلَالٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤْذِنُهُ لِصَلَاةِ الصُّبْحِ، فَوَجَدَهُ نَائِمًا، فَقَالَ: الصَّلَاةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ، فَأُقِرَّتْ فِي أَذَانِ الصُّبْحِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ حضورﷺ کے پاس آئے صبح کی نماز کی اطلاع دینے کے لیے تو آپ کو سویا ہوا پایا' حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ''الصلوٰۃ خیر من النوم''۔ (آپ نے فرمایا:) اس کو صبح کی نماز میں رکھو یعنی پڑھا کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا صَالِحُ بْنُ أَبِي الْأَخْضَرِ، وَلَا عَنْ صَالِحٍ إِلَّا عَمْرُو بْنُ صَالِحٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَامِرُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

یہ حدیث زہری سے صالح بن ابواخضر اور صالح سے عمرو بن صالح روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عامر بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

---

**7582**- اسناده فيه: أشعث هو ابن سوار الكندى ضعيف (التقريب، والتهذيب) . وانظر مجمع الزوائد جلد**6** صفحه**302** .

**7583**- اسناده فيه: صالح بن أبى الأخضر اليمامى ضعيف يعتبر به (التقريب) . وانظر: مجمع الزوائد جلد**1** صفحه**333** .

Marfat.com

**7584** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ صَالِحٍ، نَا الْمُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُفِّنَ فِي ثَلَاثَةِ اَثْوَابٍ سَحُولِيَّةٍ، بِيضٍ، كُرْسُفٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کو تین کپڑوں میں کفن دیا گیا سحولیہ سفید اور کرسف میں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُبَارَكٍ اِلَّا عَمْرُو بْنُ صَالِحٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَامِرُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

یہ حدیث مبارک سے عمرو بن صالح روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عامر بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

**7585** - وَبِهِ: عَنْ عَمْرِو بْنِ صَالِحٍ، نَا اَبُو حَمْزَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَانَ فِيمَنْ قَبْلَكُمْ رَجُلٌ اشْتَرَى خَمْرًا فَمَزَجَهَا فَجَعَلَ بَعْضَهَا مَاءً، ثُمَّ انْطَلَقَ بِهَا فَبَاعَهَا وَاَخَذَ دَنَانِيرَ، فَجَعَلَهَا فِي كِيسٍ وَرَكِبَ فِي الْبَحْرِ، وَحَمَلَ مَعَهُ قِرْدًا، فَلَمَّا كَانُوا فِي الْبَحْرِ اَخَذَ الْقِرْدُ الْكِيسَ فَتَرَقَّى وَصَعِدَ حَتَّى قَعَدَ عَلَى رَاْسِ الدَّقَلِ، ثُمَّ حَلَّ الْكِيسَ، فَجَعَلَ يُلْقِي دِينَارًا فِي الْبَحْرِ وَدِينَارًا فِي السَّفِينَةِ حَتَّى اَتَى عَلَى مَا فِي الْكِيسِ، يَفْعَلُ الْقِرْدُ ذَلِكَ لَمَّا غَشَّ الرَّجُلُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم سے پہلے ایک آدمی تھا' اس نے شراب خریدی' اس میں پانی ملا دیا' وہ اس کو لے کر چلا' اس نے اس کو فروخت کیا اور دنانیر لیے' اس نے تھیلی میں ڈالے اور سمندر میں کشتی پر سوار ہوا' اس نے اپنے ساتھ بندر سوار کرلیا' جب سمندر میں تھے تو بندر نے تھیلی کو پکڑا' کشتی کی اوپری جگہ چڑھ گیا اور اوپر جا کر بیٹھ کر اس نے تھیلی کھولی تو دینار سمندر میں ڈالنے شروع کر دیئے۔ ایک دینار کشتی میں گرا جو تھیلی میں تھا' بندر ایسے کرتا رہا کیونکہ اس آدمی نے ملاوٹ کی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حَمْزَةَ اِلَّا عَمْرُو بْنُ صَالِحٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَامِرُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

یہ حدیث ابوحمزہ سے عمرو بن صالح روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عامر بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

**7586** - وَبِهِ: عَنْ عَمْرِو بْنِ صَالِحٍ، عَنْ

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

---

**7584**- أخرجه البخاري: الجنائز جلد3صفحه161 رقم الحديث:1264' ومسلم: الجنائز جلد2صفحه649 .

**7585**- أخرجه أحمد: المسند جلد2صفحه409 رقم الحديث:8075 .

**7586**- أخرجه مسلم: الصلاة جلد 1صفحه317' وأحمد: المسند جلد4صفحه307 رقم الحديث: 18221 من حديث طويل .

Marfat.com

اَشْعَثَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ وَهْبٍ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي سَفَرٍ فَتَوَضَّاَ هُوَ، وَالْمُغِيرَةُ يَصُبُّ عَلَيْهِ، ثُمَّ انْتَهَيْنَا اِلَى الْقَوْمِ وَقَدْ اَمَّهُمْ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ، فَصَلَّيْنَا مَا اَدْرَكْنَا، وَقَضَيْنَا مَا سُبِقْنَا، قَالَ الْمُغِيرَةُ: فَذَهَبْتُ اُوْذِنُهُ، فَقَالَ: دَعْهُ

کہ حضورﷺ ایک سفر میں تھے' آپ نے وضو کیا' (میں) آپ کو وضو کروا رہا تھا' جب ہم وضو کر کے قوم کے پاس گئے تو آگے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف امامت کروا رہے تھے' ہم نے جو رکعتیں پائی تھیں وہ ساتھ پڑھیں جو رہ گئیں وہ قضا پڑھیں۔ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں گیا اطلاع دینے کے لیے' آپ نے فرمایا: چھوڑ دو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَشْعَثَ اِلَّا عَمْرٌو، تَفَرَّدَ بِهِ: عَامِرُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

یہ حدیث اشعث سے عمرو روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عامر بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

**7587** - وَبِهِ: عَنْ عَمْرِو بْنِ صَالِحٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَزَلَ مَنْزِلًا لَمْ يَرْتَحِلْ حَتَّى يُصَلِّيَ الظُّهْرَ، وَكَانَ يُصَلِّي اِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ جب کسی جگہ اُترتے تو وہاں سے نہ جاتے یہاں تک کہ نماز ظہر پڑھ لیتے' آپ نماز ظہر پڑھتے جب سورج ڈھل جاتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَلَا عَنْ اِسْمَاعِيلَ اِلَّا عَمْرُو بْنُ صَالِحٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَامِرُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

یہ حدیث بکر بن عبداللہ سے اسماعیل بن مسلم اور اسماعیل سے عمرو بن صالح روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عامر بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

**7588** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَامِرٍ، نَا عَمِّي مُحَمَّدُ بْنُ عَامِرٍ، نَا اَبِي، نَا زِيَادٌ اَبُو حَمْزَةَ، عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: عَزَائِمُ السُّجُودِ اَرْبَعٌ: الم تَنْزِيلُ السَّجْدَةُ، وحم السَّجْدَةُ، وَالنَّجْمُ، واقْرَاْ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ چار سورتوں میں سجدے یقینی ہیں: الم تنزیل' حم' سورۂ نجم' اقراء باسم ربک میں۔

---

7587- أخرجه البخاري: التقصير جلد2صفحه678 رقم الحديث: 1111' ومسلم: المسافرين جلد1صفحه489 .

7588- اسناده فيه: الحارث الأعور ضعيف رمي بالرفض . وانظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه288 .

Marfat.com

بِاسْمِ رَبِّكَ

**7589** - وَبِهِ: عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُجَامِعُ نِسَاءَهُ ثُمَّ لَا يَمَسُّ مَاءً، فَاِنْ اَصْبَحَ فَاَرَادَ اَنْ يُعَاوِدَ عَاوَدَ، وَاِنْ لَمْ يُرِدِ اغْتَسَلَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ اپنی ازواج سے جماع کرتے' پھر پانی کو ہاتھ نہ لگاتے' جب صبح ہوتی اور دوبارہ جماع کرنے کا ارادہ کرتے تو پھر جماع کرتے اور اگر ارادہ نہ ہوتا تو غسل کرتے۔

**7590** - وَبِهِ: عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ: لَنْ يَزَالَ النَّاسُ مُسْتَمْسِكِينَ مَا اَتَاهُمُ الْعِلْمُ مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمِنْ اَكَابِرِهِمْ، فَاِذَا اَتَاهُمْ مِنَ الصِّغَارِ فَعِنْدَ ذٰلِكَ هَلَكُوا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگ ہمیشہ درست رہیں گے جب تک حضور ﷺ کے اکابر اصحاب سے علم حاصل کرتے رہے' جب بچوں سے علم حاصل کریں گے تو ہلاک ہوں گے۔

**7591** - وَبِهِ: عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّكُمْ يُكَلِّمُهُ رَبُّهُ، لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ تَرْجُمَانٌ، فَيَنْظُرُ اِلَى اَيْمَنِهِ فَيَرَى مَا قَدَّمَ، وَاِلَى اَشْاَمِهِ فَيَنْظُرُ مَا قَدَّمَ، وَاِلَى اَمَامِهِ فَاِذَا هُوَ بِالنَّارِ، فَاتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم سب اپنے رب سے گفتگو کرو گے' تمہارے درمیان اور اللہ عزوجل کے درمیان کوئی ترجمان نہیں ہوگا' وہ دائیں جانب اپنے کیے ہوئے اچھے اعمال دیکھے گا' اپنے بائیں جانب اپنے کیے ہوئے بُرے اعمال دیکھے گا' اپنے آگے آگ دیکھے گا' جہنم کی آگ سے بچو! اگرچہ کھجور کا کچھ حصہ صدقہ دے کر ہو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ اِلَّا زِيَادٌ اَبُو حَمْزَةَ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: عَامِرُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

یہ تمام احادیث حمزہ الزیات سے زیاد ابوحمزہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عامر بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

---

7589- ذكره ابن حجر وقال: رواه الطحاوی من طريق موسٰی بن عقبة عن أبی اسحاق عن الأسود عن عائشة فذكره.
انظر: فتح الباری جلد1صفحه448 (باب اذا جامع ثم عاد).

7590- اسناده فيه: زياد أبو حمزة ترجمه أبو نعيم فی أخبار أصبهان جلد1صفحه38 ولم يذكر فيه جرحًا ولا تعديلًا.
واخرجه أيضًا الطبرانی فی الكبير من عدة طرق. وانظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه138.

7591- أخرجه البخاری: التوحيد جلد13صفحه482 رقم الحديث: 7512' ومسلم: الزكاة جلد2صفحه703.

Marfat.com

**7592** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ أُسَيْدٍ الْأَصْبَهَانِيُّ، نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَبْدِيُّ، نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبَانَ، ثَنَا أَبُو مَرْيَمَ عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ الْقَاسِمِ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ حَبْشِيِّ بْنِ جُنَادَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ: أَنْتَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَى، إِلَّا أَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي

حضرت حبش بن جنادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: آپ کا مقام میرے ہاں ایسے ہی ہے جس طرح کہ حضرت ہارون علیہ السلام کا مقام موسیٰ علیہ السلام کے ہاں تھا' لیکن فرق یہ ہے کہ میرے بعد نبی نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ إِلَّا أَبُو مَرْيَمَ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبَانَ

یہ حدیث ابواسحاق سے ابومریم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن ابان اکیلے ہیں۔

**7593** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، نَا حَاتِمُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ النَّمَرِيُّ، عَنْ عِيسَى بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهَا قَبْلَ التَّمَامِ، فَسَجَدَ سَجْدَتَي السَّهْوِ قَبْلَ أَنْ يُسَلِّمَ، وَقَالَ: مَنْ سَهَا قَبْلَ التَّمَامِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نماز مکمل کرنے سے پہلے بھول گئے' پھر آپ نے سلام کرنے سے پہلے دو سجدے کیے اور فرمایا: جو سجدہ کرنے سے پہلے بھول جائے' وہ سلام کرنے سے پہلے دو سجدے کرے' جب نماز مکمل کرنے کے بعد بھول جائے تو سجدۂ سہو کرے سلام کے بعد۔

---

**7592**- اسناده فيه: عبد الغفار بن القاسم (أبو مريم) متروك' ومتهم بالوضع . وأخرجه الطبراني في الكبير جلد4 صفحه17 رقم الحديث: 3515 . وانظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه113 .

**7593**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد2صفحه156 وقال: رواه الطبراني في الأوسط وفيه عيسى بن ميمون' واختلف في الاحتجاج به' وضعفه الأكثر . قلت: فيه نظر' فمن الرواة من يسمى عيسى بن ميمون في هذه الطبقة ثلاثة: عيسى بن ميمون المدني مولى القاسم' وعيسى بن ميمون أبو سلمة الخواص' وهما ضعيفان متروكان باتفاق' وعيسى بن ميمون المكي بن دابة وهو ثقة' بالاتقان وبقي الكلام من المراد به في هذا الاسناد من هؤلاء الثلاثة' والمراد به هو ابن دابة' فان ابن أبي حاتم صرح في ترجمة حاتم بن عبيد الله بأنه روى عن عيسى بن ميمون المكي' فتعين به أنه المراد' وعلى هذا فالحديث اسناده حسن فيه: حاتم بن عبيد الله النمري لا بأس به والله أعلم .

Marfat.com

سَجَدَ سَجْدَتَی السَّهْوِ قَبْلَ اَنْ يُسَلِّمَ، وَإِذَا سَهَا بَعْدَ التَّمَامِ سَجَدَ سَجْدَتَی السَّهْوِ بَعْدَ اَنْ يُسَلِّمَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ بِهَذَا اللَّفْظِ اِلَّا عِيسَى بْنُ مَيْمُونٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَاتِمٌ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے ان الفاظ سے عیسیٰ بن میمون روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حاتم اکیلے ہیں۔

**7594** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، ثَنَا قُدَامَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ شَيْبَةَ الطَّائِفِيِّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ اُمَّتِي اَحَدٌ وَلِيَ مِنْ اَمْرِ النَّاسِ شَيْئًا، لَمْ يَحْفَظْهُمْ بِمَا يَحْفَظُ بِهِ نَفْسَهُ وَاَهْلَهُ، اِلَّا لَمْ يَرِحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو میری اُمت سے کوئی آدمی لوگوں کے کسی معاملہ کا ولی بنے' ان کی حفاظت ایسے نہیں کی جس طرح اپنی جان اور اپنے گھر والوں کی کرتا ہے تو وہ جنت کی خوشبو بھی نہیں پائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ شَيْبَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: قُدَامَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث ابن جریج سے اسماعیل بن شیبہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں قدامہ بن محمد اکیلے ہیں۔

**7595** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ، نَا اَحْمَدُ بْنُ شَيْبَانَ الرَّمْلِيُّ، نَا عَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي رَوَّادٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ذَنْبٌ يُغْفَرُ، وَذَنْبٌ لَا يُغْفَرُ، وَذَنْبٌ يُجَازَى بِهِ، فَاَمَّا الذَّنْبُ الَّذِي لَا يُغْفَرُ فَالشِّرْكُ بِاللّٰهِ، وَاَمَّا الذَّنْبُ الَّذِي يُغْفَرُ فَعَمَلُكَ فِيمَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک گناہ وہ ہے جو بخشا جائے گا' ایک گناہ وہ ہے جو بخشا نہیں جائے گا' ایک گناہ وہ ہے جس کا بدلہ دیا جا سکتا ہے' وہ گناہ جس کو نہیں بخشا جائے گا وہ شرک ہے' وہ گناہ جس کو بخش دیا جائے گا وہ عمل ہے جو تیرے اور تیرے رب کے درمیان ہے' وہ گناہ جس کا بدلہ دیا جا سکتا ہے تو وہ یہ ہے کہ تُو اپنے بھائی پر ظلم کرے۔

**7594**- اسناده فيه: اسماعيل بن شيبة ضعيف . وأخرجه أيضًا الطبراني في الصغير . وانظر مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 214 .

**7595**- اسناده فيه: طلحة بن عمرو متروك . وانظر مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 351 .

Marfat.com

رَبَّكَ، وَاَمَّا الَّذِی تُجَازَی بِهِ فَظُلْمُكَ اَخَاكَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ اِلَّا طَلْحَةُ بْنُ عَمْرٍو

یہ حدیث عطاء سے طلحہ بن عمرو روایت کرتے ہیں۔

7596 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْوَلِيدِ، نَا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو السَّكُونِيُّ، نَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ مَحْفُوظِ بْنِ مِسْوَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَلَغَهُ عَنِّي حَدِيثٌ فَكَذَّبَ بِهِ، فَقَدْ كَذَّبَ ثَلَاثَةً: اللّٰهَ، وَرَسُولَهُ، وَالَّذِي حَدَّثَ بِهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو میرے حوالہ سے حدیث پہنچے اور اس نے اسے جھٹلایا تو اس نے تین افراد پر جھوٹ باندھا' اللہ اور اس کے رسول' وہ جس نے بیان کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ اِلَّا مَحْفُوظُ بْنُ مِسْوَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: بَقِيَّةُ

یہ حدیث محمد بن منکدر سے محفوظ بن مسور روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں بقیہ اکیلے ہیں۔

7597 - حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَمْزَةَ بْنِ عُمَارَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ، ثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ، ثَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ جُنْدُبٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِذَا اسْتَاْذَنَ اَحَدُكُمْ ثَلَاثًا فَلَمْ يُؤْذَنْ لَهُ فَلْيَرْجِعْ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جب تم میں سے کوئی اجازت مانگے تو تین دفعہ مانگے' اجازت نہ ملے تو واپس آ جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُونُسَ اِلَّا الْمُغِيرَةُ بْنُ مُسْلِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: شَبَابَةُ

یہ حدیث یونس سے مغیرہ بن مسلم روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں شبابہ اکیلے ہیں۔

---

7596- اسناده فيه: محفوظ بن مسور الفهري' في ترجمة الذهبي في الميزان جلد3صفحه444 . وقال عن ابن المنكدر بخبر منكر' وعن بقية بصيغة عن لا يدري من ذا؟ وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 1صفحه152 وقال: وفيه محفوظ بن ميسور' ذكره ابن ابي حاتم' ولم يذكر فيه جرحًا ولا تعديلًا .

7597- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 2صفحه168 رقم الحديث: 1678 . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد8صفحه49: ورجاله رجال الصحيح غير العباس بن محمد الدوري وهو ثقة .

Marfat.com

**7598** - حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَمْزَةَ بْنِ عُمَارَةَ، نَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، نَا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ الطَّيِّبِ، ثنا كَامِلٌ أَبُو الْعَلَاءِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: رُبَّمَا حَكَكْتُ الْمَنِيَّ مِنْ ثَوْبِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ بسا اوقات میں رسول اللہ ﷺ کے کپڑوں سے منی کھرچتی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ إِلَّا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيَى، وَلَا رَوَاهُ عَنْ طَلْحَةَ إِلَّا كَامِلٌ، وَلَا عَنْ كَامِلٍ إِلَّا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث عائشہ بنت طلحہ سے طلحہ بن عیسیٰ اور طلحہ سے کامل اور کامل سے خالد بن یزید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عباس بن محمد اکیلے ہیں۔

**7599** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا كَامِلٌ، عَنْ أَبِي يَحْيَى، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا زَنَتِ الْأَمَةُ، ثُمَّ زَنَتْ، ثُمَّ زَنَتْ فَبِيعُوهَا وَلَوْ بِعِقَالٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب لونڈی زنا کرے پھر زنا کرے' پھر زنا کرے تو اس کو فروخت کر دو اگرچہ بالوں کی رسّی کے بدلہ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي يَحْيَى الْقَتَّاتِ إِلَّا كَامِلٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ كَامِلٍ إِلَّا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْعَبَّاسُ

یہ حدیث ابویحییٰ القتات سے کامل اور کامل سے خالد بن یزید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عباس اکیلے ہیں۔

**7600** - وَبِهِ: عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: فَاتَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَانِ قَبْلَ الْعَصْرِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ صَلَّاهُمَا، ثُمَّ لَمْ يُصَلِّهِمَا بَعْدُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کی نمازِ عصر سے پہلے دو رکعتیں رہ گئیں' جب آپ نے فرض پڑھائے تو ان دونوں کو پڑھا' پھر اس کے بعد دونوں کو نہیں پڑھا۔

---

**7598**- أخرجه مسلم: الطهارة جلد **1** صفحه **239** رقم الحديث: **109**' والنسائي: الطهارة جلد **1** صفحه **127** (باب فرك المني من الثوب) . وأحمد: المسند جلد **6** صفحه **217** رقم الحديث: **25667** بنحوه .

**7599**- أخرجه البخاري: البيوع جلد **4** صفحه **432** رقم الحديث: **2152**' ومسلم: الحدود جلد **3** صفحه **1329** .

**7600**- اسناده فيه: أبو يحيى القتات الكوفي لين الحديث (التقريب) . وانظر: مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **226** .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي يَحْيَى الْقَتَّاتِ إِلَّا كَامِلٌ، وَلَا عَنْ كَامِلٍ إِلَّا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْعَبَّاسُ

یہ حدیث ابویحییٰ القتات سے کامل اور کامل سے خالد بن یزید روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عباس اکیلے ہیں۔

**7601** - حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَمْزَةَ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا بُكَيْرٌ، ابْنُ أَخِي جُوَيْرِيَةَ، نا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ كَانَ يَأْمُرُ بِقَتْلِ الْحَيَّاتِ كُلِّهَا، حَتَّى أَخْبَرَهُ أَبُو لُبَابَةَ بْنُ عَبْدِ الْمُنْذِرِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ قَتْلِ الْحَيَّاتِ الَّتِي تَكُونُ فِي الْبُيُوتِ، وَحَدَّثَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَهَبَ يَسْتَلِمُ الْحَجَرَ، فَلَدَغَتْهُ عَقْرَبٌ، فَقَالَ: مَا لَكِ، لَعَنَكِ اللّٰهُ؟ لَوْ كُنْتِ تَارِكَةً أَحَدًا لَتَرَكْتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت نافع' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابن عمر سارے سانپوں کے مارنے کا حکم دیتے تھے اور بتاتے کہ حضرت ابولبابہ بن عبدالمنذر رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ حضور ﷺ نے گھروں میں رہنے والے سانپ مارنے سے منع کیا اور بیان کیا کہ حضور ﷺ حجر اسود کو استلام کرنے کے لیے گئے' آپ کو بچھو نے ڈسا تو آپ نے فرمایا: تجھے کیا ہوا! اللہ کی تجھ پر لعنت ہو! اگر تو کسی کو ڈسنا چھوڑتا تو نبی ﷺ کو چھوڑتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ إِلَّا جَعْفَرٌ، وَلَا عَنْ جَعْفَرٍ إِلَّا بُكَيْرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْعَبَّاسُ، وَلَا يُرْوَى آخِرُ الْحَدِيثِ عَنْ أَبِي لُبَابَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث ہشام سے جعفر اور جعفر بن بکیر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عباس اکیلے ہیں۔ حضرت ابولبابہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**7602** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْمَلَةَ الْقَلْزَمِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَعْقُوبَ الدَّارِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ هَاشِمِ بْنِ صَالِحٍ الْمَخْزُومِيُّ، نا يَعْقُوبُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے حرم کے اندر پانچ جانور مارنے کا حکم دیا: کوا' چیل' کتا' بچھو' چوہا۔

---

**7601**- اسناده حسن فيه: محمد بن حمزة فقيه لا بأس به وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **4** صفحه **50** وقال: وفيه من لم أعرفه قلت: لعله يقصد بكير ابن أخي جويرية' وقد عرفنا أنه بكير بن محمد بن أسماء وهو ثقة. (الجرح جلد **2** صفحه **407**) .

**7602**- أخرجه البخاري: بدء الخلق جلد **6** صفحه **409** رقم الحديث: **3315**' ومسلم: الحج جلد **2** صفحه **857** .

Marfat.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَذِنَ فِي قَتْلِ خَمْسٍ مِنَ الدَّوَابِّ لِلْمُحْرِمِ: الْغُرَابِ، وَالْحِدَاَةِ، وَالْكَلْبِ الْعَقُورِ، وَالْعَقْرَبِ، وَالْفَارَةِ

**7603** - وَبِهِ: عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَبِيعُوا الثِّمَارَ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهَا، نَهَى الْبَائِعَ وَالْمُبْتَاعَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پھلوں کو پکنے سے پہلے فروخت نہ کرو اور خرید و فروخت کرنے والے کو منع کیا۔

**7604** - وَبِهِ: قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُتَبَايِعَانِ بِالْخِيَارِ، كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا، مَا لَمْ يَتَفَرَّقَا، وَكَانَا جَمِيعًا، اَوْ يُخَيِّرْ اَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ، فَاِنْ خَيَّرَ اَحَدُهُمَا الْآخَرَ، فَتَبَايَعَا عَلَى ذٰلِكَ فَقَدْ وَجَبَ الْبَيْعُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: دو بیع کرنے والوں کو اختیار ہے جب تک دونوں جدا نہ ہوں اور دونوں اکٹھے ہیں یا ان میں ایک دوسرے کو اختیار دے تو ان میں ایک کو اختیار ہوگا' دونوں نے جو بیع کی ہے تو بیع پکی ہو جائے گی۔

**7605** - وَبِهِ: قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَدْخُلُ الْفُقَرَاءُ قَبْلَ الْاَغْنِيَاءِ الْجَنَّةَ بِخَمْسِمِائَةِ عَامٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: فقراء جنت میں مال داروں سے پانچ سو سال پہلے داخل ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ قَيْسٍ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ هَاشِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّارِيُّ مِنْ وَلَدِ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ

یہ تمام احادیث یعقوب بن قیس سے سعید بن ہاشم روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں احمد بن محمد الداری اکیلے ہیں۔ یہ تمیم الداری کی اولاد سے ہیں۔

**7606** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي حَرْمَلَةَ، نَا

حضرت عبداللہ بن ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

---

**7603**- أخرجه البخاري: البيوع جلد**4**صفحه**460** رقم الحديث: **2194**' و مسلم: البيوع جلد**3**صفحه**1165** .

**7604**- أخرجه البخاري: البيوع جلد **4** رقم الحديث: **382** رقم الحديث: **2107**' ومسلم: البيوع جلد **3** صفحه**1163** واللفظ له .

**7605**- أخرجه ابن ماجة: الزهد جلد **2**صفحه**1381** رقم الحديث: **4124** . وفي الزوائد: عبد الله بن دينار لم يسمع من عبد الله بن عمر' وموسى بن عبيدة: ضعيف .

**7606**- اسناده فيه: أ- محمد بن أبي حرملة القلزمي لم أجده . ب - اسحاق بن اسماعيل بن عبد الأعلى الأيلي ترجمه في التهذيب' ولم يذكر فيه جرحًا ولا تعديلًا' وترجمة في الجرح وسكت عنه' وقال ابن حجر في التقريب:

Marfat.com

إِسْحَاقُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَبْدِ الْأَعْلَى الْأَيْلِيُّ، نَا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ الْبَيْرُوتِيُّ، ثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنَ امْرَأَةٍ صَلَاةً حَتَّى تُوَارِيَ زِينَتَهَا، وَلَا مِنْ جَارِيَةٍ بَلَغَتِ الْمَحِيضَ حَتَّى تَخْتَمِرَ

کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل کسی عورت کی نماز اس وقت تک قبول نہیں کرتا ہے جب تک زینت نہ چھپائے اور کسی بچی کی یہاں تک کہ اس کو حیض آئے یہاں تک کہ سرڈھانپ لے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ إِلَّا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: إِسْحَاقُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ

یہ حدیث اوزاعی سے عمرو بن ہاشم روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں اسحاق بن اسماعیل اکیلے ہیں۔

**7607** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ شَاذَانَ، ثَنَا أَبِي، نَا سَعْدُ بْنُ الصَّلْتِ، ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَمْرٍو الْفُقَيْمِيُّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنْ ثَوْبَانَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَامَ سِتَّةَ أَيَّامٍ بَعْدَ الْفِطْرِ مُتَتَابِعَةً، فَكَأَنَّمَا صَامَ السَّنَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے عید الفطر کے بعد چھ روزے لگاتار رکھے گویا اس نے سارے سال کے روزے رکھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَمْرٍو إِلَّا سَعْدُ بْنُ الصَّلْتِ، تَفَرَّدَ بِهِ: شَاذَانُ، وَقَالَ: عَنْ يَزِيدَ، عَنْ ثَوْبَانَ وَإِنَّمَا هُوَ: يَزِيدُ يَعْنِي ابْنَ خُصَيْفَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَوْبَانَ

یہ حدیث حسن بن عمرو سے سعد بن صلت روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں شاذان اکیلے ہیں اور کہا ہے کہ یہ حدیث یزید' ثوبان سے'وہ طلحہ بن عبدالرحمٰن بن ثواب سے۔ یزید سے مراد ابن خصیفہ ہیں۔

**7608** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے

صدوق . وأخرجه أيضًا الطبراني في الصغير . وانظر مجمع الزوائد جلد2صفحه55 .

7607- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد3صفحه186 وقال: وفيه من لم أعرفه .

7608- اسناده فيه: محمد بن اسحاق بن ابراهيم بن شاذان لم أجده . وأخرجه أحمد في مسنده بنحوه . وانظر مجمع الزوائد جلد4صفحه135 .

Marfat.com

اِبْـرَاهِيمَ، ثَنَا اَبِي، نَا سَعْدُ بْنُ الصَّلْتِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُـرْوَـةَ، عَـنْ اَبِيـهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كَانَ عَلَيْهِ دَيْنٌ يَـنْـوِى اَدَاءَ هُ كَانَ مَعَهُ مِنَ اللّٰهِ عَوْنٌ، وسَبَّبَ اللّٰهُ لَهُ رِزْقًا

رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس پر قرض ہو اور وہ قرض ادا کرنے کی نیت رکھتا ہو تو اس کے ساتھ اللہ کی مدد شاملِ حال ہوتی ہے' اس کے لیے اللہ عزوجل رزق کے اسباب مہیا کردے گا۔

لَـمْ يَـرْوِ هَـذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا سَعْدُ بْنُ الصَّلْتِ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ سَعْدٍ اِلَّا شَاذَانُ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے سعد بن صلت روایت کرتے ہیں اور سعد سے شاذان روایت کرتے ہیں۔

**7609** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، ثَنَا اَبِي، ثَنَا سَعْدُ بْنُ الصَّلْتِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ رَسُـولُ الـلّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْبَسُ يَوْمَ الْعِيدِ بُرْدَةً حَمْرَاءَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ عید کے دن سرخ رنگ کی چادر پہنتے تھے۔

لَـمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ اِلَّا سَعْدُ بْنُ الصَّلْتِ، تَفَرَّدَ بِهِ: شَاذَانُ

یہ حدیث جعفر بن محمد سے سعد بن صلت روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں شاذان اکیلے ہیں۔

**7610** - وَبِـهِ: حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ الصَّلْتِ، عَنْ مُبَـارَكِ بْنِ فَضَالَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ سَعِيـدِ بْـنِ الْمُسَيِّبِ قَالَ: اُتِيَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ عَامَ حَـجَّ بِثَرِيـدَةٍ عَـلَيْهَـا مِنْ هَذَا الْحَجَلِ، اَصَابَهُ اَهْلُ الْـحِلِّ، فَـقَـالَ بَـعْـضُ الْـقَوْمِ: اِنَّ عَلِيًّا يَكْرَهُ هَذَا . فَـاَرْسَـلَ اِلَـى عَـلِيٍّ، فَدَعَاهُ، فَكَانَ يُصْلِحُ خَبَطًا لَهُ، فَـنَـفَـضَ يَـدَهُ، ثُـمَّ جَـاءَ ، فَـقَالَ لَهُ عُثْمَانُ: لَا تَزَالُ

حضرت سعید بن میّب نے فرمایا: حج کے سال حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے پاس ثرید لایا گیا جس پر پردہ ڈالا گیا تھا' مقامِ حِلّ میں رہنے والے اس تک پہنچے۔ قوم میں سے کچھ لوگوں نے کہا: حضرت علی اس کو ناپسند کرتے ہیں۔ آپ نے حضرت علی کی طرف قاصد بھیج کر بلوایا' آپ درخت سے جھاڑے ہوئے پتوں کو درست کر رہے تھے۔ آپ نے ہاتھ جھاڑے پھر

**7609**- الكلام في الاسناد كسابقه . وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد2صفحه201 وقال: ورجاله ثقات .

**7610**- أخرجه أبو داؤد: المناسك جلد2صفحه176 رقم الحديث: 1849' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه125 رقم الحديث: 786 . من طريق اسحاق بن عبد الله الحرث' عن أبيه بنحوه .

Marfat.com

تُخَالِفُ فِي شَيْءٍ، يَزْعُمُونَ أَنَّكَ تَقُولُ لَا يَصْلُحُ هَذَا، فَغَضِبَ عَلِيٌّ، وَقَالَ: لِهَذَا تَقُولُ لِي تُخَالِفُ، أَنْشُدُ بِاللَّهِ مَنْ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ عَامَ حَجَّ، وَأُتِيَ بِرِجْلِ حِمَارٍ وَحْشِيٍّ، فَقَالَ: أَطْعِمُوهُ أَهْلَ الْحِلِّ، فَإِنَّا مُحْرِمُونَ ؟ فَقَامَ غَيْرُ وَاحِدٍ، فَشَهِدُوا لَهُ، ثُمَّ قَالَ: أَنْشُدُ بِاللَّهِ مَنْ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ عَامَ حَجَّ، وَأُتِيَ بِبَيْضِ نَعَامٍ: أَطْعِمُوهُ أَهْلَ الْحِلِّ، فَإِنَّا مُحْرِمُونَ ؟ فَقَامَ غَيْرُ وَاحِدٍ، فَشَهِدُوا لَهُ، فَتَفَرَّقُوا عَنْ تِلْكَ الْقَصْعَةِ قَالَ سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ: كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى رِجْلِ ذَاكَ الْحَجَلِ قَائِمًا، مَا يَأْكُلُهُ أَحَدٌ

آئے۔ حضرت عثمان نے آپ سے کہا: آپ ہمیشہ کسی نہ کسی شی میں مخالفت کرتے ہی رہتے ہیں۔ ان لوگوں کا گمان ہے کہ آپ کہتے ہیں کہ یہ درست نہیں ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو غصہ آ گیا' فرمایا: اسی وجہ سے آپ مجھے مخالفت کا کہہ رہے ہیں۔ میں اس آدمی کو قسم دے کر پوچھتا ہوں جس نے بھی حج کے ساتھ رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا۔ آپ کے پاس جنگلی گدھے کی ٹانگ لائی گئی تو آپ نے فرمایا: یہ مقام حل والوں کو کھلا دو (حرم والے نہیں کھا سکتے) کیونکہ ہم احرام والے ہیں؟ کئی آدمیوں نے اُٹھ کر آپ کی گواہی دی' پھر آپ نے فرمایا: میں اس آدمی کو قسم دیتا ہوں جس نے حج کے ساتھ رسول کریم ﷺ سے فرماتے ہوئے سنا جبکہ آپ کے پاس شتر مرغ کے انڈے لائے گئے۔ مقام حل والوں کو کھلا دو کیونکہ ہم نے احرام باندھ رکھا ہے؟ کئی آدمی نے اُٹھ کر آپ کی بات پر گواہی دی' پس وہ اس برتن (پیالہ) سے الگ ہو گئے۔ حضرت سعید بن مسیب فرماتے ہیں: گویا کہ میں اس آدمی کو کھڑے دیکھ رہا ہوں' کسی نے اس کو نہیں کھایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُبَارَكِ بْنِ فَضَالَةَ إِلَّا سَعْدُ بْنُ الصَّلْتِ، تَفَرَّدَ بِهِ: شَاذَانُ

مبارک بن فضالہ سے اس حدیث کو صرف سعد بن صلت نے روایت کیا۔ اس حدیث کو شاذان نے اکیلے روایت کیا۔

**7611** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، نَا أَبِي، ثَنَا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ، ثَنَا عَبَّادُ بْنُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن اعمال اللہ کی بارگاہ میں

**7611**- اسناده فيه: حجاج بن نصير ضعيف . تخريجه أحمد في مسنده' وأبو يعلى . انظر مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 348 .

Marfat.com

زَاشِدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُعْرَضُ الْاَعْمَالُ عَلَى اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَتَجِیءُ الصَّلَاةُ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، اَنَا الصَّلَاةُ، فَيَقُولُ اللّٰهُ: اِنَّكِ عَلَى خَيْرٍ، وَتَجِیءُ الصَّدَقَةُ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، اَنَا الصَّدَقَةُ، فَيَقُولُ: اِنَّكِ عَلَى خَيْرٍ، وَيَجِیءُ الصَّوْمُ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، اَنَا الصَّوْمُ، فَيَقُولُ: اِنَّكَ عَلَى خَيْرٍ، حَتَّى يَجِیءَ الْاِسْلَامُ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، اَنْتَ السَّلَامُ، وَاَنَا الْاِسْلَامُ، فَيَقُولُ اللّٰهُ: اِنَّكَ عَلَى خَيْرٍ، بِكَ آخُذُ الْيَوْمَ، وَبِكَ اُعْطِي، فَيَقُولُ اللّٰهُ: (اِنَّ الدِّينَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ) (آل عمران: 19)، (وَمَنْ يَبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِينًا فَلَنْ يُقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِي الْآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِينَ) (آل عمران: 85)

پیش کیے جائیں گے' نماز آئے گی اور عرض کرے گی: اے ربّ! میں نماز ہوں! اللہ عزوجل فرمائے گا: تو بھلائی پر ہے۔ زکوٰۃ آئے گی اور عرض کرے گا: اے رب! میں زکوٰۃ ہوں! اللہ عزوجل فرمائے گا: تو بھلائی پر ہے۔ روزہ آئے گا اور عرض کرے گا: اے رب! میں روزہ ہوں! اللہ عزوجل فرمائے گا: تو بھلائی پر ہے! تیرے ذریعے پکڑوں گا' تیرے ذریعے عطا کروں گا۔ اللہ عزوجل نے فرمایا: اللہ کے ہاں دین دینِ اسلام ہے' جو اسلام کے علاوہ کوئی دین تلاش کرے گا' اس سے ہرگز قبول نہ کیا جائے گا' وہ آخرت میں بھی نقصان اُٹھانے والوں میں ہوگا۔

**7612** - وَبِهِ: عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَوَّلُ مَا يُسْاَلُ عَنْهُ الْعَبْدُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَلَاتُهُ، فَيَقُولُ: انْظُرُوا اِلَى صَلَاةِ عَبْدِی، فَاِنْ كَانَ اَتَمَّهَا قِيلَ: يَا رَبِّ اَتَمَّهَا، وَاِنْ كَانَ نَقَصَهَا قِيلَ: يَا رَبِّ، نَقَصَهَا، فَيَقُولُ اللّٰهُ: انْظُرُوا هَلْ لِعَبْدِی مِنْ تَطَوُّعٍ؟ فَيُقَالُ نَعَمْ، كَثِيرٌ، فَيَقُولُ: فَاَتِمُّوا لِعَبْدِی مِنْ تَطَوُّعِهِ، ثُمَّ تُؤْخَذُ الْاَعْمَالُ عَلَى قَدْرِ ذَلِكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بندہ سے قیامت کے دن سب سے پہلے (حقوق اللہ میں سے) نماز کے متعلق سوال ہوگا' اللہ عزوجل فرمائے گا: میرے اس بندے کی نماز کی طرف دیکھو! اگر نمازیں مکمل ہوئیں تو عرض کی جائے گی: اے رب! مکمل ہیں' اگر مکمل نہ ہوئی تو عرض کی جائے گی: اے رب! کم ہیں' اللہ عزوجل فرمائے گا: میرے بندے کے نفل دیکھو! نفل ہیں تو عرض کی جائے گی: جی ہاں! بہت

7612- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 227 رقم الحديث: 864' والترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 269 رقم الحديث: 413 . وقال: حسن غريب . والنسائي: الصلاة جلد 1 صفحه 187 (باب المحاسبة على الصلاة) . وابن ماجة: الاقامة جلد 1 صفحه 458 رقم الحديث: 1425' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 560-561 رقم الحديث: 9506 .

Marfat.com

زیادہ ہیں تو کہا جائے گا: نفلوں سے میرے بندے کی عبادت مکمل کرو پھر اعمال کی پکڑ ہو گی اس کی مقدار کے مطابق۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ عَبَّادِ بْنِ رَاشِدٍ إِلَّا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ

یہ دونوں حدیثیں عباد بن راشد سے حجاج بن نصیر روایت کرتے ہیں۔

**7613** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثَنَا أَبِي، ثَنَا سَعْدُ بْنُ الصَّلْتِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ اللَّيْثِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسْتَقْبِلُوا الْقِبْلَةَ وَلَا تَسْتَدْبِرُوهَا لِبَوْلٍ، وَلَا لِغَائِطٍ، وَلَكِنْ شَرِّقُوا أَوْ غَرِّبُوا

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: پیشاب اور پاخانہ کرتے وقت قبلہ رخ نہ پشت کرو نہ منہ بلکہ مشرق اور مغرب کی طرف کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو إِلَّا سَعْدُ بْنُ الصَّلْتِ، تَفَرَّدَ بِهِ: شَاذَانُ

یہ حدیث محمد بن عمرو سے سعد بن صلت روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں شاذان اکیلے ہیں۔

**7614** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثَنَا أَبِي، نَا الْكِرْمَانِيُّ بْنُ عَمْرٍو، نَا سَعِيدُ بْنُ زَرْبِيٍّ الْخُزَاعِيُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: جَاءَتْ فَاطِمَةُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبُرْمَةٍ لَهَا قَدْ صَنَعَتْ لَهُ حَسَاةً فَحَمَلَتْهَا عَلَى طَبَقٍ، فَوَضَعَتْهَا بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ لَهَا: أَيْنَ ابْنُ عَمِّكِ وَابْنَاكِ؟ قَالَتْ: فِي الْبَيْتِ، فَقَالَ: اذْهَبِي

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئیں پتھر کی ہانڈی لے کر جو آپ کے لیے شوربہ تیار کیا تھا اس کو تھال میں رکھا اور آپ ﷺ کے آگے رکھا' آپ نے فرمایا: آپ کا چچازاد اور آپ کے بیٹے کہاں ہیں؟ عرض کی: گھر میں! آپ نے فرمایا: جاؤ! ان کو لے کر آؤ۔ حضرت فاطمہ' حضرت علی کے پاس آئیں' کہا: آپ کو اور

**7613**- أخرجه البخاري: الصلاة جلد 1 صفحه 594 رقم الحديث: 394' ومسلم: الطهارة جلد 1 صفحه 224 .

**7614**- أخرجه الترمذي: المناقب جلد 5 صفحه 699 رقم الحديث: 3871 مختصرًا بنحوه . وقال: هذا حديث حسن . وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 331 رقم الحديث: 26606' والطبراني في الكبير جلد 3 صفحه 53-54 رقم الحديث: 2666 .

Marfat.com

فَادْعِيهِمْ فَجَاءَتْ إِلَى عَلِيٍّ، فَقَالَتْ: أَجِبْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وابْنَاكَ ـ قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: فَجَاءَ عَلِيٌّ يَمْشِي آخِذًا بِيَدِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ، وَفَاطِمَةُ تَمْشِي مَعَهُمْ، فَلَمَّا رَآهُمْ مُقْبِلِينَ مَدَّ يَدَهُ إِلَى كِسَاءٍ كَانَ عَلَى الْمَنَامَةِ، فَبَسَطَهُ فَأَجْلَسَهُمْ عَلَيْهِ، وَأَخَذَ بِأَطْرَافِ الْكِسَاءِ الْأَرْبَعَةِ بِشِمَالِهِ، فَضَمَّهُ فَوْقَ رُءُوسِهِمْ، وَأَهْوَى بِيَدِهِ الْيُمْنَى إِلَى رَبِّهِ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ هَؤُلَاءِ أَهْلُ بَيْتِي، فَأَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ، وَطَهِّرْهُمْ تَطْهِيرًا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

آپ کے بیٹوں کو رسول اللہ ﷺ بلوا رہے ہیں۔ حضرت اُم سلمہ فرماتی ہیں کہ حضرت علی تشریف لائے اس حالت میں کہ آپ نے حضرت امام حسن و حسین کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا۔ حضرت فاطمہ ان کے ساتھ چل رہی تھیں' جب آپ نے ان کو آتے دیکھا تو آپ نے اپنا ہاتھ مبارک لمبا کر کے چادر کو کھینچا' جو آپ کے کندھے پر تھی' اس کو بچھایا' ان کو اس پر بٹھایا اور چار کونوں کو پکڑ کر ان کے سروں پر ڈالی اور دایاں ہاتھ اپنے ربّ کی طرف کر کے عرض کی: اے اللہ! یہ بھی میری اہل بیت ہیں' ان سے پلیدی لے جا اور ان کو پاک کر دے۔ تین مرتبہ دعا کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، وَلَا عَنِ ابْنِ سِيرِينَ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ زَرْبِيٍّ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْكِرْمَانِيُّ بْنُ عَمْرٍو

یہ حدیث ابو ہریرہ سے محمد بن سیرین اور محمد بن سیرین سے سعید بن زرین روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں کرمانی بن عمرو اکیلے ہیں۔

**7615** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، نَا أَبِي، نَا سَعْدُ بْنُ الصَّلْتِ، نَا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ ذَرِيحٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ، نَا عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ، أَنَّهُمْ سَأَلُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ أَتَيْتَ مِنَ النِّسَاءِ حَرَامًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ؟ قَالَ: لَا، وَكُنْتُ عَلَى مِيعَادَيْنِ: أَمَّا أَحَدُهُمَا فَغَلَبَتْنِي عَنْهُ عَيْنِي، وَأَمَّا الْآخَرُ فَحَالَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ سَامِرُ الْقَوْمِ

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضور ﷺ سے پوچھا: کیا عورتیں جاہلیت والا کام کر سکتی ہیں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! میں ان کے معیاد پر ان میں ایک یہ ہے کہ جس سے میری آنکھ پر غلبہ ہوا ہے' دوسرا جو میرے اور ساری قوم کے درمیان حائل ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ الصَّلْتِ، تَفَرَّدَ بِهِ: شَاذَانُ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَمَّارٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث مسعر سے سعید بن صلت روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں شاذان اکیلے ہیں حضرت عمار سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

**7615**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد**8**صفحه**229** وقال: رواه الطبراني في الثلاثة' وفيه من لم أعرفهم -

Marfat.com

**7616** - وَبِهِ: نَا سَعِيدُ بْنُ الصَّلْتِ، نَا أَبُو الْجَهْمِ هَارُونُ بْنُ الْجَهْمِ الْقُرَشِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الطَّيْرَ لَتَضْرِبُ بِمَنَاقِيرِها عَلَى الْأَرْضِ، وَتُحَرِّكُ أَذْنَابَهَا مِنْ هَوْلِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَمَا يَتَكَلَّمُ شَاهِدُ الزُّورِ، وَلَا تَقَارُّ قَدَمَاهُ عَلَى الْأَرْضِ حَتَّى يُقْذَفَ بِهِ فِي النَّارِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ کے حوالہ سے بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: پرندے اپنی چونچ زمین پر مارتے ہیں' ان کے کان قیامت کے خوف سے حرکت کرتے ہیں' جو کوئی جھوٹی گواہی کی بات کرتا ہے' وہ بھی اپنے پاؤں زمین سے نہیں اُٹھائے گا یہاں تک کہ جہنم میں گر جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ إِلَّا أَبُو الْجَهْمِ، وَلَا عَنْ أَبِي الْجَهْمِ إِلَّا سَعْدُ بْنُ الصَّلْتِ، تَفَرَّدَ بِهِ: شَاذَانُ

یہ حدیث عبدالملک بن عمیر سے ابوجہم اور ابوجہم سے سعد بن صلت روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں شاذان اکیلے ہیں۔

**7617** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، نَا أَبِي، ثَنَا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ بُدَيْلِ بْنِ مَيْسَرَةَ الْعُقَيْلِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي الْجَوْزَاءِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْتَتِحُ الصَّلَاةَ بِالتَّكْبِيرِ، وَالْقِرَاءَةِ بِ (الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ) (الفاتحة:2) فَإِذَا رَكَعَ لَمْ يَخْفِضْ رَأْسَهُ وَلَمْ يَرْفَعْهُ، وَلَكِنْ بَيْنَ ذَلِكَ، وَكَانَ يَقُولُ فِي كُلِّ رَكْعَتَيْنِ التَّحِيَّاتُ، وَكَانَ يَخْتِمُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ جب نماز شروع کرتے تو اللہ اکبر اور قرأت الحمد للہ رب العالمین سے شروع کرتے' جب رکوع کرتے تو نہ زیادہ جھکتے اور نہ سر اُٹھاتے درمیانہ کرتے' ہر دو رکعتوں کے بعد التحیات پڑھتے اور نماز سلام کے ساتھ ختم کرتے۔

---

**7616**- اسناده فيه: أبو الجهم هارون بن الجهم القرشي قال العقيلي: يخالف في حديثه وليس بمشهور في النقل (الضعفاء للعقيلي جلد4صفحه363' واللسان جلد 6صفحه177) . وانظر: مجمع الزوائد جلد4 صفحه203 .

**7617**- أخرجه مسلم: الصلاة جلد 1صفحه357' وأبو داؤد: الصلاة جلد 1صفحه205 رقم الحديث: 783' والدارمي: الصلاة جلد 1صفحه308 رقم الحديث: 1236' وأحمد: المسند جلد6صفحه35 رقم الحديث:24085 .

Marfat.com

الصَّلَاةَ بِالتَّسْلِيمِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ بُدَيْلٍ إِلَّا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن بدیل سے ابوداؤد الطیالسی روایت کرتے ہیں۔

**7618** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثَنَا أَبِي، نَا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ، ثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْخَزَّازُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اسْتَأْذَنَ رَجُلٌ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: بِئْسَ أَخُو الْعُشَيْرَةِ فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ أَقْبَلَ عَلَيْهِ بِوَجْهِهِ وَحَدَّثَهُ، فَلَمَّا خَرَجَ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، قُلْتَ: بِئْسَ أَخُو الْعُشَيْرَةِ، فَلَمَّا دَخَلَ أَقْبَلْتَ عَلَيْهِ بِوَجْهِكَ وَحَدَّثْتَهُ؟ فَقَالَ: إِنَّ مِنْ شِرَارِ النَّاسِ مَنْ يُتَّقَى لِشَرِّهِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي عَامِرٍ الْخَزَّازِ إِلَّا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: شَاذَانُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک آدمی نے حضور ﷺ سے اجازت چاہی' آپ نے فرمایا: بدترین آدمی ہے۔ جب وہ آپ کے پاس آیا تو آپ نے اس کی بات سنی اور بات کی' جب وہ نکل گیا تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے فرمایا: یہ بدترین ہے لیکن جب وہ آپ کے پاس آیا تو آپ نے اس کی طرف اپنا چہرہ بھی کیا اور اس سے بات بھی کی ہے؟ آپ نے فرمایا: بدترین آدمی لوگوں میں وہ ہے جس کے شر سے لوگ بچتے ہوں۔

یہ حدیث ابوعامر الخزار سے حجاج بن نصیر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں شاذان اکیلے ہیں۔

**7619** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ شَاذَانَ، ثَنَا أَبِي، ثَنَا مُجَاشِعُ بْنُ عَمْرٍو، نَا ابْنُ لَهِيعَةَ، نَا عُقَيْلُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: مَحَلَ النَّاسُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَتَاهُ الْمُسْلِمُونَ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَحَطَ الْمَطَرُ، وَيَبِسَ الشَّجَرُ، وَهَلَكَتِ الْمَوَاشِي، وَأَسْنَتَ النَّاسُ، فَاسْتَسْقِ لَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگوں کا گروہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں تھے' مسلمان آپ کے پاس آئے' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! بارش کی قحط سالی ہے' درخت خشک ہو گئے' جانور ہلاک ہو گئے' لوگ بھوکے مر رہے ہیں' ہمارے لیے اپنے رب سے بارش کی دعا کریں۔ آپ نے فرمایا: جب فلاں فلاں دن ہوگا تو تم نے نکلنا ہے' ساتھ تم نے صدقہ لے کر

---

**7618**- أخرجه البخاري: الأدب جلد **10** صفحه **467** رقم الحديث: **6032**' ومسلم: البر جلد **4** صفحه **2002** .

**7619**- اسناده فيه: مجاشع بن عمرو متروك . وانظر مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **215** .

Marfat.com

رَبَّكَ . فَقَالَ: إِذَا كَانَ يَوْمُ كَذَا وَكَذَا فَاخْرُجُوا وَاخْرُجُوا مَعَكُمْ بِصَدَقَاتٍ فَلَمَّا كَانَ ذَلِكَ الْيَوْمُ خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ، يَمْشِي وَيَمْشُونَ، عَلَيْهِمُ السَّكِينَةُ وَالْوَقَارُ حَتَّى أَتَوُا الْمُصَلَّى، فَتَقَدَّمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى بِهِمْ رَكْعَتَيْنِ يَجْهَرُ فِيهِمَا بِالْقِرَاءَةِ . وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الْعِيدَيْنِ وَالِاسْتِسْقَاءِ فِي الرَّكْعَةِ الْأُولَى بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ، وَسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى، وَفِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ، وَهَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْغَاشِيَةِ . فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ اسْتَقْبَلَ الْقَوْمَ بِوَجْهِهِ، وَقَلَبَ رِدَاءَهُ، ثُمَّ جَثَا عَلَى رُكْبَتَيْهِ، وَرَفَعَ يَدَيْهِ، وَكَبَّرَ تَكْبِيرَةً قَبْلَ أَنْ يَسْتَسْقِيَ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اسْقِنَا، وَاغِثْنَا، اللّٰهُمَّ اسْقِنَا غَيْثًا مُغِيثًا، رَحْبًا، رَبِيعًا، وَجدًا، غَدَقًا، طَبَقًا، مُغْدِقًا، هَنِيئًا، مَرِيئًا، مَرِيعًا، مُرْتِعًا وَابِلًا، شَامِلًا، مُسْبِلًا، مُجَلِّلًا، دَائِمًا دَرَرًا، نَافِعًا غَيْرَ ضَارٍّ، عَاجِلًا غَيْرَ رَائِثٍ، غَيْثًا، اللّٰهُمَّ تُحْيِي بِهِ الْبِلَادَ، وَتُغِيثُ بِهِ الْعِبَادَ، وَتَجْعَلُهُ بَلَاغًا لِلْحَاضِرِ مِنَّا وَالْبَادِ، اللّٰهُمَّ أَنْزِلْ عَلَيْنَا فِي أَرْضِنَا زِينَتَهَا، وَأَنْزِلْ فِي أَرْضِنَا سَكَنَهَا، اللّٰهُمَّ أَنْزِلْ عَلَيْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً طَهُورًا، فَأَحْيِ بِهِ بَلْدَةً مَيْتَةً، وَاسْقِهِ مِمَّا خَلَقْتَ لَنَا أَنْعَامًا وَأَنَاسِيَّ كَثِيرًا . قَالَ: فَمَا بَرِحُوا حَتَّى أَقْبَلَ قَزَعٌ مِنَ السَّحَابِ، فَالْتَأَمَ بَعْضُهُ إِلَى بَعْضٍ، ثُمَّ مَطَرَتْ عَلَيْهِمْ سَبْعَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ، لَا يُقْلَعُ عَنِ الْمَدِينَةِ،

نکلنا ہے۔ جب وہ دن آیا تو رسول اللہ ﷺ نکلے اور لوگ بھی نکلے' آپ بھی چلے وہ بھی چلے' ان پر سکون اور وقار تھا۔ جب عیدگاہ آئے تو حضور ﷺ آگے بڑھے ان کو دو رکعتیں پڑھائیں' ان میں قرأت جہراً کی۔ حضور ﷺ عیدین اور استسقاء کی پہلی رکعت میں سورت فاتحہ اور سبح اسم ربک الاعلیٰ اور دوسری رکعت میں سورت فاتحہ اور ھل اتاک حدیث الغاشیہ پڑھتے تھے۔ جب نماز مکمل کی تو لوگوں کی طرف منہ کیا اور آپ نے اپنی چادر کو بدلایا پھر اپنے گھٹنوں کے بل ہوئے' دونوں ہاتھ اُٹھائے اور اللہ اکبر کہا' بارش کے لیے دعا مانگنے سے پہلے' پھر یہ دعا کی: ''اللّٰھم اسقنا الٰی آخرہٖ ''۔ بارش پورا ہفتہ برستی رہی' مدینہ سے بادل نہیں ہٹے' صحابہ کرام آپ کے پاس آئے' انہوں نے آپ سے عرض کی: یارسول اللہ! زمین برباد ہوگئی' گھر گرنے لگے' راستے بند ہونے لگے ہیں' اللہ سے دعا کریں ہمارے لیے کہ یہ بارش ہم سے لے جائے۔ حضور ﷺ مسکرانے لگے منبر پر یہاں تک کہ آپ کی داڑھیں نظر آنے لگیں' ابن آدم کی جلدی کی وجہ سے' پھر آپ نے دعا کی: ''اللّٰھم الٰی آخرہٖ ''۔ مدینہ سے بارش ختم ہوئی اور اردگرد برسنے لگی۔ مدینہ تری کی طرح تھا' اس میں قطرہ بھی نہیں گرا۔

Marfat.com

فَاَتَاهُ الْمُسْلِمُونَ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ غَرِقَتِ الْاَرْضُ، وتَهَدَّمَتِ الْبُيُوتُ، وَانْقَطَعَتِ السُّبُلُ، فَادْعُ اللّٰهَ لَنَا اَنْ يَصْرِفَهَا عَنَّا قَالَ: فَضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ عَلَى الْمِنبَرِ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ تَعَجُّبًا لِسُرْعَةِ مَلَالَةِ بَنِي آدَمَ، ثُمَّ قَالَ، اللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا، اللّٰهُمَّ عَلَى رُءُوسِ الظِّرَابِ، وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ، وَبُطُونِ الْاَوْدِيَةِ، وَظُهُورِ الْآكَامِ قَالَ: فَتَصَدَّعَتْ عَنِ الْمَدِينَةِ، وَكَانَتْ فِي مِثْلِ التُّرْسِ تُمْطِرُ مَرَاعِيَهَا وَلَا تَقْطُرُ فِيهَا قَطْرَةً

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا عُقَيْلٌ، وَلَا عَنْ عُقَيْلٍ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، وَلَا عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ اِلَّا مُجَاشِعُ بْنُ عَمْرٍو، تَفَرَّدَ بِهِ: شَاذَانُ

یہ حدیث زہری سے عقیل اور عقیل سے ابن لہیعہ اور ابن لہیعہ سے مجاشع بن عمرو روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں شاذان اکیلے ہیں۔

**7620** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ الْاَدَمِيُّ الشِّيرَازِيُّ، ثَنَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ اَشْعَثَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّا لَا نَقْبَلُ زَبَدَ الْمُشْرِكِينَ يَعْنِي: هَدَايَاهُمْ

حضرت عیاض بن حمار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہم مشرکوں کے ہدیہ کو قبول نہیں کرتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سِوَارٍ اِلَّا حَفْصٌ: تَفَرَّدَ بِهِ: سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ

یہ حدیث اشعث بن سوار سے حفص روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سہل بن عثمان اکیلے ہیں۔

**7621** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ الْاَدَمِيُّ الشِّيرَازِيُّ، ثَنَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، نَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس سے گزرے تو میں عقبہ کی

---

7620- أخرجه أبو داؤد: الامارة جلد 3 صفحه 170 رقم الحديث: 3057' والترمذي: السير جلد 4 صفحه 140 رقم الحديث: 1577 . وقال: حسن صحيح . وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 200 رقم الحديث: 17494 .

7621- أخرجه أحمد: المسند جلد 1 صفحه 493 رقم الحديث: 3597' والطبراني في الكبير جلد 9 صفحه 79 رقم الحديث: 8457 .

Marfat.com

بْنِ اَبِی زَائِدَةَ، عَنْ اَبِی اَیُّوبَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِی النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَیْشٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: مَرَّ بِی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا فِی غَنَمٍ لِعُقْبَةَ، فَمَسَحَ رَاْسِی، وَقَالَ: یَرْحَمُكَ اللّٰهُ، اِنَّكَ غُلَیِّمٌ مُعَلَّمٌ

بکریاں چرا رہا تھا' آپ نے میرے سر پر ہاتھ مارا اور فرمایا: اللہ تم پر رحم کرے' تم پڑھے ہوئے بچے ہو۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنِ ابْنِ اَبِی اَیُّوبَ اِلَّا ابْنُ اَبِی زَائِدَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ

یہ حدیث ابوایوب سے ابن ابی زائدہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سہل بن عثمان اکیلے ہیں۔

**7622** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، نَا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، نَا الْمُحَارِبِیُّ، عَنْ لَیْثٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ مُنْذِرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ قَالَ: سَاَلْتُ اَبِی، وَخَلَوْتُ بِهِ، قُلْتُ: یَا اَبَةِ، مَنْ خَیْرُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ بَعْدَ نَبِیِّهَا؟ قَالَ: اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی قُحَافَةَ، قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ

حضرت محمد بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد سے پوچھا میں تنہائی میں تھا' میں نے عرض کی: اے ابوجان! اس اُمت میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد افضل کون ہے؟ آپ نے فرمایا: ابوبکر بن ابی قحافہ۔ میں نے عرض کی: ان کے بعد کون؟ فرمایا: عمر بن خطاب۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ جَابِرٍ اِلَّا لَیْثٌ، وَلَا عَنْ لَیْثٍ اِلَّا الْمُحَارِبِیُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ

یہ حدیث جابر سے لیث اور لیث سے محاربی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سہل بن عثمان اکیلے ہیں۔

**7623** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ حَكِیمٍ الرَّازِیُّ، نَا هِشَامُ بْنُ عُبَیْدِ اللّٰهِ السَّنِّیُّ، نَا اَبُو مُعَاذٍ خَالِدٌ الْبَلْخِیُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: استحاضہ والی عورت ایک مرتبہ غسل کرے گی پھر ہر نماز کے لیے غسل کرے گی۔

---

**7622**- تقدم تخریجه .

**7623**- أصله عند البخاری ومسلم . أخرجه البخاری: الوضوء جلد **1** صفحه **396** رقم الحدیث: **228**' ومسلم: الحیض جلد **1** صفحه **262** .

Marfat.com

تَغْتَسِلُ الْمُسْتَحَاضَةُ مَرَّةً، ثُمَّ تَتَوَضَّأُ يَعْنِي: لِكُلِّ صَلَاةٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ إِلَّا أَبُو مُعَاذٍ الْبَلْخِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: هِشَامٌ السِّنِّيُّ

یہ حدیث ابن عجلان سے ابومعاذ البلخی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ہشام السنی اکیلے ہیں۔

**7624** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ حَكِيمٍ الرَّازِيُّ، نَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْإِمَامُ، عَنْ صَالِحِ بْنِ أَبِي الْأَخْضَرِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ نَبْهَانَ، مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُبَاشِرُهَا وَهِيَ طَامِثٌ، وَعَلَيْهَا إِزَارٌ إِلَى الرُّكْبَتَيْنِ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ اپنی ازواج کے ساتھ لیٹتے تھے حالتِ حیض میں اس حالت میں کہ ان پر دو گھٹنوں تک کپڑا ہوتا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا صَالِحُ بْنُ أَبِي الْأَخْضَرِ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْإِمَامُ

یہ حدیث زہری سے صالح بن ابواخضر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حفص بن عمر بن امام اکیلے ہیں۔

**7625** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ حَكِيمٍ الرَّازِيُّ، نَا الْحَارِثُ بْنُ مُسْلِمٍ، نَا بَحْرُ بْنُ السَّقَّاءِ، حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ میرے ساتھ لیٹتے تھے اس حالت میں کہ میں حالتِ حیض میں ہوتی تھی، میں اور آپ ایک ہی برتن سے غسل کرتے تھے۔

---

**7624**- أصله عند البخاري ومسلم من طريق أبي سلمة أن زينب ابنة أم سلمة خدثته أن أم سلمة ـ فذكره ـ أخرجه البخاري: الحيض جلد **1** صفحه **480** رقم الحديث: **298**' ومسلم: الحيض جلد **1** صفحه **243** .

**7625**- أما قولها رضي الله عنها كان رسول الله ﷺ يضاجعني وأنا حائض عند البخاري ومسلم بلفظ: اذا كانت حائضًا فأراد رسول الله ﷺ أن يباشرها أمرها أن تتزر في فور حيضتها ثم يباشرها ـ أخرجه البخاري: الحيض جلد **1** صفحه **481** رقم الحديث: **302**' ومسلم: الحيض جلد **1** صفحه **242** ـ وأما قولها: وتغتسل جميعًا من اناءٍ واحدٍ ـ أخرجه البخاري: الحيض جلد **1** صفحه **481** رقم الحديث: **299**' ومسلم: الحيض جلد **1** صفحه **255** .

Marfat.com

وَسَلَّمَ يُضَاجِعُنِي وَأَنَا حَائِضٌ، وَنَغْتَسِلُ جَمِيعًا مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ

**7626** - وَبِهِ: عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عَاصِمٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ مِنَ الْبِرِّ الصِّيَامُ فِي السَّفَرِ

حضرت کعب بن عاصم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حالتِ سفر میں روزہ رکھنا کوئی نیکی نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ بَحْرٍ السَّقَّاءِ إِلَّا الْحَارِثُ بْنُ مُسْلِمٍ

ان دونوں حدیثوں کو بحر سقاء سے حارث بن مسلم نے روایت کیا۔

**7627** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ الْآدَمِيُّ، نَا نُوحُ بْنُ أَنَسٍ الْمُقْرِءُ الرَّازِيُّ، نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عِيسَى الرَّقَاشِيِّ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: هَذَا رَمَضَانُ قَدْ جَاءَ، تُفْتَحُ فِيهِ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ، وَتُغْلَقُ فِيهِ أَبْوَابُ النَّارِ، وَتُغَلُّ فِيهِ الشَّيَاطِينُ، بُعْدًا لِمَنْ أَدْرَكَ رَمَضَانَ وَلَمْ يُغْفَرْ لَهُ، إِذَا لَمْ يُغْفَرْ لَهُ فِيهِ فَمَتَى؟

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ یہ رمضان کا مہینہ ہے' اس ماہ میں جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں اور شیاطین کو جکڑ دیا جاتا ہے' ہلاکت ہے اس کے لیے جس نے رمضان کا مہینہ پایا اور اپنی بخشش نہ کروا سکا' اگر رمضان میں اپنی بخشش نہ کر سکا تو کب کروائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ إِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ

یہ حدیث محمد بن اسحاق سے عبدالرحمٰن بن مغراء روایت کرتے ہیں۔

**7628** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

**7626**- أخرجه النسائي: الصيام جلد **4** صفحه **146** (باب ما يكره من الصيام في السفر). وابن ماجة: الصيام جلد **1** صفحه **532** رقم الحديث: **1664**، وأحمد: المسند جلد **5** صفحه **506** رقم الحديث: **23741**.

**7627**- اسناده فيه: أ- الفضل بن عيسى الرقاشي، ضعفه أحمد، والنسائي، وغيرهم. ب- يزيد بن أبان الرقاشي البصري ضعيف (التقريب). وانظر: مجمع الزوائد جلد **3** صفحه **145**.

**7628**- أخرجه البخاري: المغازي جلد **7** صفحه **494** رقم الحديث: **4138**، ومسلم: النكاح جلد **2** صفحه **1062**.

Marfat.com

الْآدَمِيُّ، نَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ النَّرْمَقِيُّ، نَا سَهْلُ بْنُ عَبْدَوَيْهِ السِّنْدِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْعَلَاءِ بْنِ شَيْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَبْدِ الْغَافِرِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: ذُكِرَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَزْلُ، فَقَالَ: لَا عَلَيْكُمْ اَنْ لَا تَفْعَلُوا، فَاِنَّمَا هُوَ الْقَدَرُ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاں عزل کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا: اس کے کرنے میں کوئی حرج نہیں لیکن یہ تقدیر کا فیصلہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَلَاءِ ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَهْلُ بْنُ عَبْدِ رَبِّهِ السِّنْدِيُّ

یہ حدیث ابن عون سے عبداللہ بن علاء روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سہل بن عبدربہ السندی اکیلے ہیں۔

**7629** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ الرَّازِيُّ، نَا عِيسَى بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْقُرَشِيُّ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدٍ الْاَيْلِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا دَهَنَ لِحْيَتَهُ بَدَا بِعَنْفَقَتِهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب داڑھی شریف کو تیل لگاتے تو آپ کی داڑھی چمکتی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عِيسَى بْنُ اِبْرَاهِيمَ

یہ حدیث زہری سے حکم بن عبداللہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عیسیٰ بن ابراہیم اکیلے ہیں۔

**7630** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ الرَّازِيُّ، نَا الْفُرَاتُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، عَنْ اَبِي دَاوُدَ قَالَ: لَقِيَنِي الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ، فَاَخَذَ بِيَدِي وَصَافَحَنِي، وَضَحِكَ فِي

حضرت ابوداؤد فرماتے ہیں کہ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے مجھ سے ملاقات کی' میرا ہاتھ پکڑا اور مصافحہ کیا اور مسکرائے' پھر فرمایا: تم جانتے ہو میں نے تمہارا ہاتھ کیوں پکڑا؟ میں نے کہا: نہیں! میرا خیال ہے

7629- اسناده فيه: أ- عيسٰى بن ابراهيم متروك . ب- الحكم بن عبد الله بن سعد متروك . وانظر مجمع الزوائد جلد5 صفحه173 .

7630- اسناده فيه: أبو داؤد هو نفيع بن الحارث الأعمٰى متروك . وانظر مجمع الزوائد جلد8صفحه40 .

Marfat.com

وَجْهِي، ثُمَّ قَالَ: تَدْرِي لِمَ اَخَذْتُ بِيَدِكَ؟ قُلْتُ: لَا، اِلَّا اَنِّي ظَنَنْتُكَ لَمْ تَفْعَلْهُ اِلَّا لِخَيْرٍ، فَقَالَ: اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقِيَنِي فَفَعَلَ بِي ذٰلِكَ، ثُمَّ قَالَ: اَتَدْرِي لِمَ فَعَلْتُ بِكَ ذٰلِكَ؟ فَقُلْتُ: لَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْمُسْلِمَيْنِ اِذَا الْتَقَيَا وَتَصَافَحَا وَضَحِكَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا فِي وَجْهِ صَاحِبِهِ، لَا يَفْعَلَانِ ذٰلِكَ اِلَّا لِلّٰهِ، لَمْ يَتَفَرَّقَا حَتّٰى يُغْفَرَ لَهُمَا

کہ آپ نے ایسا نیکی کے لیے کیا ہے۔ حضرت براء نے فرمایا کہ حضور ﷺ مجھ سے ملے میرے ساتھ ایسے ہی کیا۔ پھر فرمایا: آپ کو معلوم ہے کہ میں نے ایسے کیوں کیا؟ میں نے عرض کی: نہیں! حضور ﷺ نے فرمایا: دو مسلمان جب ملتے ہیں تو دونوں مصافحہ کرتے ہیں' ایک دوسرے کو دیکھ کر خوش ہوتے ہیں' دونوں اللہ کی رضا کے لیے کرتے ہوں تو دونوں کے جدا ہونے سے پہلے ان کے گناہ معاف کیے جاتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ اِلَّا الْفُرَاتُ بْنُ خَالِدٍ

یہ حدیث مالک بن مغول سے فرات بن خالد روایت کرتے ہیں۔

**7631** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، نَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ النَّرْمَقِيُّ، نَا سَلْمُ بْنُ سَالِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمْ يَكُنْ شِرْكٌ مُنْذُ اُهْبِطَ آدَمُ مِنَ السَّمَاءِ اِلَى الْاَرْضِ اِلَّا كَانَ بَدْؤُهُ التَّكْذِيبَ بِالْقَدَرِ، وَمَا اَشْرَكَتْ اُمَّةٌ اِلَّا بتكذيبٍ بِالْقَدَرِ، وَاِنَّكُمْ سَتُبْتَلُونَ بِهِ اَيَّتُهَا الْاُمَّةُ، فَاِذَا لَقِيتُمُوهُمْ فَكُونُوا اَنْتُمْ سَائِلِينَ، وَلَا تُمَكِّنُوهُمْ مِنَ الْمِلَّةِ، فَيُدْخِلُوا عَلَيْكُمُ الشُّبُهَاتِ

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حضرت آدم علیہ السلام کے زمین پر اترنے سے پہلے شرک نہیں تھا' ہاں تقدیر کو جھٹلانے والوں نے ایسے شروع کیا' جو کوئی اُمت شرک کرے گی وہ تقدیر کو جھٹلائے گی' اے اُمت! تم عنقریب آزمائے جاؤ گے! جب تم ان سے ملو تو سائل بن جاؤ! ان کو قدرت نہ دو' وہ تمہیں ملت سے جدا کر دیں' تمہارے اوپر شبہات داخل کریں گے۔

**7632** - وَبِهِ: قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَلَقَ اللّٰهُ الْخَلْقَ، وَقَضَى الْقَضِيَّةَ،

حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ عزوجل نے مخلوق کو پیدا کیا اور فیصلہ کیا اور انبیاء سے

---

**7631**- اسناده فيه: سلم بن سالم البلخي أجمعوا على ضعفه . انظر مجمع الزوائد جلد**7**صفحه**207** .

**7632**- اسناده والكلام في اسناده كسابقه . وأخرجه أيضًا الطبراني في الكبير' مطولًا . وانظر مجمع الزوائد جلد **7** صفحه**192** .

Marfat.com

وَاَخَذَ مِيثَاقَ النَّبِيِّينَ وَعَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ ، فَاَخَذَ اَهْلَ الْإِيمَانِ بِيَمِينِهِ، وَاَخَذَ اَهْلَ الشَّقَاءِ بِيَدِهِ الْيُسْرَى، وَكِلْتَا يَدَيِ الرَّحْمَنِ يَمِينٌ، فَقَالَ: يَا اَهْلَ الْيَمِينِ، قَالُوا: لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ قَالَ: اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ؟ قَالُوا: بَلَى، ثُمَّ خَلَطَ بَيْنَهُمْ، فَقَالَ قَائِلٌ مِنْهُمْ: رَبَّنَا، لِمَ خَلَطْتَ بَيْنَنَا؟ فَقَالَ: (لَهُمْ اَعْمَالٌ مِنْ دُونِ ذَلِكَ هُمْ لَهَا عَامِلُونَ) (المؤمنون: 63) (اَنْ تَقُولُوا يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هَذَا غَافِلِينَ اَوْ تَقُولُوا اِنَّمَا اَشْرَكَ آبَاؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِنْ بَعْدِهِمْ) (الاعراف: 173) فَخَلَقَ اللَّهُ الْخَلْقَ، وَقَضَى الْقَضِيَّةَ، وَاَخَذَ مِيثَاقَ النَّبِيِّينَ وَعَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ ، فَاَهْلُ الْجَنَّةِ اَهْلُهَا، وَاَهْلُ النَّارِ اَهْلُهَا فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: فَفِيمَ الْعَمَلُ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ فَقَالَ: يَعْمَلُ كُلُّ قَوْمٍ لِمَا خُلِقُوا لَهُ، اَهْلُ الْجَنَّةِ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ، وَاَهْلُ النَّارِ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، اَرَاَيْتَ اَعْمَالَنَا هَذِهِ اَشَيْءٌ نَبْتَدِعُهُ اَوْ شَيْءٌ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ؟ قَالَ: عَلَى شَيْءٍ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ قَالَ: فَالْآنَ نَجْتَهِدُ فِي الْعِبَادَةِ

پختہ وعدہ لیا' اس وقت عرش پانی پر تھا' ایمان والوں کو دائیں دست قدرت سے پکڑا اور بد بخت لوگوں کو بائیں دست قدرت سے پکڑا' رحمن کے دونوں دستِ قدرت دائیں تھے' فرمایا: اے دائیں طرف والو! انہوں نے عرض کی: لبیک وسعدیک! فرمایا: کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ انہوں نے عرض کی: کیوں نہیں! پھر ان کو آپس میں ملایا' ان میں سے ایک کہنے والے نے عرض کی: اے رب! ہم کو آپس میں کیوں ملایا؟ فرمایا: ''لهم اعمال الی آخره''۔ اللہ عزوجل نے مخلوق کو پیدا کیا اور فیصلہ کیا' انبیاء سے پختہ وعدہ لیا' اس وقت اس کا عرش پانی پر تھا۔ جنت والے اور دوزخ والے تھے۔ قوم میں سے ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! عمل کرنے کی کیا ضرورت؟ آپ نے فرمایا: ہر قوم وہی عمل کرتی ہے جس کے لیے پیدا کی گئی ہے' جنت والے جنتی اور دوزخ والے دوزخی۔ حضرت عمر نے عرض کی: یارسول اللہ! بتائیں کہ ہم ایسے عمل کریں جو نئے ہیں یا جس کو لکھا جا چکا ہے؟ آپ نے فرمایا: وہی عمل کرو گے جو لکھے جا چکے ہیں! حضرت عمر نے عرض کی؟ ہم عبادت کے لیے کوشش کریں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ اَظُنُّهُ: ابْنَ عُمَرَ الْمَكِّيَّ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: سَلْمُ بْنُ سَالِمٍ

یہ دونوں حدیثیں سلیمان تیمی سے عبدالرحمن روایت کرتے ہیں۔ ان دونوں کو روایت کرنے میں سلم بن سلیم اکیلے ہیں۔

**7633** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، نَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

**7633**- اسناده فيه: محمد بن مقاتل الرازى ضعيف (التقريب) . وانظر: مجمع الزوائد جلد6صفحه265 .

Marfat.com

مُحَمَّدُ بْنُ مُقَاتِلٍ الرَّازِيُّ، نَا حَكَّامُ بْنُ سَلْمٍ، عَنْ طُعْمَةَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبَانَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: ارْتَدَّ نَبْهَانُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ اَمْكِنِّي مِنْ نَبْهَانَ فِي عُنُقِهِ حَبْلٌ اَسْوَدُ، فَالْتَفَتَ فَاِذَا هُوَ بِنَبْهَانَ قَدْ اُخِذَ، وَجَعَلُوا فِي عُنُقِهِ حَبْلًا اَسْوَدَ، فَاَتَوْا بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّيْفَ بِيَمِينِهِ، وَالْحَبْلَ بِشِمَالِهِ لِيَقْتُلَهُ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَوْ اَمَطْتَ عَنْكَ قَالَ: فَدَفَعَ السَّيْفَ اِلَى رَجُلٍ، فَقَالَ: اذْهَبْ فَاضْرِبْ عُنُقَهُ قَالَ: فَانْطَلَقَ بِهِ، فَضَحِكَ نَبْهَانُ، وَقَالَ: اَيَقْتُلُونَ رَجُلًا يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ؟ فَخَلَّى عَنْهُ

نبہان تین مرتبہ مرتد ہوا' حضور ﷺ نے دعا کی: اے اللہ! مجھے نبہان پر قدرت دے کہ اس کی گردن میں کالی رسّی ہو' میں نے دیکھا تو نبہان تھا پکڑے ہوئے' اس کی گردن میں کالی رسّی رکھی گئی' اس کو حضور ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا تو حضور ﷺ نے تلوار پکڑی اپنے دائیں ہاتھ سے اور بائیں ہاتھ سے رسّی تا کہ اس کو قتل کریں۔ انصار میں سے ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر اس تکلیف کو اپنے سے دور کریں! تو آپ نے تلوار ایک آدمی کی طرف کی' فرمایا: اس کو لے جاؤ اور اس کی گردن اُڑا دو۔ اس کو لے جایا گیا' نبہان مسکرایا اور کہنے لگا: کیا تم اپنے آدمی کو قتل کرتے ہو جو لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی گواہی دیتا ہے' اس کا راستہ چھوڑ دیا گیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ طُعْمَةَ بْنِ عَمْرٍو الْجَعْفَرِيِّ اِلَّا حَكَّامٌ

یہ حدیث طعمہ بن عمرو الجعفری سے وسام روایت کرتے ہیں۔

**7634** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ الْاَدَمِيُّ، نَا سَهْلُ بْنُ زَنْجَلَةَ، ثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيسَى الْقَزَّازُ، عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ رات کو دو رکعتیں' پھر دو رکعتیں' پھر دو رکعتیں تین دفعہ پڑھتے تھے۔

**7634**- وروی عن ابی سلمة أنه سأل عائشة: کیف کانت صلاة رسول الله ﷺ فی رمضان؟ قالت: ما کان رسول الله ﷺ یزید فی رمضان' ولا فی غیره' علی احدی عشرة رکعة . یصلی أربعًا فلا تسأل عن حسنهن وطولهن . ثم یصلی أربعًا فلا تسأل عن حسنهن وطولهن . ثم یصلی ثلاثًا . اخرجه البخاری: التهجد جلد **3** صفحه **40** رقم الحدیث: **1147**' ومسلم: المسافرین جلد **1** صفحه **509** . وعن عروة عن عائشة: أن رسول الله ﷺ کان یصلی من اللیل احدی عشرة رکعة' یوتر منها بواحدة...... . أخرجه مسلم: للمسافرین جلد **1** صفحه **508** .

Marfat.com

ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ ثَلَاثًا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكٍ إِلَّا مَعْنُ بْنُ عِيسَى

یہ حدیث مالک سے معن بن عیسیٰ روایت کرتے ہیں۔

**7635** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ الْآدَمِيُّ، ثنا حَمْزَةُ بْنُ فَرُّوخِ الرَّازِيُّ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَبُو يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، نا أَبُو كِيرَانِ الْحَسَنُ بْنُ عُقْبَةَ الْمُرَادِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ الْمُرَادِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِي الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ لِلْمُسَافِرِ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمًا وَلَيْلَةً

حضرت صفوان بن عسال المرادی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے موزوں پر مسح کرنے کی رخصت دی' مسافر کے لیے تین دن اور رات اور مقیم کے لیے ایک دن اور رات۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ إِلَّا أَبُو كِيرَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ

یہ حدیث عمرو بن مرہ سے ابوکیران روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں ابویحییٰ الحمانی اکیلے ہیں۔

**7636** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، نا الْحَسَنُ بْنُ جَبَلَةَ الشِّيرَازِيُّ، نا سَعْدُ بْنُ الصَّلْتِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ وَبَرَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُسْلِيِّ، عَنْ خَرَشَةَ بْنِ الْحُرِّ قَالَ: رَأَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، يَضْرِبُ أَكُفَّ الرِّجَالِ فِي صَوْمِ رَجَبَ، حَتَّى يَضَعُونَهَا فِي الطَّعَامِ، وَيَقُولُ: رَجَبٌ وَمَا رَجَبٌ؟ إِنَّمَا رَجَبٌ شَهْرٌ كَانَ يُعَظِّمُهُ أَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ، فَلَمَّا

حضرت خرشہ بن عبدالرحمٰن سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ لوگوں کو رجب کے روزے رکھنے سے روک رہے ہیں یہاں تک کہ ان کو کھانا کھلاتے اور فرماتے تھے کہ رجب کیا ہے؟ رجب کیا ہے؟ یا رجب ایک مہینہ ہے جس کی تعظیم جاہلیت والے کرتے تھے' جب اسلام آیا تو اس نے چھوڑ دیا۔

**7635**- أخرجه الترمذي: الطهارة جلد **1** صفحه **159** رقم الحديث: **96** . وقال: حسن صحيح . والنسائي: الطهارة جلد **1** صفحه **71** (باب التوقيت في المسح على الخفين للمسافر) . وأحمد: للمسند جلد **4** صفحه **294** رقم الحديث: **18118** بنحوه . ولم يذكروا: وللمقيم يومًا وليلة .

**7636**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **3** صفحه **194** وقال: رواه الطبراني في الأوسط وفيه الحسن بن جبلة' ولم أجد من ذكره' وبقية رجاله ثقات .

Marfat.com

جَاءَ الْإِسْلَامُ تُرِكَ

**7637** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ الْآدَمِيُّ، نَا الْحَسَنُ بْنُ جَبَلَةَ، نَا سَعْدُ بْنُ الصَّلْتِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شِمْرِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ، قَالَتْ: أَتَانِي سَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ يُسَلِّمُ عَلَيَّ، وَعَلَيْهِ عَبَاءَةٌ قَطْوَانِيَّةٌ مُرْتَدِيًا بِهَا، فَطَرَحْتُ لَهُ وِسَادَةً، فَلَمْ يَرُدَّهَا وَلَفَّ عَبَاءَةً، فَجَلَسَ عَلَيْهَا، فَقَالَ: بِحَسْبِكَ مَا بَلَغَكَ مِنَ الْمَحَلِّ، ثُمَّ حَمِدَ اللّٰهَ سَاعَةً، وَكَبَّرَ وَصَلَّى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: أَيْنَ صَاحِبُكَ؟، يَعْنِي: أَبَا الدَّرْدَاءِ، فَقُلْتُ: هُوَ فِي الْمَسْجِدِ، فَانْطَلَقَ إِلَيْهِ، ثُمَّ أَقْبَلَا جَمِيعًا، وَقَدِ اشْتَرَى أَبُو الدَّرْدَاءِ لَحْمًا بِدِرْهَمٍ فَهُوَ فِي يَدِهِ مُعَلِّقُهُ، فَقَالَ: يَا أُمَّ الدَّرْدَاءِ، اخْبِزِي واطْبُخِي، فَفَعَلْنَا. ثُمَّ أَتَيْنَا سَلْمَانَ بِالطَّعَامِ، فَقَالَ أَبُو الدَّرْدَاءِ: كُلْ مَعَ أُمِّ الدَّرْدَاءِ، فَإِنِّي صَائِمٌ، فَقَالَ سَلْمَانُ: لَا آكُلُ حَتَّى تَأْكُلَ، فَأَفْطَرَ أَبُو الدَّرْدَاءِ وَأَكَلَ مَعَهُ، فَلَمَّا كَانَتِ السَّاعَةُ الَّتِي يَقُومُ فِيهَا أَبُو الدَّرْدَاءِ ذَهَبَ لِيَقُومَ أَجْلَسَهُ سَلْمَانُ، فَقَالَ أَبُو الدَّرْدَاءِ: أَتَنْهَانِي عَنْ عِبَادَةِ رَبِّي؟ فَقَالَ سَلْمَانُ: إِنَّ لِعَيْنِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَإِنَّ لِأَهْلِكَ عَلَيْكَ نَصِيبًا، فَمَنَعَهُ حَتَّى إِذَا كَانَ فِي وَجْهِ الصُّبْحِ قَامَا فَرَكَعَا رَكَعَاتٍ

حضرت اُم الدرداء رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ میرے پاس آئے' مجھے سلام کیا' آپ نے قطوانی اپنی چادر پہنی ہوئی تھی' میں نے آپ کو تکیہ دیا' آپ نے واپس نہیں کیا' اس کو چادر لپیٹ کر دی' اس پر تشریف فرما ہوئے' فرمایا: آپ کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ جو آپ نے تکیہ دے دیا' پھر کچھ دیر اللہ کی حمد کی اور تکبیر بیان کی اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھا' پھر فرمایا: آپ کے صاحب کہاں ہیں یعنی ابوالدرداء۔ میں نے کہا: مسجد میں۔ حضرت سلمان ان کے پاس گئے' پھر دونوں اکٹھے آئے' حضرت ابوالدرداء نے گوشت خریدا' ایک درہم جوان کے پاس تھا' کہا: اے اُم الدرداء! اس کو پکاؤ اور روٹی پکاؤ! ہم نے ایسے ہی کیا' پھر ہم کھانا لے کر حضرت سلمان کے پاس آئے۔ حضرت ابو الدرداء نے فرمایا: آپ اُم الدرداء کے ساتھ کھائیں میں حالتِ روزہ میں ہوں۔ حضرت سلمان نے فرمایا: میں نہیں کھاؤں گا جب تک آپ نہیں کھائیں گے۔ حضرت ابوالدرداء نے روزہ افطار کیا اور آپ کے ساتھ کھانا کھایا۔ جب کچھ دیر ہوئی تو حضرت ابوالدرداء کھڑے ہوئے اور نماز پڑھنے لگے۔ حضرت سلمان نے ان کو بٹھالیا۔ حضرت ابوالدرداء نے فرمایا: کیا مجھے اپنے رب کی عبات سے منع کرتے ہیں؟ حضرت سلمان نے فرمایا:

**7637**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 9صفحه346-347 وقال: رواه الطبراني في الأوسط وفيه الحسن بن جبلة ولم أعرفه' وبقية رجاله ثقات .

Marfat.com

وَاَوْتَرَا، ثُمَّ خَرَجَا اِلَى صَلَاةِ الصُّبْحِ، فَذَكَرَا اَمْرَهُمَا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا لِسَلْمَانَ ثَكِلَتْهُ اُمُّهُ؟ لَقَدْ اُشْبِعَ مِنَ الْعِلْمِ

آپ کی آنکھوں کا آپ پر حق ہے' آپ کے گھر والوں کا آپ پر حق ہے' آپ منع کرتے رہے' جب صبح ہوئی تو دونوں اُٹھے اور دو رکعت نفل اور وتر پڑھے' پھر دونوں فجر کی نماز کے لیے مسجد کی طرف آئے۔ دونوں کا معاملہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا گیا تو آپ نے فرمایا: سلمان کو کیا ہوا؟ اس کی ماں اس پر روئے! وہ تو علم سے سیر آدمی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا سَعْدُ بْنُ الصَّلْتِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: الْحَسَنُ بْنُ جَبَلَةَ

یہ دونوں حدیثیں اعمش سے سعد بن صلت روایت کرتے ہیں۔ ان دونوں کو روایت کرنے میں حسن بن جبلہ اکیلے ہیں۔

**7638** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعْدَانَ الْعَتَايِدِيُّ الشِّيرَازِيُّ، حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ، نَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ اَشْعَثَ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ يَزِيدَ الْفَارِسِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قُلْتُ لِعُثْمَانَ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، مَا حَمَلَكُمْ عَلَى اَنْ جَعَلْتُمْ بَرَاءَةً مِنَ الْمِئِينَ وَالْاَنْفَالَ مِنَ الْمَثَانِي، فَقَرَنْتُمُوهُمَا وَجَعَلْتُمُوهُمَا فِي السَّبْعِ الطِّوَالِ، وَلَمْ تَكْتُبُوا بَيْنَهُمَا: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ؟ فَقَالَ عُثْمَانُ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ مِمَّا يَنْزِلُ عَلَيْهِ مِنَ السُّوَرِ ذَوَاتُ الْعَدَدِ، فَكَانَ اِذَا اُنْزِلَتْ عَلَيْهِ الْآيَةُ قَالَ لِبَعْضِ مَنْ يَكْتُبُ: اجْعَلُوا هٰذِهِ الْآيَةَ فِي سُورَةِ كَذَا وَكَذَا، وَاِنَّ الْاَنْفَالَ مِنْ اَوَّلِ مَا اُنْزِلَ بِالْمَدِينَةِ،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے عرض کی: اے امیر المؤمنین! آپ کو کس نے اُبھارا کہ آپ سورۂ برأت کو مئین میں اور انفال کو مثانی میں شمار کرو' آپ نے دونوں کو ملا دیا ہے' دونوں کو سبع الطوال میں شمار کیا ہے اور دونوں کے درمیان بسم اللہ نہیں لکھی۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جب کوئی سورت نازل ہوتی تھی تو آپ اس کی تعداد لکھواتے تھے' جب کوئی آیت نازل ہوتی تھی تو آپ بعض سے فرماتے: کون لکھے گا! اس کو فلاں سورۃ میں شمار کرو' سورۂ انفال پہلی سورت ہے جو مدینہ میں نازل ہوئی اور سورۂ برأت آخر میں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال ہوا تو آپ نے بیان نہیں کیا' میں

**7638**- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه **206**' والترمذي: التفسير جلد **5** صفحه **272** رقم الحديث: **3086**. وقال: حسن صحيح. وأحمد: المسند جلد **1** صفحه **71** رقم الحديث: **401**.

Marfat.com

وَكَانَتْ بَرَاءَةٌ آخِرَ الْقُرْآنِ، فَمَاتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يُبَيِّنْ لَنَا، وَرَأَيْتُ قِصَّتَهَا تُشْبِهُ قِصَّتَهَا، فَلِذٰلِكَ ضَمَمْتُهُمَا مَعًا، وَلَمْ أَكْتُبْ بَيْنَهُمَا: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

نے اس کے مضامین کو ایک دوسرے کے مشابہ دیکھا تو میں نے دونوں کو ملا دیا ہے' اس لیے دونوں کے درمیان بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہیں لکھی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَشْعَثِ، عَنْ عَوْفٍ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: زَيْدُ بْنُ أَخْزَمَ

یہ حدیث اشعث' عوف سے اور اشعث سے سعید بن عامر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں زید بن اخزم اکیلے ہیں۔

**7639** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعْدَانَ، ثَنَا زَيْدُ بْنُ أَخْزَمَ، ثَنَا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، ثَنَا حَنْظَلَةُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُكْبُرَةَ قَالَ: التَّخَلُّلُ سُنَّةٌ

حضرت عبداللہ بن عکبرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ خلال کرنا سنت ہے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُكْبُرَةَ إِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ

یہ حدیث عبداللہ بن عکبرہ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابواحمد الزبیری اکیلے ہیں۔

**7640** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعْدَانَ، ثَنَا زَيْدُ بْنُ أَخْزَمَ، نَا صَفْوَانُ بْنُ عِيسَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي قَتَادَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: دَخَلْنَا يَوْمَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم جمعہ کے دن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' آپ کے سامنے کھانا تھا' آپ نے فرمایا: قریب آؤ! کھانا کھاؤ! ہم نے عرض کی: ہم حالتِ روزہ میں ہیں' آپ نے فرمایا: کیا

---

**7639**- اسناده فيه: عبد الكريم أبو أمية بن أبي المخارق' وهو ضعيف . وأخرجه أيضًا الطبراني في الصغير . وانظر: مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **239** .

**7640**- أخرجه الطبراني في الصغير جلد **1** صفحه **230** وقال: لا يروى عن جابر الا بهذا الاسناد تفرد به: يحيى بن حكيم . وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **3** صفحه **202** وقال: رواه الطبراني في الصغير والأوسط بزيادة يتخذ عيدًا' وفيه عبد الله بن سعيد بن أبي سعيد المقبري وهو متروك . والحديث عند البخاري ومسلم من طريق محمد بن عباس به مختصرًا . وأخرجه البخاري: الصوم جلد **4** صفحه **273** رقم الحديث: **1984**' ومسلم: الصيام جلد **2** صفحه **801** .

Marfat.com

الْجُمُعَةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَبَيْنَ يَدَيْهِ طَعَامٌ، فَقَالَ: ادْنُوا كُلُوا، قُلْنَا: اِنَّا صِيَامٌ قَالَ: هَلْ صُمْتُمْ اَمْسَ؟ قُلْنَا: لَا قَالَ: فَتُرِيدُونَ اَنْ تَصُومُوا غَدًا؟ قُلْنَا: لَا قَالَ: فَكُلُوا، فَاِنَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ لَا يُصَامُ وَحْدَهُ، يُتَّخَذُ عِيدًا

کل روزہ رکھا تھا؟ ہم نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: تم کل روزہ رکھو گے؟ ہم نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: کھاؤ! صرف جمعہ کا روزہ نہیں ہے یہ جمعہ کا دن ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي قَتَادَةَ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ اَبِي هِنْدٍ، وَلَا عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا ابْنُهُ عَبْدُ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: صَفْوَانُ بْنُ عِيسَى

یہ حدیث عبداللہ بن ابوقتادہ سے سعید بن ابو ہند اور سعید سے ان کے بیٹے عبداللہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں صفوان بن عیسیٰ اکیلے ہیں۔

**7641** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْاِصْطَخْرِيُّ، نَا بِشْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْكِرْمَانِيُّ، ثَنَا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبَانَ بْنِ تَغْلِبٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: لَيْسَ الْوِتْرُ بِحَتْمٍ، وَلٰكِنَّهَا سُنَّةٌ سَنَّهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وتر حتمی نہیں لیکن یہ سنت ہیں جن کو رسول کریم ﷺ نے سنت بنایا ہے۔

**7642** - وَبِهِ: عَنْ اَبَانَ بْنِ تَغْلِبٍ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُكَيْمٍ قَالَ: اَتَانَا كِتَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ بِاَرْضِ جُهَيْنَةَ، اَنْ لَا تَنْتَفِعُوا مِنَ الْمَيْتَةِ بِاِهَابٍ وَلَا عَصَبٍ

حضرت عبداللہ بن عکیم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمارے پاس رسول اللہ ﷺ کا خط آیا' ہم اس وقت جہینہ کے ملک میں تھے' آپ نے فرمایا: مردار کی کھال اور پٹھوں سے فائدہ نہ اُٹھاؤ۔

**7643** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا اَبَانُ بْنُ تَغْلِبٍ، عَنِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

---

**7641**- أخرجه الترمذي: الصلاة جلد **2** صفحه **316** رقم الحديث: **453-454**' والنسائي: قيام الليل جلد **3** صفحه **187** (باب الأمر بالوتر) . والدارمي: الصلاة جلد **1** صفحه **447** رقم الحديث: **1579**' وأحمد: المسند جلد **1** صفحه **107** رقم الحديث: **655** .

**7642**- تقدم تخريجه .

**7643**- أخرجه البخاري: اللباس جلد **10** صفحه **322** رقم الحديث: **5855** . بلفظ: لا يمشي أحدكم في نعل واحدة' ليحفيهما أو لينعلهما جميعًا . ومسلم: اللباس جلد **3** صفحه **1660** واللفظ له .

Marfat.com

الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي رَزِينٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا انْقَطَعَ شِسْعُ نَعْلِ اَحَدِكُمْ فَلَا يَمْشِ فِي نَعْلٍ وَاحِدَةٍ

ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کے جوتے کا تسمہ ٹوٹ جائے تو ایک جوتے میں نہ چلے۔

**7644** - وَبِهِ: عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي رَزِينٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: طُهُورُ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ اِذَا وَلَغَ فِيهِ الْكَلْبُ اَنْ يَغْسِلَهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کے برتن میں کتا منہ مارے تو برتن کو سات مرتبہ دھویا جائے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ اَبَانَ بْنِ تَغْلِبٍ اِلَّا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

یہ تمام احادیث ابان بن ثعلبہ سے حسان بن ابراہیم روایت کرتے ہیں۔

**7645** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْاِصْطَخْرِيُّ، نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبَّادٍ الْكِرْمَانِيُّ، نَا يَحْيَى بْنُ اَبِي بُكَيْرٍ، نَا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَاَى فِي الْمَسْجِدِ رَجُلًا لَا يُتِمُّ رُكُوعَهُ وَلَا سُجُودَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُقْبَلُ صَلَاةُ رَجُلٍ لَا يُتِمُّ الرُّكُوعَ وَالسُّجُودَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نکلے' آپ نے دیکھا کہ ایک آدمی مسجد میں رکوع وسجود مکمل نہیں کر رہا ہے' آپ نے فرمایا: اس آدمی کی نماز قبول نہیں ہوتی جو رکوع وسجود مکمل نہیں کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ اَنَسٍ اِلَّا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، وَلَا عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ اِلَّا يَحْيَى بْنُ اَبِي بُكَيْرٍ

یہ حدیث ربیع بن انس سے ابوجعفر الرازی اور ابوجعفر سے یحییٰ بن ابوکثیر روایت کرتے ہیں۔

---

**7644**- أخرجه البخاري: الوضوء جلد **1** صفحه **330** رقم الحديث: **172** . بلفظ: اذا شرب الكلب في اناء أحدكم فليغسله سبعًا . ومسلم: الطهارة جلد **1** صفحه **234** واللفظ له .

**7645**- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **2** صفحه **124** وقال: رواه الطبراني في الصغير والأوسط وفيه ابراهيم بن عباد الكرماني ولم أجد من ذكره .

Marfat.com

7646 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْإِصْطَخْرِيُّ، نَا يَحْيَى بْنُ الْعَبَّاسِ الْإِصْطَخْرِيُّ، نَا عِصْمَةُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْإِصْطَخْرِيُّ، نَا زَافِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ خُنَيْسٍ، عَنْ ضِرَارِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا خَرَجَ الْغَازِي فِي سَبِيلِ اللَّهِ جُعِلَتْ ذُنُوبُهُ جِسْرًا عَلَى بَابِ بَيْتِهِ، فَإِذَا خَلَّفَهُ خَلَّفَ ذُنُوبَهُ كُلَّهَا، فَلَمْ يَبْقَ عَلَيْهِ مِنْهَا مِثْلُ جَنَاحِ بَعُوضَةٍ، وَتَكَفَّلَ اللَّهُ لَهُ بِأَرْبَعٍ، بِأَنْ يَخْلُفَهُ فِيمَا تَخَلَّفَ مِنْ أَهْلٍ وَمَالٍ، وَأَيُّ مِيتَةٍ مَاتَ بِهَا أَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ، وَإِنْ رَدَّهُ رَدَّهُ سَالِمًا بِمَا أَصَابَ مِنْ غَنِيمَةٍ أَوْ أَجْرٍ، وَأَنْ لَا تَغْرُبَ شَمْسٌ إِلَّا غَرَبَتْ بِذُنُوبِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب غازی اللہ کی راہ میں نکلتا ہے تو اس کے گناہ اس کے گھر کے دروازے سے پل کی شکل میں بھی ہوتے ہیں' تو جب پیچھے چھوڑ کر جہاد کو چلا جاتا ہے تو سارے گناہ پیچھے رہتے ہیں' مچھر کے پَر کی مثل بھی اس پر باقی نہیں رہتے ہیں' اللہ عزوجل اس کی چار چیزوں کا کفیل ہو جاتا ہے کہ اس کے پیچھے اس کے اہل و مال کی حفاظت کرتا ہے' کوئی مرجائے تو اس کو جنت میں داخل کرتا ہے' اگر صحیح واپس آئے تو اس کو مالِ غنیمت ملتا ہے یا ثواب' سورج غروب ہوتے ہی اس کے سارے گناہ غروب ہو جاتے ہیں۔

7647 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى، نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ مَخْلَدٍ الْإِصْطَخْرِيُّ، نَا عِصْمَةُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ، نَا زَافِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ إِسْرَائِيلَ بْنِ يُونُسَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَزَوَّجَ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ نِصْفَ الْإِيمَانِ، فَلْيَتَّقِ اللَّهَ فِي النِّصْفِ الْبَاقِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو شادی کر لیتا ہے اس کا آدھا ایمان مکمل ہو جاتا ہے' باقی آدھے کے متعلق اللہ سے ڈرے۔

7646- اسناده فيه: أ- عصمة بن المتوكل ضعيف . ب- ضزار بن عمرو الملطى' ضعيف' ضعفه ابن معين' وذكره العقيلى' وابن الجارود فى الضعفاء . وانظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه279 .

7647- اسناده فيه: أ- جابر بن يزيد الجعفى ضعيف رافضى . ب - يزيد بن أبان الرقاشى ضعيف . وانظر: مجمع الزوائدجلد4صفحه255 .

Marfat.com

**7648** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا زَافِرٌ، عَنْ ثَابِتٍ بْنِ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّ رَجُلًا خَرَجَ، وَأَمَرَ امْرَأَتَهُ أَنْ لَا تَخْرُجَ مِنْ بَيْتِهَا، وَكَانَ أَبُوهَا فِي أَسْفَلِ الدَّارِ، وَكَانَتْ فِي أَعْلَاهَا، فَمَرِضَ أَبُوهَا، فَأَرْسَلَتْ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَتْ لَهُ ذَلِكَ فَقَالَ: أَطِيعِي زَوْجَكِ فَمَاتَ أَبُوهَا، فَأَرْسَلَتْ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَطِيعِي زَوْجَكِ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ غَفَرَ لِأَبِيهَا بِطَاعَتِهَا لِزَوْجِهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی نکلا اس نے اپنی بیوی کو حکم دیا کہ گھر سے نہ نکلے اس کا والد گھر کے نیچے والے حصہ میں اور خود اوپر والے حصے میں رہتی تھی اس کا والد بیمار ہوا اس نے نبی کریم ﷺ کی طرف پیغام بھیجا اور اس کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا: تُو اپنے شوہر کی اطاعت کر۔ اس کا والد فوت ہوا تو اس نے حضور ﷺ کی طرف پیغام بھیجا آپ نے فرمایا: تُو اپنے شوہر کی اطاعت کر! اس کی طرف حضور ﷺ نے پیغام بھیجا کہ اللہ عزوجل نے تیرے باپ کو اپنے شوہر کی اطاعت کی وجہ سے بخش دیا ہے۔

**7649** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا زَافِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي رَجَاءٍ، عَنْ سُهَيْلٍ يَعْنِي ابْنَ أَبِي حَزْمٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ أَصْبَحَ آلُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، تِسْعَةَ أَهْلِ أَبْيَاتٍ، مَا فِيهِمْ صَاعٌ مِنْ طَعَامٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آلِ محمد کے پاس ایک صاع گندم بھی نہیں ہے اس وقت حضور ﷺ کے نو گھر تھے۔

**7650** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْإِصْطَخْرِيُّ، نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى الْإِصْطَخْرِيُّ، نَا عِصْمَةُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ، نَا زَافِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، لَا أَعْلَمُهُ إِلَّا

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس اُمت کی بھلائی زہد و یقین ہے اور ہلاکت بخل اور اُمید پر ہے۔

---

**7648**- اسناده فيه: عصمة بن المتوكل ضعيف . وانظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه316 .

**7649**- أصله عند البخاري من طريق هشام الدستوائي عن قتادة نذكره . أخرجه البخاري: البيوع جلد4صفحه354 رقم الحديث: 2069 . وأيضًا في كتاب الرهن جلد5صفحه166 رقم الحديث: 2508 .

**7650**- اسناده فيه: عصمة بن المتوكل ضعيف . وانظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه289 .

Marfat.com

رَفَعَهُ قَالَ: صَلاحُ اَوَّلِ هَذِهِ الْاُمَّةِ بِالزَّهَادَةِ وَالْيَقِينِ، وهَلاكُهَا بِالْبُخْلِ وَالْاَمَلِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَافِرِ بْنِ سُلَيْمَانَ اِلَّا عِصْمَةُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ

یہ تمام احادیث زافر بن سلیمان سے عصمہ بن متوکل روایت کرتے ہیں۔

**7651** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْإِصْطَخْرِيُّ، نَا يَحْيَى بْنُ الْعَبَّاسِ الْإِصْطَخْرِيُّ، نَا عِصْمَةُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ، نَا زَافِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ دَاوُدَ الطَّائِيِّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ: مَا ضَرَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَاَةً قَطُّ، وَلَا خَادِمًا لَهُ، وَلَا ضَرَبَ بِيَدِهِ شَيْئًا قَطُّ اِلَّا اَنْ يُجَاهِدَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَلَا نِيلَ مِنْهُ شَيْءٌ فَيَنْتَقِمُ مِنْ صَاحِبِهِ، اِلَّا اَنْ تُنْتَهَكَ مَحَارِمُ اللّٰهِ، فَيَنْتَقِمُ لِلَّهِ، وَلَا خُيِّرَ بَيْنَ اَمْرَيْنِ اِلَّا اخْتَارَ اَيْسَرَهُمَا، حَتَّى يَكُونَ اِثْمًا، فَاِذَا كَانَ اِثْمًا كَانَ اَبْعَدَ النَّاسِ مِنْهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے کبھی کسی عورت کو نہیں مارا نہ کسی خادم کو اپنے ہاتھ کے ساتھ صرف اللہ کی راہ میں کسی کو مارا ہے آپ کو کسی کی طرف سے کوئی تکلیف پہنچی تو آپ اپنی ذات کے لیے انتقام نہیں لیتے تھے ہاں جب اللہ کی حدود کی بے حرمتی ہوتی تھی تو آپ اللہ کے لیے انتقام لیتے تھے۔ آپ کو دو کاموں کا اختیار دیا جاتا تو ان دونوں میں سے آسان کو اختیار کرتے جب گناہ ہوتا تو آپ تمام لوگوں سے دور رہنے والے ہوتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ الطَّائِيِّ اِلَّا زَافِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عِصْمَةُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ

یہ حدیث داؤد الطائی سے زافر بن سلیمان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عصمہ بن متوکل اکیلے ہیں۔

**7652** - وَبِهِ: حَدَّثَنَا عِصْمَةُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ، نَا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْعَجْمَاءُ جُبَارٌ، وَالْبِئْرُ جُبَارٌ، وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے جان کسی کو مارے تو اس کی دیت نہیں ہے کنویں میں گرنے والے کی دیت نہیں ہے کان میں گرنے والے کی دیت نہیں ہے دفن شدہ خزانہ

7651- أما قولها رضى الله عنها: ما ضرب رسول الله ﷺ امرأة قط، ولا خادمًا . أخرجه مسلم: الفضائل جلد 4 صفحه 1814 . وأما شقه الآخر عند البخاري ومسلم . أخرجه البخاري: المناقب جلد 6 صفحه 654 رقم الحديث: 3560، ومسلم: الفضائل جلد 4 صفحه 1813 .

7652- أخرجه البخاري: الزكاة جلد 3 صفحه 426 رقم الحديث: 1499، ومسلم: الحدود جلد 3 صفحه 1334 .

Marfat.com

وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ

میں خمس ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ الرَّازِيِّ اِلَّا عِصْمَةُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ

یہ حدیث ابوجعفر الرازی سے عصمہ بن متوکل روایت کرتے ہیں۔

**7653** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْاِصْطَخْرِيُّ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ مَخْلَدٍ، ثَنَا عِصْمَةُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ، نَا عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصْبِحُ جُنُبًا مِنْ وِقَاعٍ غَيْرِ الْحُلُمِ، فَيَصُومُ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ صبح بغیر احتلام کے جماع کرنے کی وجہ سے جنبی ہوتے تو آپ روزہ رکھتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عِصْمَةُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ

یہ حدیث عبید اللہ بن عمر سے عدی بن فضل روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عصمہ بن متوکل اکیلے ہیں۔

**7654** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْاِصْطَخْرِيُّ، نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى الْاِصْطَخْرِيُّ، نَا عِصْمَةُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ، ثَنَا سَوَّارُ بْنُ مُصْعَبٍ الضَّرِيرُ الْكُوفِيُّ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ الْمُرَادِيِّ قَالَ: كُنَّا نُسَافِرُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَا نَنْزِعُ خِفَافَنَا اِذَا لَبِسْنَاهَا عَلَى وَضُوءٍ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، اِلَّا مِنْ جَنَابَةٍ، وَلَكِنْ مِنْ غَائِطٍ، اَوْ بَوْلٍ، اَوْ نَوْمٍ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ سفر کرتے، ہم موزے نہیں اُتارتے، جب ہم بے وضو ہو کر پہنتے تھے تو تین دن تک ہاں! حالتِ جنابت میں اُتارتے تھے، پاخانہ اور پیشاب کے وقت نہیں اتارتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَوَّارِ بْنِ مُصْعَبٍ اِلَّا عِصْمَةُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ

یہ حدیث سوار بن مصعب سے علقمہ بن متوکل روایت کرتے ہیں۔

---

**7653**- أخرجه البخاری: الصوم جلد **4** صفحه **170** رقم الحديث: **1925-1926**، ومسلم: الصيام جلد **2** صفحه **780**.

**7654**- تقدم تخريجه.

Marfat.com

**7655** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى، نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلٍ، نَا عِصْمَةُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ، نَا اَبُو يُوسُفَ الْقَاضِي، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ مَا قَعَدْتُ خَلْفَ سَرِيَّةٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ اَبَدًا، وَلَكِنْ لَا اَجِدُ مَا اَحْمِلُهُمْ عَلَيْهِ، وَلَا يَجِدُونَ سَعَةً فَيَتَّبِعُونِي، وَلَا يَطِيبُ اَنْفُسُهُمْ اَنْ يَقْعُدُوا بَعْدِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اگر ایمان والوں پر مشقت نہ ہوتی تو میں ہمیشہ کسی جنگ میں پیچھے نہ رہتا' لیکن میں نہیں سواری پاتا جس پر ان کو سوار کروں' نہ اتنی گنجائش کہ میرے پیچھے چل سکیں' نہ یہ خوش ہیں کہ میرے بعد بیٹھیں گے۔

**7656** - وَبِهِ: عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوَدِدْتُ اَنِّي اُقَاتِلُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ حَتَّى اُقْتَلَ، ثُمَّ اُحْيَا، ثُمَّ اُقْتَلَ، ثُمَّ اُحْيَا، ثُمَّ اُقْتَلَ، ثُمَّ اُحْيَا، ثُمَّ اُقْتَلَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں پسند کرتا ہوں کہ اللہ کی راہ میں لڑوں یہاں تک کہ شہید ہو جاؤں' پھر زندہ کیا جاؤں' پھر شہید ہوں پھر زندہ کیا جاؤں' پھر شہید ہو جاؤں پھر زندہ کیا جاؤں' پھر شہید کیا جاؤں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيٍّ وَهُوَ: اَبُو اَيُّوبَ الْاَفْرِيقِيُّ اِلَّا اَبُو يُوسُفَ الْقَاضِي

یہ دونوں حدیثیں عبداللہ بن علی سے ابویوسف القاضی روایت کرتے ہیں۔ عبداللہ بن علی سے مراد ابوایوب افریقی ہیں۔

**7657** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى، نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلٍ، نَا عِصْمَةُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ، نَا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ اَبِي الْمُسَاوِرِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی عادت تھی جب شام ہوتی تو آپ یہ دعا کرتے: ''امسينا وامسى الملك الى آخره'' جب صبح کرتے تو یہ دعا کرتے۔

**7655**- أخرجه البخاري: الجهاد جلد6صفحه20 رقم الحديث: 2797' ومسلم: الامارة جلد3صفحه1497 واللفظ له .

**7656**- تقدم تخريجه (جزء من الحديث المتقدم) .

**7657**- اسناده فيه: عبد الأعلى بن أبي المساور متروك' وكذبه ابن معين . (التقريب) . وانظر مجمع الزوائد جلد10 صفحه122 .

Marfat.com

إِذَا أَمْسَى قَالَ: أَمْسَيْنَا وَأَمْسَى الْمُلْكُ لِلَّهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ، الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي ذَهَبَ بِالنَّهَارِ وَجَاءَ بِاللَّيْلِ وَنَحْنُ مِنْهُ فِي عَافِيَةٍ، اللّٰهُمَّ هٰذَا خَلْقٌ لَكَ جَدِيدٌ قَدْ جَاءَ، فَمَا عَمِلْتُ فِيهِ مِنْ سَيِّئَةٍ فَتَجَاوَزْ عَنْهَا، وَمَا عَمِلْتُ فِيهِ مِنْ حَسَنَةٍ فَتَقَبَّلْهَا وَأَضْعِفْهَا أَضْعَافًا مُضَاعَفَةً، اللّٰهُمَّ إِنَّكَ بِجَمِيعِ حَاجَتِي عَالِمٌ، وَإِنَّكَ عَلَى جَمِيعِ نُجْحِهَا قَادِرٌ، اللّٰهُمَّ أَنْجِحِ اللَّيْلَةَ كُلَّ حَاجَةٍ لِي، وَلَا تَزِدْنِي فِي دُنْيَايَ، وَلَا تَنْقُصْنِي فِي آخِرَتِي وَإِذَا أَصْبَحَ قَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ إِلَّا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ أَبِي الْمُسَاوِرِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عِصْمَةُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ

یہ حدیث ابواسحاق سے عبدالاعلیٰ بن ابومساور روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عصمہ بن متوکل اکیلے ہیں۔

**7658** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْإِصْطَخْرِيُّ، نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلٍ، نَا عِصْمَةُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ، نَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ أَبِي هَارُونَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اجْتَنِبُوا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ الْمُنْكَرَةَ، مَنْ أَكَلَهَا فَلَا يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا.

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس ناپسندیدہ درخت سے بچو جو اس کو کھائے وہ ہماری مسجد میں نہ آئے (مراد لہسن اور پیاز ہے)۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُبَارَكِ بْنِ فَضَالَةَ إِلَّا عِصْمَةُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ

یہ حدیث مبارک بن فضالہ سے عصمہ بن متوکل روایت کرتے ہیں۔

**7659** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

7658- أصله عند مسلم بلفظ: من أكل من هذه الشجرة الخبيثة شيئًا فلا يقربنا...... . أخرجه مسلم: المساجد جلد 1 صفحه395' وأحمد: المسند جلد3صفحه16 رقم الحديث: 11090 .

7659- أخرجه أحمد: المسند جلد 3صفحه117 رقم الحديث: 11912 . وعند مسلم بلفظ: تمرق مارقة عند فرقة من المسلمين. يقتلها أولى الطائفتين بالحق. أخرجه مسلم: الزكاة جلد2صفحه745' وأبو داؤد: السنة

Marfat.com

الْإِصْطَخْرِيُّ، نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى الْإِصْطَخْرِيُّ، ثَنَا الْكِرْمَانِيُّ بْنُ عَمْرٍو، نَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، نَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنِي اَبُو نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَقْتَتِلُ فِئَتَانِ عَظِيمَتَانِ، دَعْوَاهُمَا وَاحِدَةٌ، فَبَيْنَمَا هُمْ كَذٰلِكَ اِذْ مَرَقَتْ مِنْهُمْ مَارِقَةٌ، تَقْتُلُهَا اَوْلَى الطَّائِفَتَيْنِ بِالْحَقِّ

کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بڑے گروہ قتل کیے جائیں گے جن دونوں کا دعویٰ ایک ہی ہوگا' وہ دونوں اس حالت میں ہوں گے کہ ان میں خون بہانا شروع ہوگا' دونوں گروہوں میں زیادہ حق والے کو مارا جائے گا۔

**7660** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى، نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلٍ، نَا عِصْمَةُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ، نَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ اَبِي غَالِبٍ قَالَ: كُنْتُ بِالشَّامِ وَبِهَا اَبُو اُمَامَةَ صُدَيُّ بْنُ عَجْلَانَ، صَاحِبُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ لِي صَدِيقًا، فَجِيءَ بِرُءُوسٍ مِنْ رُءُوسِ الْحَرُورِيَّةِ، فَأُلْقِيَتْ بِالدَّرَجِ، فَجَاءَ اَبُو اُمَامَةَ، فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ تَوَجَّهَ نَحْوَ الرُّءُوسِ، فَقُلْتُ: لَاَتْبَعَنَّهُ حَتَّى اَسْمَعَ مَا يَقُولُ، فَتَبِعْتُهُ حَتَّى وَقَفَ عَلَيْهَا فَبَكَى، ثُمَّ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، مَا يَصْنَعُ اِبْلِيسُ بِهٰذِهِ الْاُمَّةِ؟ ثُمَّ قَالَ: كِلَابُ النَّارِ، كِلَابُ النَّارِ، كِلَابُ النَّارِ، ثُمَّ قَالَ: شَرُّ قَتْلَى قُتِلُوا تَحْتَ ظِلِّ السَّمَاءِ، وَخَيْرُ قَتْلَى قَتَلُوهُمْ، ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْآيَةَ: (يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوهٌ وَتَسْوَدُّ وُجُوهٌ فَاَمَّا الَّذِينَ اسْوَدَّتْ وُجُوهُهُمْ اَكَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيمَانِكُمْ) (آل عمران: **106**) ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَيَّ فَرَآنِي، فَقَالَ اَبُو غَالِبٍ: وَاَخَذَ بِسَاعِدِي، فَقَالَ: اَنْتَ بِبِلَادِ هٰؤُلَاءِ بِهِ

حضرت ابوغالب فرماتے ہیں کہ میں ملک شام میں تھا' وہاں ابوامامہ صدی بن عجلان حضور ﷺ کے صحابی میرے دوست تھے' ان کے پاس حروریہ کے سر لائے گئے' اسے ایک جگہ ڈالا گیا' حضرت ابوامامہ آئے' مسجد میں داخل ہوئے' آپ نے دو رکعت نفل ادا کیے' پھر سر کی طرف متوجہ ہوئے' میں نے کہا: میں آپ کے پیچھے چلوں گا' تاکہ میں سنوں کہ کیا فرماتے ہیں۔ میں چلا یہاں تک کہ ان کے پاس ٹھہرا' آپ روئے' پھر فرمایا: اللہ پاک ہے! ابلیس نے اس اُمت کے ساتھ کیا کیا؟ پھر فرمایا: جہنم کے کتے' جہنم کے کتے' جہنم کے کتے' پھر آسمان کے نیچے بدترین لوگوں کو قتل کیا گیا ہے' ان کو قتل کرنے والے بہتر ہیں۔ پھر یہ آیت تلاوت کی: ''کئی چہرے اس دن سفید ہوں گے' کئی چہرے سیاہ ہوں گے' جو چہرے سیاہ ہوں گے انہوں نے ایمان لانے کے بعد کفر کیا ہوگا''۔ پھر متوجہ ہوئے مجھے دیکھا۔ ابوغالب نے میری کلائی پکڑی' فرمایا: تم اس شہر عراق کے رہنے والے ہو! میں

جلد **4** صفحہ **216** رقم الحديث: **4667** .

